التخصیص قد یطلق علی ما یتناول النسخ فلا یقید بعدم التراخی کما یوجب بطلان
کلام القوم فی کثیر من المواضع مثل تخصیص الکتاب بالسنة والاجماع وتخصیص
بعض الآیات بالبعض مع التراخی انتهی۔ یہ کلام صاحب تلویح کی مفید مدعا مؤلف رسالہ
کے ہے **قلنا فی جوابہ** اس کلام کا مفید ہونا تو یکطرف بلکہ مؤلف رسالہ کے
لئے مضر ہے۔ دیکھو ملا خسرو محشی تلویح اس عبارت کے معنے یہ کرتا ہے وهذه
عبارته **قال** قلنا التخصیص قد یطلق علی ما یتناول النسخ آه **اقول** فیه
بحث فان اطلاق التخصیص علی النسخ لا یوجد فی عبارة من یعتد به من المشائخ
یشهد به التتبع۔ ولو وجد حمل علی المعنی اللغوی۔ والکلام ههنا فی الاصطلاح
یؤیده قول الآتی وهو حجة فیه شبهة فانه حکم بذلک مطلقا۔ مع ان
العام الذی نسخ بعضه قطعی فی الباقی کما سیأتی۔ وقول الشارح فی مباحث
مفهوم المخالفة۔ ان مذهبنا فی التراخی انه نسخ لا تخصیص۔ واما قوله مثل
تخصیص الکتاب بالسنة والاجماع وتخصیص بعض الآیات بالبعض مع
التراخی۔ فعلی تقدیر تسلیم ثبوته عن مشائخنا یحمل علی ما بعد التخصیص بکلام
مستقل موصول۔ یدل علیه ذکر الاجماع۔ فانه بعد زمن الرسول علیه السلام لا نسخ
بعده۔ فالصواب فی الجواب ان یقال انما ترک المقارنة اکتفاءً بما ذکر
قبیل الفصل فانه اقرب العهد به مما یوجب الاکتفاء به انتهی۔ اور حسن چلپی محشی تلویح
نے بھی اس عبارت تلویح کے معنے ایسی ہی کئے ہیں **قوله** اور نسخ قرآن بدلیل کسی
قوی برہان کے جائز نہیں **اقول** یہ قول مؤلف رسالہ کا درست اور حق ہے۔ اور مذہب
ہمارے علماء حنفیہ کا رحمہم اللہ کا بھی یہی ہے۔ کہ نسخ قرآن کریم کا بدلیل قوی و دلیل کے

ص ولهذا یقال النسخ تخصیص وقد یطلق علی المقابل وهو المقید بعدم التراخی والقول بان التخصیص یطلق علی المعنی العام غیر المتراخی

Marfat.com

جائز نہیں ولهذا قال علماؤنا رحمہم اللہ والقیاس لا یصلح ناسخاً للکتاب والسنۃ ولا الاجماع والخبر الواحد لا یصلح ان یکون ناسخاً للکتاب - ولم یجعل علماؤنا قرأۃ الفاتحۃ رکناً فی الصلوٰۃ بخبر الواحد لانہ زیادۃ وھو نسخ **قولہ** اس لئی ان عمومات میں اپنی خیالی باتوں سے تخصیص نہ لگاویں **اقول** وباللہ التوفیق یہ صرف مؤلف صاحب کی خیالی بات ہے - ورنہ عند الحنفیہ کتاب اور سنت متواترہ کی تخصیص خبر واحد سے بھی جائز نہیں فضلاً عن ان یکون بالاقاویل الوھمیۃ والخیالیۃ لعدم المساوات بینھما ”لا یجوز عند الحنفیۃ تخصیص الکتاب بخبر الواحد وکذا تخصیص السنۃ المتواترۃ بخبر الواحد - **لنا** انہ ای الکتاب قطعی من کل وجہ لان المتن متواتر و العام قطعی الدلالۃ کما مرّ باقوم حجۃ - والخبر ظنی متناً لانہ خبر الواحد - فلا یجوز تخصیصہ“ انتھی باختصار **فواتح الرحموت** مؤلف سالہ انصاف فرماویں کہ جب حنفیہ کرام کا تخصیص عام میں یہ مذہب ہے تو یہ فرمانا ”کہ اپنی خیالی باتوں سے تخصیص نہ لگادیں“ - یہ قول محققانہ ہے یا صرف خیالی ڈھکوسلہ **قولہ** اور نفرماویں کہ یہ آئتیں مخصوص ہیں اس تخصیص کے ساتھ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام بشرطیکہ ہمارے علماء نے اوپر عمل کیا ہو واجب العمل ہیں نہ علی العموم **اقول** وباللہ التوفیق حضرت آپ غور فرماویں کہ یہ آپکی خیالی باتیں ہیں یا وہمی - بھلا کسی حنفی نے یہ کہا ہے کہ ”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام بشرطیکہ ہمارے علماء نے عمل کیا ہو واجب العمل ہیں نہ علی العموم“ - یا کسی کتاب حنفی مذہب میں اس تخصیص کا ذکر ہے فأتوا به وادعوا شهداءكم إن كنتم صدقين - فان لم تاتوا به فاتقوا الله وكونوا من التوابين ؎ اندکے پیش تو گفتم غم دل ترسیدم + کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است + بلکہ حنفیہ رحمۃ اللہ کا عملدرآمد قرآن کریم اور حدیث شریف اور قضایا صحابہ کرام رضی اللہ پر ہے **دیکھو** امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے - جیسا امام

Marfat.com

شعرانی میزان میں لائے ہے۔ انما اعمل اولا بکتاب اللہ ثم بسنۃ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم ثم باقضیۃ ابی بکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم ثم

باقضیۃ بقیۃ الصحابۃ رضی اللہ انتہی۔ اور کتب متداولہ اصول میں جہانتک مسکیں

اپنے استقراء اور تتبع ناقص میں دیکھتا ہے۔ تخصیص کے اقسام مفصلۂ ذیل سے خارج

نہیں پایا۔ مگر اس تخصیص کا ذکر جس کے مؤلف صاحب مدعی ہیں مفقود و معدوم

ہے۔ اگر مؤلف رسالہ اس تخصیص کا پتہ لگا دیں گے تو ہم اوسکے جواب دیکھاویں گے

یار باقی صحبت باقی وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ تفصیل اقسام تخصیص

تخصیص بالکتاب العزیز۔ تخصیص بالسنۃ۔ تخصیص بالعادۃ۔ تخصیص بالاجماع

تخصیص بالمفہوم۔ تخصیص بالقیاس۔ تخصیص بالحس۔ تخصیص بالمفعول فیہ

بالمفعول لہ ومعہ۔ تخصیص بالتمیز۔ تخصیص بالظرف والجار والمجرور۔ تخصیص

بالحال۔ تخصیص ببدل البعض من الکل۔ تخصیص بالغایۃ۔ تخصیص بالصفۃ

تخصیص بالشرط۔ تخصیص بالاستثناء۔ تخصیص بالضمیر۔ تخصیص بالقضایا

الاعیان۔ تخصیص بالسیاق۔ تخصیص بفعل الصحابی۔ انتہی

لا یخفی علیک ان الغرض من سرد ھذہ الاقسام المذکورۃ للتخصیص انما ھو ان

فی کتب اصحابنا الحنفیۃ بعلۃ ان کلہا معمولۃ عندھم بالاختلاف وعمل بعضہا

علی من تداولہا **قولہ** یاد رہے کہ فقیر کا استدلال آیات سے بعینہ بمادہ قرن

کے استدلال کیطرح ہے جسکو مسلم نے بیان کیا ہے حدثنا مسلم الحدیث۔ انتہی۔

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق **بعینہ** کا لفظ یاد رہے۔ **روی** الترمذی عن ابن عمر ان النبی

صلی اللہ علیہ وسلم قال لعن اللہ الواصلۃ والمستوصلۃ والواشمۃ والمستوشمۃ

ھذا حدیث حسن صحیح۔ وفی الباب عن ابن مسعود وعائشۃ واسماء بنت ابی بکر

ومعقل بن یسار۔ مرتہ **ترجمہ** لعنت کی اللہ نے اوس عورت کو کہ ملاوے بال اپنے

Marfat.com

ساتھہ بالوں اور عورت کے (یعنی درازی کے لئے) اور لعنت کی اوس عورت کو کہ ملواوے اپنے بالوں کے ساتھ اور کے بال۔ اور لعنت کی گوندنیوالی۔ اور گدوانے والی کو **ف** اور گودنا یہہ ہے کہ سوئی وغیرہ بدن پر چبھوئیں تاکہ خون نکل آئے پھر اوس میں سرمہ وغیرہ ڈالکر داغ رنگیں پیدا کریں۔ **وروی** البخاری عن ابی ھریرۃ لعن اللہ الواصلۃ والمستوصلۃ والواشمۃ والمستوشمۃ ص۸۷۹ **و** البخاری عن عائشۃ ان جاریۃ من الانصار تزوجت وانھا مرضت فتمعط شعرھا (ای سقط) فارادوا ان یصلوھا فسألوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لعن اللہ الواصلۃ و المستوصلۃ ص۸۷۹ **ترجمہ** ایک لڑکی انصار نے شادی کی اور وہ بیمار ہوگئی پھر اوس کے بال گرگئے (یعنی بیماری کے باعث) پھر اوس کے وارثوں نے ارادہ کیا کہ اوس کے بالوں سے اور کے بال ملاویں۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے لعنت کی ہے واصلہ اور مستوصلہ دونوں پر **وروی ایضًا** عن اسماء بنت ابی بکر قالت لعن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الواصلۃ والمستوصلۃ ص۸۷۹ **وروی** النسائی عن عبداللہ بن مسعود قال لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الواشمات والموشمات والمتنمصات و المتفلجات للحسن المغیرات ص۷۶۰ **ترجمہ** لعنت کی رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے گودنے والیوں اور گودوانے والیوں کو اور بال چنوانیوالیوں کو منہ پر سے۔ اور سوھن کرنیوالیوں کو دانتوں پر۔ واسطے حسن کے کہ تغیر کرنیوالی ہیں **وروی** النسائی عن مسروق ان امرأۃ اتت عبداللہ بن مسعود فقالت انی امرأۃ زعراء ایصلح ان اصل فی شعری (قلیلۃ الشعر) فقال لا فقالت اشیئ سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او تجد فی کتاب فقال لا بل سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واجدہ فی کتاب اللہ وساق الحدیث ص۷۶۰ **وروی** البخاری عن معاویۃ بن ابی سفیان عام حج وھو علی المنبر یقول وتناول قصۃ من شعر کانت بید حرسی۔ این علماؤکم۔ سمعت رسول اللہ ص

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن مثل ھذہ ویقول انما ھلکت بنو اسرائیل حین
اتخذ ھذہ نساؤھم ص ۲۰ یہ جملہ احادیث صریحًا دال ہیں کہ حرمت ان اشیاء کے
منصوص غیر معارض ہے۔ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم انکی حرمت میں قاطبۃً
متفق ہیں۔ کیونکہ ان اشیاء کی حرمت میں کلام نہیں ہے۔ بلکہ بنی اسرائیل
میں بھی حرام نہیں۔ اور اون کے ہلاک اور تباہی کا باعث حلت اور استعمال
ان اشیا کا ہوا۔ اور ائمہ مجتہدین کے نزدیک بھی یہ اشیا حرام ہیں۔ ان
کی حلت اور جواز میں کسی کا مذہب اور قول نہیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی
کو جبکہ ان اشیا کی حرمت قطعی غیر معارض سماعًا عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معلوم
تھی۔ اور ملعون ہونا ان کے فاعل کا ثابت اور مبرہن ہو چکا تھا۔ تب سائل کے
جواب میں فرمایا بل سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ووجدت فی کتاب اللہ
(یعنی جملہ ثانیہ آیہ کا ان اشیا کی حرمت کو شامل اور محتوی ہے۔ یہ حال حضرت عبداللہ
بن مسعود رضی اللہ عنہ یعسوب الامت کے استدلال کا ہے۔ اور مؤلف رسالہ کی استدلال
اور اوس استدلال میں چند طرح کی مغائرت ہے **اول** حرمت ان اشیا کی منصوص مثبت
ہے۔ اور فاتحہ خلف الامام کی فرضیت ہنوز زیر بحث ہے **دوم** اشیاء مذکورہ کی حرمت
منصوص غیر معارض ہے۔ اور فاتحہ خلف الامام میں اول تو فرضیت ہی کہاں بفرض
محال اگر تسلیم بھی کیجاوے تو منصوصیت کجا۔ اگر اسکو بھی اوسی طرح مانا جاوے
تو غیر معارض ہونا کجا **سیوم** یہ اشیا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نزدیک متفق علیہ
حرام ہیں۔ اور فاتحہ کے وجوب میں اتفاق کی بو بھی نہیں **چہارم** [illegible]
اشیاء کی حرمت پر ائمہ مجتہدین قاطبۃً متفق ہیں۔ اور فاتحہ [illegible] خلف ہیں
پنجم حرمت اشیا مذکورہ کی۔ جملہ ثانیہ کا مدلول [illegible] یہ بات کہاں رہی با
ایں ہمہ مغائرت میں الاستدلالین کہ۔ ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا۔

دھوم دھام سے نقارہ بجا کر مدعی عینیت کا ہو کر دعوی مساوات کا کرنا۔ اور کچھ بعض سا
کو فقیر کا استدلال بعینہ عبداللہ بن مسعود کے استدلال کی طرح ہے۔ بھلا عبارت
اور مساحت نہیں تو اور کیا ہے فانظروا واعتبروا یا اولی الابصار ولنعم ما قیل چاہیے
حد سے زیادہ نہ باہر پاؤں نکلے + چلئے چال ایسی کہ جس کام ظفر پاؤں نکلے + **قولہ** اور
فاتحۃ الکتاب کے مسئلہ میں جناب سرور انبیا صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان اسطرح ثابت ہوا
آگے الی آخر القال اور یہ حدیث متفق علیہ ہے **اقول** وباللہ التوفیق قبل از شروع فی
الجواب چند فائدوں کا معلوم ہونا طالب حق کو لئے ضرور ہے **فائدہ پہلا** صحیح
حدیث کی تعریف میں قال السید الشریف الجرجانی ھو ای الحدیث الصحیح ما
اتصل سندہ بنقل العدل الضابط عن مثلہ وسلم عن شذوذ وعلۃ۔ ونعنی
بالمتصل مالم یکن مقطوعا بای وجہ کان۔ وبالعدل من لم یکن مستور العدالۃ
ولا مجروحا۔ وبالضابط من یکون حافظا متیقظا۔ وبالشذوذ ما یرویہ
الثقۃ مخالفا لروایۃ الناس ای من الثقات۔ وبالعلۃ ما فیہ اسباب خفیۃ غامضۃ
قادحۃ انتھی۔ وفی شرح النخبۃ المراد بالعدل من لہ ملکۃ تحملہ علی ملازمۃ
التقوی والمروۃ۔ والمراد بالتقوی اجتناب الاعمال السیئۃ من شرک او فسق
او بدعۃ انتھی وھو حجۃ بلا خلاف **فائدہ دوسرا** مرسل حدیث کے
بیان میں المرسل صورتہ ان یقول التابعی سواء کان کبیرا او صغیرا قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کذا او فعل کذا او فعل بحضرتہ کذا او نحو ذلک
التقریب مع تقریبہ شرحہ **قال** النووی ثم مذھب الشافعی والمحدثین وجمھورھم
وجماعۃ من الفقہاء انہ لا یحتج بالمرسل۔ ومذھب مالک وابی حنیفۃ واحمد
واکثر الفقہاء انہ یحتج بہ ومذھب الشافعی انہ اذا انضم الی المرسل ما یعتضد بہ احتج
بہ وذلک بان یروی ایضا مسندا او مرسلا من جھۃ اخری۔ او یعمل بہ بعض الصحابۃ

Marfat.com

او اکثر العلماء انتہی **وقال** القاری فی شرح الشرح للنخبۃ اعلم ان کون المرسل حدیثا
ضعیفا لا یحتج بہ انما ہو اختیار جماعۃ من المحدثین وہو قول الشافعی وطائفۃ
من الفقہاء واصحاب الاصول **وقال** مالک فی المشہور عنہ وابو حنیفۃ واصحابہ
وغیرہم من ائمۃ العلماء کاحمد فی المشہور — انہ صحیح یحتج بہ بل حکی ابن جریر اجماع
التابعین باسرہم علی قبولہ وانہ لم یات عن احد منہم انکارہ ولا عن احد من الائمۃ
بعدہم الی راس المائتین الذین ہم من القرون الفاضلۃ المشہود لہا من الشارع
بالخیریۃ بہ انتہی **وفی مسلم وشرحہ** وہو رای المرسل ان کان من صحابی
یقبل مطلقا اتفاقا — لانہ اما سمع نفسہ او من صحابی آخر والصحابۃ کلہم عدول
ولا اعتداد لمن خالف فیہ — فانہ انکار واضح — وان کان المرسل من غیرہ فالاکثر
منہم الائمۃ الثلثۃ — الامام ابو حنیفۃ — والامام مالک — والامام احمد رضی اللہ تعالی
عنہم — قالوا یقبل مطلقا — اذا کان الراوی ثقۃ — وقیل من اسند فقد احالک —
علی من روی عنہ — ومن ارسل فقد تکفل نفسہ بالصحۃ — وجمہور المحدثین — الحادثین
بعد المائتین قالوا لا یقبل المرسل مطلقا — سواء کان من ائمۃ النقل اولا — ومن القرون
الثلثۃ اولا — قال العینی فی شرح **الہدایۃ** وقد عد البعض ہذا القول من البدع
قال ابراہیم النخعی الذی ہو کبار ائمۃ التابعین متی قلت حدثنی فلان عن عبد اللہ
فہو الذی رواہ فقط ومتی قلت قال عبد اللہ فغیر واحد ای فالرواۃ اکثر
وقال الحسن البصری متی قلت حدثنی فلان فہو حدیثہ فقط ومتی قلت قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فمن سبعین — ای جماعۃ کثیرۃ — وکان ذلک الشائع
التحدیث علی سبیل الارسال معروفا بینہم مشتہرا من قرن الصحابۃ الی التابعین بلا
نکیر من احد الائمۃ — فکان ذلک اجماعا علی قبول المراسیل انتہی بلفظہ **فائدہ**
تیسرا رفع حکمی کے بیان میں قول الصحابی الذی لم یاخذ عن الاسرائیلیات —

Marfat.com

مالامجال للاجتهاد فیه ولا له تعلق ببیان لغتہ۔ **اور شرح غریب** کالاخبار عن الامور الماضیة من بدء الخلق واخبار الانبیاء علیہم السلام او الاٰتیة کالملاحم او الفتن واحوال یوم القیمة وکذا الاخبار عما یحصل بفعله ثواب مخصوص۔ او عقاب مخصوص۔ وفعل الصحابی مالا مجال للاجتہاد فیه رفع حکمی واخبار الصحابی انهم یفعلون فی زمان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کذا فانه یکون له حکم الرفع من جهة ان الظاهر اطلاعه صلی اللہ علیہ وسلم علی ذلك لتوافر دواعیهم علی سواله عن امور دینهم لان ذلك الزمان زمان نزول الوحی فلا یقع من الصحابة فعل شیء یستمرون علیه الا وهو غیر ممنوع الفعل وقول الصحابی من السنة کذا فالاکثر علی ان ذلك مرفوع ونقل ابن عبد البر فیه الاتفاق واذا قالها غیر الصحابی فکذلك مالم یضفها الی صاحبها کسنة العمرین۔ وقول التابعی عن الصحابی یرفع الحدیث او یرویه او ینمیه او روایة او یبلغ او رواه مرفوع حکماً انتهی ما فی **النخبة** وشرحه ملخصاً **فائدہ چوتھا** مدلس حدیث کے حکم میں حکم من ثبت عنه التدلیس اذا کان عدلاً۔ ان لا یقبل منه الا اذا صرح فیه التحدیث علی الاصح انتهی ما فی شرح **النخبة** للحجر العسقلانی **وقال** القاری فی شرح الشرح للنخبة قال فریق من المحدثین والفقهاء من عرف بارتکاب التدلیس ولو مرة صار مجروحاً مردوداً فی الروایة وان بین السماع واتی بصیغة صحیحة فی هذا الحدیث او فی غیره من احادیث انتهی **فائدہ پانچواں** زیادة ثقہ میں **قال** النووی زیادة الثقة مقبولة عند الجماهیر من اهل الحدیث والفقه والاصول وقیل لا یقبل وقیل ان زادها غیر من رواه۔ ولا یقبل ان زادها هو۔ واما اذا روی العدل الضابط المتقن حدیثا انفرد به فمقبول بلا خلاف نقل الخطیب البغدادی اتفاق العلماء علیه انتهی **فائدہ چھٹا** جبکہ رواۃ بعض ثقات سے متصل اور بعض سے مرسل یا موقوف۔ یا بعض سے مرفوع اور بعض سے موقوف ہو۔ تو اُس کا

Marfat.com

حکم قال النووی اذا رواہ بعض الثقات الضابطین متصلاً وبعضہم مرسلاً
او بعضہم موقوفاً وبعضہم مرفوعاً او وصلہ ھو۔ او رفعہ فی وقت وارسلہ او وقفہ
فی وقت۔ فالصحیح الذی قالہ المحققون من المحدثین و قالہ الفقہاء واصحاب الاصول
وصححہ الخطیب البغدادی۔ ان الحکم لمن وصلہ او رفعہ۔ سواء کان المخالف لہ
مثلہ او اکثر او احفظ لانہ زیادۃ ثقۃ وھی مقبولۃ وقیل الحکم لمن ارسلہ او
وقفہ انتھی **فائدہ ساتواں سبب اختلاف المحدثین کا صحت حدیث میں قال**
النووی قال الشیخ الامام ابو عمرو بن الصلاح رضی اللہ شرط مسلم رحمہ اللہ فی
صحیحہ ان یکون الحدیث متصل الاسناد بنقل الثقۃ عن الثقۃ من اولہ الی منتہاہ
سالماً عن الشذوذ والعلۃ قال وھذا حد الصحیح۔ فکل حدیث اجتمعت فیہ ھذہ
الشروط فھو صحیح بلا خلاف بین اھل الحدیث۔ وما اختلفوا فی صحۃ من الاحادیث
فقد یکون سبب اختلافہم انتفاء شرط من ھذہ الشروط۔ او بینہم خلاف فی اشتراطہ
کما اذا کان بعض الرواۃ مستوراً او کان الحدیث مرسلاً۔ وقد یکون سبب اختلافہم
انہ ھل اجتمعت فیہ ھذہ الشروط ام انتفی بعضہا وھذا ھو الاغلب فی ذلک کما اذا
کان الحدیث فی روایۃ من اختلف فی کونہ من شرط الصحیح۔ فاذا کان الحدیث
رواتہ کلہم ثقات غیر ان فیہم ابا الزبیر المکی مثلاً او سھیل بن ابی صالح او العلاء
بن عبد الرحمان او حماد بن سلمۃ قالوا فیہ ھذا الحدیث صحیح علی شرط مسلم ولیس
بصحیح علی شرط البخاری لکون ھؤلاء عند مسلم ممن اجتمعت الشروط المعتبرۃ۔ ولم
یثبت عند البخاری ذلک فیہم۔ وکذا حال البخاری فیما خرجہ من حدیث عکرمۃ
مولی ابن عباس۔ واسحق بن محمد الفروی و عمرو بن مرزوق وغیرہم ممن احتج بہم البخاری
ولم یحتج بہ مسلم۔ قال الحاکم ابو عبد اللہ الحافظ النیسابوری فی کتابہ المدخل الی
معرفۃ المستدرک عدد من اخرج لہم البخاری فی الجامع الصحیح ولم یخرج لہم مسلم اربع مائۃ

Marfat.com

واربعة وثلثون شيخًا وعدد من احتج بهم مسلم فى المسند الصحيح۔ ولم يحتج بهم البخارى
فى الجامع الصحيح ستمائة وخمسة وعشرون شيخًا والله اعلم انتهى بلفظه **وقال** الحافظ بن
حجر العسقلانى الرجال الذين تكلم فيهم من رجال مسلم اكثر عددا من الرجال الذين تكلم
فيهم من رجال البخارى انتهى **وقال** القارى فى شرح الشرح **للنخبة** الذين انفرد
البخارى بهم اربعماية وخمسة وثلثون رجلا والمتكلم فيهم بالضعف نحو من ثمانين رجالًا
والذين انفرد بهم مسلم ستماية وعشرون رجلًا والمتكلم فيهم ماية وستون رجلًا
على الضعف كذا ذكره السخاوى فى شرح الفية العراقى انتهى وهكذا فى شرح الشرح للنخبة
لمولينا وجيه الدين۔ **الحاصل** مدار صحت حدیث کا صحت رواۃ پر ہے۔ اور راوی کا
مسلم اور غیر مسلم ہونا وجدان شرائط مقررہ علماء پر موقوف ہے **بخاری** رحمۃ اللہ علیہ نے
جو شرائط راوی کے اپنے نزدیک مقرر فرمائیں ہیں۔ اگر راوی حدیث میں پائی گئیں تو وہ
حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ کے نزدیک محکوم بصحت ہوگی گو مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک
وہ حدیث صحیح ہو یا نہ ہو علے ہذا القیاس حال مسلم رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ **فائدہ آٹھواں**
جرح وتعدیل کے بیان میں **قال** الحافظ فى النخبة وشرحه الجرح مقدم على التعديل
واطلق ذلك جماعة ولكن محله ان صدر مبينا من عارف باسبابه۔ لانه ان كان غير مفسر
لم يقدح فيمن ثبت عدالته۔ وان صدر من غير عارف بالاسباب لم يعتبر ايضًا۔ فان
خلا المجروح عن تعديل قبل الجرح فيه۔ مجملًا۔ غير مبين السبب اذا صدر من عارف
على المختار۔ لانه اذا لم يكن فيه تعديل كان فى حيز المجهول واعمال قول الجارح اولى من
اهماله۔ ومال ابن الصلاح فى مثل هذا الى التوقف انتهى **فائدہ نواں** حدیث
مبتدع کی مقبول ہے یا غیر مقبول **قال** النووى قال العلماء من المحدثين والفقهاء
واصحاب الاصول المبتدع الذى يكفر ببدعة لا يقبل روايته بالاتفاق **واما الذى**
لا يكفر بها فاختلفوا فى روايته۔ فمنهم من ردها مطلقًا لفسقه ولا ينفعه التاويل۔ و

ومنہم من قبلها مطلقًا اذا لم یکن ممن یستحل الکذب فی نصرۃ مذهبه اولاهل مذهبه - سواء کان داعیة الی بدعة اوغیر داعیة وهذا المحکی عن امامنا الشافعی رحمه الله لقوله اقبل شهادة اهل الهواء الا الخطابیة من الرافضة - لکونهم یرون الشهادة بالزور لموافقهم - **ومنہم** من قال یقبل اذا لم یکن داعیة الی بدعة ولا یقبل اذا کان داعیة - وهذا مذهب کثیرین - او الاکثرین من العلماء وهو الاعدل الصحیح انتهی بلفظه **فائدہ وسوال** متعارضہ احادیث کے حکم - اور فرض اور وجب کی تعریف میں ثم المقبول ان سلم من المعارضة - ای لم یات خبر یضاده - فهو المحکم - وامثلة کثیرة - وان عورض بمثله فان امکن الجمع فهو - النوع المسمی - المختلف الحدیث - وان لم یمکن الجمع وثبت المتاخر فهو الناسخ والا فالترجیح - ان تعین - ثم التوقف - شرح **نخبة** ملتقطًا - والفرض ما ثبت بدلیل قطعی لا شبهة فیه - والواجب ما ثبت بدلیل ظنی **وفی فواتح الرحموت** ان ثبت الطلب الجازم بقطعی فالافتراض ان کان ذلک الطلب للفعل - او التحریم - ان کان ذلک للکف انتهی - او ثبت الطلب الجازم بظنی فالایجاب - ان کان ذلک الطلب الجازم للفعل - وکراهة التحریم - ان کان ذلک للکف **تلک عشرة کاملة** خذها بالنواجذ واحفظها - آمدیم برسر مطلب - حاصل اور مدعا مؤلف رسالہ کا یہ ہے کہ سورہ فاتحہ کا پڑھنا - منفرد - اور مقتدی - اور امام پر فرض ہے - کسی نماز درست فاتحہ کے سوا جائز اور مقبول نہیں ہوتی - اس عبارت میں دو تعمیم **تعمیم اول** نمازی (یعنی مقتدی و منفرد اور امام) کی - اور تعمیم دوسری (نماز جہریہ و سریہ کانت اوسریہ) کی - اور تخصیص فاتحہ کی - اور اثبات مدعی کی دلیل حدیث لا صلوۃ لمن لم یقرء بفاتحة الکتاب جو بحکم فائدہ اولی کے صحیح ہے - بیان فرماتی - اور

لفظ صلوٰۃ سے صلوٰۃ مُطلق جہریّۃً کانت او سرّیّۃً۔ مراد رکھا۔ اور لفظ مَنْ سے بھی عام مصلّی۔ منفرِدًا۔ کان او مُقتدیًا۔ او امامًا۔ ارادہ کیا۔ تمّ التقریب۔ ہذا ہو تحریر محل الدّعوی وَالدّلیل۔ اب بنظر اعتبار غور طلب یہ امر ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے ہر نماز میں جہریّۃ ہو یا سرّیّۃ قراءۃ فرض ہے۔ یا نہ۔ اگر ہے۔ تو صرف فاتحہ ہی ہے یا فاتحہ کے سوا صرف کوئی اور سورہ۔ یا فاتحہ مع السّورۃ۔ فدار الامر الی ستّۃ شقوق۔ فاتحہ صرف فی الصلوٰۃ الجہریّۃ۔ فاتحہ صرف فی الصّلوٰۃ السّرّیّۃ۔ سورہ صرف سوی الفاتحہ فی الصّلوٰۃ الجہریّۃ۔ سورہ صرف فی الصّلوٰۃ السّرّیّۃ۔ فاتحہ مع السورۃ فی الصّلوٰۃ الجہریّۃ۔ فاتحہ مع السّورۃ فی الصّلوٰۃ السّرّیّۃ۔ ان جملہ شقوق کی بابت جو ارشاد ہے احادیث ذیل اور آیۃ اذا قرئ القراٰنُ فاستمعوا لہ۔ الآیۃ سے ظاہر ہے۔ بتوجّہ تام سماع فرمائیے۔ **حدیث اوّل** قال الطحاوی فی شرح معانی الآثار۔ **حدّثنا** بحر بن نصر قال حدّثنا یحیی بن سلام قال حدّثنا مالک عن وہب بن کیسان عن جابر بن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال من صلّی رکعۃ فلم یقرأ فیھا بامّ القراٰن فلم یصلّ الا ان یکون وراء الامام انتہی ص ۱۲۸ **والترمذی حدّثنا** اسحاق بن موسی الانصاری انا معن انا مالک عن ابی نعیم وہب بن کیسان انہ سمع جابر بن عبد اللہ یقول من صلّی رکعۃ لم یقرأ فیھا بامّ القراٰن فلم یصلّ الا ان یکون وراء الامام ہذا حدیث حسن صحیح ص ۴۲ ومالک عن وہب بن کیسان انہ سمع جابر بن عبد اللہ یقول من صلّی رکعۃ لم یقرأ فیھا بامّ القراٰن فلم یصلّ الا وراء الامام ص ۲۸ **خُلاصہ ترجمہ**۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نماز کسی شخص کی سوا فاتحہ کے درست نہیں۔ الا مقتدی۔ یعنے اوسکی نماز سوا فاتحہ کے درست ہے۔ **اشتباہ** روایت دوم اور سیوم اگرچہ صریحًا مرفوع معلوم نہیں ہوتیں۔ الا بحکم فائدہ پنجم اور ششم کے مرفوع ہیں فلینظر ہما۔ اور نیز بحکم فائدہ سیوم کے

رہی لبیان الصحابی عنہم ایضا بفعلہ [illegible]

مجال للاجتهاد وفیه رفع حکمی) مرفوع حکمی ہے۔ اور پہلی روایت کے مرفوع ہونیمیں کلام
ہی نہیں۔ اگرچہ یحییٰ بن سلام متکلم فیہ از جانب دارقطنی کے ہے۔ ان روایات سے بطلان
شقین اولین کا ظاہر ہے۔ **حدیث دوم** اخرج مسلم بسندہ عن عمران بن حصین
قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ الظہر والعصر فقال ایکم قرأ خلفی
بسبح اسم ربک الاعلی۔ فقال رجل انا ولم ارد بہا الا الخیر قال قد علمت ان بعضکم
خالجنیہا (۱) وللمسلم ایضاً بسند اٰخر عن قتادۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
صلی الظہر قال قد علمت ان بعضکم خالجنیہا (۲) وابو داؤد حدثنا ابو الولید
الطیالسی انا شعبۃ ح وحدثنا محمد بن کثیر العبدی انا شعبۃ المعنٰی۔ عن قتادۃ
عن زرارۃ عن عمران بن حصین قال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی الظہر فجاء رجل
فقرأ خلفہ بسبح اسم ربک الاعلی فلما فرغ قال ایکم قرأ قالوا۔ رجل قال قد عرفت
ان بعضکم خالجنیہا (۳) وابو داؤد ایضاً **حدثنا** ابن المثنی انا ابن ابی عدی عن
سعید عن قتادۃ عن زرارۃ عن عمران بن حصین ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی بہم
الظہر فلما انفتل قال ایکم قرأ بسبح اسم ربک الاعلی۔ فقال رجل انا۔ فقال علمت ان
بعضکم خالجنیہا (۴) یہ چہار روایات شق چہارم کے بطلان پر نص ہیں **قال**
النووی خالجنیہا ای نازعنیہا ومعنی ھذا الکلام الانکار علیہ انتھی۔ واما حملہ علی
جھرہ اور رفع صوتہ بحیث اسمع غیرہ کما حملہ النووی انتصاراً للمذہب۔ فصرف عن ظاہر کلام
الشارع **حدیث چہارم** الترمذی **حدثنا** الانصاری انا معن انا مالک عن ابن
شہاب عن ابن اکیمۃ اللیثی عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصرف
من صلوۃ جہر فیہا بالقراءۃ فقال ھل قرأ معی احد منکم انفاً فقال رجل نعم یا رسول اللہ
قال انی اقول مالی انازع القراٰن قال فانتہی الناس عن القراءۃ مع رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم فیما جہر فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الصلوٰۃ بالقراءۃ حین سمعوا ذالک

Marfat.com

من رسول الله صلى الله عليه وسلم - وفي الباب عن ابن مسعود وعمران بن حصين وجابر
بن عبد الله قال ابو عيسى هذا حديث حسن ص٤٣ **و** النسائی اخبرنا قتيبة عن مالك عن
ابن شهاب عن ابن اكيمة الليثي عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم انصرف
من صلوة جهر فيها بالقرآءة فقال هل قرأ معي احد منكم انفا قال رجل نعم
يا رسول الله قال اني اقول مالي انازع القران فانتهى الناس عن القرآءة فيما جهر فيه
رسول الله صلى الله عليه وسلم بالقرآءة عن الصلوات حين سمعوا ذلك ص١٤٣ **و**
الطحاوی فاذا يونس قد حدثنا قال انا ابن وهب ان مالكا حدثه عن ابن
شهاب عن ابن اكيمة الليثي عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم انصرف من
صلوة جهر فيها بالقرآءة فقال هل قرأ منكم معي احد انفا فقال رجل نعم يا رسول
الله صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اني اقول مالي انازع القران
قال فانتهى الناس عن القرآءة مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فيما جهر فيه رسول الله
بالقرآءة من الصلوة حين سمعوا ذلك ص١٢٨ **و** ابو داود حدثنا القعنبي عن مالك
عن ابن شهاب عن ابن اكيمة الليثي عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
انصرف من صلوة جهر فيها بالقرآءة فقال هل قرأ معي احد منكم انفا فقال رجل
نعم يا رسول الله قال اني اقول مالي انازع القران قال فانتهى الناس عن القرآءة مع رسول الله
صلى الله عليه وسلم فيما جهر فيه النبي صلى الله عليه وسلم بالقرآءة من الصلوة حين سمعوا ذلك
من رسول الله صلى الله عليه وسلم - قال ابو داود روى حديث ابن اكيمة هذا معمر
ويونس واسامة بن زيد عن الزهري على معنى مالك ص١٢١ یہ چہار روایات شق اول
سوم - اور پنجم کے عدم جواز کے لئے نص صریح ہیں **وما قال النووی** ان
قوله فانتهى الناس من كلام الزهري - وكونه من كلام الزهري متفق عليه عند
الحفاظ منهم البخاري والاوزاعي والذهبي انتهى - فالجواب عنه بوجوه **وجه اول**

Marfat.com

کلام زہری سے ہونا منافی ابوہریرہؓ کے کلام کے ہونیکا نہیں۔ کیونکہ زہری نے کبھی
اسکو مرسل روایت کیا ہے۔ کما روی الاوزاعی عن الزہری فاتعظ المسلمون بذلک
فلم یکونوا یقرأون فیما جہر فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کما نقلہ الشیخ
سلام اللہ فی المحلی۔ اور کبھی مرفوعًا روایت کیا ہے کما روی غیرہ من ائمۃ الحدیث۔
اور ثقہ کبھی حدیث کو مسندًا اور کبھی مرسلًا روایت کرتا ہے۔ تو اونہوں نے گمان کیا ارسال
سے کہ یہ کلام زہری کا ہے۔ فقط مع ان ہذا الظن خلاف قواعد الاصول پس بخاری۔
ذہبی وغیرہما نے بلا واسطہ زہری سے روایت نہیں کیا تاکہ انکا قول ان ہذا من کلام
الزہری بیان اور نقل بسند متصل ہو۔ اور اوزاعی کا زہری سے مرسلًا روایت کرنا دلیل
اسپر نہیں کہ یہ کلام زہری کا ہے فقط لما قلنا۔ اور نیز اوزاعی نے زہری سے اسطرح
روایت نہیں کیا کہ یہ قطعہ حدیث کا زہری کا کلام ہے۔ ابوہریرہ کا کلام نہیں۔ بل اتصال
نظم الکلام کما وقع فی مرویات ائمۃ الحدیث عن ابی ہریرۃ ینادی باعلی ندائہ علی انہ
من کلام ابی ہریرۃ لا من کلام الزہری **وجہ دوم** اگر ہم تسلیم کریں کہ یہ کلام زہری
سے ہے۔ تو بھی ہمکو مضر نہیں۔ کیونکہ زہری تابعی جلیل القدر امام ائمہ حدیث سے ہے
اور مرسل کا حجت ہونا فایدہ دوم میں مدلل بیان ہو چکا ہے۔ کیف وقد اعتضد بما روی
عن ابی بن کعب وہو من فقہاء الصحابۃ لما نزلت ایۃ اذا قرئ القران فاستمعوا ترکوا
القراءۃ خلف الامام **وجہ سیوم** زہری کا قول روایۃ الحدیث کے قبیلہ سے نہیں تاکہ
صحت اور رفع کی شرطیں اوسمیں اعتبار کیجاویں۔ بلکہ اخبار و حکایت اجماع کے ...
ہے۔ اور تابعی ثقہ جو امام ہے ائمہ حدیث سے اجماع صحابہ کو بغیر نقل ...
طرح بیان کرتا **وجہ چہارم** نقل الفاضل اللکھنوی عن ابن عبد البر ان اکثر
رواۃ ابن شہاب عنہ لہذا الحدیث یجعلونہ (ای فانتہی الناس) کلام ابن شہاب۔
ومنہم من یجعلہ من کلام ابی ہریرۃ۔ فاین الاتفاق **حدیث پنجم** قال النسائی

تاویل قولہ عزوجل وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۔
آخبرنا الجارود بن معاذ الترمذی **حدثنا** ابو خالد الاحمر محمد بن عجلان
عن زید بن اسلم عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا واذا قال سمع
اللہ لمن حمدہ فقولوا اللھم ربنا ولک الحمد ص۱۵۳ والنسائی ایضا **اخبرنا**
محمد بن عبداللہ بن المبارک حدثنا محمد بن سعد الانصاری قال حدثنی محمد بن
عجلان عن زید بن اسلم عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا ص۱۵۳
او الطحاوی **حدثنا** ابن ابی داؤد قال حدثنا الحسین بن عبد الاول الاحول قال
حدثنا ابو خالد سلیمان بن حیان قال حدثنا ابن عجلان عن زید بن اسلم
عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما جعل
الامام لیؤتم بہ فاذا قرأ فانصتوا ص۱۲۸ ومسلم عن ابی ہریرۃ واذا قرأ فانصتوا
ص۱۷۴ ومسلم ایضا عن قتادۃ واذا قرأ فانصتوا ص۱۷۴ وابوداؤد **حدثنا**
محمود بن آدم المصیصی انا ابو خالد عن ابن عجلان عن زید بن اسلم عن ابی صالح
عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انما جعل الامام لیؤتم بہ بھذا
الخبر زاد واذا قرأ فانصتوا ص۹۰ **حدیث ششم** الطحاوی حدثنا
احمد بن داؤد قال حدثنا یوسف بن عدی قال حدثنا عبید اللہ بن عمرو عن
ایوب عن ابی قلابۃ عن انس رضی اللہ عنہ قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ثم اقبل بوجھہ فقال تقرءون والامام یقرأ فسکتوا فسألھم ثلثا فقالوا انا
لنفعل قال فلا تفعلوا ص۱۲۸ یہ سات روایتیں ہر ایک شق کے بطلان پر سات برہان
قوی ہیں۔ اگر کسی کا یہ خیال ہو کہ ابوداؤد نے اسحدیث (یعنی وَاِذَا قُرِئَ فَاَنْصِتُوْا)

ابوداؤد نے ... [margin: بطلان برہان]

میں کلام ہے باب تشہد میں یوں کہا ہے قال ابوداؤد قوله وانصتوا لیس بمحفوظ لم یجیٔ به الا سلیمان التیمی فی هذا الحدیث ص ۱۴۲ اور باب الامام یصلی من قعود میں اسطرح فرمایا ہے قال ابوداؤد هذه الزیادة واذا قرأ فانصتوا لیست بمحفوظة الوهم عندنا من ابی خالد ص ۹۰ جبکہ محفوظ نہیں ہے۔ فکیف الاستدلال به۔ تو اس کے جواب میں اولاً گذارش ہے کہ پچھلی کلام سے شائد مقصود ابوداؤد رحمہ اللہ علیہ کا تفرد سلیمان تیمی کا ہے۔ کما یدل علیه قوله ولم یجیٔ به الخ اور عند الحفاظ یہ امر ثابت اور متحقق ہے کہ سلیمان تیمی ثقہ ہے۔ اور ثقہ بھی کیسا کہ جس کے شان میں امام مسلم اتریدا حفظ من سلیمان التیمی ارشاد فرماتے ہیں وزیادة الثقة مقبولة عند الجماهیر من اهل الاصول والحدیث والفقه جیساکہ فائدہ پنجم میں بیان ہو چکا ہے پس یہ زیادہ مقبول بلا شبہ ہے۔ ثانیاً جواب اوّل علی سبیل التسلیم ہے۔ ورنہ تفرد ہی کہاں کیف و لها متابعات وشواهد **اخرجه البزار** حدثنا محمد بن یحیی القطیعی حدثنا سالم بن نوح من عمر بن عامر عن قتادة عن یونس بن جبیر عن حطان بن عبد الله عن ابی موسی عن النبی صلی الله علیه وسلم بنحو حدیث سلیمان التیمی واذا قرأ فانصتوا انتهی وبهذا السند رواه ابن عدی فی الکامل عن سالم بن نوح العطار عن عمر بن عامر وسعید بن ابی عروبة عن قتادة به ... یعلم ولنا قال وهذا الحدیث لسلیمان التیمی اشهر من عمر بن عامر وابن ابی عروبة انتهی و **النسائی** فی سننه **اخبرنا** محمد بن عبد الله بن المبارک ثنا محمد بن سعد الانصاری حدثنی محمد بن عجلان عن زید بن اسلم عن ابی صالح ... صلی الله علیه وسلم انما جعل الامام لیؤتم به فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا انتهی و لسلیمان التیمی متابعان آخران غیر محمد بن سعد۔ اخرج الدارقطنی فی سننه حدثنا ... [illegible] ... ابان النخعی ... ثنا ... [illegible]

والآخر محمد بن مسیر ابی سعد الصغانی ثنا ابن عجلان به - قال اسماعیل بن ابان و محمد بن مسیر ضعیفان انتھی - ولها عواضد کثیرة **منها** ما رواه الطحاوی حدثنا احمد بن داؤد قال حدثنا یوسف بن عدی قال حدثنا عبید الله بن عمرو عن ایوب عن ابی قلابة عن انس قال صلی رسول الله صلی الله علیه وسلم ثم اقبل بوجهه فقال اتقرأون والامام یقرأ فسکتوا فسألهم ثلثا فقالوا انا نفعل قال فلا تفعلوا انتھی ص ۱۲۸ **ومنها** ما روی المسلم عن ابن قسیط عن عطاء بن یسار انه اخبره انه سئل زید بن ثابت عن القرآءة خلف الامام فقال لا قراءة مع الامام فی شئ ص ۲۱۵ **و** روی النسائی ایضًا فی باب سجود القرآن ص ۱۶۱ **و** الطحاوی ایضًا فی باب القرآءة خلف الامام **ومنها** ما روی الطحاوی عن عبید الله بن مقسم انه سال عبد الله بن عمر وزید بن ثابت وجابر بن عبد الله فقالوا لا تقرأوا خلف الامام فی شئ من الصلوات انتھی ای سریة کانت او جهریة ص ۱۲۹ **ومنها** ما روی الطحاوی عن ابی حمزة قال قلت لابن عباس اقرأ والامام بین یدیّ فقال لا انتھی ص ۱۲۹ **ومنها** ما روی الطحاوی ایضًا عن ابی وائل عن ابن مسعود قال انصت للقرآءة فان فی الصلوٰة شغلاً وسیکفیک ذلک الامام انتھی ص ۱۲۹ **و** منها ما روی ابی بن کعب و هو من فقهاء الصحابة لما نزلت اٰیة اذا قرأ القراٰن فاستمعوا له وانصتوا - ترکوا القرآءة خلف الامام انتھی علی ھذا القیاس اس زیادة کے مؤیدات **شرح معانی الآثار طحاوی** اور **مؤطا** امام محمد میں بکثرت موجود ہیں - تمام کا ذکر موجب طوالت مقال ہے من شاء فلینظر ثمه وثمه ان مذکورہ احادیث اور آثار سے صاف ثابت ہے - ان سلیمان التیمی لیس بمتفرد بهذه الزیادة - فاندفع قول من قال انه تفرد بها اور دوسرے جملہ سے شاید مقصود ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ کا جیسے جرح ابو خالد کا ہے کما ہو مدلول قوله الوهم عندنا من ابی خالد - تو اسکا جواب منذری نے بہت عمدہ دیا ہے قال الزیلعی و

Marfat.com

وتعقبہ للمنذری فی مختصرہ - فقال وھذا فیہ نظر فان اباخالد الاحمر ھذا ھو
سلیمان بن حیان وھو من الثقات الذی احتج بھم البخاری ومسلم - ومع ھذا فلم
یتفرد بھذہ الزیادۃ بل تابعہ علیھا ابو سعید محمد بن سعد الانصاری الاشھلی
المدنی نزیل بغداد انتھی ص ۳۳ ۔ اس عبارت سے توثیق ابوخالد کی متحقق ہوئی - اور
وہم جرح کا اوٹھ گیا - اور اس لفظ کی تصحیح کی ہے - مسلم نے اور احمد بن حنبل نے علے
ماذکرہ ابن عبدالبر فی الاستذکار - اور تصحیح کی اسکی ابن خزیمہ نے - ذکرہ العینی فی
النھایۃ - خوفاً للاطناب اون کی عبارت نقل نہیں کی گئی **حدیث ہفتم**

اخبرنا ابوحنیفۃ حدثنا ابوالحسن موسی ابن عائشۃ عن عبداللہ شداد ابن الھاد
عن جابر بن عبداللہ الانصاری قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورجل خلفہ
قال محمد فی الآثار
یقرأ فجعل رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ینھاہ عن القراءۃ فی الصلوۃ
فقال انتھانی عن القراءۃ خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فتنازعا حتی ذکر للنبی
صلی اللہ علیہ وسلم فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من صلی خلف الامام فان قراءۃ
الامام لہ قراءۃ انتھی - ورجال ھذا الحدیث کلھم ثقات - **فی** التقریب موسی بن
ابی عائشۃ الھمدانی بسکون المیم مولی ھم ابوالحسن الکوفی ثقۃ عابد من الخامسۃ و
کان یرسل انتھی ص ۲۶ **وایضاً** فیہ عبداللہ بن شداد بن الھاد اللیثی ابوالولید
المدنی ولد علی عھد النبی صلی اللہ علیہ وسلم - وذکرہ العجلی من کبار التابعین الثقات
وکان معدوداً فی الفقھاء مات بالکوفۃ مقتولاً سنۃ احدی ثمانین وقیل بعدھا
انتھی ص ۲۰ **وفیہ** ایضاً جابر بن عبداللہ بن عمرو بن حرام بمھملۃ وراء الانصاری
ثم السلمی بفتحتین صحابی بن صحابی غزا تسع عشرۃ غزوۃ ومات بالمدینۃ بعد السبعین
وھو ابن اربع وتسعین انتھی ص ۴۳ **حدیث ہشتم** روی النسائی اخبرنا علی
بن حجر اخبرنا اسماعیل وھو ابن جعفر عن یزید بن خصیفۃ عن یزید بن عبداللہ

Marfat.com

بن قسیط عن عطاء بن یسار انہ اخبرہ انہ سئل زید بن ثابت عن القرآءۃ مع الامام فقال لا قرآءۃ مع الامام فی شیء انتہی ص ۱۱۶ ای فی شیء من الصلوۃ سریۃ اوجہریۃ و رواہ مسلم والطحاوی ایضاً یہ ہر دو حدیث بھی جملہ شقوق کے بطلان پر حجت ہیں۔

وقال عز من قائل واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون یعنے جب قرآن پڑھا جاوے تو اوس کو سنو اور چپ رہو تاکہ تم لوگ رحم کئے جاؤ **فی الفتح القدیر** حاصل الاستدلال بالآیۃ۔ ان المطلوب امران۔ الاستماع والسکوت۔ فیعمل بکل منہما۔ والاول یخص الجہریۃ۔ والثانی لا۔ فیجری علی اطلاقہ فیجب السکوت عند القرآءۃ مطلقاً۔ وھذا بناء علی ان ورود الآیۃ فی القرآءۃ فی الصلوۃ **و** اخرج البیہقی من الامام احمد قال اجمع الناس علی ان ھذہ الآیۃ فی الصلوۃ **و** اخرج عن مجاھد کان علیہ السلام یقرأ فی الصلوۃ فسمع قرأۃ فتی من الانصار فنزل واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا۔ **و** اخرج ابن مردویہ فی تفسیرہ قال واحد ثنا ابو اسامۃ عن سفیان عن المقدام ھشام بن زیاد عن معاویۃ بن قرۃ قال سألت بعض اشیاخنا من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احسبہ قال عبد اللہ بن مغفل کل من سمع القرآن وجب علیہ الاستماع والانصات۔ قال انما نزلت ھذہ الآیۃ واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا فی القرآءۃ خلف الامام انتہی ص ۱۲۱ **و** فی تفسیر عماد بن کثیر قال علی بن طلحۃ عن ابن عباس قولہ واذا قرئ القرآن یعنی فی الصلوۃ المفروضۃ انتہی **وفی المعالم** ذھب جماعۃ الی انہا فی القرآءۃ فی الصلوۃ انتہی اور بعد ذکر اقوال مخالفین کے لکھا ہے والاول اولی وھو انہا فی القرآءۃ فی الصلوۃ انتہی ص ۳۷۰ اور زرقانی شرح موطا میں نقلاً عن ابن عبد البر لکھتا ہے اجمعوا علی انہ لم یرد بہ کل موضع یستمع فیہ القرآن وانما اراد الصلوۃ یشہد لہ قولہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الامام واذا قرأ فانصتوا صحہ

Marfat.com

ابن حنبل۔ فاین المذہب عن السنۃ وظاہر القرآن ص ۱۶۱ اگرچہ اس آیۃ کے شان نزول میں اقوال مختلف ہیں۔ اما اولی واقوی اور مرجح یہی ہے۔ کہ قرارۃ فی الصلوۃ میں نازل ہوئی ہے جیسا کہ معالم اور زرقانی اور بیہقی کا بیان صراحتاً مدلول ان معنی کا ہے۔ اس آیۃ شریفہ سے بلحاظ مورد کے جملہ شقوق کا بطلان ظاہر ہے اور بلحاظ اصولی قاعدہ کے لا یختص بمورد کا بل العبرۃ لعموم الالفاظ واطلاقاتھا بھی اس آیۃ سے بطلان جملہ شقوق کا بلا شبہ ظاہر ہے۔ ان مذکورہ احادیث اور آیۃ شریفہ سے ثابت اور مبرہن ہو چکا ہے کہ مقتدی پر قراءۃ مطلقاً فرض نہیں ہے منصف طالب حق کو تو اسقدر کافی اور وافی ہے متعصب غیر منصف کا تو علاج نہیں اب رہا منفرد اور امام۔ انکی بابت بھی مولویصاحب کا یہ دعوی ہے کہ فاتحہ بخصوصہا انپر بھی فرض ہے۔ اور ہمارے اصحاب حنفیۃ رحمۃ اللہ علیہم فرماتے ہیں۔ کہ قرارۃ مطلق فرض ہے۔ ولو کانت فی ضمن الفاتحۃ۔ اس مدعا کے ثبوت کے دلائل مفصلہ ذیل ہیں **منھا** قولہ فاقرؤا ما تیسر من القرآن یعنے پڑھو جو میسر آسان ہو قرآن سے۔ باریتعالی نے مطلق قرآن کا پڑھنا فرمایا ہے اور فاقرؤا فاتحۃ الکتاب نہیں فرمایا اگر خصوصیت فاتحہ کی مقصود ہوتی تو فاقرؤا فاتحۃ الکتاب فرمادیتے **ومنہا** ماروی الشیخان عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ان رجلاً دخل المسجد ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالس فی ناحیۃ المسجد وصلی ثم جاء فسلم علیہ فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیک السلام ارجع فصل فانک لم تصل فرجع فصلی ثم جاء فسلم فقال وعلیک السلام ارجع فصل فانک لم تصل فقال فی الثالثۃ او فی التی بعدھا علمنی یا رسول اللہ فقال اذا قمت الی الصلوۃ فاسبغ الوضوء ثم استقبل القبلۃ فکبر ثم اقرأ بما تیسر معک من القرآن ثم ارکع الحدیث مشکوۃ ص ۶۱ ترجمہ ایک شخص نے مسجد میں آکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو نماز پڑھی پھر آکر سلام کیا۔ حضرت

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وعلیک السلام پھر جا نماز پڑھ تیری نماز اچھی نہیں ہوئی۔ پھر پڑھ کر آیا۔ پھر فرمایا فصل فانک لم تصل پھر آیا۔ پھر فرمایا فصل فانک لم تصل۔ آخر اوس نے کہا۔ مجکو سمجھا دیجئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پس آپنے فرمایا کہ وضو اچھی طرح کر پھر قبلہ کیطرف مونھ کرکے تکبیر کہہ۔ پھر پڑھ لے قرآن جہاں سے تجکو آتا ہو الحدیث

وروی الترمذی بسندہ عن رفاعۃ وحسنہ وذکر القصۃ المذکورۃ وفیہ فان کان معک قرآن فاقرأ والا فاحمد اللہ وکبرہ وھللہ ص۳ **وروی** الترمذی ایضًا بسندہ من ابی ھریرۃ وصححہ وحسنہ وفیہ اقرأ بما تیسر معک من القرآن الحدیث ص۳۲ **وروی** النسائی معنی ھذا الحدیث وفیہ قال ثم یقرأ ما تیسر من القرآن مما علمہ اللہ الحدیث ص۱۴۲ **وروی** ابوداؤد عن ابی ھریرۃ وذکر القصۃ وفیہ ثم اقرأ ما تیسر معک من القرآن الحدیث ص۱۵۲ **و** ابوداؤد ایضًا حدثنا حماد عن اسحاق بن عبد اللہ بن ابی طلحۃ عن علی بن یحیی بن خلاد عن عمہ ان رجلاً دخل المسجد فذکر نحوہ قال فیہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ لا تتم صلوۃ لاحد من الناس حتی یتوضأ فیضع الوضوء یعنی مواضعہ ثم یکبر ویحمد اللہ عز وجل ویثنی علیہ ویقرأ من القرآن ثم یقول اللہ اکبر ثم یرکع الحدیث **و** ابوداؤد ایضًا بسندہ عن رفاعۃ بن رافع وفیہ ثم یقرأ من القرآن الحدیث **و** ابوداؤد ایضًا بسند اٰخر عن رفاعۃ بن رافع وفیہ ثم اقرأ بام القرآن وبما شاء اللہ ان تقرأ الحدیث **و** ابوداؤد ایضًا بسند اٰخر عن رفاعۃ بن رافع وفیہ ثم اقرأ ما تیسر علیک من القرآن **و** ابوداؤد ایضًا بسند اٰخر عن رفاعۃ بن رافع وفیہ فان کان معک قرآن فاقرأ بہ والا فاحمد اللہ عز وجل وکبرہ الحدیث ص۱۲۶ **وروی** الطحاوی بسندہ عن رفاعۃ بن رافع وفیہ ثم اقرأ ان کان معک قرآن الحدیث ص۱۳۷ **و** روی ایضًا عن ابی ھریرۃ رض نحوہ

ومنھا ما روی مسلم بسندہ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا

Marfat.com

صلوٰۃ الا بقراءۃ ص ۱۷۰ **ومنہا** ما روی الطحاوی حدثنا علی بن شیبۃ قال حدثنا ابو نعیم قال حدثنا یونس بن ابی اسحاق العیزار بن حریث قال شہدت ابن عباس سمعتہ یقول لا تصل صلوٰۃ الا قرأت فیہا ولو بفاتحۃ الکتاب **وروی** الطحاوی بسندہ عن ابی العالیۃ قال سألت ابن عباس فذکر مثلہ - قال و سألت ابن عمر فقال انی لاستحیی ان اصلی صلوٰۃ لا اقرأ فیہا بام القرآن او ما تیسر ص ۱۲۱ **ومنہا** ما روی الطحاوی ان عبد الرحمن بن الجارود قد حدثنا قال حدثنا عبد اللہ بن موسیٰ قال انا ابن ابی لیلی عن عطاء عن ابی ہریرۃ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یؤمنا فیجہر ویخافت فجہرنا فیما جہر وخافتنا فیما خافت وسمعتہ یقول لا صلوٰۃ الا بقراءۃ انتہی **وروی** بسند اخر عن عطاء عن ابی ہریرۃ رض قال فی کل صلوٰۃ قراءۃ **و** روی بسند اخر عن ابی ہریرۃ مثلہ **وروی** بسند اخر عن عطاء قال سمعت اباہریرۃ یقول فذکر نحوہ **و** بسند اخر عن عطاء عن ابی ہریرۃ مثلہ **و** بسند اخر عن عطاء قال سمعت اباہریرۃ فذکر مثلہ ص ۱۲۲ آیت مذکورہ اور احادیث مسطورہ سے اظہر من الشمس ہے - کہ منفرد اور امام پر قراءۃ مطلق فرض ہے - فاتحہ بخصوصہا فرض نہیں - فثبت المدعی **رہی یہ بات** کہ آیۃ عام ہے - یا مخصوص - اسکی بابت انشاء اللہ تعالیٰ آگے ذکر ہوگا فانتظرہ اور فرض ثابت بدلیل قطعی کو کہتے ہیں - جیسا کہ فائدہ دہم میں گزر چکا ہے - اور خصوصیت فاتحہ کی کوئی دلیل قطعی جس میں شبہ نہ ہو مولوی صاحب نے بیان نہیں فرمائی - اور اخبار احاد مثبت فرضیت نہیں ہیں - ہاں البتہ مثبت ظنیت کے ہیں - اسی لئے ہمارے اصحاب رحمہ اللہ علیہ نے منفرد اور امام کے لئے مطلق قراءۃ کو فرض فرمایا - اور فاتحہ کو واجب تاکہ آیۃ اور حدیث دونوں پر عمل ہو - ہذا خلاصۃ الکلام فی اثبات المرام **بیان** مذکورہ سے یہ بات مدلل اور مبرہن ہوگئی کہ مقتدی پر قراءۃ مطلقاً فرض نہیں ہے، اور منفرد اور

Marfat.com

امام پر مطلق قرارت فرض ہے - ولو کان فی ضمن الفاتحۃ - فاتحہ بخصوصہا فرض نہیں

اب اُن احادیث کا جواب جو مولویصاحب نے اپنے اثبات مدعی کے لیئے بیان کی ہین گذارش ہوتاہی - توجہ فرمائیے - دعوی مدعی کا یہہ ہے -

کہ منفرد - مقتدی - اور امام کے لیئے فاتحہ بخصوصہا فرض ہے - اور اوس کے اثبات کے لئے چند احادیث بیان کین اول حدیث عبادہ بن صامت کی لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب بیان کی - اسحدیث کا جواب بچند وجوہ ہے - **وجہ اول** عموم آیۃ فاقرؤا ما تیسر من القرآن کا اسحدیث کے معارض ہے - کیونکہ آیۃ مین حکم ہے کہ پڑہو تم قرآن مین سے جو آسان ہو یعنی جہانسی تم کو آتا ہے اور پڑہ سکو - کسی خاص سورۃ کی ضرورت نہیں - کہ وہی پڑہو - اور حدیث کا مدلول یہہ ہے کہ فاتحہ بخصوصہا پڑہو - پس خصوصیت فاتحہ کی معارض نص قرآنی کے ہے - فلم یثبت ما ادعاہ **وجہ دوم** ابن ماجہ اور نسائی نے اس امر کا باب منعقد کیا ہے - کہ مقتدی امام کے پیچھے کچھ نہ پڑہے اور اوس کے اثبات کے لیئے یہہ حدیثیں لائے ہیں **عن** ابی موسی الاشعری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قرء الامام فانصتوا یعنے روایت ہی ابی موسی اشعری سے کہ فرمایا رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب امام قراۃ پڑہے تو تم لوگ (یعنی مقتدی) چُپ رہو - **وعن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا - واذا قرأ فانصتوا یعنے ابہریرہ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ امام اسواسطے مقرر کیا گیا ہے - کہ پیروی کرو تم اوسکی - جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو - اور جب وہ قرآن پڑہے تو تم چپکی سنو - نسائی نے اسحدیث کو دو سندوں سے بیان کیا ہے - اور واذا قرء القرآن فانصتوا کو مسلم نے بھی ابہریرہ اور قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے - مدلول اسی حدیث کا عموم لا صلوۃ کے معارض ہے - یعنے مقتدی چپ رہے کچھ نہ پڑہے

Marfat.com

نفی ۳ نہ فاتحہ نہ سواء فاتحہ کے فلم یثبت ما ادعاہ وجہ سیوم ۳ جابر بن عبداللہ اور امام احمد
بن حنبل اور سفیان وغیرہ محققین نے فرمایا ہے۔ کہ حکم اس حدیث کا واسطے مقتدی
کے نہیں واسطے منفرد کے ہے۔ ذکرہ الترمذی حیث قال۔ وان احمد بن حنبل
فقال معنی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب۔
اذا کان وحدہ۔ واحتج بحدیث جابر بن عبداللہ حیث قال من صلی رکعۃ لم
یقرأ فیہا بام القرآن۔ فلم یصل الا ان یکون وراء الامام۔ قال احمد فہذا رجل
من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم تاول قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا صلوۃ لمن
لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب ان ہذا اذا کان وحدہ انتہی۔ اور ابوداؤد میں ہے
قال سفیان لمن یصلی وحدہ۔ فاذا ثبت کونہ ماؤلا۔ فلم یکن الحدیث حجۃ لما
نفی ۴ ادعاہ وجہ چہارم حدیث مسیء فی الصلوۃ کی جسکو بخاری۔ مسلم۔ ترمذی وغیرہ نے
روایت کیا ہے۔ کما مر۔ اوسمیں رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس اعرابی کو تعلیم
فرائض نماز میں فرمایا۔ ثم اقرأ بما تیسر معک من القرآن یعنی پھر پڑھ تو قرآن سے جو
تجکو آسان ہو۔ فاتحہ کی خصوصیت نہیں فرمائی۔ باآنکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
درپے تعلیم تھے۔ وہذا موضع البیان ووقتہ۔ ولا یجوز التاخیر عنہ صرح
النووی بہذہ القاعدۃ دیکھو نووی ص ۱۷۹ پس اس سے بھی فرضیت مطلق قراءۃ
نفی ۵ کی ثابت ہوئی۔ نہ فرضیت فاتحہ بخصوصہا کی۔ فلم یثبت ما ادعاہ وجہ پنجم
اخرج مسلم بسندہ عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی
صلوۃ لم یقرأ فیہا بام القرآن فہی خداج ثلثا غیر تمام انتہی یعنے فرمایا رسولخدا صلے
اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے نماز سوا فاتحہ کے پڑھی۔ اوسکی نماز ناقص ہے۔ کامل نہیں
نفی ۶ ہوگی۔ پس یہ حدیث بھی معارض حدیث مستدل کی ہے۔ فلم یثبت ما ادعاہ اور معنے
خداج کے آئندہ گزارش ہونگے وجہ ششم لا صلوۃ الی آخرہ محتمل دو معنے کے ہے

Marfat.com

یعنی لاصلوٰۃ صحیحۃ جیساکہ لاصلوٰۃ الا بقرآءۃ رواہ مسلم۔ ولاصلوٰۃ لمن لا طھور لہ، رواہ الطبرانی۔ اور لاصلوٰۃ کاملۃ۔ قال النووی۔ وھٰذا من الالفاظ التی تطلق علی نفی الشئی ویراد بہ نفی کمالہ ومختارہ۔ کما یقال لا علم الا ما نفع۔ و لا مال الا الابل۔ ولا عیش الا عیش الاخرۃ انتھی۔ **وفی** کنوز الحقائق للامام المناوی رحمۃ اللہ علیہ لاصلوٰۃ لجار المسجد الا فی المسجد۔ دار قطنی۔ ولاصلوٰۃ لملتفت۔ رواہ الطبرانی۔ ولاصلوٰۃ بحضرۃ طعام۔ رواہ مسلم۔ ولاصلوٰۃ لمن لا یتخشع فی صلوٰتہ۔ رواہ الدیلمی۔ ولاصلوٰۃ لمن صلی خلف الصف فردًا۔ رواہ الدیلمی والامام احمد فی مسندہ۔ ولا صوم بعد النصف من شعبان حتی رمضان۔ رواہ الدیلمی۔ ولاصام من صام الابد۔ رواہ البخاری فی صحیحہ۔ ولاصلوٰۃ فی الحمام۔ رواہ الدیلمی۔ ولاصلوٰۃ لمن سمع النداء ثم لا یاتہ الا من علۃ۔ رواہ الحاکم۔ ولا عبادۃ کالتفکر۔ رواہ ابن حبان فی صحیحہ۔ ولا ھم الا ھم الدین۔ ولا وجع الا وجع العین۔ رواہ ابن عدی۔ ولا دین لمن لا عھد لہ۔ رواہ ابن النجار۔ ولا خیر فیمن لا یضیف۔ رواہ ابن حبان فی صحیحہ۔ ولا خیر الا فی قراءۃ الا بتدبر۔ رواہ الدیلمی۔ ولا خیر فی العیش الا لرجلین۔ عالم ناطق۔ او مستمع ورع۔ رواہ العسکری والدیلمی۔ ولا خیر فی الجلوس علی الطرقات۔ رواہ الدیلمی۔ ولا خیر فی ولد الزنا۔ رواہ الطبرانی۔ ولا دین لمن لا تفقہ لہ۔ رواہ الدیلمی۔ ولا خیر فی الدنیا بعد مائۃ۔ رواہ الدیلمی۔ ولا خیر فی الامارۃ لرجل مسلم رواہ الامام احمد فی مسندہ انتھی بلفظہ ان مذکورہ احادیث میں نفی کمال مراد ہے نہ نفی ذات وصحت کما لایخفی۔ جبکہ یہ عبارت محتمل دو معنی کی ہوئی فکیف الاستدلال فلم یثبت ما ادعاہ **وجہ ہفتم**۔ **قال النووی** فانھم رای المحققون والاکثرون) فقالوا احادیث الصحیحین التی لیست بمتواترۃ۔ انما تفید الظن فانھا احاد۔ والاحاد انما تفید الظن علی ما تقرر۔ ولا فرق بین البخاری

Marfat.com

ومسلم وغیرھما فی ذلک انتھی ص ـ اور فائدہ دہم میں گزرچکاہے ـ کہ فرض ماثبت
بدلیل قطعی لاشبھۃ فیہ کو کہتی ہیں ـ اور حدیث لاصلوٰۃ آہ ظاہر ہے کہ منجملہ آحاد کی
ہے متواترات سے نہیں ـ پس مفید ظن کی ہوئی نہ مفید قطعی لاشبھۃ فیہ کی ـ پھر اس
سے فرضیت فاتحہ کی کس طرح ثابت ہوگئی فلم یثبت ما ادّعاہ **وجہ ہشتم** قال محمدؒ
فی الآثار اخبرنا ابوحنیفۃ **حدثنا** ابوالحسن موسیٰ بن عائشۃ عن عبداللہ بن
شداد ابن الھاد عن جابر بن عبداللہ الانصاری قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ورجل خلفہ یقرأ ـ فجعل رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ینھاہ عن
القراٰءۃ فی الصلوٰۃ فقال اتنھانی عن القراٰءۃ خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فتنازعا
حتی ذکر للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من صلی خلف
الامام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ انتھی ـ اس حدیث کے رجال کلھم ثقات ہیں ـ جیسے
مشروحًا مذکور ہوچکاہے ـ اور اس حدیث مرفوع کے مؤیدات اور شواہد موطا امام
محمد اور **شرح معانی الآثار** میں بکثرت ہیں ـ پس یہ حدیث لاصلوٰۃ آہ کے عموم
کو معارض ہے ـ فلم یثبت ما ادّعاہ **وجہ نہم** فرضًا اگر مقتدی بھی امام کے پیچھے
فاتحۃ الکتاب پڑہے ـ تو اکثر اوقات اسکو اتباع امام سے محرومی حاصل ہوگی **مثلاً** امام نصف
فاتحہ میں تہا کہ مسبوق نے اقتدا کیا ـ یا بطئ القراءۃ نے سریع القراءۃ سے اقتدا کیا امام
نے جب فاتحہ پوری کی ـ تو مقتدی اھدنا الصراط المستقیم پر مثلاً پہونچا ـ تو خالی نہیں ـ یا
مقتدی امام کے ساتھ آمین بوقت آمین کہنے امام کے کہیگا ـ یا نہ کہیگا ـ فکلاھما
باطلان فالملزوم مثلہ **اول** تو اس لیے کہ نظم قرآن میں اجنبیہ عبارت خلل انداز ہوگی
اسطرح پر اھدنا الصراط المستقیم آمین صراط الذین ـ اور اجنبی کلام کا ادخال نظم قرآن میں شرعًا
ناجائز ہے ـ فما منہ للمحظور فھو محظور اور **ثانی** اسو سطے کہ مخالفت فرمان واجب الاذعان
حضرت خلاصۂ جہانیاں صلی اللہ علیہ وسلم اذا امّن الامام فامّنوا ـ واذا قال الامام ولا الضالین

فقولوا آمین کی لازم آئیگی۔ پس اس دلیل سے بھی مدعی مستدل کا یعنے فرضیت ہر نماز میں ہر نمازی کے لیئے پایہ ثبوت کو نہ پہنچا **فائدہ** نووی نے کتاب الاذکار میں لکھا ہے مستحب یہ ہے کہ آمین مقتدی کی امام کی آمین کے ساتھ ہی ہو۔ نہ پہلے اور نہ پیچھے اور نماز میں اور کوئی جگہ ایسی نہیں ہے جہاں اقران قول مقتدی و امام کا مستحب ہے۔ الا فی قولہ آمین۔ اما باقی اقوال میں۔ پس مقتدی کو امام کے اقوال سے تاخیر مستحب ہے۔ وھذہ عبارتہ۔ ویستحب ان یکون تامین الماموم مع تامین الامام لا قبلہ ولا بعدہ ولیس فی الصلوۃ موضع یستحب ان یقترن فیہ قول الماموم بقول الامام الا فی قولہ آمین۔ واما فی باقی الاقوال فیتأخر قول الماموم انتھی **حجت** روی مالک عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصرف من صلوۃ جھر فیھا بالقرآءۃ فقال ھل قرأ معی احد منکم آنفا فقال رجل نعم انا یا رسول اللہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی اقول مالی انازع القرآن قال فانتھی الناس عن القرآءۃ مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیما جھر فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انتھی رواہ ابوداؤد فی سننہ وقال حدیث ابن اکیمۃ ھذا رواہ معمر ویونس واسامۃ بن زید عن الزھری علی معنی مالک انتھی۔ رواہ احمد و النسائی وابن ماجۃ والترمذی قال **وفی الباب** عن ابن مسعود وعمران بن حصین وجابر بن عبداللہ **اور** نیز مؤید اسکی وہ حدیث ہے جو ابوداؤد نے عبادہ بن صامت سے روایت کی ہے وقال الدارقطنی رجالہ کلھم ثقات وھو ھذا **عن** عبادۃ بن صامت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یقرأن احد منکم شیئا من القرآن اذا جھرت بالقرآن انتھی **و** قال احمد بن حنبل ما سمعت احدا من اھل الاسلام یقول ان الامام اذا جھر بالقراءۃ لا تجزی صلوۃ من لم یقرأ ذکرہ الدیلمی ھذا من الدلیل القوی یعنی حدیث عبادہ رضی اللہ عنہ کی صاحب دلیل قوی نے ذکر کی ہے۔ ان احادیث سے

ثابت ہوا کہ مقتدی صلوۃ جہریہ میں قراءۃ نہ پڑھے - اور قراءۃ بعمومہا فاتحہ وغیرہ کو شامل ہے - اور مدلول ان احادیث کا عموم مدلول حدیث لا صلوۃ کو معارض ہے - پس

مبرہن ہوا کہ وہ حدیث بعمومہ قابل حجت نہ رہی - فلم یثبت ما ادعاہ **وجہ یازدہم** فی نصب الرایۃ فی تخریج احادیث الہدایۃ للعسقلانی **اخرج** ابن ماجۃ من حدیث ابی سعید لا صلوۃ لمن لم یقرأ بالحمد للہ وسورۃ معہا - واخرجہ الترمذی فی اثناء حدیث واخرجہ ابن عدی ولفظہ لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب والسورۃ وفی روایۃ لہ وسورۃ فی فریضۃ وغیرہا - وفی روایۃ لہ لا تجزئ صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب ومعہا غیرہا وضعفہ بابی سفیان طریف بن شہاب السعدی ولابی داؤد من وجہ اخر صحیح عن ابی سعید امرنا ان نقرأ بفاتحۃ الکتاب وما تیسر وصححہ ابن حبان من ہذا الوجہ ولفظہ - امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکذا اخرجہ احمد وابو یعلی - وفی الباب **عن** عبادۃ بن صامت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب وآیتین من القرآن اخرجہ الطبرانی - **و** اخرج ابن عدی من حدیث عمران بن حصین مثلہ لکن بلفظ لا تجزئ وزاد آیتین فصاعدا - **وعن** رفاعۃ بن رافع فی قصۃ المسیئ صلوتہ - ثم اقرأ بام القرآن ثم اقرأ بما شئت اخرجہ احمد - **و**لابی داؤد من ہذا الوجہ ثم اقرأ بام القرآن وبما شاء اللہ ان تقرأ - **و**عن ابن عمر رفعہ لا تجزئ المکتوبۃ الا بفاتحۃ الکتاب وثلاث آیات فصاعدا اخرجہ ابن عدی - **و**عن ابن مسعود رفعہ لا تجزئ صلوۃ لا یقرأ فیہا بفاتحۃ الکتاب وشیئ معہا اخرجہ ابو نعیم - فی ترجمۃ ابراہیم بن ایوب من تاریخ اصبہان انتہی - **و**اخرج مسلم لا صلوۃ لمن لم یقرأ بام الکتاب

فصاعدا انتہی - ان احادیث سے ظاہر ہے - کہ فاتحہ کا حکم اگر ہر نمازی کے واسطے عام ہے - تو انضمام سورہ کا حکم بھی ضرور عام ہوگا - اور بالاتفاق انضمام کا ہر نمازی کیواسطے عام نہیں

Marfat.com

ہے فکذا حکم الفاتحۃ وھو المطلوب۔ فلم یثبت ما ادعاہ۔ ان مذکورہ وجوہات
سے مدلل ہو چکا کہ حدیث لا صلوٰۃ آہ کی قابل اسبات کے نہیں کہ مثبت فرضیت فاتحہ
ہو۔ ہاں البتہ دلیل ظنی ہے۔ اور وہ مثبت وجوب ہوتی ہے۔ نہ فرضیت کما مر فی الفائدۃ
العاشرۃ اسی لئے حنفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم نے منفرد اور امام کے لیئے دلیل وجوب فاتحہ
کی اسحدیث کو قرار دیا۔ اور فرضیت مطلق قرات کیواسطے آیۃ فاقرؤا ما تیسر من القرآن کو
سند ٹھرایا۔ اور مقتدی کے لیے آیۃ اذا قرأ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا۔
اور حدیث مرفوع جابر رضی اللہ عنہ من کان لہ قرآءۃ فقرآءۃ الامام لہ قراءۃ
کو مخصص مانا۔ اعمالاً علی الدلیلین۔ اور بلا رعایت تطبیق احادیث اور آیات کے
لئے یہ طریق نہایت ہی احسن ہے۔ فتدبر وانصف ولا تکن من المجادلین دوم
حدیث عبادہ بن صامت کی لا تجزی صلوٰۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب۔
اسحدیث کا حال زیلعی نے تخریج ہدایہ کے صفحہ ۱۹۲ میں لکھا ہے۔ کہ اسحدیث کو
دارقطنی نے روایت کیا ہے وقال اسنادہ صحیح وصححہ ابن القطان ایضاً وقال
زیاد احد الثقات انتھی۔ وقال صاحب التنقیح انفرد زیاد ابن ایوب ولفظہ بلفظ
لا تجزئ ورواہ جماعۃ لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ وھو الصحیح۔ وقال وکان زیاداً
رواہ بالمعنی انتھی۔ انتھی۔ صاحب تنقیح کے بیان سے صاف ظاہر ہے۔ کہ زیاد
رضی اللہ عنہ جو راوی اسحدیث کا ہے اونسے بجای لا صلوٰۃ کے لا تجزی نقلاً بالمعنی
کہا ورنہ در اصل لفظ حدیث صحیح (کما یدل علیہ قولہ وھو الصحیح) لا صلوٰۃ ہی ہے۔
تو اسکا جواب بھی وہی یازدہ وجوہ جو حدیث لا صلوٰۃ میں گذارش ہوئے ہیں جواب
ہونگے۔ پھر مستدل کا یہ فرمانا کہ " لا تجزی سے بڑھکر اور کیا لفظ حدیث مین ہو جو بہت
سی تسلی ہو " موجب تسلی اور اطمینان نہیں ہے۔ کیونکہ اصل مین یہ لفظ بھی لا صلوٰۃ
ہی تہا۔ زیاد رضی اللہ عنہ نے بجائے اوسکی لا تجزی نقلاً بالمعنی کہا۔ جبکہ اصل ہی تسلے

Marfat.com

بخش نہین ہے۔ تو فرع کسطرح اطمینان و تسلی بخش ہوگی۔ **علاوہ** انکہ ابن عدی
کی روایت میں لا تجزئ الصلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب ومعھا غیرھا۔ ہے۔
ذکرہ المناوی فی کنوز الحقائق۔ **واخرج** ابونعیم الحافظ فی تاریخ اصبہان فی
ترجمۃ ابراھیم بن ایوب الغرسانی عن ابی مسلم عن الاعمش عن عمارۃ بن عمیر عن
ابی معمر عن ابی مسعود الانصاری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تجزئ
صلوۃ لا یقرأ فیھا بفاتحۃ الکتاب وشئ معھا انتھی۔ ذکرہ الزیلعی فی
تخریج احادیث الھدایۃ ص ۱۹۴ **اور** ظاہر ہے کہ ومعھا غیرھا۔ وشئ معھا سورہ
کیطرف اشارہ ہے۔ پس چاہیئے کہ ہر نمازی کے لئے سورہ بھی فرض ہو۔ اور خصم اسکا
منکر ہے۔ اور نیز جائز ہے۔ کہ مراد اس سے نفی اجزا کامل کے ہو۔ نہ نفی اصل اجزا کی
پس مذکور سے معلوم ہوا کہ یہ حدیث بھی مثبت مدعی مستدل کی نہیں ہے **تیسری**
حدیث لا تقبل صلوۃ لا یقرأ فیھا بام القرآن۔ مثبت مدعی یعنی اثبات فرضیت
فاتحہ کی ہر نمازی کے لئے بیان فرمائی **اقول** وباللہ التوفیق۔ اسکا جواب بھی
بچند وجوہ ہے۔ وجہ اول۔ دوم۔ چہارم۔ پنجم۔ ہفتم۔ ہشتم۔ نہم۔ دہم
و یازدہم۔ جو حدیث لا صلوۃ میں مفصل گزری ہیں اس حدیث کا جواب باصواب ہیں۔
تطبیق و مطابقت بفہم رسا ہے۔ تاکہ حق ثابت ہو۔ خوف طوالت سے دوبارہ اون وجوہات
کا ذکر نہیں کیا۔ وجہ دوم لفظ لا تقبل کے استعمال محدثین کی کلام میں دو طرح پر آئی
ہے۔ کبھی واسطے نفی صحت کے جیسے کہ روایت مسلم میں لا تقبل صلوۃ بغیر طہور اور
روایت مسند امام احمد میں لا تقبل صلوۃ الحائض الا بخمار وارد ہے کنوز الحقائق
اور کبھی واسطے زجر اور توبیخ اور نفی کمال ثواب کے جیسے لا تقبل صلوۃ من لا یؤدی
الزکوۃ۔ رواہ الدیلمی۔ **کنوز الحقائق** وروی الطبرانی وابنا خزیمۃ وحبان
فی صحیحھما ثلثۃ۔ لا یقبل اللہ لھم صلوۃ ولا یصعد لھم الی السماء حسنۃ۔ السکران

Marfat.com

حتی یصحو ۔ المرأۃ الساخط علیہا زوجہا ۔ والعبد الآبق حتی یرجع فیضع یدہ فی
ید موالیہ کتاب الزواجر ص۸۸ وروی الدیلمی لا یقبل اللہ الایمان والصلوۃ الا
بالزکوۃ کنوز الحقائق ص۱۹۶ والبیہقی لا یقبل اللہ صلوۃ رجل مسبل ازارہ ۔
کنوز الحقائق ۔ ومسلم بسندہ عن جریر یحدث عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
قال اذا ابق العبد لم تقبل لہ صلوۃ ۔ ان جملہ احادیث میں لاتقبل سے مراد تغلیظ اور
توبیخ اور نفی کمال ثواب ہے ۔ نہ نفی صحت کما ھو الظاھر ۔ ورنہ زکوۃ نہ دینے والا
کافر ہو ۔ اور نماز اوس کے ذمہ سے ساقط نہو ۔ اور مسبل ازار کی نماز بھی نادرست ہو
وھو خلاف ما تقرر عند اھل السنۃ ۔ جب لفظ لاتقبل کا محتمل دو معنی کا ہوا ۔
تو قابل استدلال نہ ہوا ۔ فکیف الاستدلال بہ ۔ فلم یثبت ما ادعاہ ۔ **فائدہ**
شارع کبھی تغلیظ اور توبیخ کے ایسے ایسے کلمات وارد فرماتا ہے ۔ دیکھو ۔ ترمذی ۔ باب
کراھۃ الحلف بغیر اللہ ۔ میں لکھتا ہے ۔ ان قولہ فقد کفر او اشرک علی التغلیظ
والحجۃ فی ذلک کذا وکذا خوف تطویل کے لئے اکتفا اشارہ کیا گیا ہے ۔ اور شیخ عبدالحق
حدیث قتالہ للمسلم کفر کے تحت میں لکھتا ہے کہ قولہ قتالہ کفر تغلیظ **وجہ سوم**
عدم قبول مستلزم عدم صحت کا نہیں اذ یجوز ان یکون صحیحۃ غیر مقبولۃ ۔ کما
الصلوۃ فی الدار المغصوبۃ لانہا صحیحۃ وان کانت غیر مقبولۃ ۔ فکذلک
یجوز ان تکون صلوۃ تارک الفاتحۃ غیر مقبولۃ ۔ فھذا الحدیث لم ینتہض
دلیلا علی ما ادعاہ ۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے ۔ دعوی مدعی کا یہ تھا ۔ کہ
فاتحۃ الکتاب بخصوصہا ہر نمازی کے لئے فرض ہے ۔ بدون اوس کے کسی نمازی کی نماز
صحیح نہیں ہوتی ۔ اور اوسکی دلیل حدیث لاتقبل صلوۃ الخ بیان فرمائی ۔ سو یہ
دلیل مثبت مدعی کی نہیں ۔ اسواسطے کہ عدم قبول مستلزم عدم صحت کا نہیں ۔
کیونکہ جائز ہے کہ صحیح ہو ۔ الا غیر مقبول ۔ جیسے کہ کسی کا مکان زور سے چھینا ۔ اور اس

Marfat.com

میں نماز پڑھی۔ تو یہہ نماز اوس کی صحیح غیر مقبول ہے۔ پس جائز ہے کہ نماز تارک
فاتحہ کی صحیح غیر مقبول ہو۔ فکیف الاستدلال بہ **قال النووی**
واما قولہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ابق العبد لم تقبل لہ صلوٰۃ۔ فقد تاولہ الامام
المازری وتابعہ قاضی عیاض علی ان ذلک محمول علی المستحل للاباق فیکفر و
لا تقبل لہ صلوٰۃ ولا غیرھا۔ ونبہ بالصلوٰۃ علی غیرھا۔ وانکر الشیخ ابو عمرو ھذا
وقال بل ذلک جائز فی غیر المستحل ولا یلزم من عدم القبول عدم الصحۃ۔ فصلوٰۃ
الابق صحیحۃ غیر مقبولۃ فعدم قبولھا بھذا الحدیث وذلک لاقترانھا بالمعصیۃ
واما صحتھا فلوجود شروطھا وارکانھا المستلزمۃ صحتھا ولا تناقض فی ذلک
ویظہر اثر عدم القبول فی سقوط الثواب واثر الصحۃ فی سقوط القضاء۔ وفی
انہ لا یعاقب عقوبۃ تارک الصلوٰۃ۔ وھذا اخر کلام الشیخ۔ وھو ظاھر لا شک
فی حسنہ۔ وقد قال جماھیر اصحابنا ان الصلوٰۃ فی الدار المغصوبۃ صحیحۃ لا ثواب
فیھا۔ ورأیت فی **فتاوی** ابی نصر بن الصباغ من اصحابنا التی نقلھا عنہ
ابن اخیہ القاضی ابو منصور۔ قال المحفوظ من کلام اصحابنا بالعراق ان الصلوٰۃ
فی الدار المغصوبۃ صحیحۃ یسقط بھا الفرض ولا ثواب فیھا انتھی بلفظہ۔ اور
ہمارے اصحاب حنفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کے نزدیک بھی دار مغصوبہ اور ارض مغصوبہ میں
نماز صحیح مع الکراہتہ ہے۔ فی شرح المنار والصلوٰۃ فی الارض المغصوبۃ مشروعۃ
فی ذاتھا وانما حرمت لاجل شغل ملک الغیر انتھی **اشباہ** ترک فاتحۃ
الکتاب سے ثواب کا نہ حاصل ہونا واسطے منفرد اور امام کے ہوگا۔ لترکھما الواجب اما
مقتدی تو مامور بالاستماع ہے فلا یلزمہ ما لزمھما۔ فقد بان۔ ان سیزدہ وجوہات
مذکورہ سے صاف ظاہر ہے۔ کہ یہہ حدیث مدعی کے دعوی کی مثبت نہیں فلم یثبت
ما ادعاہ۔ **قولہ** اور اس باب میں انس سے مسلم اور ترمذی میں آہ **اقول**

Marfat.com

وباللہ التوفیق حدیث لا صلوٰۃ الخ میں من حیث الصحۃ کلام نہیں - ہماری کلام اس امر
میں ہے - کہ آیا یہ حدیث مثبت فرضیت ہے یا نہ - سو ماسبق میں بوجوہات مذکورہ عدیدہ
معلوم و ثابت ہو چکا ہے - کہ یہ حدیث منجملہ غیر احاد کے ہے متواترات سے نہیں فلینظر
ثمہ **قولہ** ام القرآن عوض من غیرہا - ولیس غیرہا عوض منہا **اقول** وباللہ
التوفیق - اس حدیث میں کوئی ایسا لفظ نہیں ہے جو فرضیت فاتحہ پر جو غرض مدعی کی ہے
دال ہو - اگر ہے تو بیان فرمائیں وبدونہ خرط القتاد - فرضاً اگر تسلیم کیا جاوے -
تو یہ حدیث شریف مفید اور مؤید ہم کو ہوگی - نہ مدعی کو - اصلی کہ معنے اس حدیث کے یہ
ہیں کہ فاتحۃ الکتاب اور آیتوں کا عوض ہے - اور آیتیں فاتحہ کا عوض نہیں ہیں
یعنے نماز میں فاتحہ کے پڑھنے سے - فرض اور واجب ہر دو ادا ہو جاتے ہیں - بخلاف
اور آیتوں کے کہ اون کے پڑھنے سے فقط فرض ہی ادا ہوتا ہے - واجب ادا نہیں ہوتا - اور یہی
مذہب ہمارے اصحاب حنفیہ کرام رضہ کا ہے **قال القاری** فی المرقات شرح
للمشکوٰۃ معنی الحدیث ان الفاتحۃ تقوم مقام الفرض والواجب جمیعا ولیس
غیرہا کذلک لان غیرہا یؤدی الفرض فقط دون الواجب فھو یؤید مذہبنا
واصطلاح ائمتنا - انتھی - انتھی - فلم یثبت ما ادعاہ **قولہ** فاتحۃ الکتاب اور کا عوض
ہوسکتی ہے - اور - اور چیزیں فاتحہ کا عوض نہیں ہوتیں **اقول** وباللہ التوفیق -
مؤلف رسالہ نے لفظ ھا کا مرجع آیات نہیں ٹھہرایا - بلکہ سوا فاتحہ کے کل جہان کی
چیزوں کو مرجع کلمہ ھا سمجھا ہے - جیسا کہ قولہ " اور اور چیزیں فاتحہ کا عوض نہیں ہوتیں
ان معنوں پر صریحاً دال ہے - فصار المعنی علی ذلک التقدیر فاتحۃ الکتاب - زکوٰۃ -
صوم - حج - عمرہ - قتال فی سبیل اللہ - رکوع - سجود - وغیر ذلک مما لا تعد
ولا تحصی کا عوض ہوسکتی ہے - اور یہ چیزیں فاتحہ کا عوض نہیں ہوسکتی - وھذا
المعنی فسادہ ظاہر لا مریۃ فیہ - حدیث مسطورہ کی دلیل معنی مذکورہ سے کرنی - پہری

Marfat.com

معنوںسے اثبات فرضیت کا قول عجیب ہے **قولہ** ان حدیثون مین صاف اس امر کا بیان ہے۔ کہ فاتحہ کے سوا کسی نماز کی نماز جائز نہیں ہوتی **اقول** وباللہ التوفیق۔ ابتک فرضیت سورہ فاتحہ بخصوصہا کی ثابت نہیں ہوئی جیسا کہ بوجوہات متعددہ سے معلوم ہوچکا ہے اعادہ اوسکا باعث تطویل ہے فلینظرہا جبکہ فاتحہ بخصوصہا کی فرضیت پایۂ ثبوت کو ہی نہیں پونہچی۔ تو نماز بدون فاتحہ کے جائز نہ ہونے کے کیا معنے۔ ہاں البتہ اگر قولہ جائز نہیں ہوتی کو محمول بر نفی کمال کیا جاوے۔ جیسا کہ مذہب حنفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کا ہے فیکون لہ وجہ **قولہ** دارقطنی رح کی مرفوع حدیث میں عبادہ سے صریح لاتجزئ کا لفظ ہے اہ **اقول** وباللہ التوفیق۔ اس لفظ (لاتجزئ) کا حال سابقاً صاحب **تنقیح** کی نقل سے معلوم ہوچکا ہے۔ اوسکو ملاحظہ فرماویں۔ جبکہ لاصلوٰۃ کے لفظ کو زیاد رضی اللہ عنہ نے نقل بالمعنی کرنے میں لاتجزئ فرمایا۔ پھر اس لفظ لاتجزئ میں کونسی مزیت اور فوقیت ہے کہ موجب تسلی اور طمینان نہیں۔ پھر فرع تو فرع ہی ہے اصل کے رتبہ اور مرتبہ کو کب پہونچتی ہے۔ وایضاً یجوز ان یکون محمولاً علی نفی الاجزاء الکامل لانفی اصل الاجزاء **قولہ** نہیں تو اب کچھ بھی حاجت نہیں کہ اور درد سری کریں **اقول** وباللہ التوفیق۔ درست ہے نہیں بھی کچھ حاجت نہیں۔ کہ مغز خوری اور دردسری کریں۔ کہ مدعی ہمارا ثابت اور مبرہن ہوچکا ہے۔ کیونکہ ابتک کوئی ایسی دلیل جو برہان قطعی فرضیت فاتحۃ الکتاب پر ہو۔ جناب مولویصاحب کے ہفدہ گانہ دلائل کہ مولویصاحب نے اپنے اثبات دعوی کی بزعم خود بیانا سابق میں فرمائے ہین۔ اونکا دہن اور عدم قطعیت ہی سابق میں گذارش ہوچکا ہے فلینظر الناظر ثمہ۔ اور دلائل عدم فرضیت فاتحہ بخصوصہا کے مفصلاً بیانا بیان ہوچکی مزید زیادہ دلائل کی کچھ حاجت نہیں۔ ہمارے ناظرین کی تسلی اور اطمینان کے لئے آئندہ

Marfat.com

اور بھی بیان کئے جاتے ہیں **قولہ** آپ سمجھیں یا نہ سمجھیں ورنہ کوئی اور ہی فائدہ اوٹھائیگا **اقول** انشاء اللہ تعالیٰ اللہ کے فضل اور کرم سے ہم ایسی سمجھ ہیں کہ شائد کوئی اور سمجھیگا - یہ اوسی سمجھ کا نتیجہ ہے کہ قران اور حدیث پر بوجہ حسن تطبیق دیکر عمل درآمد کیا اور کتاب اللہ اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا عروۃ الوثقیٰ اور اپنے ایمان کا مدار ٹھہرایا - اور مخالف کو تسلی بخش اور طمنیان دہ جواب گو وہ سمجھے یا نہ سمجھے بحوالہ قران اور حدیث دیے اللھم ارنا الحق حقا - و الباطل باطلاً **قولہ** اصل نفی میں نفی ذات ہے الخ **اقول** وباللہ التوفیق - اگر نفی ذات کی صلیت وضعًا مراد قائل ہے یعنے ایسے (مثلاً لا صلوۃ) الفاظ واضع نے واسطے نفی ذات کے وضع کئے ہیں - نہ واسطے نفی کمال کے - تو اسکا فساد بین ہی **قسطلانی** نے لکھا ہے - وھو ای القول بانہ وضع لنفی الذات) خطاء لان العرب لم تضعہ لنفی الذات - وانما توردہ للمبالغۃ ثم تذکر الذات لیحصل ما ارادت من المبالغۃ انتھی - اور اگر استعمالاً مراد ہے - یعنے ایسے کلمات کو نفی ذات کے لئے ہی عربوں کا استعمال کرنا احسن ہے - نفی کمال کے لئے اصل نہیں - تو یہ بھی بین البطلان ہے - اس لئے کہ ایسے کلمات کی استعمال کبھی واسطے نفی اجزا کے آتی ہے - جیسی لا صلوۃ الا بطھور اور کبھی واسطے نفی کمال کے جیسے لا صلوۃ بحضرۃ الطعام رواہ مسلم دیکھو **قسطلانی** لکھتا ہے وصار المحققون الی الوقف و انہ تردد بین نفی الکمال و الاجزاء انتھی - قسطلانی کی عبارت صریحًا دال ہے کہ نفی اجزا اور نفی کمال مساویۃ الاقدام ہیں فتدبر **قولہ** اور ذات کی نفی یہاں ممکن ہے - پس وہی مراد ہوگی - **اقول اولا** اگر نفی ذات ممکن ہی تو کیا نفی کمال ہی غیر ممکن ہے - اور کون صاحب کمال امکان نفی کمال کو یہاں غیر ممکن کہتا ہے بلکہ دیکھو **عینی** شارح بخاری و ہدایہ لکھتا ہے والحمل علی نفی الکمال اولی بل یتعین

Marfat.com

لان نفی الاصل یستلزم نفی الکمال ایضاً فیکون نفی شیئین فتکثر
المخالفۃ۔ انتھی۔ اور ثانیاً اس کے شافی اور کافی جواب کے لیے **فواتح الرحموت**
کی عبارت چونکہ ازبس مکتفی ہے۔ لہذا اوسکی عبارت کو واسطے ملاحظہ مولویصاحب
کے نقل کردیا جاتا ہے۔ تاکہ صاف معلوم ہو کہ شارع نفی ذات اور حقیقت شرعیہ
کی نفی کس محل میں کرتا ہے۔ اور نفی کمال کونسی محل میں مقصود شارع کا ہے وہ
ہذہ عبارتہ **مسئلہ** لا اجمال فی نحو قولہ صلی اللہ علیہ وسلم لا صلوۃ الا بطہور
ای فیما نفی الحقیقۃ الشرعیۃ ولم ینتف وجودہ الحسی خلافاً للقاضی ابی بکر
من الشافعیۃ۔ لنا ان ثبت عرف الشرع فی الصحیح۔ منھا النفی المسمی۔ الشرعی
متعین بالارادۃ لانہ امکن الحقیقۃ فلا یترک الا بباعث فلا اجمال الا اذا
دل دلیل من خارج علی ان الحقیقۃ الشرعیۃ موجودۃ ولم ینتف شیء من ارکانہ
وشرائطہ فیحمل علی نفی الکمال نحو لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب رواہ
الشیخان۔ فانہ دل علیہ قولہ تعالی فاقرؤا ما تیسر من القرآن۔ واقرأ ما
تیسر معک من القرآن فی حدیث طویل۔ رواہ البخاری ومسلم عند تعلیم الصلوۃ
للاعرابی۔ انتھی۔ یہ عبارت صراحتاً دال ہے۔ کہ مولویصاحب نے بیان مسئلہ میں
نفی حقیقت شرعیہ میں مضمون پہلے جملہ عبارت سے کام لیا ہے۔ اور مضمون الا
اذا دل دلیل من خارج اہ کیطرف خیال نہ کیا تاکہ موارد استعمال شارع کے پورے
پورے معلوم ہوتے۔ مگر دوسرے جملہ کیطرف کیونکر خیال فرماتے کہ خنجر کے
شمشیر آبدار برہنہ وہاں نظر آتی تھی۔ واللہ الموفق للسداد **قولہ** ...
اجزا کی اہ **اقول۔ اولاً** یہ قاعدہ ٹھیک اور مسلم الثبوت ہے۔ الا اس مقام
میں اسکا لانا تب مفید ہوتا کہ پہلی فاتحہ کو مرکب (یعنی نماز) کا جزو ہونا مولوی صاحب
ثابت کرتے۔ اور جزو ہونا فاتحہ کا ابتک کہاں ثابت ہوا ہے۔ اسکا ثبوت

بذمہ مولویصاحب ہے **اور ثانیاً** یہی امر تو محل نزاع اور مبحوث عنہ ہے۔ کہ آیا فاتحۃ الکتاب جزء نماز کی ہے یا نہ۔ پھر اسی کو دلیل ثبوت مدعی پیش کرنا مصادرہ علی المطلوب نہیں تو اور کیا ہے۔ اگر جزئیت فاتحہ کی مانی جاوے تو پھر نزاع بھی کس امر کی ہے۔ **اور ثالثاً** وہ ائمہ مجتہدین کالشافعی ومن یتبعہ جو فرضیت فاتحہ خلف الامام کے قائل ہیں۔ وہی اس امر کے بھی قائل ہیں۔ کہ جب مدرک ہو فی الرکوع بلا قراءۃ فاتحہ امام کے ساتھ شامل ہو تو یہ رکعت اوسکی معتد بہا ہوگی اور اوس کے ذمہ سے قراءۃ فاتحہ ساقط ہوگئی **قال النووی** فی منہاج رای من

الفوائد) ان من سبقہ الامام ببعض الصلوۃ اتی بما ادرک۔ فاذا سلم الامام اتی بما بقی

علیہ ولا یسقط منہ ذلک بخلاف قراءۃ الفاتحۃ فانہا تسقط عن المسبوق اذا

ادرک الامام راکعا انتہی ص ۳۰ اور ایسی حالت میں سقوط فاتحہ کا یا تو بنظر ضرورت فوت رکعت کے ہے۔ یا اسواسطے ہے کہ فاتحہ سرے سے فرض ہی نہیں۔ اگر بنظر ضرورت فوت رکعت کے اگر مسبوق تکبیر اولی یا قیام ترک کرے۔ تو وہی قاطبۃً قائل ہیں کہ اوسکی نماز نہیں ہوتے۔ پس معلوم ہوا کہ حالت فرائض کی دونوں حالتوں میں یعنے حالت ایسی ضرورت اور غیر ضرورت کی برابر ہے۔ ساقط نہیں ہوتی۔ اور خاتمہ میں یہ مرتبہ نہیں ہے۔ مدرک فی الرکوع کے ذمہ سے بلا پڑہنے کے ساقط ہو جاتی ہے۔ پس یہ امر صراحتاً دال ہے کہ سقوط بنظر ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ بنظر عدم فرضیت کے ہے فہو المطلوب۔ پس اس بیان سے صاف ثابت ہوا کہ فاتحہ جزو مرکب کی نہیں ہے۔

بقی فیہ شیء وہ یہ ہے کہ یہ دلیل مولویصاحب کے لئے مضر نہیں۔ اس لئے کہ آپکا اجتہاد مجتہدین اصحاب مذاہب کے خلاف ہے۔ کیونکہ وہ قاطبۃً قائل اعتداد رکعت مدرک فی الرکوع کے ہیں۔ اور مولویصاحب کہ اعتداد رکعت کے منکر ہیں انشاء اللہ تعالی ماَلہا وعلیہا۔ اس مسئلہ کا اسی کے محل پر گزارش ہوگا **قولہ** ایسے ہی جس شخص نے ہر رکن اوسکا۔ مثلاً

رکوع یا سجدہ و یا قرأۃ فاتحہ ترک کیا۔ اوسکی نماز نہ ہوگی **اقول** وباللہ التوفیق۔ رکوع اور سجدہ کی ترک سے نماز کا نہونا مسلّم ہے کیونکہ یہہ جزو مرکب کے ہیں وذلک متفق علیہ اور فاتحہ خود جزو نہیں ہے۔ پھر اسکی ترک سے نماز کا نہونا غیر مسلّم ہے۔ پس یہہ قیاس مع الفارق ہے۔ جیسا کہ مشروحًا پہلے قول میں گزرچکا ہے **قولہ** صحت یا کمال پر کسنی مجبور کیا ہے **اقول** وباللہ التوفیق۔ نفی ذات اور صحت کا حال مفصلاً معلوم ہوچکا ہے۔ رہی نفی کمال کی۔ سو یہہ سبب فاقرؤا ما تیسر من القرآن۔ اور واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا۔ اور فاقرأ ما تیسر معک من القرآن اور واذا قرأ فانصتوا وغیرہ احادیث نے جو ظاہر حدیث کے معارض ہیں۔ مجبور کیا ہے کہ نفی کمال سے قرآن اور احادیث میں عمدہ تطبیق حاصل ہوتی ہے۔ اور ہر دو میں سے کوئی متروک العمل نہیں رہتا۔ سو یہہ جبرا وسی اختیار سے عمدہ تر ہے۔ کہ ایک حدیث کے ظاہر پر عمل کیا جاوے۔ اور قرآن کریم اور باقی احادیث نبویہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کو پس پشت ڈالا جاوے **قولہ** اگر صفت کی نفی کریں گے تو اقرب مجازین سے صفت صحت کو لینگے **اقول** وباللہ التوفیق۔ صفت صحت اقرب المجازین اوسوقت ہے جب قرینہ خارجی مانع نہو۔ اور یہاں قرینہ تو کیا بلکہ قرائن بہا حسب چند در چند اوسکی مانع موجود ہیں فکیف تصح ارادتہا۔ علاوہ اسکے یہہ نفی صحت مستلزم نفی کمال کو بھی ہے فتکثر المخالفۃ کما صرح بہ العینی **قولہ** ۔۔۔ مقتضا ای ان احادیث کے تارک فاتحۃ الکتاب کی نماز صحیح نہیں **اقول** وباللہ التوفیق۔ مقتضا ای آیہ کریمہ واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ۔۔۔ مسلم واذا قرأ فانصتوا اور غیرہ احادیث ۔۔۔ ثابت ہوچکا ہے تارک الفاتحہ کی نماز صحیح بلا ریب ہے۔ الا منفرد اور امام اگر عمدًا ترک کرینگے تو نماز اونکی کامل نہیں ہوگی۔ اور اگر سہوًا ترک ہوئی۔ تو سجدہ سہو کرنے سے جو نقصان ہوگا

Marfat.com

قولہ اور عموم ان احادیث سے صاف واضح ہے۔ کہ فاتحہ کا پڑھنا ہر نمازی کیواسطے فرض ہے **اقول** وباللہ التوفیق۔ آیت مذکورہ اور احادیث مسطورہ سے کالشمس علی نصف النہار ظاہر ہوچکا ہے۔ کہ مطلق قرأت امام اور مقتدی کے لئے فرض ہے خصوصیت فاتحہ کو فرضیت میں کچھہ دخل نہیں۔ اور مقتدی کا حصہ سننا اور چپ رہنا ہی

قولہ عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من صلی صلوۃ لم یقرأ فیہا بام القرآن فہی خداج ثلثا غیر تمام۔ فقیل لابی ہریرۃ انا نکون وراء الامام فقال اقرء بہا فی نفسک فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحدیث **اقول** وباللہ التوفیق۔ اسکا جواب بچندیں وجوہ ہے **وجہ اول** اس حدیث میں کوئی ایسا لفظ نہیں جو خصوصہ وجوب قرأۃ مقتدی پر دال ہو۔ بلکہ مدلول کلمہ **من**۔ کا جو موضوع واسطے عموم کے ہے۔ منافی تخصیص مقتدیکا ہے۔ کیونکہ جائز ہے کہ مراد حدیث میں وہ نماز ہو جسمیں امام نہیں ہے۔ ہاں البتہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے رائے مبارک سے مقتدی کی خصوصیت باشمول ٹھہرایا۔ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا فقیہ مجتہد ہونا کچھہ ہمکو اس مسئلہ میں مضر نہیں۔ اسلئے کہ رائے مبارک ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے آیۃ قرآنی اور احادیث مرفوعہ کی فوقیت اور مزیت کا تو یقین ہے۔ کہ آپ بھی انکار نہیں کرینگے۔ پھر بحالت تعارض بینہما کے واجب العمل آیۃ قرآنی اور احادیث مرفوعہ نبویہ ہووینگے۔ نہ رای مبارک ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی قال اللہ تعالی واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون۔ **وعن** ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا۔ رواہ ابوداؤد۔ والنسائی۔ وابن ماجہ۔ **و** فی روایۃ لمسلم عن ابی ہریرۃ وقتادۃ فاذا قرأ فانصتوا۔ جب کہ قرآن کریم اور احادیث مرفوعہ صریحہ موجود ہوں۔ کہ امام جب قرآن پڑھے تو تم چپکے رہو۔ اور اوس کی

Marfat.com

قرارت سنو۔ توپھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی رائی مبارک بھلا کب واجب العمل ہوسکتی ہے
وجہ دوم لفظ خداج کا نفی اصل نماز پر ہرگز دال نہیں۔ البتہ اوسکا مدلول نفی کمال ہے۔
اور وہ مخاصم کو فائدہ نہیں دیتا۔ اور اس تار سے کہنے کی دلیل وہ حدیث ہے جسکو
ترمذی نے روایت کیا ہے عن الفضل ابن عباس۔ قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم الصلوۃ مثنی مثنی تشہد فی کل رکعتین وتخشع وتضرع و
تمسکن ثم تقنع یدیک یقول ترفعهما الی ربک مستقبلا ببطونهما وجهک وتقول
یارب یارب ومن لم یفعل ذلک فهو کذا وکذا وفی روایة فهو خداج ظاہر
ہے کہ نماز کے بعد دعا اور تخشع وغیرہ اور دونو ہاتھونکو موہنہ کیطرف کرنا فرض نہیں ہے
اور اس جملہ یا بعض کا انمیں سے ہونا مبطل نماز نہیں ہے۔ بلکہ یہ امور منجملہ آداب کے ہیں
تو کلمہ خداج کو ایجاب وفرضیت پر دلالت کہاں ہے فهو المطلوب **وجہ سیوم** اگر
معارضات مذکورہ سے قطع نظر کرکے رای مبارک ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو تسلیم کیا
جاوے۔ توکیا رای مبارک ابی الدرداء رضی اللہ عنہ کی جو وہ بھی بڑے جلیل القدر صحابی
ہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی رائے سے کم ہے۔ اور کیا وجہ ہے کہ اوسکو تسلیم کریں۔ اسکو
نکریں۔ دیکھو جبکہ ایک آدمی نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ افی کل صلوۃ
قرأۃ قال صلی اللہ علیہ وسلم نعم فقال رجل من الانصار وجبت هذه۔ تو حضرت
ابی الدرداء رضی اللہ عنہ نے باوصف سماع وجوب قرأۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سے فرمایا۔ ماارى الامام اذا ام القوم الا قد كفی هم رواه النسائی یعنی میری رائے
اور اعتقاد یہی ہے۔ کہ وجوب قراءۃ کا مصداق امام اور منفرد ہے۔ مقتدی پر کسی نماز میں
قراءۃ مطلقاً فرض نہیں۔ بلکہ ابی الدرداء رضی اللہ عنہ کی رای مبارک کے مؤیدات۔
واذا قرئ القرآن الآیۃ۔ واذا قرأ فانصتوا وغیرہ وغیرہ احادیث مرفوعہ اور آثار
بہت ہیں۔ تو پھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی رای کو کیا مزیت ہے۔ کہ آپ اسکو تسلیم کرتے ہیں

Marfat.com

اور ابی الدرداء کی رائے کو باوصف مؤیدات قرآنی اور احادیث مرفوعہ صحیحہ کے نہیں مانتے۔ درست ہے ہر کہ فکر ہر کس بقدر ہمت اوست۔ الغرض جبکہ رائے ابی الدرداء رضی اللہ عنہ کے باایںہمہ مؤیدات معارض رائے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کے موجود ہے۔ تو پھر رائے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی قابل استدلال اور مثبت فرضیت نہ ہی فہو المطلوب فلم یثبت ما ادعاہ۔ **وجہ چہارم** خداج کے معنے **صاحب قاموس** جو کہ محاورات عرب سے بڑا ماہر اور لغت دانی میں اعلم ہے۔ یوں لکھتا ہے۔ الخداج کالکتاب القاء الناقة ولدها قبل تمام الایام۔ والفعل کنصر وضرب وهی خادج والاخدجه و اخدجت الصیفة قبل مطرها۔ والناقة جاءت بولد ناقص وان کانت ایامه تامة فهی مخدج ولا مخدج۔ وصلوته خداج ای نقصان ورجل مخدج الید ناقصها انتہی **اور نووی** علماء لغت سے یوں نقل کرتا ہے۔ الخداج بکسر الخاء المعجمة۔ قال الخلیل بن احمد والاصمعی وابو حاتم السجستانی والهروی رحمهم الله تعالی و آخرون الخداج النقصان ویقال خدجت الناقة۔ اذا القت ولدها قبل اوان النتاج وان کان تام الخلق واخدجته اذا ولدته ناقصاً۔ وان کان لتمام الولادة۔ ومنه قیل لذی الید مخدج الید ای ناقصها۔ قالوا فقوله صلی الله علیه وسلم خداج ای ذات خداج۔ وقال جماعة من اهل اللغة خدجت واخدجت اذا ولدت لغیر تمام انتهی اگرچہ **صاحب قاموس** کی عبارت "وصلوته خداج ای نقصان" نص صریح ہی کہ اس محاورہ میں (صلوته خداج) میں خداج بمعنی نقصان فی الوصف ہی کے ہے اور نووی کا بھی طرز بیان مرجح معنی نقصان ہی کا ہے۔ کما لا یخفی علی الناظر الادیب۔ الا اس سے ہی قطع نظر۔ از نقول علماء لغت سے صاف واضح ہے۔ کہ خداج کا لفظ مشترک الدلالہ بین المعنیین یعنے نقصان فی الذات و نقصان فی الوصف کے ہے۔ تو پھر با اشتراک کہ جمع بین الاضداد ہی۔ مثبت مدعا خصم کہ فرضیت قرأت

Marfat.com

فاتحہ خلف الامام ہی کب ہو سکتا ہے۔ کیونکہ یہ لفظ لا اقل محتمل دونو معنوں کا علی السواء ہے۔ واذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔ فلم یثبت ما ادعاہ۔ فہو المطلوب۔

وجہ پنجم۔ نووی نے لکھا ہے قولہ سبحانہ وتعالیٰ۔ قسمت الصلوۃ بینی وبین عبدی نصفین الحدیث **قال** العلماء المراد بالصلوۃ ھھنا الفاتحۃ یعنے علماء نے کہا ہے کہ مراد صلوۃ سے اس مقام میں فاتحہ ہے۔ جبکہ صلوۃ سے مراد فاتحہ ہوئی۔ تو معنے قسمت الصلوۃ بینی وبین عبدی کے یہ ہوئی کہ فاتحہ میرے اور میرے بندے کے درمیان بدیں تقسیم جسکا بیان آیندہ حدیث میں فرمایا ہے۔ منقسم ہے۔ تو پھر اس جملہ حدیث میں کونسا لفظ فرضیت فاتحہ پر دال ہے فضلاً عن ان یکون خلف الامام بلکہ مدلول صریح الحدیث کا فضیلت فاتحہ کی ہے نماز یا خارج نماز کے اوسکو کوئی پڑھے۔ تو مستحق اوس فضیلت وثواب کا ہوگا جس کو باریتعالیٰ نے بیان فرمایا ہے۔ فرضیت کس کلمہ کا مدلول ہے۔ بلکہ اگر نماز میں فاتحہ بطریق استحباب یا سنت کے بھی پڑھی جاوے۔ تو ثواب موعود کا مستحق ہوگا ہاں البتہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی راے مبارک ہے۔ اور صحابی کی راے مبارک مقابل نصوص کے اور مسائل مختلف فیما بینہم میں حجت نہیں **شافعیہ** رحمہم اللہ تو مطلقاً وجوب تقلید صحابی کے قائل ہی نہیں اور **حنفیہ** کرام کے نزدیک بھی تقلید صحابی کا وجوب مشروط بالشروط ہے۔ **اول** جبکہ مقابل نصوص صریحہ کے ہنو **قال شارح المنار** تقلید الصحابی واجب یترک بہ القیاس ای قیاس التابعین ومن بعدہم اذ ھی یعنی تقلید صحابی کی واجب ہے اوس کے مقابل میں قیاس تابعین ومن بعدہم کا ترک ہوگا۔ نہ کہ نصوص۔ یعنے تابعین ومن بعدہم کا قیاس۔ صحابہ کے قیاس کے نسبت کچھ فروغ نہیں کہتا۔ لانہم شاہدوا موارد النصوص۔ ولانہم کانوا فی خیر القرون۔ ولہم مزیۃ فی صحبۃ النبی۔ والانصوص کا تو ... بلکہ قیاسات سے بڑا فرق ہے۔ لا ینکرہ الا من کان فی قلبہ زیغ۔ **دوم** جبکہ مسئلہ

Marfat.com

مختلف فیما بینہم ۔ قال صاحب التلویح تقلید الصحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یجب اجماعًا فیما شاع فسکتوا مسلمین ۔ ولا یجب اجماعًا فیما ثبت الخلاف بینہم

انتہی ۔ اور مسئلہ فاتحہ خلف الامام میں ہر دو امر موجود ہیں ۔ یعنی فاتحہ خلف الامام کا مسئلہ فیما بین اصحاب مختلف بھی ہے ۔ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی رای مبارک نصوص کے مقابل بھی ہے ۔ پس حجت نہوگی ۔ واضح ہو کہ مولوی صاحب نے اپنے مدعی (یعنی فرضیت فاتحہ کی مقتدی پر) کے اثبات کے لئے احادیث تمامہ کو بیان فرمایا ۔ اب ہم ان سے استفسار کرتے ہیں ۔ کہ مثبت مدعی آپکا جملہ اولی حدیث کا ۔ "یعنی من صلی صلوٰۃ لم یقرأ فیہا بام القران فہی خداج ثلثاً" ہے یا کہ جملہ ثانیہ یعنی قسمت الصلوٰۃ بینی و بین عبدی "الحدیث" یا ہر دو ۔ اگر اولی ہے تو فرمائیے کہ اس جملہ میں کونسا لفظ خاص مقتدی پر دال ہے ۔ من یا صلی صلوٰۃ ۔ یا بام القران ۔ یا فہی خداج ثلثاً ۔ یقین ہے کہ من کیطرف ہی رجوع فرمائیں گے ۔ اور اوسے خیال اوٹھائینگے فاعتبروا یا اولی الالباب ۔ ہل اصاب فی الجواب ۔ کہ کلمہ من کے معنے اس مقام میں خاص مقتدی کے ہیں یا کوئی شخص جو نمازی عام اس سے کہ مقتدی ہو یا امام یا منفرد ۔ کوئی دانشمند بلکہ ابجد خواں بھی اس خصوصیت کا قائل نہیں ہو گا ۔ پس صاف صاف ثابت ہوا کہ جملہ اولی حدیث کا مثبت مدعی حضرت مدعی کا نہیں ۔ کیونکہ کلمہ من نہ وضعًا اور نہ استعمالاً مقتضی اس خصوصیت کا نہیں ۔ اور اگر جملہ ثانیہ مراد ہے ۔ تو ماسبق میں بوضاحت معلوم ہو چکا ہے کہ اس جملہ میں کوئی لفظ ایسا نہیں ۔ جو خصوصیت فاتحہ پر دال ہو ۔ فضلا عن ان یکون خلف الامام پس یہ جملہ بھی کیونکر مثبت مدعی کا ہو گا ۔ اور اگر ہر دو جملہ مراد ہیں تو بمقتضائے قاعدہ کے جسکو آپ بیان کر چکے ہیں کہ مرکب بانتفاء کل اجزاء یا ایک جزء کے منتفی ہو جاتا ہے ۔ یہ مرکب بھی بسبب منتفی ہونے ہر دو جزء کے منتفی ہو گا ۔ کما لا یخفی علی المتامل ۔ الحاصل یہ مجموع حدیث کسی طرح بھی مثبت مدعی خصم کے نہیں **قولہ**

اس حدیث میں جو خداج کا لفظ آیا ہے آہ۔ **اقول** وباللہ التوفیق۔ لفظ خداج کا
معنی کی تشریح اور ترجیح ماسبق میں بیان ہو چکی ہے۔ اور **صاحب قاموس** اور
نووی کا قول نقل گزر چکی ہیں فلا نعیدہ فلینظر ثمہ **قولہ** حدیث کا مفسر خود
راوی ہے اور تفسیر راوی کی آپ کی یہاں حجت ہے **اقول** وباللہ التوفیق اس قول
کے جواب میں دو مقام ہیں **مقام اول** اس مقام میں بیان کرنا چند امور کا جو جواب کے
لئے کافی ہونگے ضروریات سے ہے **امر اول** تفسیر اور تاویل کی تعریف تاکہ ما بہ
الامتیاز ہر دو میں معلوم ہو۔ **امام سیوطی** رحمۃ اللہ علیہ نے اس باب میں خود
تفسیر اتقان میں بہت عبارات نقل کی ہیں۔ الا بخوف طوالت کے ایک دو عبارتوں
کی نقل پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ کہ مقصود کے لئے کافی ہیں حیث قال التفسیر بیان لفظ لا
یحتمل الا وجہا واحدا۔ والتاویل توجیہ لفظ متوجہ الی معان مختلفۃ الی
واحد منہما بما ظہر من الادلۃ وقال الماتریدی۔ التفسیر القطع علی ان المراد
من اللفظ ہذا۔ والتاویل ترجیح احد المحتملات بدون القطع انتہی باختصار
امر دوم جبکہ یہ امر ثابت ہوا کہ تفسیر اور تاویل شے واحد نہیں۔ بلکہ دونوں میں ما بہ
الامتیاز پورا پورا ہے۔ تو اب ما نحن فیہ قابل غور ہے کہ راوی یہاں تفسیر کرتا ہے
یا کہ تاویل ظاہر ہے کہ تفسیر کے معنے (بیان لفظ لا یحتمل الا وجہا واحدا) لفظ خداج
پر صادق نہیں آتے۔ کیونکہ یہ کلمہ مشترک محتمل معنیین یعنی غیر تام فی الذات
والوصف کا ہے۔ پس مصداق معنے تاویل کا ہوا نہ تفسیر کا **امر سوم** جب یہ بخوبی
ثابت ہوا کہ لفظ خداج میں حدیث کا راوی تاویل کرتا ہے۔ تو اب تحقیق طلب امر یہ
کہ تاویل راوی (صحابیا کان او من دونہ) کی حجت ہے یا نہ **فی شرح المنار** و
تعیین الراوی بعض محتملاتہ بان کان مشترکا فعمل بتاویل منہ لا یمنع العمل بہ
للتاویل الآخر کما روی ابن عمر رضی اللہ عنہ انہ قال المتبایعان بالخیار ما لم یتفرقا

Marfat.com

نہو تحتمل تفرق الاقوال و تفرق الابدان - وقوله ابن عمر الراوی ہے بتفرق الابدان
کما ھو قول الشافعی رحمۃ اللہ علیہ - وھذا لا ینافی ان نحتمل نعن بتفرق الاقوال
انتھی **وفی قمر الاقمار** لان رای الراوی لیس بحجۃ انتھی **وفی التلویح**
فی المشترک - ان امکن التاویل فتاویلہ لا یصیر حجۃ علی غیرہ انتھی **وفی**
فواتح الرحموت تاویل الراوی لیس بحجۃ وقد صرح الزیلعی فی شرح
الکنز فی مواضع عدیدۃ انتھی باختصار - ان نقول عن الفحول سے ثابت ہوا
کہ تاویل راوی کی حجت نہیں ہے - امور مذکورۃ الصدر بھی دریافت ہونیسے
جواب بھی بالوضاحت دریافت ہو چکا - زیادہ کشف کی حاجت نہ رہی - یعنی جبکہ تاویل
راوی کی حجت نہ ٹھہری تو خداج کے لفظ کی تاویل - جو راوی غیر تمام نے الذات سی
کرتا ہے حجت نہ ہوگی **واضح رہے** کہ بنا بر اس تحقیق کے یعنی تفسیر اور تاویل متغایر ہیں
لفظ مفسر کا جو کہ مؤلف رسالہ نے فرمایا ہے بے محل اور غلط ہے - بلکہ بجائیش مأول
کہنا ٹھیک اور صحیح تہا - فلیتامل **رہی** یہ بات کہ تفسیر راوی کی حجت ہی یا نہ - اگر یہ
درست ہی - راوی کی تفسیر بمعنے مذکور جو محض وضاحت اور بیان معنی لفظ کے ہوتے
ہیں - ہمارے اصحاب حنفیہ کرام کے نزدیک مقبول ہے الا ما نحن فیہ میں یہ بات کہاں
صادق آتی - کیونکہ یہاں محض وضاحت اور بیان معنی کے نہیں - بلکہ تعیین احد المعنیین
المحتملین کا ہے کما مر - فاین ھذا من ذاک **مقام دوم** اگر مقام اول سے تنزل کرکے
تفسیر اور تاویل کے مابہ الامتیاز سے قطع نظر کیجاوے - اور تفسیر کو بمعنی بیان - التفسیر
باصطلاح علماء اصول کے عام تصور کریں - جیسا کہ علماء اصول نے بیان کو باستقراء پانچ
قسم میں بیان کیا ہے - بیان تاویل کو علیحدہ بیان نہیں کیا - وہی ہذہ - بیان
التقریر - بیان التفسیر - بیان التغییر - بیان التبدیل بیان الضرورۃ - تو بھی
مفید مدعی خصم کے نہیں ہے - اسلئے کہ بیان التفسیر شامل ہے بیان مجمل اور بیان مشترک کو

Marfat.com

اور ما نحن فیہ میں بلحاظ ان معنوں کے لفظ خداج یا مجمل ہے یا مشترک اما المجمل فما ازدحمت فیہ المعانی ولیشتبہت المراد بہ اشتباھاً لا یدرک بنفس العبارۃ بل بالرجوع الی الاستفسار ثم الطلب ثم التأمل کالصلوٰۃ والزکوٰۃ فی قولہ تعالیٰ و اقیموا الصلوٰۃ واٰتوا الزکوٰۃ۔ فان الصلوٰۃ فی اللغۃ الدعاء۔ ولم یعلم ای دعاء یراد بہ فاستفسرنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم بافعالہ بیانا شافیا من اولہا الی اٰخرہا ثم طلبنا ان ھذا الصلوٰۃ علی ای معان تشتملت فوجدنا ھا شاملۃ علی القیام والقعود والرکوع والسجود والقرأۃ والتسبیحات والاذکار۔ فلما تأملنا علمنا ان بعضھا فرض وبعضھا واجب وبعضھا سنۃ وبعضھا مستحبۃ فصار مفسرا بعد ان کان مجملاً **شرح منار** واما المشترک فما یتناول افرادا مختلفۃ الحدود علی سبیل البدل کالقرأ للحیض والطھر۔ فانہ مشترک بین ھذین المعنیین المتضادین لا یجتمعان انتھی ما **فی شرح المنار** باختصار۔

پس ناظرین کو چاہئے کہ منصفانہ نظر کریں۔ کہ لفظ خداج مصداق تعریف مجمل کا ہے۔ یا مشترک کا۔ تو ظاہر ہوگا کہ اول کا مصداق تو نہیں ہے۔ البتہ دوم یعنی مشترک کا مصداق یہ حال ہوا۔ جب اس لفظ کا مشترک ہونا قرار پا چکا۔ تو راوی جب تعیین احد المعنیین المحتملین کی اپنی رائے سے کرے۔ تو یہ تعیین حجت نہیں ہے۔ دیکھو کتب اصول وتعیین الراوی بعض محتملاتہ بازکان مشترکا فمل تاویل منہ لا یمنع العمل للتاویل الاخر الی اخر ما مرمنا سابقاً امر مقام دوم سے یہ امر ثابت ہوا کہ لفظ مفسر کا اس محل میں مولوی صاحب کا کہنا مجاز درست ہے۔ اما تفسیرہ بمعنی حجت نہیں فلم یثبت ما ادعاہ **قولہ** دیکھو۔ اسے فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں۔ اذا قرأ فانصتوا کی حدیث میں آپ لوگوں نے جابر رضی اللہ عنہ کی تفسیر سے استدلال پکڑا ہے کہ انصتوا کے ساتھ ما سوی الفاتحہ مراد نہیں۔ کیونکہ جابر راوی حدیث کا بھی فاتحہ خلف کا منکر ہے

اقول یہ عبارت اور استدلال نہایت عجیب و غریب ہے - ہر دو جملہ کا تطابق اور توافق مدعی اور شاہد کا پورا پورا تب حاصل ہوتا - جبکہ راوی حدیث واذا قرء فانصتوا کا جابر رضی ہوتے - اور خود راوی یعنی جابر رضی اللہ عنہ ہی تفسیر ہی کرتے - اور وہ تفسیر جابر کی ہمارا مسند ہوتا - سو یہاں بفضلہ تعالے انمیں سے کوئی بات ہی نہیں - نہ تو جابر رضی اللہ نے اس حدیث کو روایت ہی کیا ہے - اور نہ اس حدیث کی جابر رضی اللہ عنہ نے تفسیر ہی کی ہے - جیسا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث خداج کی روایت کی اور پھر خود ہی ابوہریرہ نے اوسکی تفسیر تمام غیر سے فرمائی - اسلئے کہ واذا قرء فانصتوا کو مسلم نے ابوہریرہ اور قتادہ سے روایت کیا ہے - اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ابوہریرہ سے - بزار اور ابن عدی نے ابوموسی سے - اور عبدالبر نے ابوہریرہ اور ابی موسی سے - اور نیز ابوداؤد نے حطان بن عبداللہ الرقاسی سے - اور طحاوی نے ابوہریرہ سے کسی محدث نے اس حدیث کی تخریج حضرت جابر سے نہیں کی - پس یہ الزامی بات ہے ہمیں پوری پوری قائم نہ ہوئی - انصاف کے دائرہ کو ہاتھ سے دینا عین نا انصافی ہے - اب راقم اصلیت اس الزامی دلیل جسکو مولویصاحب نے بضمن اس عبارت عجیب و غریب کے بیان فرمایا ہے - ہدیہ ناظرین کرتا ہے - اور داد انصاف مانگتا ہے **روی محمد**

فی موطاه اخبرنا ابو حنیفة اخبرنا موسی بن عائشة عن عبدالله بن شداد عن

جابر عن النبی صلی الله علیه وسلم من صلی خلف الامام فان قراءة الامام له قراءة

واسناده صحیح علی شرط الشیخین - ای البخاری ومسلم اس حدیث سے بھی حنفیہ رحمہم اللہ نے عدم وجوب فاتحہ خلف الامام کے لئے استدلال پکڑا ہے - کسی معترض نے بغرض تطبیق بطریق اعتراض کیا کہ مراد فان قراءة الامام له قراءة سے - یا مراد جابر رضی اللہ عنہ کی اس جملہ سے ماسوا فاتحہ کے ہے - لیحصل التطبیق - اس اعتراض کے جواب میں حنفیہ کرام نے فرمایا کہ یہ تخصیص یا تاویل کیونکر صحیح و جائز ہو کہ جابر رضی اللہ عنہ جو راوی فان قراءة الامام له قراءة کا ہے

اون سے بطرق صحیحہ ثابت ہوچکا ہے - کہ فاتحہ بھی مقتدی پر فرض نہیں **منھا**

روی مالک ثنا وھب بن کیسان انہ سمع جابر بن عبد اللہ یقول من صلے رکعۃ

لم یقرا فیھا بام القران فلم یصل الا وراء الامام - **و** روی الترمذی ایضًا وقال ھذا

حدیث حسن صحیح ومسلم ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ - وروی الطحاوی مرفوعًا عن

جابر رضی اللہ تو پھر اس تاویل یا تخصیص کی کوئی وجہ نہیں **حاصل** جواب کا یہ ہوا

کہ یہ تاویل - یا تو تاویل القول بما لا یرضی بہ قائلہ کے قبیلہ سے ہے - یا یہ کہ عمل صحابی

راوی کا اس تاویل اور تخصیص کا مقتضی نہیں ہے - کیونکہ راوی کا عمل اس

تخصیص کے برخلاف ہے - آپ ناظر مصنف سے ہم اتفاقًا پوچھتے ہیں - کہ یہاں کونسی

تفسیر جابر کی ہے جس سے حنفیہ رحمہم اللہ نے استدلال پکڑا - اور وہ تفسیر الزامًا اونپر قائم

کی گئی - یا کہ منجانب مولویصاحب کے صرف الزام ہی لگا یا گیا - واللہ یھدی من یشاء

الی صراط مستقیم **قولہ** یہ بات الزامًا قوم کی ہے - بلکہ راوی کا قول مطلق حجت ہے

اقول اس عبارت میں مولویصاحب نے دو تعمیمیں بیان فرمائی ہیں - تعمیم راوی کی -

صحابی ہو - یا تابعی - یا من دونہما - عادل - ضابط - غیر مدلس - یا انکی ضد - وغیرہ

وغیرہ - اور تعمیم قول کی - تفسیر یعنے شرح معنی لفظ کی ہو - یا تاویل مشترک - مجمل کی -

موافق نصوص ہو - یا مخالف - من تلقاء نفسہ - ہو - یا سماعًا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم -

مجمع علیہ - یا مختلف فیہ - خبر کو ظاہر پر حمل کرے - یا خلاف ظاہر پر - وغیرہ وغیرہ -

سو بلحاظ ان دو تعمیم کے راوی مطلق کے مطلق قول کا حجت ہونا مذہب مولویصاحب کا

ہی ہوگا - ورنہ اور کوئی علماء دین سے فقیہًا کان او محدثًا اس کے حجۃ کا قائل نہیں ہے مسلمہ ہو

کتب حدیث اور فقہ اور اندونوں کے اصول - کاش اگر خوف طوالت عنان قلم کو نہ روکتا -

تو اس مسئلہ میں انشاء اللہ تعالی اقوال علماء محدثین اور فقہاء قدیمًا و حدیثًا کرا لیسے بسط

سے ذکر کئے جاتے - جو باعث اطمینان ناظرین ہوتا - اور مخالف کی قلعی بھی کھلجاتے -

Marfat.com

قوله ہاں ابوہریرہ ہی وہی ابوہریرہ ہے الخ **اقول** آپ سے درست ہو وھو اکثر
الصحابة روایة عن رسول الله صلی الله علیه وسلم - واحفظ من روی الحدیث فی
دھرہ - وذکر الامام الحافظ بقی الدین بن مخلد الاندلسی فی مسندہ لابی ہریرۃ
رضی الله خمسة الاف حدیث وثلثمائة واربعة وسبعین حدیثا - ولیس لاحد من
الصحابة ھذا القدر ولا ما یقاربه - وکان عریف اھل الصفة واشھر من سکنها
ذکرہ النووی - بل الصحابة کلھم عدول - کیف لا وھم نجوم الهدایة وشموسها
ومقتدای الائمة وراسها - اختارھم الله لصحبة نبیه صلی الله علیه وسلم - وقال فی
شانھم - الله الله فی اصحابی لا تتخذوھم غرضا من احبھم فبحبی احبھم - ومن ابغضھم
فببغضی ابغضھم الحدیث **یعنی** ابوہریرہ رضی الله عنه کی شان بڑی شان اور مرتبہ عظیمہ
اس سے بھی بڑھ کر ہے - بلکہ کل صحابہ رضی الله عنہم کی شان مبارک احاطہ تحریر و تقریر سے
افزون اور زیادہ ہے **اللھم** صل علی حبیبك واصحابه واتباعه وشفعھم فینا وتب
علینا انك انت التواب الرحیم - الا کلام اسمیں ہے - کہ تاویل ابی ہریرہ رضی الله عنه کی
احادیث میں حجت ہے یا نہ - سو اسکا حال معلوم ہو چکا ہے **قوله** فان ابا ہریرۃ راو فقیه الخ
اقول فقیہ ہونا ابا ہریرہ رضی الله عنه کا بھی ہمکو اس مسئلہ میں کچھ مضر نہیں ہے - اس
لئے کہ تقلید ابوہریرہ رضی الله عنه کی وانکان فقیہا - مقابلہ نصوص کے کب واجب ہے -
لانا امرنا باتباع کتاب الله وسنة نبیه صلی الله علیه وسلم - وانکان مقام الصحبة مقاما
عظیما ومنزلة رفیعة ومرتبة منیعة ودرجة شریفة **قوله** فاذا الحق فی
دفع استدلال الشافعی رحمة الله علیه **اقول** صاحب رسالہ نے اس جملہ کو پورا پورا
نقل نہیں کیا - مبتدا مذکور ہے - اور خبر ندارد - اگر پورا جملہ نقل فرماتے تو مسئلہ مصراۃ کی
حقیقت جسکی راوی ابوہریرہ ہیں معلوم ہوتی - اور فواتح میں پوری عبارت اس جملہ
کی یہ ہے - فاذا الحق فی دفع استدلال الشافعی رحمه الله ان الحدیث مخالف

Marfat.com

مخالف للقرآن حیث قال اللہ تعالیٰ فاعتدوا علیہ بمثل ما
اعتدٰی علیکم وجزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا۔ وایضاً قد انعقد
علیہ الاجماع وایضاً معارض للسنۃ المشہورۃ المتلقی بالقبول وھی
الخراج بالضمان انتھیٰ۔ **قولہ۔ علاوہ۔** برین فقاہت راوی
کا شرط ہونا امام (ابوحنیفہؒ) کا مذہب نہیں۔ **اقول۔** طرز بیان اس
عبارت کا اسپر دال ہے۔ کہ راوی کا فقیہ ہونا امام کے نزدیک شرط نہیں۔ الا حنفی
لوگ شرط فقاہت راوی کے قائل ہین یعنی راوی جبتک کہ فقیہ نہو روایت
اوسکی نامسموع اور ناجائز ہے۔ کما ھو مقتضی الشرطیۃ لان فقدان الشرط یقتضی
فقدان المشروط وھو ظریۃ بلامریۃ۔ اسلئے کہ حنفی تو درکنار بلکہ کوئی بھی اہل
اسلام اور علماء دین سے۔ حنفی۔ شافعی۔ مالکی۔ حنبلی وغیرہ
فقاہت راوی کی شرطیت کا قائل نہین۔ کیونکہ راوی تو وہی شخص ہے
جو اپنے مسموع کو غیرون کو پہونچادے۔ سواء کان ثقۃ۔ عدلاً۔ ضابطاً۔
فقیھاً۔ او غیر ثقۃ او متہم او مجھول۔ او مدلس وغیر فقیہ۔
او غیر ذلک۔ پس مجرد روایت اور اپنے مسموع کے ادا کے لئے فقہ
ہونا کچھ ضرور نہین۔ اور نہ اسلامیین میں سے کسیکا یہ مذہب
ہے۔ دیکھو **اصول حدیث۔ اور اصول فقہ۔** ورنہ
اگر فقاہت راوی کی (مجرد روائیت کے لئے) شرط ہوتی۔ تو سوا
فقیہ مجتہد کے کسی کی روایت مقبول ومنظور نہ ہوتے وھو کما
ترائے۔ ہان البتہ فقاہت کا شرط ہونا۔ بعض حنفیہ (یعنی عیسی
بن ابان) کے نزدیک ایک خاص صورت میں ہے۔ جسکا بیان ... ...
کو کہ یہ اوراق اوس کے بسط کے متحمل نہین ہین۔ الا بحکم ... ...

Marfat.com

کلہ لا یترک کلہ کے بطریق اختصار کے گذارش کرتا ہوں۔ قال الولد (ای الحنفیۃ) **والراوی** (ای راوی الخبر الواحد) ان عرف بالفقہ والتقدم فی الاجتہاد۔ کان حدیثہ حجۃ یترک بہ القیاس خلافا لمالک رحمہ اللہ۔ فانہ قال القیاس مقدم علی خبر الواحد ان خالفہ۔ وان عرف بالعدالۃ والضبط دون الفقہ۔ ان وافق حدیثہ القیاس عمل بہ۔ وان خالفہ من کل وجہ لم یترک الا بالضرورۃ۔ ثم ہذہ التفرقۃ بین المعروف بالفقہ والعدالۃ مذہب عیسی بن ابان۔ ومن تابعہ من المتاخرین۔ واما عند **ابو الحسن الکرخی** ومن تابعہ من اصحابنا وھو مختار صاحب المسلم۔ فلیس فقہ الراوی شرطا لتقدم الحدیث علی القیاس۔ بل خبر کل راو عدل ضابط مقدم علی القیاس اذا لم یکن مخالفا للکتاب والسنۃ المشہورۃ **ھذا ما فی شرح المنار مع ابزادیسیں فانظروا یا اولی الالباب**۔ اس بیان اور مؤلف رسالہ کے بیان میں زمین اور آسمان کا فرق ہے یا کچھ کم **اشتباہ** اس عبارت سے چار فائدہ حاصل ہوئے **اول** یہ کہ کسی حنفی۔ بلکہ کسی عالم دین کا یہ مذہب نہیں۔ کہ راوی جب تک فقیہ نہو اوسکی روایت مقبول ومنظور نہیں **دوم** یہ کہ عیسی بن ابان کے نزدیک بھی ایک خاص صورت مین فقاہت راوی کی شرط ہے **سیوم** مذہب کرخی ومن تابعہ کا یہہ ہے۔ کہ اوس خاص صورت مین بھی فقاہت راوی کی شرط نہین۔ بلکہ خبر ہر راوی عادل ضابط کی مقدم بر قیاس ہے۔ الا اذا کان مخالفا للکتاب و

السنۃ المشہورۃ - اور یہی مذہب منظور عند الحنفیہ ہے -
چہارم یہ کہ عبارت محقق ابن ہمام کی جو صاحب رسالہ
نے بیان فرمائی ہے - یا تو اوس عبارت کو ملاحظہ نہین
فرمایا - اگر فرمایا ہے - تو دیدہ و دانستہ اغماض کیا ہوگا -
کیونکہ ابن ہمام اس عبارت کو بنابر تردید مذہب عیسی بن ابان
کے لائے ہے - حیث قال "ثم اعلم ان ہذا (ای مذہب
عیسی بن ابان) قول مستحدث ولم ینقل عن السلف القدماء
واشتراط فقہ الراوی فی تقدیم خبرہ علی القیاس کیف
وقد نقل عن امامنا الاعظم رحمۃ اللہ علیہ انہ قال ما جائنا
عن اللہ تعالی وعن الرسول صلی اللہ علیہ وسلم فعلی الراس و
العین" انتہی ما فی التحقیق - اس عبارت سے صاف معلوم
ہوا کہ لم ینقل عن السلف خاص ایک ہی صورت سے - جسکا
عیسی بن ابان قائل ہے - متعلق ہے - عام صورتون سے
متعلق نہیں - اسلئے کہ اون مین شرط فقاہت کا
کوئی بھی قائل نہین ہے - پس مؤلف رسالہ کا
مدعی اس عبارت سے پورا نہوا - فافہم جبکہ یہ امر
ثابت ہوچکا - کہ منصور اور محقق مذہب حنفیہ کا یہ ہے - کہ
فقاہت شرط واسطے راوی کے کسی صورت مین بھی
نہیں ہے - تو اب رہی یہ بات کہ راوی عابد زاہد
فقیہ مجتہد - افضل واولے و برتر - راوی
عابد زاہد غیر فقیہ سے ہے - یا نہ - اور اوسکی حدیث

Marfat.com

کو اس کی حدیث پر ترتیب و فوقیت در رجحان ہو گا۔ یا نہ ہو گا۔ سو
بابت امر اوّل کی احادیث نبویہ صحیحہ علی صاحبہا
الصلوٰۃ والتحیۃ موجود ہین عن معاویۃ قال
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من یرد اللہ بہ خیرًا
یفقھہ فی الدین وانما انا قاسم واللہ یعطی متفق علیہ۔
ای یجعلہ عالمًا فقیہًا
وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم الناس معادن کمعادن الذھب والفضۃ خیارھم
فی الجاھلیۃ۔ خیارھم فی الاسلام اذا فقھوا رواہ
مسلم۔ وعن ابن عباس قال قال رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقیہ واحد اشد علی الشیطان
من الف عابد رواہ الترمذی۔ وابن
ماجہ۔ یہہ احادیث درباب فضیلت امر اوّل اور
نیز درباب امر دوم کی بابت بھی یہی احادیث مکتفی
ہین۔ کیونکہ جس کی تعریف رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم فرماوین۔ اوس کی روایت کیونکر برتر اور اعلیٰ درجہ
کی نہ ہو گے۔ الا اگر کسیکا خیال ہو کہ اس میں نقل کی بھی
حاجت ہے۔ تاکہ پورا پورا اطمینان حاصل ہو۔ تو گزارش
ہے۔ قال ابن حزم المحدث قال لنا
وکیع ای الاسنادین احب الیکم۔ الاعمش عن
ابی وائل عن عبد اللہ۔ او سفیان عن منصور عن ابراھیم
عن علقمۃ عن عبد اللہ۔ فقلنا الاعمش عن ابی وائل۔ فقال

Marfat.com

سبحان الله الاعمش شیخ وسفیان فقیه وابراهیم فقیه وعلقمة فقیه - ق
حدیث یتداوله الفقهاء خیر من حدیث یتداوله الشیوخ - فهو من طریق رباعی
الی ابن مسعود - وثنائی من مشائخ الحدیث - ومع ذلک قدم الرباعی لاجل
فقاهة رجاله - کذا نقل ابن الاثیر الشیبانی الجزری - ثم الموصلی فی جامع
الاصول **قال الفاضل الکهنوی** ناقلا عن بحر العلوم - ان هذه
الحکایة لا تدل الا علی ان الترجیح بفقه الرواة اوثق منه بعلو الاسناد باعتبار
ضبط الرواة الفقه وقوة علمهم - وورعهم وهو الاعتیاد باتیان المستحبات
والاجتناب عن المکروهات بل عن المباحات فان الفقیه یضبط کما ینبغی ویبعد عن التساهل
وقوی الضبط لا ینسی کما وقع ترجیح ابن عباس علی یزید ابن اصم - لهذا الاعتیاد
ویشیر الیه - ما قال رسول الله صلی الله علیه وسلم - وذلک لقلة احتمال الغلط خلافا
للحنفیة - ووجه قولهم انه ربما یکون الوسائط القلیلة کثیر النسیان وبطیئ
الفهم لمعنی الحدیث - والوسائط الکثیرة قویة الذهن - فالاعتبار للفقاهة
وقوة الضبط انتهی کلام الفاضل الکهنوی - فثبت مما تلونا علیک انه تحصل
زیادة وثوق بفقه الراوی - لصحة مرویه من مروی من لا فقه له - لا فقاهت
شرط صحت حدیث کی نہیں لان مدار الصحة علی العدالة والضبط وکل ما اشترط
فی صحة الحدیث وعدم الفقه لا یوجب الوهن فی الصحة فاحفظ هذا فانه ینفعک
فیما سیاتی **قوله** وہ جو رفع یدین کے مسئلہ میں اوزاعی اور امام کا مناظرہ
بعض لوگوں نے بیان کیا ہے جسمیں فقاہت راوی کا تذکرہ ہے - اس مناظرہ کا کوئی
اصل نہیں - ابن عیینہ سے معلق مروی ہے - **اقول تحقیقا للمقام** فان لم
یسقط من البین فالحدیث متصل - وان سقط واحدا واکثر فالحدیث منقطع -
والسقوط اما ان یکون من اول السند یسمی معلقا - وهذا الاسقاط تعلیقا - و

Marfat.com

الساقط قد یكون واحدا - وقد یكون اكثر - وقد یحذف تمام السند كما هو عادة
المصنفین یقولون قال رسول الله صلی الله علیه وسلم - انتهی ما فی رسالة الشیخ الدهلوی
وهكذا فی رسالة السید الجرجانی - ویدرك ای السقوط لعدم التلاقی بین الراوی و
شیخه - بكونه لم یدرك عصره - او ادركه لكن لم یجتمعا - ولیست له اجازة
ولا وجادة - قاله فی النخبة وشرحه - عبارت مذكورۃ الصدر سے معلوم ہوا كہ معلق وہ حدیث ہے جس كے
مبدء اسناد میں كوئی راوی ساقط ہو - اور وہ ایك فرد منقطع كا ہے - اور یہ بھی معلوم ہوا كہ انقطاع دو طریق سے
معلوم ہوتا ہے - یا تو یہ كہ راوی اور مروی عنہ معاصر ہی نہیں كہ ملاقات ہوتی - یا كہ راوی اور مروی عنہ معاصر ہیں الا ملاقات
ہر دو كی نہیں ہوئی - اور اس سے اجازۃ او وجادۃ حاصل نہیں ہوئی جب تعلیق و انقطاع اور اونكی دریافت كا طریق
معلوم ہو چكا - تو اب دریافت كرنا اس امر كا ضرور ہے - كہ سفیان بن عیینہ اور امام
صاحب - باہم معاصر ہیں - یا نہیں ہیں - اگر ہیں تو ملاقات باہمی ہوئی - یا نہیں
ہوئی - اگر ہوئی ہے تو ابن عیینہ كو امام سے روایت ہی یا نہیں ہے - سو معاصر
ہونا ہر دو صاحبوں كا كالشمس فی النہار ہے - اسلئے كہ سنہ ولادت امام صاحب كا سنہ ۸۰
اور سنہ وفات رحمہ اللہ علیہ كا سنہ ۱۵۰ھ اور عمر شریف ۷۰ سال ہے - **فی التقریب**
النعمان بن ثابت الكوفی ابو حنیفة الامام فقیه مشهور من السادسة مات سنة
خمسین وله سبعون سنة **و** فی تذكرة الحفاظ مولده سنة ثمانین - **و فی**
الدر المختار وقد حج خمس وخمسین حجة - اور سنہ ولادت سفیان بن عیینہ كا سنہ ۱۰۷ھ اور
سنہ وفات سنہ ۱۹۸ھ - اور عمر مبارك ۹۱ - وسفیان بن عیینة الهلالی الكوفی محدث الحرم
المكی ولد سنة ۱۰۷ واتفقت الامة علی الاحتجاج به - وقد حج سبعین حجة مات ۱۹۸
نقله الفاضل اللكهنوی فی التعلیق الممجد - **و** فی التقریب وله احد وتسعین سنة -
انتهی - اور ملاقات بھی غیر مخفی ہے - **اتحاف النبلاء** میں ہے - **سفیان گفت**
در آمدم بكوفه وهنوز بست ساله نبودم كه ابو حنیفه صاحب خود را گفت آمده است شما را

Marfat.com

حافظ علم عمرو بن دینار۔ مردم نزد من آمده از عمرو بن دینار پرسیدن گرفتند۔ پس
اول کہ مرا محدث کرد ابو حنیفہ ست۔ وچوں ابی حرف باد درمیان آوردم گفت ای پسرک
من شنیده ام از عمرو دیگر حدیث و در حفظ آن ہر سہ اضطراب داشت انتہی ملفظہ۔ اور
جب امام صاحب واسطے حج کے مکہ معظمہ میں تشریف لائے تو سفیانؒ نے کہا ما قدم مکۃ
فی وقتنا رجل اکثر صلوٰۃ من ابی حنیفۃ۔ ذکرہ الفاضل اللکھنوی فی اقامۃ الحجۃ
ناقلا عن تہذیب الاسماء واللغات للنووی یہی روایت سواد سکو ذکر کیا ہے۔
صاحب مسند خوارزمی نے حیث قال۔ وقد روی عنه نظراؤه واشباهه۔
کعبد اللہ بن المبارک۔ ویزید بن ہارون۔ قال محمد بن اسماعیل یعنی البخاری۔ روی
عنه عباد بن العوام۔ وهشیم۔ ووکیع۔ وهمام بن خالد وابو معاویۃ الضریر۔ وقد روی
عنه عبد العزیز بن ابی رواد۔ وعبد المجید بن ابی رواد۔ وسفیان بن عیینه۔ وفضیل
بن عیاض۔ وداؤد الطائی۔ وابن جریج انتهی۔ فاذا ثبت ان سفیان بن عیینہ
کان معاصرا للامام الهمام ولاقاه وروی عنه فالقول بالتعلیق تحکم صریح
واغراب قبیح۔ اور ایسا ادعے مسلم اجماع العلماء قدیما وحدیثا علی ان المعنعن محمول
علی الاتصال والسماع اذا امکن اللقاء مع براءة التدلیس۔ جبکہ امکان لقاء میں حدیث
متصل ہو فکیف لا یحمل علی الاتصال والسماع اذا وجد اللقاء والروایۃ انتباہ
اگر کسی کا یہ خیال ہو کہ صاحب رسالہ کی تعلیق سے جب یہ مراد ہو کہ درمیان سفیان اور
امام صاحب کے کوئی راوی ساقط ہے۔ تو البتہ کلام مذکورۃ الصدر منافی مدعی صاحب
رسالہ کے ہے۔ اور جب اسکی یہ مراد ہو کہ اگرچہ اس مناظرہ اوزاعی اور امام صاحب کو
شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے رسالہ انصاف اور حجۃ اللہ البالغہ اور
ابن ہمام نے فتح القدیر میں۔ اور صاحب کفایہ نے کفایہ حاشیہ ہدایہ میں۔ اور صاحب
عقود جواہر منیفہ نے عقود جواہر منیفہ میں۔ اور خوارزمی نے اپنے مسند میں۔ وغیرہ وغیرہ نے

Marfat.com

بیان کیا ہے۔ اِلّا از مؤلف کتاب تا ابن عیینہ سند متصل نہیں ہے۔ مثلاً شاہ
ولی اللہ صاحب مرحوم نے جو اس قصہ کو بیان فرمایا ہے۔ اپنے سے لیکر تا ابن عُیَینہ
سند مُتصل بیان نہین کی ولا نعنی بالانقطاع الا ہذا تو اسکا جواب بنا بنایا ہے۔ کہ
جو احادیث صاحب رسالہ نے اپنے رسالہ مؤلفہ مین بیان کی ہین۔ کسی کی سند اپنی سی لیکر
تا بحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مُتصل ذکر نہیں کی۔ پس کالہم مُعلق اور مُنقطع ہونگے وہو کما تری۔
پھر اگر یہ خیال ہو۔ کہ جن حدیثون کو صاحب رسالہ نے ذکر کیا ہے۔ اگرچہ انکی سند اپنی سے
لیکر تا بحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متصل ذکر نہیں کی۔ اِلّا مصنّفین کُتب نے جنسے وہ حدیثین
نقل کی گئی ہیں۔ اپنے سے لیکر تا بحضرت ؐ انکو متصل ذکر کیا ہے۔ ولا نعنی با
لاتصال الا ہذا تو اس کے جواب میں کہا جاویگا کہ باین معنی اتصال یہان بھی موجود
ہے۔ دیکھو مُسند حارثی قال الحارثی حدثنا محمّد بن ابراھیم بن زیاد
الرازی حدثنا سلیمان الشاذکونی سمعت سفیان بن عیینہ یقول اجتمع ابو حنیفۃ
والاوزاعی فی دار الحناطین بمکۃ الی آخرھا۔ ویؤیدہ ما روی فی خیرات الحسان
عن ابن المبارک من الاوزاعی انہ قال بعد ما افترقا واللہ لقد کنت فی غلط
فاستکثر یا ابن المبارک من فقہ الرجل فانہ نبیل من المشائخ کذا قال ابن حجر المکی
الشافعی۔ نقلہ بعض محشی مُسند الخوارزمی۔ فثبت الاتصال واندفع الانقطاع
وان کان للخصم مجال المقال فی رواۃ الاتصال۔ وذلک غیر مضر لانہ ما اتیناہ
الا معاضدًا ومؤیدًا علاوہ اسکے ہم پہلے کھلا کھلا بیان کر چکے ہیں۔ کہ شرط
فقاہت اور شئی ہے۔ اور زیادۃُ الوثوق بالفقاہۃ اور شئے۔ وبینہما بون بعید۔ پہلے کی نفی
کے آپ درپے ہیں۔ سو اوس کے ہم بھی قائل نہیں۔ اور زیادۃُ الوثوق بالفقاہۃ ایک امر
بدیہی ہیں۔ اوسکا انکار انکار بداہت ہے۔ فتدبر۔ اور امام صاحب بھی فقاہت کو کسی
غرض سے لائے ہیں **قولہ** یہاں قرائت سے مراد تدبر لینا بھی صحیح نہیں۔ **اقول**

۹ دیکھو [illegible] صفحہ ۱۲

Marfat.com

اقرأ فی نفسک میں اولاً قراءت در نفس کے معنے جاننے چاہئیے۔ اوس کے بعد ظاہر ہوگا کہ یہاں
معنے حقیقی ٹھیک ہیں یا مجازی۔ فی الصراح القرآءۃ خواندن **وقال النووی**
القراءۃ لا تطلق الا علی حرکۃ اللسان بحیث یسمع نفسہ انتہی **وفی**
القاموس النفس الروح خرجت نفسہ ای روحہ۔ والدم مالا نفس لہ سائلۃ
لا ینجس الماء۔ والجسد والعین نفستہ بنفس اصبتہ بعین وناقرعاین۔ والعند
تعلم ما فی نفسی ولا اعلم ما فی نفسک ای ما عندی وما عندک او حقیقتی وحقیقتک
وعین الشئ جاءنی بنفسہ۔ وقدر دبغۃ۔ مما یدبغ بہ الادیم من قرظ وغیرہ۔ والعظمۃ
والعزۃ۔ والھمۃ۔ والانفۃ۔ والعیب والارادۃ۔ والعقوبۃ۔ قیل ومنہ یحذر
کم نفسہ انتہی۔ **وقال الرازی** فی تفسیر الکبیر النفس جوھر جسمانی
لطیف صاف بعید عن مشابھۃ الاجرام العنصریۃ نورانی سماوی مخالف بالماھیۃ
بھذہ الاجرام السفلیۃ۔ واذا صارت مشابکۃ لھذا البدن الکثیف صار
البدن حیا وان فارقتہ صار البدن میتا۔ وان اللہ تعالی ذکرہ طلق النفس فی القرآن
فقال ونفس وما سواھا۔ وقال تعلم ما فی نفسی ولا اعلم ما فی نفسک وقال لا
تعلم نفس ما اخفی لھم من قرۃ اعین۔ وتارۃ وصفہا بکونہا امارۃ بالسوء۔ وقال
ان النفس لامارۃ بالسوء۔ وتارۃ بکونہا لوامۃ۔ وقال یا النفس اللوامۃ۔ وتارۃ
بکونہا مطمئنۃ کما فی ھذہ الآیۃ۔ واعلم ان نفسک ذاتک وحقیقتک وھی
التی تشیر الیہا بقولک انا حین تخبر عن نفسک بقولک فعلت ورأیت
وغضبت واشتہیت وتخیلت وتذکرت انتہی۔ بتقدیم وتاخیر۔ جب نفس کے
معنے تحقیقی معلوم ہوئے۔ تو اب معنی اقرأ فی نفسک کے نظر الی المعنی الحقیقی یہ کیونکہ
یہ ہوئے۔ حرک لسانک فی روحک بحیث یسمع روحک۔ فیلزم ان یکون الروح
ظرفا لحرکۃ اللسان وموضعہ کما ھو مقتضی **فی** الظرفیۃ وھو کما تری۔ لان

Marfat.com

ظرف حرکۃ اللسان ومحلہ الفم۔ لا الروح۔ اور اگر قراءۃ بمعنی حقیقی ہو۔ اور فی نفسک مجاز ہو سرًا سے۔ یعنی اقرأ ہا سرًا بحیث یسمع نفسک کما قررہ النووی۔ فحینئذ ہما المعنی صحیحًا۔ اور اگر فی نفسک بمعنی صحیح حقیقی ہو۔ اور قراءۃ مجاز ہو۔ تدبر اور ملاحظہ سے یعنی اذا قرأ الامام بفاتحۃ الکتاب فللمقتدی ان یتدبر و یلاحظ معانیہا فی نفسک فحینئذ یکون المعنی ایضًا صحیحًا بہرحال ارتکاب احد المجازین کا ضرور ہوا۔ لیصلح المعنی الأقراءت کے معنے جب حقیقی لئے جاویں۔ تو معارض ہونگے۔ اللہ جلشانہ کے قول کے۔ اور حدیث مسلم۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ اور ابن ماجہ کے جو وانصتوا۔ اور واذا قرأ فانصتوا ہے۔ یعنے جب امام قراءۃ پڑہے فاتحہ ہو یا سوا فاتحہ کے۔ تو تم مقتدی لوگ چُپ رہو کچھ نہ پڑہو۔ اور جب قراءت کے معنے مجازًا۔ تدبر اور ملاحظہ معانی کا لیا جاوے۔ تو معارضہ آیت اور حدیث کا مرتفع ہوگا۔ اور نیز مرویات ابوہریرہ رض کی پوری پوری تطبیق حاصل ہوگی۔ ولہذا اختار بعض المالکیۃ وغیرہ التدبر ہہنا **وقال** الزرقانی شارح الموطا ناقلًا عن عیسی و ابن رافع۔ ان المراد من القراءۃ ہہنا القراءۃ فی النفس والاحضار فی البال من دون ان یتلفظ بہا ای احضر معانیہا فی نفسک وتدبر فیہا حین یقرأہا الامام انتہی پس ماذکر سے ثابت ہوا کہ قولہ صحیح نہیں صحیح نہیں۔ **وایضًا** اندفع بہ قولہ بالجملہ قراءت کے معنے حقیقی چہوڑنے اور مجازی لینے پر کیا مجبوری ہی۔ ووجہ الاندفاع ظاہر فافہم **قولہ** اور قراءۃ کو منع کیا ہے **اقول** جنبی کو کسطرح منع نکریں کہ اوس کے حقمیں ممانعت صریحہ غیر معارضہ وارد ہوئی ہے **روی الترمذی** عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقرأ الحائض ولا الجنب من القرآن شیئًا محل متنازعہ فیہ کے کہ یہاں معارض کا سخت کہٹکا ہے۔ اور اوس کے کھٹکے نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو اقرأ فی نفسک پر مجبور کیا ہے۔ ورنہ اسکی کیا حاجت تہی۔ اور اوسی کے

معنی قراءت کا منع ہونا

Marfat.com

سبب سے کئی لوگ سکتات امام کے قائل ہوئے وغیرہ وغیرہ فاذا ثبت ھذا فافترق
المقتدی والجنب ولیس حالہ کحالہ **قولہ** دوسری دلیل **اقول** مؤلف رسالہ نے
اپنے مدعی کے اثبات کے لئے یہاں حدیث انس اور عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی
بیان کی۔ سو اسکا **جواب** بچند وجوہ ہے **وجہ اول** یہہ دونوں حدیثیں بہت احادیث
کی معارض ہیں **اول** مالک بسندہ عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصرف
من صلوۃ جھر فیھا بالقراءۃ فقال ھل قرء معی منکم انفا فقال رجل نعم انا
یا رسول اللہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی اقول مالی انازع القران فانتھی الناس
عن القراءت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیما جھر فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
بالقراءۃ حین سمعوا ذلک من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **دوم** البخاری بسندہ
عن عمران بن حصین قال قرأ رجل خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الظھر والعصر
فلما قضی صلوتہ قال ایکم قرأ معی قال رجل انا قال قد عرفت ان بعضکم
خالجنیھا **سیوم** البخاری بسندہ عن ابی ھریرۃ قال صلی النبی صلی اللہ علیہ وسلم
صلوۃ یجھر فیھا فلما قضی الصلوۃ قال من قرأ معی قال الرجل انا قال انی اقول مالی
انازع القران **چہارم** الطحاوی عن ابی ھریرۃ نحو حدیث مالک غیر انہ قال
فاتعظ المسلمون یعنے لوگوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے سے نصیحت قبول کی اور
قرارت کو پیچھے امام کے چھوڑ دیا **پنجم** عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا قرأ فانصتوا۔ رواہ مسلم۔ وابوداؤد۔ والنسائی
وابن ماجہ **ششم** الطحاوی عن ابی الاحوص عن عبد اللہ قال کانوا یقرؤن
خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال خلطتم علی القرآن **ہفتم** عن جابر بن عبد اللہ قال
من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ **ہشتم** الطحاوی بسندہ عن عبد اللہ بن شداد
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من کان لہ امام الحدیث **نہم** الطحاوی بسندہ

حدیث عبادہ اور ابو ہریرہ کا جواب ۸ وجوہ -

Marfat.com

عن ابی ھریرة عن جابر عن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم من کان لہ - الحدیث
دہم الطحاوی بسندہ عن ابن عمر من کان لہ امام - الحدیث **یازدہم الطحاوی**
بسندہ عن ابی قلابة عن انس قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم اقبل بوجہہ
فقال اتقرؤون والامام یقرأ - فسکتوا فقال لھم ثلثا - فقالوا انا لنفعل قال
فلا تفعلوا - ان مرفوعہ احادیث کے سوا آثار صحابہؓ کے بکثرت موجود ہیں - جنکے حدیث
انس رضی اللہ عنہ اور عبادہ کے معارض ہے دیکھو موطا امام مالک اور شرح معانی الآثار
طحاوی کی - با اینہمہ معارضات فکیف یخص ولیلاً للوجوب - مع کونہ خبر الواحد -
و ایضاً یعارضہما عموم قولہ تعالیٰ واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم
ترحمون **دوسری وجہ** حدیث عبادہ کو جس طریق سے - ابوداؤد - ترمذی - دار قطنی
ابن حبان - حاکم - اور بیھقی نے بیان کیا ہے اوس طریق میں محمد بن اسحاق ہے - اور
محمد بن اسحاق کو اگرچہ بخاری وغیرہ نے ثقہ کہا ہے - الا بہتوں نے اوسمیں جرح شدید کی
ہے صاحب **میزان الاعتدال** لکھتا ہے **قال** یحیی القطان اشھد ان محمد بن اسحاق
کذاب **و** قال النسائی وغیرہ لیس بالقوی **و** قال الدار قطنی لایحتج بہ **و** قال محمد
بن عبد اللہ بن نمیر رمی بالقدر **و** قال ابو داؤد قدری معتزلی **و** قال سلیمان
التیمی کذاب **و** قال مالک انظروا الی دجال من الدجاجلة با اینہمہ جرح مفسرہ حدیث
عبادہ کی اس طریق سے کب قابل حجت ہے - ولہذا علامہ زیلعی نے اس حدیث کی نسبت
لکھا ہے قد ضعف احمد جماعة اور نیز اس حدیث عبادہ کو ضعیف کرتی ہے وہ حدیث جسکو
ابوداؤد نے ذکر کیا ہے - اور وہ صحیح الاسناد ہے - کیونکہ اوس کے رواۃ کلھم ثقات ہیں -
اور وہ یہ ہے عن عبادة بن صامت انہ علیہ السلام قال لا یقرأن احد منکم شیئاً من
القرآن اذا جہرت بالقرآن - وقال الدار قطنی رجالہ کلھم ثقات وقال احمد بن
حنبل ما سمعنا احداً اھل الاسلام یقول ان الامام اذا جہر بالقراءة لا تجزئ صلوٰة

Marfat.com

صلوٰۃ من لم یقرأ انتھی **فائدہ** یہ قول امام احمد بن حنبل کا موافق قول قدیم شافعیؒ
کے ہے۔ کیونکہ امام شافعی بھی قول قدیم میں بھی فرماتے تھے کہ مقتدی پر قراءۃ
فرض نہیں ہے۔ الّا قول جدید کے مخالف ہے۔ شائد امام احمد رحمہ اللہ کو قول جدید شافعی
کی اطلاع نہیں ہوئی۔ یا اوس کے رد میں یہ فرمایا ہو **تنبیہ** یہ حدیث مع فایدہ کی
دلیل القوی سے منقول ہے **انتباہ** اور دارقطنی سے تعجب ہے کہ خود ہی لکھتا ہے کہ محمد
بن اسحاق لایحتج بہ۔ اور خود ہی کہتا ہے کہ اس حدیث عبادہ کی رواۃ جس میں محمد بن اسحاق
ہے سب معتبر ہیں۔ اور یہ حدیث جید الاسناد ہے۔ ظاہر ہے کہ جب محمد بن اسحاق جو
راوی حدیث عبادہ کا ہے ایسا مجروح ہو کہ کذاب اور دجال اوس کے حق میں ثقات نے کہا
تو پھر جید الاسناد کیا معنے۔ اور اس سے بڑھ کر ابن ملقن کا قول ہے۔ ابن ملقن کہتا ہے
کہ جب اس حدیث کو روایت کیا دارقطنی اور ابن حبان اور بیہقی نے تو مظنۂ تدلیس کا محمد بن اسحاق
سے دور ہو گیا۔ اور یہ روایت جید الاسناد ہو گئی۔ بھلا یہ قول مخول علماء المحدیث اور
فقہا کے قابل تسلیم ہے۔ کیونکہ دارقطنی اور ابن حبان اور بیہقی نے یہ التزام نہیں کیا کہ بجز
جید الاسناد کے ہم کوئی حدیث اپنی کتابوں میں نہیں لائیں گے مع ان کتبھم
متناولۃ للصحاح والضعاف بل للموضوعات **زیلعی** تخریج احادیث ہدایہ میں لکھتا ہے
والدارقطنی فقد ملاء کتابہ من الاحادیث الغریبۃ۔ والشاذۃ۔ والمعللۃ۔ انتھی
اور **حجۃ اللہ البالغہ** میں ہے الطبقۃ الثالثۃ مسانید وجوامع ومصنفات صنفت
قبل البخاری ومسلم فی زمانھما وبعدھما جمعت بین الصحیح والحسن والضعیف
والمعروف والغریب والشاذ والمنکر والخطاء والصواب والثابت والمقلوب
کمسند الطیالسی وکتب البیہقی انتھی ملخصاً۔ اور یہی حال ہے ابن حبان کا دیکھو یعنی
ابن ملقن اگر بخاریؒ کی نسبت یہ بات لکھتا تو البتہ قابل تسلیم و پذیرائی ہوتی۔ کیونکہ
امام المحدثین بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ التزام اپنی کتاب میں پورا پورا کیا ہے۔ کہ سوا جید الاسناد کے

Marfat.com

اپنی اس کتاب میں کوئی حدیث نہیں لائے۔ اسی لئے اس حدیث عبادہ کو مع کونہ مؤیدا

لمذھبہ صحیح بخاری میں وارد نہیں فرمائی ولو ثبت عندہ رحمہ اللہ علیہ لما ترکہ

مع شدۃ تعصبہ وفرط تحملہ علی مذھب ابیحنیفۃ ۔ وکثرۃ تعقبہ بما یرد علیہ ۔

وجہ سوم قال المحقق الفن یحیی بن معین الجملۃ الاستثنائیۃ فی ھذا الحدیث

اسنادہ لیس بذالک ۔ ویؤیدہ ما قال الترمذی فی جامعہ بعد ھذا الحدیث و

روی ھذا الحدیث الزھری عن محمود ابن الربیع عن عبادۃ بن الصامت عن النبی

صلی اللہ علیہ وسلم قال لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب وقال ھذا صحیح

انتھی تو اس روایت کو جو خالی استثنائیہ جملہ سے ہے ۔ اوس روایت پر جو مشتمل جملہ استثنائیہ

پر ہے ترجیح دینی دلیل قوی ہے جملہ استثنائیہ کے مرجوحیت پر وھو المطلوب ۔ اور ترمذی

کا حسن کہنا بھی اس حدیث کو قابل احتجاج کے نہیں کرتا ۔ کیونکہ مراد اس سے حسن لغیرہ

ہے نہ حسن لذاتہ [illegible] ۔ اور نیز اسکو ضعیف کرتی ہے وہ حدیث عبادہ کی جس کا ذکر

صحت اور سقم روایت کے اعتماد و اعتبار ثقات محدثین پر ہے۔ جبکہ انکی مرویات کذائی صحیح نہون۔ تو پھر کونسی کتاب قابل اعتبار و اعتماد ہو۔ اور امام احمد حنبل ع کا یہ فرمانا کہ مطلقہ ثلث کے لئے قرآن میں سکنیٰ اور نفقہ کا کہاں ذکر ہے۔ یہہ فہم امام احمد حنبل رحمہ اللہ کا ہے۔ ورنہ حضرت عمر۔ عبداللہ بن مسعود و اصحابہ۔ عائشہ صدیقہ۔ زید بن ثابت۔ اسامہ بن زید۔ جابر بن عبداللہ۔ مروان بن حکم۔ امام ابوحنیفہ۔ امام ابویوسف۔ امام محمد۔ امام زفر۔ امام شافعی۔ امام مالک۔ اہلمدینہ۔ امام احمد حنبل فی روایۃ۔ سعید ابن المسیب۔ قاضی شریح۔ شعبی۔ حسن بن حی۔ اسود بن یزید۔ امام ثوری۔ ابراہیم نخعی۔ اور انکے سوا خلق کثیر نے اسے قرآن کریم سے وجوب سکنیٰ کا سمجھا۔ اگرچہ وجوب نفقہ مین انکے دلائل مختلف ہین۔ بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے محضر صحابہ میں فاطمہ بنت قیس کے روایت کو رد کیا۔ اور اپنی حجت قرآن کریم پیش کی کمارواہ مسلم وغیرہ۔ تو ابن عباس کے کلمہ نے تسلیم فرمایا۔ اگر اد نکے مخالف ہوتا۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تردید کرتے۔ بلکہ من بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عمل اہلمدینہ۔ کوفہ۔ وغیرہ۔ کا بھی اسی پر رہا۔ دیکھو مسلم مین حدیث اسود بن یزید کی۔ اور طحاوی اور کیون نہو کہ حدیث فاطمہ بنت قیس پر بہت لوگون نے طعن کیا ہے۔ منجملہ اون کے حضرت عمر۔ حضرت عائشہ صدیقہ۔ اسامہ بن زید۔ مروان بن حکم۔ سعید بن المسیب۔ سلیمان بن یسار۔ اسود بن یزید۔ ابی سلمہ بن عبدالرحمن ہین۔ دیکھو فتح القدیر۔ اور طحاوی۔ اور زاد المعاد ابن قیم کی اس حدیث کا یہہ حال ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث کی قبولیت کا حال بھی معلوم ہوچکا ہے۔ کیف لا وان الصحابی اذا قال من السنۃ کذا کان مرفوعًا۔ فکیف

اذا قال من سنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ فکیف اذا کان القائل عمر بن الخطاب

وکیف اذا کان فی محضر الصحابۃ۔ واذا تعارضت روایۃ عمر و روایۃ فاطمۃ۔ فروایۃ

Marfat.com

عمدا ولی لاسیما و مظاهر القرآن اب رہی یہ بات کہ ان مذکورین رحمۃ اللہ علیہم نے کس آیتہ سے سکنی کا وجوب سمجھا ہے۔ سو اسمین فتح القدیر کی عبارت مکتفی ہے۔ اور تفاسیر کی نقل موجب طوالت ہے۔ حیث قال **قولہ تعالی**

اسکنوھن من حیث سکنتم من وجدکم ۔ قد علم ان المراد انفقوا علیھن من وجدکم وبہ جاءت قراءۃ ابن مسعود المرویۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مفسرۃ له **و**ھذہ الایۃ انما ھی فی البوائن بدلیل المعطوف وھو قولہ تعالی عقیبہ ولا تضاروھن لتضیقوا علیھن وان کن اولات حمل فانفقوا علیھن حتی یضعن حملھن ۔ ولو کانت الایۃ فی غیر المطلقات ۔ او فی الرجعیات کان التقدیر ۔ اسکنوا الزوجات والرجعیات من حیث سکنتم فانفقوا علیھن من وجدکم وان کن اولات حمل فانفقوا علیھن حتی یضعن حملھن و معلوم انه لا معنی حینئذ بجعل غایۃ ایجاب الانفاق علیھا بوضع ۔ فان النفقۃ واجبۃ لھا مطلقا ۔ حاملا کانت او لا وضعت حملھا او لا ۔ بخلاف ما اذا کانت فی البوائن فان فائدۃ التقیید بالغایۃ دفع توھم عدم النفقۃ علی المعتدۃ الحامل فی تمام عدۃ الحامل ۔ لطولھا والاقتصار علی قدر ثلاث حیض او ثلاثۃ اشھر وکذا **قولہ تعالی** لا تخرجوھن من بیوتھن ولا یخرجن الا ان یاتین بفاحشۃ مبینۃ ط فانه عام فی المطلقات انتھی ۔ پس ثابت ہوا کہ سکنی اور نفقہ کا ذکر قرآن کریم مین موجود ہے ۔ اما ۔ امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا چونکہ مذہب ہر دو کی وجوب کا نہین ہے ۔ لھذا اس آیت شریف کی تاویل کی ۔ اور فرمایا ۔ کہ وجوب نفقہ اور سکنی کا ذکر قرآن مین نہین ہے ۔ کیونکہ اس مسئلہ مین فقہا کے مذاہب مختلف ہین **احدھا** ان لا نفقۃ ولا سکنی ۔ وھو قول ابن عباس وعن احمد فیھا ثلاث روایات ۔ **احدھا** ھذہ ۔ **والثانی** ان لھا نفقۃ والسکنی ۔ وھو قول عمر ابن الخطاب رض

بیان مذاہب علمائے امصار در نفقہ و سکنی معتدہ بائنہ

Marfat.com

ابن المسعود۔ وزید بن ثابت۔ واسامۃ بن زید۔ وعائشۃ وفقہاء الکوفۃ غیرہم **والثالث** ان لہا السکنیٰ دون النفقۃ۔ وھذا مذہب اہل المدینۃ وبہ یقول مالک والشافعی رحمہم اللہ۔ یہ خلاصہ نووی شرح مسلم اور فتح القدیر اور زاد المعاد کا ہے۔ لعلک تفطنت مما ذکر ان روایات احمد فی ذلک مضطرب۔

اللھم ارنا الحق حقا والباطل باطلا **قولہ** ابن قیم نے کہا ہے۔ یہ قصہ جناب حضرت عمر کا اقرار ہے قال نشہد باللہ الخ **اقول** اولاً ابن قیم اپنی کتاب زاد المعاد مین بعد قبل قال کے لکھتا ہے۔ واما حدث حماد عن حماد عن ابراھیم عن عمر سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لہا السکنیٰ والنفقۃ فنحن نشہد باللہ شہادۃ الخ یہ عبارت صریحًا دال ہی کہ ابن قیم نے اس روایت (عن ابراھیم عن عمر سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لہا السکنیٰ والنفقۃ) کی نسبت کہا ہی جو کچھ کہا ہے کیونکہ یہ روایت منقطع ہے۔ اس روایت کا ثبوت حضرت عمر سی بالاتصال نہین کیونکہ ابراہیم نخعی کی ملاقات حضرت عمر رضی اللہ عنہ سی نہین ہوئی۔ اور ابن قیم علیہ الرحمۃ خود لکھتا ہے کہ بعض من وجوہ الطعن جو کہ حدیث فاطمہ بنت قیس پر ہوئی ہین۔ بلا شک صحیح ہین۔ حیث قال وبعضہا صحیح عمن نسب الیہ بلا شک دیکھو زاد المعاد صفحہ ۳۱۵ سطر ۲۰۔ **ثانیًا** بالفرض اگر ابن قیم اصل قصہ کی نسبت بھی کچھ کہی تو طوطی کی آواز کو نقار خانون مین کون سنتا ہے۔ یعنی امام مسلم۔ اور نسائی۔ اور ابوداؤد اور طحاوی۔ اور دارمی۔ باسناد متصلہ۔ اور ترمذی۔ اس قصہ کو بیان فرماتے ہین۔ تو اسکی اصلیت اور صحت کو کون نہ مانے۔ گو کہ معمول بہا ہونے مین مختلف فیہ مجتہدین ہی اما وہ تبادیل ہے۔ ونحیما مراحل **قولہ** دوم اس قصہ کا راوی جناب عمر رضی اللہ عنہ سے ابراہیم نخعی ہے اور اسکی ملاقات جناب عمر سے ثابت نہین **اقول** اس قصہ کی روایات کا اتصال اور انقطاع اون روایات سی جو راقم نے مفصلاً ذیل قول صاحب رسالہ

Marfat.com

کے (وقت پر جو جواب حاصل ہوا گذارش ہی) بیان کی ہین بخوبی ظاہر ہے۔ حاجت اعادہ کی نہین لکلا بنظر زیادہ افادہ کے بطریق اختصار کے گذارش ہے **مرو ی**

مسلم بسندہ عن ابی اسحاق قال حدث الشعبی بحدیث فاطمة بنت قیس۔ فاخذ الاسود کفا من حصے فحصبہ بہ۔ فقال ویلک تحدث بھذا۔ قال عمر لا نترک کتاب ربنا الحدیث۔ اس روایت مین قال الاسود قال عمر لا نترک الحدیث واقعہ ہی۔ انقطاع اور ابراہیم کہان ہے۔ **ومسلم ایضاً** بسند اٰخر نحوہ اس روایت میں بھی انقطاع اور ابراہیم نہین **والدارمی** بسندہ عن ابراھیم عن الاسود عن عمر لا ندع الحدیث۔ والدارمی ایضاً بسند اخر عن ابراھیم عن الاسود عن عمر نحوہ **والدارمی ایضاً** بسند اخر عن ابراھیم عن الاسود قال قال عمر لا نجیز قول امرأۃ الحدیث دارمی کی ان تینون روایات مین اتصال ہے انقطاع کہان۔ **والنسائی** بسندہ عن ابی اسحاق عن الشعبی الحدیث اسکا حاصل ہے یہی ہی کہ قال الاسود قال عمر اس روایت میں بھی نہ ابراہیم ہے نہ انقطاع **ابوداود** بسندہ عن ابی اسحاق الحدیث اسکا حاصل ہے قال الاسود قال عمر ہے۔ اس سند مین بھی نہ ابراہیم نہ انقطاع **الطحاوی** بسندہ عن ابی اسحاق الحدیث اس روایت مین بھی نہ ابراہیم نہ انقطاع **والترمذی** بسندہ عن الشعبی الحدیث اور اس روایت مین اخیر مین قال مغیرۃ فذکرتہ لابراھیم فقال قال عمر لا ندع الخ اس روایت ترمذی مین ابراہیم اور انقطاع ہے۔ صاحب رسالہ نے مسلم۔ نسائی۔ ابوداود دارمی۔ اور طحاوی کے اسناد ملاحظہ نفرمائی۔ فقط ترمذی کی روایت پر غرہ ہوئی۔ اور انقطاع کا حکم لگایا۔ یہ امر شان تحقیقات صاحب رسالہ سی بہت بعید ہی۔ اور اصولی مسئلہ اذا ورد وابعض الثقاۃ مرسلا وبعضہم متصلا فالحکم لمن وصلہ سی بھی لظر بندکی اور اس مسئلہ کی تحقیق فایدہ ششم مین گزر چکی ہے۔ ناظرین کو چاہیے کہ اصل روایات

افادہ اصول

ملاحظہ فرمائیں۔ اور داد انصاف دیں **قولہ** صحابی جب صحابی کے خلاف ہو
تو یقین کا قول حجت نہیں ہوتا دیکھو اپنا اصول **اقول** (اوّلاً) صحابی صحابی
کے خلاف کا یہاں مصداق ہی کہاں۔ اسکا مصداق تو وہ محال ہی جہاں صحابی
اپنا قول اور اپنی اجتہادی رائے اظہار کرے۔ بخلاف اس محل کے۔ کیونکہ یہاں
تو حضرت عمر فاروق کا قول و سنت نبینا جو باتفاق علماء حدیث (دیکھو فائدہ سوم
مین قول ابن عبد البر) کے رفع حکمی ہے۔ بیان فرما رہے ہیں۔ فاین ھذا من
ذاک (**ثانیا**) ہم نے بحکم آپکے اپنا اصول دیکھا۔ تو لکھا پایا۔ اذا بلغ (قول
الصحابی) صحابیا اٰخر فانہ لا یخلو اما ان سکت ھذا الاخر مسلماً لہ۔ او خالفہ فان
سکت کان اجماعاً فیجب تقلید الاجماع باتفاق العلماء۔ وان خالفہ کان ذلک
بمنزلۃ خلاف المجتہدین فللمقلد ان یعمل بایہما شاء الخ نور الانوار اور قمر الاقمار
مین ہے وقیل ان الصحابۃ اذا اختلفت فالخلفاء الاربعۃ اولی۔ وان اختلفوا
فالشیخان۔ وفی باقی الصحابۃ یرجح بکثرۃ العلم وغیرہ من اسباب الترجیح انتہی
اس عبارت سے پانچ فائدہ حاصل ہوئی **۱** صحابہ کے اتفاقی اقوال مین تقلید الاجماع
باتفاق العلماء واجب ہے۔ **۲** صحابہ کے اختلافی اقوال مین قول مرجح اولی بالعمل ہے
بحالت صحابہ کے اختلاف کے۔ خلفاء اربعہ کا قول اولے بالعمل ہے **۴** بحالت اختلاف
خلفاء اربعہ کے شیخین کا قول اولی بالعمل ہے **۵** کثرت علم اسباب ترجیح سے ہی۔ اب
منصف غور کرے کہ اول کے سوای یہہ جملہ امور حضرت عمر مین موجود ہین (۲) تو اس لئے
کہ ظاہر قرآن مؤید قول حضرت عمر کا ہے (۳) اس لئے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلفاء
اربعہ مین سی ہے (۴) اسلئے کہ حضرت عمر شیخین مین سے ہین (۵) اس لئے اگرچہ فاطمہ
بنت قیس وحید العصر فاضلہ زمان کثیرۃ العلم تہین۔ الا حضرت عمر رضی اللہ عنہ
کی شان کجا اور فاطمہ کجا وہو ظاہر۔ اور نیز عدم اصلیت قول صاحب رسالہ کی ظاہر ہوئی

Marfat.com

یعنی صاحب رسالہ نے جو یہ قاعدہ بیان فرمایا ہے کہ جب صحابی۔ صحابی کے قول
کے مخالف ہو تو دونوں کا قول حجت نہیں ہوتا۔ ان مذکورہ عبارات سے معلوم ہوا کہ
یہ قاعدہ اصلاً بے اصل ہے۔ اور مخترع ہے بل ان یّعمل بایّهما شاء ان تعذّر الترجیح و
ان امکن فیعمل بالمرجح کما مرّ **وفی التلویح** وکذا یأخذ بایّهما شاء من قول الصحابی
انتهی **انتباہ** اس خلاف حضرت ابن عبّاس سے ایک عمدہ یہ بات پیدا ہوئی کہ اس قصہ کی
اصلیت ضرور ہے۔ اور صحابہ میں دائر اور سائر ہوا۔ (کما سبق فی تحقیقاتنا) ورنہ
خلاف ابن عباس کے کس طرح متصور ہو۔ اور بالفرض اگر افترا ہی ہوا ہے۔ تو اوسی زمانہ
میں بوجود گی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہوا ہے۔ حضرت ابن عباس نے نہ کہدیا کہ یہ قصہ
تو افترا ہے۔ ایسی افترائی قصہ کا خلاف ہی کیا کرتا ہے۔ قاتلان افترا خدا سے ڈریں اور
شرم کریں کہ خود ہی قائل بہ افترا ہوتے ہیں۔ اور پھر خلاف ابن عباس کو پیش کرتے
ہیں۔ ان هذا الا مفتریٰ (**ثالثا**) بہت مسائل میں صحابہ کرام باہم مختلف ہوئے
ہیں اگر ہر دو فریق کا قول حجت ہو۔ تو صدہا مسائل دین کے معطّل اور مہمل ہوں مثلاً
توریث جدہ میں بحالت موجودگی ابن میّت کے مختلف ہیں۔ فذهب عمر وابن مسعود
وابی موسیٰ الی انها ترث۔ وخالفهم فی ذلک زید بن ثابت قائلا بانها لا ترث۔
اور نیز صحابہ مختلف ہوئے ہیں جد میں فهل هو بمنزلة الاب فیسقط به الاخوة ام لا۔
فذهب ابوبکر وابن عباس وعبد الله بن الزبیر وعائشة ومعاذ بن جبل وابی
بن کعب وابو الدرداء وابو هریرة الی انه بمنزلة الاب وخالفهم فی ذلک علی بن
ابی طالب وزید بن ثابت وابن مسعود قالوا یرث الجد مع الاخوة۔ ونظائرها
کثیرة غیر خافیة علی من یُطالع الکتب الدینیة پس معلوم ہوا کہ یہ قاعدہ بے اصل
ہے۔ ہاں البتہ اگر اس عبارت (یعنی فریقین کا قول حجت نہیں ہوتا) کے یوں معنی کئے
جاویں۔ کہ فریقین کا قول ایک دوسرے پر حجت نہیں ہوتا۔ یعنی ایک صحابی کا فہم دوسرے

Marfat.com

صحابی پر حجت نہین ہوتا۔ لکان لہٗ وجہ ۔ الآیہ معنی صاحب رسالہ کے مفید نہین ۔
کیونکہ صاحب رسالہ اس قاعدہ کو اس غرض سے یہان نہین لایا ۔ فتامل **قولہ** چہارم جناب
عمر نے فاطمہ کی بات اہ **اقول** یہ قول صاحب رسالہ کا بھی اصلیت قصہ پر دال ہے
وہو المطلوب **قولہ** فما وافق القرآن فاقبلوہ وما خالف فردوہ الخ **اقول**
شیخ عبد الحق رحمہ اللہ علیہ نے **شرح سفر السعادت** مین اس حدیث کو بہت طرق سے بیان
کیا ہی اور کہا ہے اس حدیث کے ضعیف اور موضوع ہونیکی وجہ عبارت علما سے بھی معلوم
ہوتی ہے ۔ کہ معنی اس حدیث کے اور احادیث صحیحہ اور ما اتکم الرسول الآیہ کے مخالف ہین ۔ الا
جبکہ معنے اس حدیث کے یہ کئے جاوین ۔ کہ اگر قرآن کے مخالف ہو تو اوسکو رد کرو ۔ لکان لہ وجہ
وانکان لا یخلو عن خدشۃ **راقم** کہتا ہے کہ اسکے موافق وہ اثر ابن عباس کا ہی جسکو
دارمی نے بسند خود بیان کیا ہے فکان ابن عباس اذا حدث قال اذا سمعتمونی
حدثت عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلم تجدوہ فی کتاب اللہ او حسنا عند
الناس فاعلموا انی قد کذبت علیہ ۔ **قولہ** یہ ہماری حضرت احناف کی اصول
محققونکا حال ہے **اقول** خفی بشریت سے خالی نہین ۔ اگر بمقتضای بشریت ایسا سہو
قلم سے واقع ہو تو معذور رکہنا چاہیئے ۔ کیونکہ ایسا سہو بڑی بڑی حفاظ محدثین
سے بہی وقوع میں آیا ہی ۔ **دیکھو** نووی مسلم کے مقدمہ مین لکھتا ہے وقد
رأیت جماعۃ من الحفاظ المتاخرین غلطوا فی مثل ھذا فنفوا روایۃ البخاری
احادیث ۔ ھی موجودۃ فی صحیحہ فی غیر مظانہا السابقۃ الی الفہم ۔ انتہی
یعنی مینے ایکجماعت حفاظ محدثین متاخرین کو دیکھا ۔ کہ اونہون نے بنسبت بہت احادیث
کے کہدیا ۔ کہ بخاری مین موجود نہین ہین ۔ حالانکہ وہ بخاری مین موجود ہین اور
حدیث مسلم کی ابوذر سے ۔ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لہ یا اباذر انی احب لک
ما احب لنفسی الحدیث **قال** الحاکم فی المستدرک ھذا صحیح علی شرط الشیخین

Marfat.com

ولم یخرجاہُ حالانکہ مسلم مین موجود ہے۔ ذکرہ الزیلعی فی تخریج احادیث الھدایۃ
اور نووی اذکار مین لکھتا ہی و فی الصحیحین عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
لاصلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب ص ۳۲ حالانکہ باین لفاظ ایک مین بھی نھین و
التاویل بانہ نقل بالمعنی یا باہ لفظ۔ اور دیکھو کہ **مولوی عبد الحی صاحب**
لکھنوی نے اپنی کتاب تذکرۃ الراشدین مین **نواب صدیق الحسن خان صاحب**
قنوجی ثم بھوپالوی کے کسقدر اغلاط اور سہو قلم بیان کئے ہین۔ کہ طومار در طومار لکھدیے
ہین۔ الا تاہم ہمارا اعتقاد اُنکی فضیلت علمی کی نسبت ویسا ہی ہی گو کہ اعتقادی مسائل
اور تقلید ائمہ مین وُہ ہماری سخت مخالف ہین۔ اور اپنی گروہ کے پیشوا ہین۔ الغرض
اگر کسی بشریت کی مقتضای سی سھو قلم واقع ہو تو ہاتھ دہو کر عیب گیری اور کمر باندہ کر نکتہ
چینی کرنی تھذیب سے بعید ہے۔ تو اُنکا دیکھنا۔ عیبون سی چشم پوشی کرنی۔ داب صالحین
ہے۔ ولنعم ماقیل ؎ خطای بزرگان گرفتن خطاست۔ قطع نظر ازین۔ اگر ہم بھی
اسموقعہ پر باتباع صاحب رسالہ کے بے تھذیبی کو اپنا شعار قرار دیکر لکھدین۔ کہ کیا آپکی تحقیقات
در بارہ حدیث نحن معاشر الانبیاء کہ اسکی راوی صرف ابوبکر ہین۔ اور در بارہ حدیث لاندع
کتاب ربنا کے۔ کہ منقطع ہے۔ کیا صاحب تلویح کی تحقیقات سی کچھ کم ہی تو شاید بیجا نہوگا
یعنی صاحب رسالہ فرماتے ہین کہ حدیث نحن معاشر الانبیاء کے راوی صرف ابوبکر ہین۔
حالانکہ بخاری اور مسلم مین یہ حدیث بروائیت ابوہریرہ اور مسلم میں بروائیت عائشہ صدیقہ
موجود ہے کمامر۔ اور حدیث لاندع کتاب ربنا کو صاحب رسالہ لکھتے ہین کہ منقطع ہی۔ حالانکہ
مسلم۔ نسائی۔ دارمی۔ طحاوی۔ وغیرہ مین متصل موجود ہے۔ وقد ذکرنا فیما
مر مفصلاً۔ یہ حال تحقیقات محققین کا ہے۔ عیاذاً باللہ۔ فی الواقع یہ گفتگو سخت بے
تھذیبی کی ہے الا ان الحکم الوزر علی البادی ہے اور جواب ترکی بہ ترکی کے قلم مجبور ہوا۔ اور ایسی
ناتھذیب کلمات کو لکھا والعذر عند کرام الناس مقبول **قولہ** اور عام کی تخصیص کو

Marfat.com

جائز کہا ہے **اقول** تخصیص عام اور چیز ہے۔ اور تخصیص عام بخبر واحد۔ اور
بحوث فیہ فیما نحن فیہ میں دوم ہی نہ اول **قولہ** محصول میں ہے یجوز تخصیص
الکتاب بخبر واحد عندنا **اقول** مسلم الثبوت اور فواتح الرحموت میں ہے
مسئلہ موجب العام قطعی عندنا۔ فلا یجوز تخصیصہ اذا وقع فی الکتاب۔
بخبر الواحد لکونہ ظنی الثبوت ولا بالقیاس لکونہ ظنی الدلالۃ والاکثر من
الشافعیۃ والمالکیۃ وبعض منا کالامام علم الھدی **الشیخ ابی المنصور**
ماتریدی قدس سرہ علی انہ ظنی محتمل للخصوص فیجوز تخصیصہ وان کان
فی الکتاب بخبر الواحد والقیاس انتہی۔ اور انہیں میں دوسری جگہ ہے
مسئلہ لایجوز عند الحنفیۃ تخصیص الکتاب بخبر الواحد مالم یخص بقطعی
واجاز الباقون من علماء الاصول مطلقا سواء خص بقطعی اولا وتوقف القاضی
ابوبکر من الشافعیۃ ای لا ادری یجوز التخصیص او لا لنا انہ ای الکتاب قطعی
من کل وجہ والخبر ظنی فلا یجوز تخصیصہ انتہی مختصراً اور توضیح میں ہے
لکن عند الشافعی ھو (ای العام) دلیل فیہ شبہۃ فیجوز تخصیصہ بخبر الواحد
والقیاس۔ وعندنا ھو قطعی مساو للخاص فلا یجوز تخصیصہ بالواحد منہما
انتہی اور تلویح کے باب البیان میں ہے **قولہ** فلا یجوز التخصیص ای تخصیص
الکتاب بخبر الواحد لان خبر الواحد دون الکتاب لانہ ظنی والکتاب قطعی
فلا یجوز تخصیصہ لان التخصیص تغییر وتغییر الشی لایکون الا بما یساویہ او بما
یکون فوقہ وھذا مبنی علی ان العام قطعی فیما یتناولہ۔ انتہی اور نور الانوار میں ہے
وانہ (ای العام) یوجب الحکم فیما یتناولہ قطعاً فلا یجوز تخصیص العام بالقیاس
وخبر الواحد انتہی ملتقطا۔ اور جابجا کتب اصول میں یہ عبارت (خبر الواحد ظنی
فلا یجوز تخصیص العام بہ لانہ قطعی) واقع ہے کما لا یخفی علی من یطالعہا۔ پس

قرآن کی دلالت کا محصول میں بیان ہے ۱

Marfat.com

عبارات مذکورہ سے صاف ظاہر ہے کہ عام کتابی کے تخصیص خبر واحد سے جائز نہیں مجہول
کی عبارت اگر اصل کتاب میں ایسی ہے اور ماول بالبعض بھی نہیں ہے۔ تو ان عبارات
ثقات اور منصور مذہب حنفیہ کے خلاف ہی کما یشھد علیہ عبارات القوم فلا یعبأ به
ولا یعتمد علیہ **قولہ** اور ابن حاجب نے **اقول** ابن حاجب مالکی رحمہ اللہ علیہ نے تخصیص
عام کی بابت وبہ قالت الائمۃ الاربعۃ کہا ہے نہ تخصیص العام بخبر الواحد کی بابت

ارشاد مین لکھا ہے - کا جواب

وبینہما مراحل فلا حجۃ فیہ **قولہ** ارشاد میں ہی اتفق اهل العلم سلفا وخلفا علی
ان التخصیص للعمومات جائز الخ **اقول** صاحب ارشاد یعنی امام شوکانی کی عبارت ہی
درباب تخصیص عمومات ہی نہ درباب تخصیص عام بخبر واحد۔ واصحابنا یقولون به فلا
حجۃ فیہ ایضا **قولہ** ویصح تخصیص العام من الکتاب بخبر الواحد والقیاس اھ
اقول کلمہ یصح کا مع اپنی معطوف علیہ یقینی کے مدخول حتی کا ہے۔ اور یہ یعنی حتی
غایت ظنا کی ہی۔ نہ قطعا و یقینا کی پس حاصل معنے عبارت کی یہ ہوئی۔ چونکہ شمول عام
کا اپنے افرادون کے لئے امام شافعی ومن معہ کے نزدیک ظنی ہی۔ تو ان کے نزدیک
تخصیص عام کی خبر واحد سے جائز ہوگی۔ اور جسکی نزدیک تناول عام کا لافرادہ قطعا و یقینا
ہے۔ انکی نزدیک تخصیص العام بخبر الواحد مالم یخص بقطعی جائز نہیں۔ اور منصور
مذہب حنفیہ کرام کا یہی ہے۔ جیسا کہ ماسبق عبارات سے واضح ہے۔ اور تلویح وتوضیح
کی عبارت پہلی بھی مرقوم ہو چکی ہے۔ انکا خلاصہ تو یہی ہے فلا یجوز تخصیص العام
بخبر الواحد فلا حجۃ فیہ ایضا **قولہ** جواب گیارہواں امام ابو حنیفہ کے نزدیک عام
کی تخصیص جائز ہے جیسا کہ جواب سیوم میں گزرا ہی **اقول** جواب تیسری میں اس
امر کا کچھ ذکر ہی نہیں کہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ علیہ کے نزدیک عام کی تخصیص جائز ہے
بلکہ وہاں یہ عبارت ہی۔ حسب تحریر آپکے اور آپکے اہل اصول کے یہ آیت عام ہی اور عام کی
تخصیص کو آپ لوگ نسخ کہتی ہیں۔ شاید سہو قلم ہوا ہو۔ کہ بجائی سوین کے لفظ سیوم لکھے

Marfat.com

لکھا گیا - کیونکہ دسوین میں تو اسکا ذکر ہے اور اسکا جواب دیا گیا - اور اگر ذکر مطلق عام مراد ہو تو ذکر مطلق عام کی خصوصیت جواب ستیوم سے ہی نہین - بلکہ اسکا ذکر تو سنت جوابون مین ہوتا ہے آتا ہی - **قولہ** ثابت کر دیجئے اور دکھلا دیجئے کہ امام کے نزدیک تخصیص عام کی خبر واحد سے جائز نہین **اقول** بجواب سائل کسی شخص نے لکھا حرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لحوم الحمر الاھلیۃ - متفق علیہ یعنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خانگی گدہونکا گوشت حرام کیا ہے - اور اوسکو روایت کیا ہے - الا ہم کو کسی خاص معتبر کتاب سے ثابت کر دو - اور دکہلا دو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا فرمایا ہے - تو اسکا جواب سوائی خموشی کے اور کیا ہوگا - کیونکہ بخاری - مسلم - سے اور کون سی کتاب حدیث معتبر ہے - جس سے ثبوت پیش کیا جاوہی - اور اوسکو دکہلایا جاوے - آسمانی فرضی کتاب ہی اوسکی تسلی اور اطمینان کے لئے بنانے سے رہی - سو ایسا ہی یہہ سوال ہے - جب ہم باواز بلند کہتے ہین - کہ شاشی - حسامی - نور الانوار - قمر الاقمار - توضیح - تلویح - حاشیہ ملا خسرو - چلپی تلویح - چلپی شرح وقایہ - مسلم الثبوت - فواتح الرحموت - ہدایہ - شرح وقایہ - عینی ہدایہ - عینی بخاری - فتح القدیر ہدایہ - رد المختار - مرقاۃ قاری - شرح مشکوۃ - وغیرہا - صدہا معتبر کتب مین یہ لکھا ہی - کہ حنفیہ کرام کے نزدیک تخصیص عام کتابی کی خبر واحد سے جائز نہیں - تو پہر فرمائیے کہ اور کون سی کتاب تسلی اور اطمینان سائل کے لیے پیش کیجاوے - الا تسلی کی تو حد ہی نہین - اور تسلیم کے لیے تو یہہ کتابیں ہی کافی اور وافی ہین - **قولہ** یہ عام کل حنفیون کے نزدیک مخصوص البعض ہے **اقول** اس عام یعنی فاقرؤا ماتیسر من القرآن میں دو تعمیمین ہین تعمیم اول فاقرؤا کی اسکا مدلول یہ ہے کہ ہر نماز میں پڑہنا فرض ہے اور یہ مخصوص البعض عند الحنفیہ ہے تعمیم دوم ماتیسر من القرآن کی اسکا مدلول مطلق قرات ہے - اور یہ عند الحنفیہ عموم پر ہے -

Marfat.com

ومن حدیثین بینهما فقد وقع فی حیص وبیص ـ وقال ما قال **انتباہ** یہ فائدہ آئندہ
جوابون مین بھی بہت کار آمد ہوگا ـ اسکو یاد رکھنا چاہئے **قولہ** جو عام مخصوص البعض
ہو اوسکی تخصیص بالاتفاق جائز ہے **اقول** اول اور عام دوم یعنی ما تیسر اپنے عموم پر ہے
مخصوص ہی نہین فضلا عن ان یکون بالاتفاق **قولہ** مقتدی کیواسطے بھی حنفی لوگ
کسی قدر قران کریم کا پڑھنا ضروری کہتے ـ **اقول** حنفیہ کرام مقتدی کو قاری کہتے ہین
ـ دیکھو جواب چہارم کے جواب کو **قولہ** اونہون نے ایک ضعیف حدیث یا ایسی حدیث
جس مین کلام ہے **اقول** حال صحیح ہونے اس حدیث کا حدیث نوزدہم مین گزر چکا ہے
فلینظر ثمہ **قولہ** یا جس مین کلام ہے ـ شاید حدیث عبادہ بن صامت کی ـ کلام سے
خالی ہے ـ کیونکہ راوی اسکا محمد بن اسحاق متکلم فیہ نہین ہے ـ وقد مر الکلام فیہ
فافہم **قولہ** یا جسکو امام الائمہ متواتر کہہ چکا ہو **اقول** اسکا جواب اٹھائیسوین جواب
مین گزارش ہوگا **قولہ** وہ اجماع کہان کب ہوا **اقول** وہ اجماع اوس زمانہ
مین ہوا ـ جبکہ عاجز عن القراءت کے لئے جسکو آپ بھی مانتے ہین ہوا تھا **قولہ** آیہ مخصوص
البعض ہوگئے ـ اور ایسا عام آپ صاحبونکے نزدیک قطعی نہین **اقول** پہلے گذارش
ہوچکا ہے ـ کہ اس آیۂ کریمہ مین دو عام ہین (۱) فاقرؤا اور (۲) ما تیسر من
القرآن ـ اول مخصوص البعض ـ دوم اپنے عموم پر ہے ـ مخصوص البعض نہین ـ فہو
حجۃ قطعیۃ مثبت للفرض ـ اور اسی کا مقتضی فرضیت مطلق قراۃ ہے صاحب رسالہ
نے دونو کو خلط ملط کر دیا ہے فقال ما قال **قولہ** اس عام مخصوص البعض کی تخصیص کیا
کون مانع ہے **اقول** یہ تو مخصوص البعض ہی نہین ـ اگر ہوتا تو ہم مانع بھی بیان کر دیتے
واذ لیس فلیس **قولہ** ساری اعتراض آپ پر الٹ پڑے **اقول** بنظر انصاف آپ ہی
فرمائین کہ کوئی اعتراض ہمپر وارد ہوا بفضلہ تعالی آپ پر تو وہی ہی کوئی بھی کم نہ ہوا شعر
پھرتا ہے جسیل حوادث مین کہین مردونکا موئے ـ شیر سیدھا تیرتا ہے وقت رفتن آب مین

Marfat.com

قولہ تیرہوان جواب آیۃ شریفہ فاقرؤا ماتیسر غیر قادر علی القراۃ کے لحاظ سے انکی نزدیک کیا تمام اہل اسلام کے نزدیک مخصوص البعض ہے **اقول** عام اول بلحاظ غیر قادر علی القراۃ کے جملہ اہل اسلام کے نزدیک ظنی ہی۔ اور عام دوم اپنے عموم پر ہی پھر قطعی ہوا نہ ظنی۔ اگر دو لو خلط نہ کرتے تو ایسا نہ لکھتے۔ اور جب مخصوص البعض ہوتا تو خبر واحد سے تخصیص بھی جائز ہوتی۔ جب کہ مخصوص البعض ہی نہیں۔ تو خبر واحد سے تخصیص بھی جائز نہین۔ اور اسی سے جواب چودہوین اور پندرہوین جواب کا بھی ہوگا۔ اور صاحب امام الکلام۔ اور ابن الہمام۔ اور عینی کے بھی یہی غرض ہے۔ کیونکہ عاجز عن القراۃ اور مدرک فی الرکوع فرد فاقرؤا کے ہین نہ ماتیسر کے فافہم وانصف

قولہ عام اکثر علماء کے نزدیک ظنی ہی الے ماقال حدیث اتبعوا سواد الاعظم سے استدلال پکڑا کرتے ہین **اقول** اتباع سواد اعظم سے ہم اہل اسلام کو بھلا کب انکار ہے قال اللہ تعالی ومن یتبع غیر سبیل المؤمنین نولہ ماتولی ونصلہ جہنم وساءت مصیرا یعنے جو تابع ہوا راستے سوا مومنون کی حوالہ کرین گے ہم اوسکو وہی طرف جو اوس نے پکڑی ہے اور داخل کرین گے ہم اس کو جہنم میں اور وہ بری جگہہ ہے **وروی مسلم** عن عرفجۃ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی المنبر یخطب الناس فقال انہا ستکون بعدی ہنات وہنات فمن رأیتموہ فارق الجماعۃ اویرید ان یفرق امۃ محمد کائنا من کان فاقتلوہ فان ید اللہ علی الجماعۃ وان الشیطان مع الفارق الجماعۃ یرکض کذا فی جامع الاصول یعنی مسلم نے عرفجہ سے روایت کی کہا اوس نے دیکھا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر خطبہ پڑہتی۔ سو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نزدیک ہے کہ میرے پیچھے بری چال پھیلیگی۔ سو جسکو دیکھو تم کہ وہ جدا ہوا جماعت سے یا وہ ارادہ رکہتا ہے تفرقہ ڈالنیکا محمد کی اُمت مین جو کوئی ہو مار ڈالو تم اوس کو

Marfat.com

کیونکہ بیشک اللہ کا ہاتھ ہی جماعت پر۔ اور ضرور شیطان ساتھ ہی جدا ہونیوالی کی
ٹھوکر مارتا ہوا۔ ایسا ہی جامع الاُصول مین اور مشکوٰۃ کے باب الاعتصام
مین ہی **عن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لا یجمع امتی
او قال امۃ محمد علی الضلالۃ وید اللہ علی الجماعۃ ومن شذ شذ فی النار۔ رواہ
الترمذی **وعنہ** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتبعوا سواد الاعظم
فان من شذ شذ فی النار۔ انتہی۔ اس آیۃ شریفہ اور احادیث نبویہ سی صاف ظاہر ہی
کہ اتباع سواد اعظم کا ضروری ہے۔ مومن کو اوس سی چارہ نہین۔ جو جدا ہوا اوسکی جگہہ
جہنم ہے۔ اور جدا ہونیوالے کے ساتھ شیطان ہی۔ **واضح ہے** کہ سبیل المومنین
اور اُمتی۔ اور آمۃ محمد۔ اَور الجماعۃ۔ اَور سواد اعظم۔ اَن سبکا مرجع اور مفاد ایک
ہی ہے۔ اب ہمکو اس مین زیادہ اثبات کی ضرورت نہین۔ بلکہ سبیل المومنین۔
اور امتی۔ اور امۃ محمد۔ اور سواد الاعظم۔ ان الفاظ کو اہل محاورہ اور اہل مذاق کے
پیش کرتے مین۔ اور اون سی قسماً پوچھتے ہین۔ کہ امت محمد۔ اور اُمتی۔ اور سواد
الاعظم۔ ایک حصہ علماء مجتہدین شافعیہ مالکیہ کو دگو وہ بڑا ہی کیون نہ ہو) کہتے
ہین۔ یا السواد الاعظم بڑی سی بڑے حصہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے ہین
ظاہرا کوئی ابجد خوان بہی یہ نہ کہیگا۔ کہ امتی۔ اور امۃ محمد۔ اور السواد الاعظم۔ ایک حصہ
علماء مجتہدین شافعیہ مالکیہ کو کہتی ہین۔ دیکہو صاحب رسالہ والاکثر کے لفظ سے سواد
الاعظم سمجہی ہین۔ حالانکہ بفضلہ تعالی علما شافعیہ اور مالکیہ بھی کلھم اس سی مراد نہین۔ کما
یدل علیہ قولہ والاکثر۔ اس سے بھی قطع نظر دیکہو **بحر العلوم مسلم الثبوت کا**
شارح صفحہ ۱۵ مین لکھتا ہے۔ والاکثر من الشافعیۃ والمالکیۃ کاش اگر علمائے
مجتہدین شافعیہ مالکیہ کلھم ہی اسپر مجتمع ہوتے۔ تو بھی سواد الاعظم کہان تہا۔ کیونکہ
مجتہدین امت محمد کے تو ہزار در ہزار ہوئی ہین **بھلا** انکی مقابلہ مین ان علمائی

Marfat.com

مجتہد بن شافعیہ و مالکیہ کو کونسی نسبت ہوگی واللہ یعصمنا من هذه الاباطیل الواهیة

نعم اگر والاکثر کے معنے والاکثر من امة محمد صلی اللہ علیہ وسلم کھدیتے۔ تو البتہ سواد اعظم مراد لینی کی گنجائش ہوتی۔ فالنصف **قولہ** جب ان احادیث کو احادیث مشہورہ لکھکر جیسی عینی کہتا ہے **اقول**۔ عینی ہدایہ کی شرح ص ۱۰۷ مین لکھتا ہے فان قلت قوله علیه السلام قراءة الامام له قراءة۔ معارض لقوله تعالی فاقرؤا۔ فلا یجوز ترکه بخبر الواحد۔ قلت جعل المقتدی قاریا بقراءة الامام فلا یلزم الترک۔ او نقول انه خص منه المقتدی الذی ادرک الامام فی الرکوع فانه لا یجب علیه القراءة بالاجماع فیجوز الزیادة علیه حینئذ بخبر الواحد انتہی

اس عبارت سے تو صاف واضح ہے کہ عینی رحمہ اللہ علیہ حدیث قراءة الامام له قراءة کو خبر واحد کہتا ہے۔ مشہور نہین کہتا۔ ہان اس عبارت کے تھوڑے سے ماقبل یہ عبارت لکھی ہے۔ لقول العامه وظاهر النص والاحادیث المشهورة۔ شاید صاحب رسالہ اس عبارت سے۔ عینی کیطرف مشہور کہنا اسی حدیث کا منسوب کرتے ہونگے حالانکہ عینی رحمہ اللہ علیہ کی غرض اس کلام سے بہ نسبت اس حدیث کے مشہور مصطلح الاصول نہین۔ بلکہ مشہور لغوی مراد ہے۔ کیونکہ وہ خود ہی اس کے متصل بعد مین اس حدیث کو خبر واحد فرماتی ہین والا یلزم التعارض فی کلامه فیما قلنا مرتفع۔ دیکھو عینی **قولہ** لا صلوة والی حدیث کو مشہور ماننے سے کون امر مانع ہے **اقول** اسکا مانع عینی رحمہ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے۔ یعنے عدم صدق تعریف اور اگر تسلیم کرین کہ مشہور ہی ہے۔ تو محکم نہین بلکہ محتمل معنیین ہی نفی اصل صلوة اور نفی فضیلت صلوة مین فلا یجوز به الزیادة۔ ولانه معارض لما روی انه علیه السلام قال لا صلوة الا بقراءة فاتحة الکتاب او غیرها **وروی** لا صلوة الا بقراءة ولما بفاتحة الکتاب قد ذکر عنقریب **وروی** انه علیه السلام علم الاعرابی الصلوة

Marfat.com

الی ان قال الله اکبر ثم اقرأ ما تیسر معك من القرآن انتهی ما فی العینی لخصاً

ص ۱۳۶ اور اسی سے جواب دوم کا بھی جواب معلوم ہوا۔ یعنی اگر تعریف مشہور مین اسحدیث کو داخل ہی کیا جاوے تو باقی امور مانع تخصیص ہین فافہم **قولہ** اول جواب تو یہہ ہے کہ ہمنے صرف مشہور ہونے پر دلیل کا مدار نہین کہا **اقول** جس دلیل پر آپ نے مدار رکھا ہی بفضلہ تعالی اوسی کا جواب موقعہ موقعہ پر تحریر ہوچکا ہے فلا نعیدہ **قولہ** قرأۃ

الامام لہ قرأۃ الی اخر ما قال بلحاظ اسی شرط کی احادیث مشہورہ ہون **اقول** ہم کب کہتی ہین کہ یہ احادیث مشہورہ ہی ہین اور نہ عینی علیہ الرحمۃ انکے مشہور ہونیکا قائل ہے بکام۔ وکلام ابن الہمام یشیر الیہ ان کی مشہور بانسی فایدہ ہی ہمکو کیا ہے اور واحد ہونے سے کیا ضرر ہے۔ پھر بھی معمول بہ ہین۔ کیونکہ عام مخصوص البعض بدلیل قطعی کے تخصیص خبر واحد سی جب مسلم ہی۔ تو پھر انکا خبر واحد ہونا ہمین کچھ ضرر نہین کرتا۔ تا انکو ضرور مشہور مانا جاوی۔ اور اوس سی کوئی خاص فایدہ منصور ہو۔ جب کہ فی الواقع یہہ خبرین احاد ہین تو خواہ مخواہ مشہور بنانی سے رہی۔ خیر آپ اب حدیث لا صلوۃ کے مشہور بنانیکا فکر فرمائین۔ اگر قاعدہ مقررہ سی نہیں بن سکتی۔ تو بھی کوئی نہ کوئی تدبیر ضرور کرنی چاہیئے۔ کہ مشہور بنجائے۔ اگر اور کچھ نہ ہو تو صرف یہی کہدین کہ مشہور ہی۔ کوئی روک ٹوک تو ہی ہی نہین۔ جیسا کہ والاکثر علی انہ ظنی کو سواد الاعظم لکھ دیا ہے۔ کسنی روکا ہی اللہم ارنا الحق حقا **قولہ** اول لا تجزئ کی روایت مین آپکا احتمال ہی کہان **اقول** لا تجزئ اصل روایت مین ہی کہان زیلعی نے تخریج احادیث ہدایہ مین لکھا ہے۔ کہ اس حدیث کو دارقطنی نے روایت کیا ہے وقال

اسنادہ صحیح وصححہ ابن القطان ایضاً۔ وقال زیاد احد الثقات انتہی وقال

صاحب التنقیح انفرد زیاد بن دلویہ بلفظ لا تجزئ۔ ورواہ جماعۃ لا صلوۃ لمن لم

یقرأ وھو الصحیح۔ وقال ابن زیاد اراہ بالمعنی انتہی انتہی۔ صاحب تنقیح کے بیان سے

Marfat.com

ظاہر ہے کہ زیاد جو راوی اس حدیث کا ہی اوس نے بجاے لا صلوۃ کے لا تجزئ نقلاً بالمعنی لکھا ہے ورنہ در اصل لفظ صحیح حدیث کا (کما یدل علیہ قولہ وھو الصحیح) لا صلوۃ ہی جبکہ لا تجزئ کا اصل بھی لا صلوۃ ہی ہوا۔ تو اب فرمائیے کہ احتمال کہان ہی۔ یا کہ یہان ہی یعنی احتمال تو قائم ہی را۔ مندفع ہوا۔ اور لا تجزئ کا جواب ہم پہلی بھی دی چکے ہین۔ فتذکر۔ اور احتمال نفی اجزاء فضیلت صلوۃ کا بھی قائم ہے **قولہ** دوئم نفی ہیں نفی ذات آہ اور قولہ سیوم نفی صحت آخ **اقول** ان دو نو باتون کو صاحب رسالہ پہلے بھی بیان کر چکے ہین۔ اور وہان انکا جواب بھی بخوبی دیا گیا ہے۔ ایک بات بار بار کہنا کچھ چندان لطف کی بات نہین **سعدی** کہتا ہے **شعر** چو یکبار گفتی مگو باز پس + کہ حلوا چو یکبار خوردند و بس + **قولہ** اگر وہ دلیل نہوتی تو یہ معنی ہرگز نہ لئی جاتے **اقول** اگر ہم کو بھی قران کریم اور احادیث نبویہ علی صاحبہا الصلوۃ و التحیۃ مجبور نکرتین۔ تو ہم بھی ضرور قراۃ فاتحہ کے تعیین ضروری لکھدیتے۔ الا قرآن اور احادیث نے مجبور کر دیا معذور ہین **قولہ** امام بخاری نے رسالہ قراۃ مین فرمایا ہے۔ وتواتر الخبر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب آہ **اقول** (اولاً) ابن صلاح نے تو کہا ہے کہ خبر متواتر عزیز الوجود ہے۔ **قال** السید علی الجرجانی قال ابن الصلاح من سئل عن ابراز مثال لذلک رای المتواتر اعیاہ طلبہ **وحدیث** انما الاعمال لیس من ذلک **نعم** حدیث من کذب علی متعمداً الحدیث لنقلہ من الصحابۃ الجم الغفیر انتہی مختصراً **وفی شرح النخبۃ** ذکر ابن الصلاح ان مثال المتواتر علی التفسیر المتقدم یعز وجودہ۔ الا ان یدعی ذلک فی حدیث من کذب علی انتہی۔ اور **نواب صدیق الحسن خان صاحب** نے منہج الوصول مین لکھا ہے۔ کہ دعوی ابن الصلاح بابت اعیا حقیقت ندارد کہ مراد متواتر لفظی از قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم متواتر عزیز است کہ میسر نشود و ان نزد ہمگنان نیابت۔ و شک نیست کہ این قسم حدیث در نہایت ...

[illegible]

[illegible]

ابن الصلاح کے قول سے تو ظاہر ہے کہ حدیث لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب متواتر نہین
اگر قول ابن الصلاح سے قطع نظر کرین اور تسلیم کرین۔ کہ حدیث متواتر کثیر الوجود ہی۔ جیسا کہ
عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے حدیث شفاعت۔ اور مسح علی الخفین۔ اور جذع حنانہ
وغیر ذلک کی نسبت کہا ہی۔ کہ متواتر ہین۔ الاحادیث لا صلوٰۃ کو انہون نے بھی متواتر ہین
شمار نہین کیا۔ اگر اس سے بھی قطع نظر کر کے کہیں کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ
نے کہا ہے۔ کہ یہ حدیث متواتر ہے۔ تو ہم یہ کہتے ہین کہ بخاری علیہ الرحمۃ کی بھی رای ہی۔ یا روایت
ظاہر ہے۔ کہ روایت تو نہین رائی ہے۔ اور بخاری علیہ الرحمۃ امام الروایۃ ہین۔ نہ امام
الرای۔ جبکہ صحابی کی رائے کو آپ صاحبان تسلیم نہین کرتے اور کہہ دیتے ہین۔ کہ
ھذا رای الصحابی لا روایتہ۔ والحجۃ فی روایتہ لا فی رایہ۔ دیکھو نواب
صدیق الحسن خانصاحب رحمہ اللہ علیہ لکھتے ہین۔ الحق انہ (ای
رای الصحابی) لیس بحجۃ۔ فان اللہ سبحانہ لم یبعث الی ھذہ الامۃ الا نبیا صلی اللہ
علیہ وسلم ولیس لہا الا رسول واحد وکتاب واحد وجمیع الامۃ مامورۃ باتباع
کتابہ وسنۃ نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ولا فرق بین الصحابۃ ومن بعدھم فی ذلک انتھی
تو بخاری علیہ الرحمۃ کی رائے کہان **ثانیاً** شرائط اربعہ متواتر سے ایک شرط یہ ہے ورود
ذلک عن مثلھم من الابتداء الی الانتہاء۔ قالہ ابن حجر فی شرح النخبۃ جیسا کہ عدد رکعات
نماز۔ اور مقادیر زکوٰۃ۔ اور صلوٰۃ خمسہ۔ متواتر ہین۔ اور حدیث ابتدا میں ایسی نہ تھی۔
ورنہ بہت صحابہ فرضیت فاتحہ کے منکر نہوتی۔ اور اگر وسط میں اگر تواتر عارض ہوا ہو تو وہ
مفید نہین۔ بخاری علیہ الرحمۃ جزء قرأت میں لکھتے ہین فان احتج فقال اذا ادرک
الرکوع جازت فکما اجزاتہ فی الرکعۃ کذلک یجزیہ فی الرکعات۔ فقیل لہ
انما اجاز زید بن ثابت وابن عمر والذین لم یروا القراءۃ خلف الامام ص ۶ اور دوسری
جگہہ اُسی رسالہ کے لکھا ہے وقال علی ابن عبد اللہ انما اجاز ادراک الرکوع من اصحاب النبی

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم الذین لم یروا القراءۃ خلف الامام منہم ابن مسعود و زید بن ثابت
و ابن عمر انتہی ص ۳۰ عبد الرحمن ابن الصلاح لکھتا ہے - وحدیث انما الاعمال
بالنیات لیس من ذلک ای من المتواتر) وان نقلہ عدد التواتر والاکثر لان
ذلک طرء علیہ فی وسط اسنادہ انتہی یعنے حدیث انما الاعمال بھی از قسم متواتر نہین
کیونکہ ابتدا مین متواتر نہیں تھی - وسط میں اگر متواتر ہوگئی اور شرط متواتر کی یہ ہے -
کہ ابتدا - وسط - انتہا - اوسکا یکسان ہو - اس حدیث مین یہ بات نہین **ثالثا** ایسی یہ
حدیث جو کہ مدار صحت نماز کی ہو - اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو خمس الاوقات اوسکے معاملہ
بھی ہو - باوصف حضوری اور ملازمت صحبت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر اس حدیث
اور اوس کے تواتر پر مطلع نہون - (اگرچہ بعض مسائل صحابہ پر بھی مخفی رہے ہین) اس سے بڑھکر
اور کونسا مسئلہ دین کا ہے - جسکی کوشش اونپر ضروری تھی - تو معلوم ہوا - کہ یہ حدیث
ابتدا میں چنداں دائر نہ تھی - ورنہ ابن مسعود - زید بن ثابت - اور ابن عمر -
جو کہ ملازم صحبت بابرکت تھی - ضرور اس کے فرضیت پر اطلاع پاتے - کیونکہ فرض کا معاملہ
بڑہ کرتے - خصوصاً جب کہ موقوف علیہ نماز کا ہو - **رابعاً** جبکہ اس حدیث کی مشہور ہونے مین
علماء اعلام کو کلام ہے - جیسا کہ عینی وغیرہ نے کہا ہے - تو پھر متواتر ہونا کہاں - لان
کل متواتر مشہور قالہ فی شرح النخبۃ - ونفی العام یستلزم نفی الخاص - کا
الحیوان والانسان - **خامساً** اگر بقول امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے متواتر ہونا اسکا
تسلیم بھی کیا جاوے - تو بھی اپنے معنون مین محکم ہونا کجا - کیونکہ احتمال معنے اجزا اور نفی
فضیلت کا تو باقی ہے - ومع الاحتمال کیف الاستدلال **سادساً** اگر اس سے
بھی قطع نظر کرین - تو بھی آیۃ قرآنے اور احادیث نبویہ علی صاحبہا الصلوۃ والتحیۃ کے معارض
ہی کجا مقر - الغرض باینہمہ خدشات یہ حدیث مثبت فرضیت کب ہو سکتی ہے - البتہ اگر مثبت
وجوب کہا جاوے - تو بجا ہے - سو اسکی حنفیہ کرام بھی قائل ہین - جیسا کتب فقہ مین

Marfat.com

لکھا ہے **قال العینی** ھذا ھو العدل فی باب اعمال الاخبار ولیس من العدل ان یعمل باحدھما۔ ویھمل الاٰخر انتھی۔ **قولہ** استمرار اور دوام اس اختیار کا آیہ شریفہ سے نکالنا یقینی نہیں ظنی ہے۔ **اقول** ہر اصولی ماہر یقیناً جانتا ہے کہ فاقرؤا ما تیسر کا مقتضی اختیار مطلق ہے مقید نہیں۔ اور وہ قطعی یقینی ہے ظنی نہیں فلا یرفعہ الظنی لعدم المماثلۃ او الجزئیۃ۔ **والدوامی** ایضاً قطعی و یقینی لان وجود المعلول عند وجود العلۃ قطعی و یقینی لا یتخلف عنہا۔ فلا یزاحمہ الظنی فلیتامل فانہ للاذکیاء **قولہ** پہلا جواب اس حدیث کو بخاری علیہ الرحمۃ نے جزء القراءۃ میں یون روایت کیا ہے۔ الی آخرہ قال زیادتی ثقہ کی مقبول ہے **اقول** حاصل جواب صاحب سالہ کا یہ ہے کہ اس حدیث میں جو وتقرا ام القرآن آیا ہے۔ یہ زیادتی ثقہ کی ہے۔ وہ مقبول ہے۔ ام القرآن کا پڑھنا ضروری ہے۔ سو اسمین گزارش ہے **اولاً** حافظ ابن حجر عسقلانی نخبہ اور اوسکی شرح میں لکھتے ہیں وزیادۃ راویھما ای الصحیح والحسن مقبولۃ۔ مالم تضع منافیہ لروایۃ من ھو اوثق لمن لم یذکر تلک الزیادۃ۔ لان الزیادۃ اما ان تکون لا تنافی بینھما وبین روایۃ من لم یذکرھا۔ فھذہ تقبل مطلقا لان فی حکم الحدیث المستقل الذی یتفرد بہ الثقۃ۔ ولا یرویہ عن شیخہ غیرہ۔ و اما ان تکون منافیۃ بحیث یلزم من قبولھا رد الروایۃ الاخری۔ فھذہ ھی التی یقع الترجیح بینھا وبین معارضھا فیقبل الراجح ویرد المرجوح۔ انتہی **ص ۱۸** اس عبارت کا مفاد یہ ہے کہ زیادتی ثقہ کی اوسوقت مقبول ہے۔ جبکہ وہ منافی لمن ہو اوثق منہ کے نہو۔ اور عند التعارض راجح مقبول۔ مرجوح۔ متروک۔ مطروح۔ ہے۔ سو اب گزارش ہے۔ کہ راوی ثم اقرا ما تیسر معک من القرآن) کا (جو کہ بخاری میں ہے) راجح ہے یا کہ وتقرا ام القرآن (جو کہ جزء القراءۃ میں ہے) اول کو مرجوح کون کہے۔ کیونکہ امام بخاری رحمہ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ ایک لاکھ صحیح حدیث یاد رکھتے تھے۔ **نقلہ الشیخ الدھلوی**

Marfat.com

اور بخاری مین صرف چار ہزار ہی بلا تکرار ہے۔ باقی کو اس کتاب شریف مین داخل نہین
کیا۔ اسلئے کہ اسمین تو ان رواۃ کی احادیث لائی ہین۔ جن میں شرائط تلزمۃ الصحۃ
عندہ بدرجہ کمال اور بوجہ اتم پائی گئے ہین۔ اور یہی وجہ ترجیح بخاری کے اور صحاح پر ہے
قال الشیخ الدہلوی ولیس کتاب یساوی صحیح البخاری فی ہذا الباب بدلیل
کمال الصفات التی اعتبرت فی الصحۃ فی رجالہ انتہی۔ **نووی لکھتا ہے**۔ بظاہر
وجہ ترک اطلاع برعلت احادیث ہی۔ فثبت ان الراجح عند التعارض ہو الاول۔ و
الثانی۔ مرجوح بلا ریب فلا یعمل بہ۔ مع ان الثانی یزاحمہ القران **علاوہ**
اسکے اگر یہ حدیث قابل اندراج اس کتاب کے ہوتی۔ تو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ضرور ہی
اسکو درج کتاب فرماتے۔ **ایک** تو اس لئے اسمین اُم القرآن کا لفظ صراحتًا واقع تھا
دوم اس لئے کہ حنفیہ کے معارض صریح تھی۔ اور امام بخاری علیہ الرحمۃ کو حنفیہ کے خلاف
کی حدیث خدا دی۔ **قال العینی و البخاری** کثیرًا ما یتبع لما یرد علی ابی حنیفۃ
من السنۃ فیذکر الحدیث ثم یعرض بذکرہ فیقول قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کذا و کذا۔ ثم یقول وقال بعض الناس کذا ویشیر بہ الیہ ویشنع
بہ علیہ انتہی۔ پھر باوصف صراحتًا معارض ہونیکے۔ اسحدیث کو درج کتاب فرمانا۔ علت
سے خالی نہیں۔ الحاصل رجحان روایت مندرجہ کتاب بخاری) کا بھرحال ثابت و مبرہن
ہی **ثانیًا**۔ اقرا بام القرآن کی تخصیص میں وہ تمام باتین لازم آئینگے۔ جو کہ تخصیص
خبر واحد سے لازم آئین تھین **ثالثًا**۔ روایت احمد وغیرہ میں جو اقرأ بام القران ثم اقرأ
بما شئت اور اخیر مین وافعل ہذا فی صلوتک کلہا واقع ہی۔ اسکا مقتضی یہی ہے
کہ جملہ رکعات مین فاتحہ مع سورہ کی ضروری ہو وہو کما تری **حنیف قولہ** ای بخاری کے
مجمل جملہ سے عجیب استدلال کیا ہی الخ **اقول** یہ بخاری کا مجمل جملہ ایسا عجیب و غریب ہے جس کے
آگے ہزارہا تفصیلی جملے قربان ہیں اور اس جملہ نے اپنے رجحان کی باعث اہلو کو بخوبی

Marfat.com

باطل کر دیا۔ کما مر قبیل ھذا **قولہ** والحدیث یفسر بعضہ بعضًا **اقول** پہلے صاحب رسالہ نے فرمایا کہ لفظ ام القرآن جو اس حدیث میں ہے زیادتی ثقہ کی ہے اب فرماتے ہیں کہ تفسیر ما تیسر معک کی ہے۔ کتب اصول میں لکھا ہے کہ بیان تفسیر مجمل۔ مشترک۔ مشکل۔ اور خفی کے لئے لایا جاتا ہے۔ اب ہم استفسار کرتے ہیں کہ کلمہ **ما** کا ان میں سے کیا ہے۔ اور ان میں سے کس کی تعریف صادق آتی ہے۔ ہر عالم اصول کہیگا۔ کہ ان میں سے کسی کی تعریف لفظ **ما** پر صادق نہیں آتی۔ عدم صدق تعریف مشترک۔ مشکل۔ تو ظاہر ہی ہے۔ رہا مجمل اور خفی۔ سو عینی نے اسکا فیصلہ ہی کر دیا ہے۔ حیث قال ولا یجوز ان یکون مفسرًا لانہ لیس فیہ ابہامًا ومن قال ان کلمۃ ما مجملۃ فقد ابعد جدًا لانہ لا یصدق علیہ حد الاجمال کما ذکرناہ عنقریب انتھی مختصرًا۔ پوری عبارت عینی رحمہ اللہ کی بخوف طوالت ذکر نہیں کی گئی۔ من شاء فلینظرہ **قولہ** دوسرا جواب آہ **اقول** اسکا جواب اول جواب کے نمبر ۳ میں گزر چکا ہے فلا نعیدہ **قولہ** تیسرا جواب آہ **اقول** وہاں کے جملہ جوابات پھر یہاں بھی سمجھ لیجئے۔ **قولہ** ظنی کی تخصیص ظنی سے ممنوع نہیں۔ **اقول** درست ہے ظنی کی تخصیص ظنی سے ممنوع نہیں۔ جائز ہے الا اس تخصیص سے مخصوص بیکار ہو گیا۔ یعنی جب کہ ما تیسر معک من القرآن سے فاتحہ بخصوصہا مراد ہوئی۔ تو وہ بھی معارض قرآن ہو گیا۔ مطابقت حاصلہ اوسکی بھی جاتی رہی۔ اور قبل از تخصیص اوسمیں یہ بات موجود تھی۔ **قولہ** اس حدیث میں ما تیسر سے وہ قرآن مراد ہے جو فاتحہ کے سوا ہو۔ **اقول** (۱) ما تیسر سے مراد ماسوا فاتحہ کے لینا ظاہر کا سخت خلاف ہے۔ اسلئے کہ اس حدیث میں فاتحہ کا ذکر ہی کہاں ہے تاکہ ما تیسر کو حمل بر ما زاد علی الفاتحہ کے کیا جاوے۔ **قال العینی فی شرح البخاری** واما حملہ علی ما زاد علی الفاتحۃ۔ فمن این یدل ظاہر الحدیث علی الفاتحۃ

Marfat.com

حتی یکون قولہ ما تیسر دالا علی ما زاد علی الفاتحۃ انتھی۔ (۲) جبکہ ما تیسر سے محمول بر مازاد علے الفاتحہ ہو تو چاہیئے کہ فاتحہ مع تلک الزیادۃ فرض ہو۔ وانتم لا تقولون بہ۔ **قولہ** فاتحۃ الکتاب کی حدیث زیادہ غیر معارض ہے۔ اور زیادہ ثقہ کی بالاتفاق آپ کے نزدیک مقبول ہے **اقول** زیادہ ثقہ کی مقبول و نامقبول ہونیکا حال تو جواب اول کی نمبر (۱) سے بخوبی معلوم ہے ہو چکا ہے۔ فلا نکررہ۔ رہی یہہ بات کہ حدیث فاتحہ زیادہ غیر معارض ہے۔ (۱) تو جس حمل کا یہہ نتیجہ ہے وہ حمل ہی صحیح نہیں فکیف تکون غیر معارض (۲) بعد التسلیم اس تکلف سے معارضہ اس حدیث کا تو رفع ہوا۔ لا۔ قرآن کریم کا معارضہ جسکا رفع مقصود اہم تہا کسنے رفع کیا۔ وہ تو بدستور رہا۔ اوسکا بھی خیال چاہیئے تہا **قولہ** پس حدیث محتمل الوجوہ ہوگئی۔ اور محتمل حجت قطعی مثبت فرضیت نہین **اقول** (۱) ایسی مجرد احتمالات تو سلیک غطفانی کی حدیث میں دائر ہو سکتی ہیں۔ احتمال ہے کہ یہ حکم قبل از نہی کلام در صلوۃ و عند الخطبہ ہو۔ تا اوسکی حالت مفلوکیت کے اظہار کے لئے ایسا فرمایا ہو۔ یا اوسی کی خصوصیت ہو (۲) اس حدیث شریف کا محتمل الوجوہ ہونا کچھہ ہمکو مضر نہین کیونکہ ہمارے اصحاب حنفیہ کرام نے اثبات فرضیت قرات کا مدار اس حدیث پر ہی نہین کہا تا کہ اسکی عدم قطعیت مخل مقصود نہ ہو۔ بلکہ مثبت فرضیت قرات تو آیہ کریمہ ما تیسر من القران ہی اور احادیث کو مؤیدات ہی تصور کرتے ہیں فرضاً اگر یہ حدیث نہ بھی ہوتی تو کیا فرضیت قرات ہی نہ ہوتی فلا یضرنا کونہ محتمل الوجوہ **قولہ** اس اعرابی کی حدیث حجت ہے یا نہین۔ اگر نہیں تو اثبات مطلب میں کیوں لاتے **اقول** مدار اثبات مطلب اس حدیث پر نہیں۔ فرضیت کا مدار اور چیز پر ہے۔ او۔ واسطے تائید اثبات مطلوب کے اس حدیث کو لائے۔ ایسا لانا ممنوع نہیں۔ **قولہ** اس حدیث میں تو اور رکوع اور سجود کی طمانیت کا بھی حکم ہے اوسکو آپنے کیوں چھوڑ رکھا ہے۔ اوسی فرض کیون نہین کہتے۔ **اقول**

Marfat.com

(۱) اسی حدیث مین بیچ کے قعدے اور اوس میں التحیات پڑھنی اور فخذ بیسرے پر بیٹھنے
کے لیئے بہی فرمایا ہے۔ جیساکہ **ابوداؤد** مین رفاعہ بن رافع کی روایت مین ہے۔ فاذا
جلست فی الصلوۃ فاطمئن وافترش فخذک الیسری ثم تشہد الحدیث ص ۱۲۶
اوراسی حدیث مین وضع الکفین علی الرکبتین فی الرکوع کے لیئے بہی فرمایا۔ جیساکہ
رفاعہ کی دوسری روایت میں **ابوداؤد** نے روایت کیا ہے واذا رکعت فضع راحتیک
علی رکبتیک الحدیث ص ایضاً اوراس مین فاتحہ کے بعد سورہ پڑھنے کیواسطے بہی
فرمایا۔ کما ہو فی روایۃ احمد ثم اقرأ بام القرآن ثم اقرأ بما شئت الحدیث وافعل
ذلک فی صلوتک کلہا۔ تو اکثر روایتون مین وارد ہے۔ اور بعض روایت اس حدیث
مین **ثنا**۔ اور جلسہ استراحت بہی آیا ہے۔ یہ مذکورہ امور بہی اس حدیث مین وارد ہین
تو پھر آپ انکو کیوں فرض نہین کہتے۔ ان کے فرض ہونیسے کیون منکر ہین۔ اور صاف
الفاظ کو بھی آپ فرماوین۔ امر کا عجب من العجائب واغرب من الغرائب۔ یا
ابا العجائب اخذت شیئا وترکت شیئا حفظت بعضاً ونسیت بعضاً۔ نصحت
غیرک ونسیت نفسک وصرت مصداقا لقولہ تعالی شانہ۔ لم تقولون ما لا
تفعلون۔ پس جو جواب ان امور سے آپ دینگے وہی ہماری طرف سے بھی تصور فرماوین (۲)
روی البخاری بسندہ عن ابن عمران رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہے
یوم خیبر عن اکل الثوم وعن لحوم الحمر الاہلیۃ ص ۹۰۶ اس حدیث میں بہی حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے لہسن اور حمر اہلیہ کے لئی نہی فرمایا ہے۔ پہر دونوں کو آپ حرام کیوں
نہیں کہتے۔ جو جواب آپ دینگے وہی جواب اسکا بھی سمجہین **قولہ** کیونکہ اس حدیث
مین مذکور نہیں **اقول** (۱) نووی نے **شرح صحیح مسلم** مین اسکا جواب
یون دیا ہے۔ لان الواجبات الثلثۃ المذکورۃ کانت معلومۃ عند السائل فلم یحتج
الی بیانہا انتہی۔ اور قسطلانی بخاری کی شرح مین لکھتا ہے انما لم یذکر لہ علیہ السلام

Marfat.com

بقیۃ الواجبات فی الصلوۃ کالنیۃ والقعود فی التشہد الاخیر - لانہ
کان معلوماً عندہ - اولعل الراوی - اختصر ذلک انتہی (۲) راقم سطور
کہتا ہے - کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اعرابی کو فرائض داخلیہ یعنے ارکان نماز
کے تمامہا تعلیم فرمائے - اون میں سے کسیکو ترک نہیں فرمایا - اگرچہ
بعض خارجیہ کو بھی بمقتضائے وقت او بغرض تعلیمہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرمایا
اس لیے نیت اور قعدہ اخیرہ بھی ذکر نہ فرمایا - نیت کا خارج از ارکان ہونا تو
ظاہر ہی ہے قعدہ اخیرہ بھی ارکان میں داخل نہیں قال العینی فی شرح
الھدایۃ ذکر فی الایضاح اما القعدۃ الاخیرۃ فمن جملۃ الفروض و
لیست من الارکان لان رکن الشئ ما یفسر بہ ذلک الشئ و تفسیر الصلوۃ
لایقع بالقعدۃ - وانما یقع بالقیام والقراءۃ والرکوع والسجود انتہی و
قال ابن الھمام فی شرح الھدایۃ - و اعلم ان القعدۃ فرض غیر رکن لعدم
توقف الماھیۃ علیہا شرعاً - لان من حلف لایصلی یحنث بالرفع من السجود
دون توقف علی القعدۃ فعلم انہا شرعت للخروج وھذا لان الصلوۃ افعال
وضعت للتعظیم ولیس القعود کذلک بخلاف ما سواہ انتہی ص۱۱۲ **قولہ**
پس اسیطرح فرضیت فاتحہ بھی کسی اور دلیل سے ثابت ہو **اقول** اگرچہ یہ بات
مسلم ہے کہ فرائض کے حصر اس حدیث میں نہیں اور اور دلائل سے ثابت ہیں - مگر
فاتحہ کی فرضیت کی دلیل ہنوز معلوم نہیں ہوئی - اور جو دلیل فرضیت فاتحہ
کی صاحب رسالہ نے بیان فرمائی ہے وہ ظنی مدخول فیہ ہے - جیسا کہ تفصیلی
جوابوں سے سابق میں معلوم ہوچکا ہے فتذکرہ - فلا یضرنا ھذا الکلام
قولہ عینی نے اسی حدیث سے استدلال پکڑا ہے اور امام **نووی** پر تین اعتراض
جمائے ہیں **الاعتراض الاول** لو کان (الفاتحۃ) فرضاً لامر النبی صلی

اللہ علیہ وسلم لان المقام مقام التعلیم **اقول** عینی علیہ الرحمۃ نے بخاری کی شرح
میں یہہ عبارت لکھی ہے - قولہ ما تیسّر معک من القرآن یدل علی ان الفرض مطلق
القراءۃ وھو حجۃ واضحۃ للحنفیۃ علی عدم فرضیۃ القراءۃ الفاتحۃ - اذ
لو کانت فرضًا لامر النبی صلی اللہ علیہ وسلم لان المقام مقام التعلیم والبیان
انتھی - اب فرمائے کہ اس عبارت میں کونسا جملہ وارد ہے - کہ عینی نے - نووی پر اعتراض
جمایا ہے - بلکہ یہہ کلام نصًا صریحًا اسپر دال ہے - کہ عینی نے فاقرؤا ما تیسّر معک
من القرآن کا مدلول بیان فرمایا ہے نہ کہ اعتراض جمایا ہے کما فہمہ صاحب الرسالۃ
خیر ہمنے فرضًا تسلیم کیا کہ اعتراض ہی ہے - نووی پر نہ سہی کسی اور پر ہی سہی - تو
بھی غرض عینی رحمہ اللہ کی یہہ ہے - کہ یہ جملہ اس حدیث کا جو بخاری شریف مین
مرجح معمول بہ واقع ہے - نہ وہ جملہ بخاری کا جو جزو القراءۃ یعنی ام القرآن مرجوح
متروک ہے کما مرّ منا التحقیق قبل ذلک) اوسکا مدلول صریح عموم ہے - نہ خصوص -
فہذا الکلام حق لا سترۃ فی ذلک لان ظاہر ھذہ الروایۃ التی وقعت فی البخاری
تدل علی العموم لا علی الخصوص فلا یرد ما اورد علیہ - دیکھو **نووی کہتا ہے** -
فہذا الحدیث مشتمل علی فوائد کثیرۃ - ولیعلم اولا انہ محمول علی بیان الواجبات
دون السنن انتہی - تو غرض نووی رحمہ اللہ کی یہی ہے کہ اس حدیث مذکور فی المسلم کا
یہ حال ہے ورنہ اگر اسکی جملہ طرق کا لحاظ کیا جاوے تو یہ کلام نووی کا کب صحیح ہے کیونکہ
اسحدیث کے اور طرق مین تو سنن بلکہ آداب بھی مذکور مین کما لا یخفی علی ناظریہا
وقد مرّ قبیل ذلک ما یلوح منہ ھذا **قولہ** والجواب اما اولا فلامر النبی
صلی اللہ علیہ وسلم کما رأیت فی روایۃ البخاری **اقول** اما اولا فانہ رحمہ
اللہ علیہ فی صدد بیان مدلول ھذہ الروایۃ التی وقعت فی البخاری بقرینۃ قولہ
قولہ ما تیسر معک من القرآن یدل علی الخ - لا ما وقع فی کذا کذا **واما ثانیا**

Marfat.com

ماروى البخاري في جزو القراءة فهو مرجوح متروك كما مر تحقيقه - فصار
كانه امر يأمر لان وجوده كالعدم ثبت اذ لو كانت الفاتحة فرضا الخ **واما**
ثالثا لو كانت هذه الرواية على شرط البخاري رحمه الله لاورده في كتابه الشريف
لانها كانت صريحة في وجوب ام القران فلا تراجم ما في الكتاب **قوله**
واما ثانيا الى اخر ما قال لان المقام مقام التعليم **اقول** اما اولا فقد كان
ذلك معلوما له على ما قاله النووي والقسطلاني - فتعليمه يكون تحصيلا
للحاصل واما ثانيا فانه صلى الله عليه وسلم لم يكن بصدد تعليم الاركان القعدة
الاخيرة ليست بركن للصلوة على ما اشرنا فلا يضرنا عدم ذكرها **قوله** فان
قلت الخ **اقول** لا حاجة لنا الى ليت ولعل وأى داع يدعو الى ارتكاب هذه
التكليفات الباردة وعدم ذكر القعدة لا يخل بالمقصود لما سبق **قوله**
اما ثالثا **اقول** اما اولا - فقد كان عالما بها على اختيار النووي والقسطلاني
واما ثانيا فلما ذكرنا في القعدة الاخيرة لان النية ايضا ليست بركن للصلوة فلا
حرج في عدم تعليمه النية على اختيار اصحابنا **قوله** اما رابعا ففي رواية البخاري
الى اخر ما قال فلا بد عندك ان تكون هذه الاشياء فرائض آه **اقول** غرضه
رحمه الله انه صلى الله عليه وسلم علمه في هذا الحديث المذكور في البخاري - اركان
الصلوة كلها وما ترك منها شيئا فلو كانت الفاتحة ركنا لعلمه لان المقام مقام
التعليم **لا** ان جميع ما علمه فهو ركن فاندفع ما قيل عليه **قوله** جاء في رواية
ابي داود فان كان معك قران فاقرأ والا فاحمد الله وكبره وهلله الخ اقول
قال النووي في شرح البخاري - اما حديث ما تيسر معك من القران فمحمول على من
عجز عن الفاتحة انتهى - يعني من عجز عن قراءة الفاتحة ويقدر على ماسواها - من
القران - فله ان يقرأ ما تيسر من القران ومدلول كلامه صلى الله عليه وسلم في رواية

Marfat.com

ابی داؤد۔ انکان معك قرآن فاتحة کانت اوغیرها فاقرأ ان لم تعلمه مطلقا او عجزت عنه فاحمد الله الحدیث فاین هذا من ذلك آو نقول مدلول کلام النووی ان من عجز عن الفاتحة ویقدر علی ما سواها۔ ومدلول کلامه صلی الله علیه وسلم ان من عجز عن القرآن فهل جازت صلوته۔ فلیت شعری ما حمله علی هذا الحمل وکیف قال ان الحمل صحیح مع ان بین الکلامین بعد مراحل۔ فثبت ان قول العینی فحمل غیر صحیح صحیح لانه لیس فی الحدیث شئ یدل علیه فلیتامل الناظر فی ذلك ولینصف **قوله۔ الاعتراض الثالث الخ اقول** قال علیه السلام للاعرابی۔ اذا قمت الی الصلوٰة فکبر ثم اقرأ ما تیسر معك من القرآن الحدیث رواه البخاری۔ قال النووی فی شرح هذا الحدیث۔ اما حدیث ما تیسر فمحمول علی الفاتحة فانها متیسرة انتهی۔ یعنی به ان ما تیسر من القرآن هو الفاتحة لا غیر قال العینی هذه تمشیة لمذهبه بالتحکم۔ وکل هذا خارج عن معنی کلام الشارع اما قوله فالفاتحة متیسرة فلا یدل علیه ترکیب الکلام اصلا لان ظاهره یتناول الفاتحة وغیرها مما یطلق علیه اسم القرآن۔ وسورة الاخلاص اکثر تیسیرا من الفاتحة فما معنی تعیین الفاتحة فی التیسیر وهذا تحکم بلا دلیل انتهی مختصرا **قوله** الواجب والفرض فی العمل سواء وانکار التیسیر بعد اختیار الوجوب او الفرضیة تحکم **اقول** کلام العینی ناظر الی ان الحکم بحصر ما تیسر من القرآن فی الفاتحة تحکم لا یدل علیه ترکیب کلام الشارع اصلا لان مدلوله الصریح یتناول الفاتحة وغیرها مما یطلق علیه اسم القرآن فما معنی قوله ان ما تیسر هو الفاتحة لا غیر فهل هذا الا تحکم بلا دلیل۔ واختیار الوجوب والفرضیة لا مدخل له فی التیسیر فثبت ان قیل المعترض تحکم۔ تحکم بلا دلیل۔ بل

Marfat.com

فائدہ لطیفہ

الانصاف ما اتی المجیب فی رد ھذا الاعتراض شئ یعتمد به ویعتمد علیه۔
فائدۃ لطیفۃ واعتراض العینی علی النووی اعتراضا رابعا وما حاله
حوله صاحب الرسالة والوجه لدیه۔ وهو هذا قال النووی اما حدیث
ما تیسر محمول علی ما زاد علی الفاتحة بعدها انتهی ملتقطا۔ قال العینی واما
قوله علی ما زاد علی الفاتحة بعدها۔ فمن این یدل ظاهر الحدیث علی
الفاتحة حتی یکون قوله ما تیسر الا علی ما زاد علی الفاتحة **ومع هذا** (۱)
اذا کان مامورا بما زاد علی الفاتحة یجب ان تکون تلك الزیادة ایضا
فرضا مثل الفاتحة ولم یقل به الشافعی رحمه الله انتهی ملتقطا **قوله**
یہ حدیث جعفر بن میمون سے روایت ہے۔ اور وہ ثقہ نہیں **اقول** (۱) تقریب
التھذیب میں لکھا ہے جعفر بن میمون التمیمی صدوق یخطی من السادسة
انتھی۔ اور میزان الاعتدال میں ہے جعفر بن میمون قال مرۃ صالح
الحدیث۔ وقال الدارقطنی یعتبر به وقال ابن عدی لم ار حدیثا منکرا
انتھی بحذف البعض۔ اگرچہ جعفر بن میمون میں بعض ثقات کی کلام ہے الا یہ کلام
بنسبت محمد بن اسحاق کے کلام کے نہایت ہی کمتر ہے۔ **یحیی بن قطان** کہتا ہے
اشهد ان محمد بن اسحاق کذاب اور سلیمان تیمی نے بھی ایسا ہی کہا ہے۔ اور
حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اوسکو دجال من الدجاجلہ فرمایا ہے۔ دیکھو
میزان الاعتدال جبکہ اوسکی حدیث کو آپ بلا دغدغہ قبول فرماتے ہیں تو
پھر اس میں کیا تامل ہے علی انه قد ضعفه احمد وجماعة کما ذکره العلامة
الزیلعی (۲) جعفر بن میمون کے طریق میں کلام ہی سہی۔ اس طریق کے سوا
اس حدیث کا اور بھی طریق ہے۔ جس میں جعفر بن میمون نہیں **روی الطبرانی**
فی معجمه الاوسط من حدیث ابراهیم بن طهمان عن الحجاج بن ارطاة عن

Marfat.com

عبد الکریم عن ابی عثمان عن ابی هریرة قال امرنی رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم ان انادی فی اهل المدینة ان لا صلوٰة الا بقراءة ولو بفاتحة

الکتاب انتهی ذکرہ الزیلعی فی تخریج احادیث الهدایة ۔ اور اس حدیث کا

اور بھی طریق ہے اخرج ابو محمد الحارثی فی مسندہ ۔ وابن عدی ۔ لکن

اس طریق کو زیلعی نے کہا ہے کہ ضعیف ہے ۔ (۳) جعفر بن میمون کا طریق

ضعیف ہی سہی ۔ الا چونکہ اوسکی مؤید قرآن ۔ اور حدیث فاقرؤا ما تیسر من القرآن

ہے پس جبر ضعف کا ہوا **قولہ** آپکی روایت اس روایت سے کسطرح بڑھ کر نہیں **اقول**

اس روایت میں بھی وہی جعفر بن میمون موجود ہے ۔ پھر اس روایت کو کسطرح ترجیح

اور فوقیت ہے ۔ **روی** ابو داؤد حدثنا ابن بشار اخبرنا یحیی اخبرنا جعفر

عن ابی عثمان عن ابی هریرة قال امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان انادی

انہ لا صلوٰة الحدیث انتهی **قولہ** یہ حدیث احادیث مصرح بفرضیت کا مقابلہ

کب کر سکتی ہے **اقول** (۱) وہ احادیث مصرح ہی کہاں ہیں ۔ اور جو بیان ہوئی

ہیں وہ مثبت فرضیت نہیں ۔ جیسی جابجا معلوم ہو چکا ہے (۲) اگر یہ حدیث

تن تنہا ہی ہوتی تو شاید ۔ جبکہ اس کے مؤید اور معاضد اور احادیث صحاح اور قرآن

موجود ہے ۔ تو پھر مقابلہ نہ کرنے کی کیا وجہ ۔ **قولہ** ابو ہریرہ کا فتوی اسکے خلاف

ہے ۔ الی آخر ما قال آپ کی اصول میں وہ روایت حجت نہیں رہتی **اقول** یہ قاعدہ ہمارے

اصول میں اسطرح ہی وان عمل الراوی بخلاف ما روی قبل الروایة لا یجرح

لجواز انہ کان مذهبه ... بالحدیث وکذا اذا لم یعلم التاریخ لانہ حجة

بیقین فلا تسقط بالشک تلویح وتوضیح ص ۳۱۶ اب آپ ہی تاریخ بیان فرما دیجیے

یقینی نہیں تو ظنی ہی سہی پھر ہمارا عمل اور ہماری اصول کا قاعدہ کیونکر ٹوٹا ۔

اور یہ حدیث ہماری اصولی قاعدہ کے موجب قابل عمل ہی رہی صاحب ! ۔

Marfat.com

نے اس قاعدہ کی تفصیل ملاحظہ نہین فرمائی۔ ورنہ یہ اعتراض نہ کرتے **قولہ**
القرآن معرف باللام ہے اور حنفیہ کے اس اصل کو الف لام مین عہد اصل ہے
اقول اولاً عند العلماء مشہور یہہ ہے۔ کہ لام چار قسم پر منقسم ہین **اللام۔**
بالاجماع لتعریف مدخولها فاما ان یشار بها الی الحقیقة من حیث هی هی من غیر
نظر الی الافراد۔ فهی لام الجنس۔ واما ان یشار بها الی حصة معنیة من الحقیقة
فهی لام العهد الخارجی۔ او الی حصة غیر معنیة من الحقیقة وهی لام العهد
الذهنی۔ او الی جمیع افرادہ الحقیقة فهی لام الاستغراق۔ فالاول مثل
الرجل خیر من المرأة۔ والثانی مثل جاءنی رجل فقال الرجل کذا۔ والثالث
مثل ادخل السوق۔ والرابع مثل ان الانسان لفی خسر الا الذین امنوا وعملوا
الصلحت۔ هذہ خلاصة ما فی التلویح اور الف لام کی اقتضا عموم میں علماء کے
تین مذہب ہین **الاول** اذا کان هناك معهود حملت علی العهد فان لم
یکن حملت علی الاستغراق والیه ذهب جمهور اهل العلم **والثانی**
انها تحمل علی الاستغراق الا ان یقوم دلیل علی العهد **والثالث** انها
تحمل عند فقد العهد علی الجنس عن غیر استغراق اب استفسار طلب یہہ امر
ہے۔ کہ القرآن میں عہد ذہنی ہے یا خارجی۔ اگر ذہنی ہے تو ذہنی کا مشار الیہ الحصہ
غیر معین ہوتا ہے کما مر لہذا اسکو حکماً نکرہ کہتے ہیں۔ پس اس تقدیر پر معنی
آیت کے یہہ ہوے۔ جبکہ کوئی حصہ قرآن کریم کا ر فاتحہ ہو یا اوس کے سوا) پڑھا جاوے
تو اوسکو سنو۔ اور چپکے رہو۔ کچھ نہ پڑہو۔ اور حدیث شریف کا مضمون یہہ ہے
کہ فاتحة الکتاب پڑہو۔ چپ نہ رہو۔ پہر تطبیق سہل کیونکر ہوئی۔ **الحاصل**
اس تقدیر پر معنی آیت کے توصیح التطبیق سہل نہیں **ہان** وہ تطبیق جو کہ جابر
رضی اللہ عنہ نے دی ہی البتہ وہ سہل ہے۔ یعنے لا صلوٰۃ الا بفاتحة الکتاب

Marfat.com

اذا کان وحدہ ذکرہ الترمذی یعنی یہ حدیث منفرد کے لئے ہی مقتدی کو نہیں اور آیت کریمہ اذا قرئ القران فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون مقتدی کیواسطے ہے۔ یہ تطبیق آسان اور سہل ہے۔ علاوہ ازان صحابی جلیل القدر۔ لغت دان محاورہ شناس۔ عالم النصوص۔ صاحب الصحبت۔ کی ہی۔ اور یہی مختار حنفیہ کرام کا ہے۔ اور اگر عہد خارجی ہے تو مشارٌ الیہ خارجی کا ایک خاص معین حقیقت کا ہونا ہے اور وہ مسبوق الذکر ہی ہونا چاہیے **کقولہ تعالیٰ** فارسلنا الی فرعون رسولا۔ فعصیٰ فرعون الرسول **و** کقول القائل جاء رجل فالرجل کذا۔ پھر یہاں کونسا حصہ خاص قرآن کا مسبوق الذکر ہے۔ کہ وقت پڑہنے قرآن کے بخصوصہا اوسی کا سننا فرض ہے۔ اور کونسا قرینہ اوس خاص حصہ کی تقرر پر دال ہے۔ اسکی علاوہ۔ اس تقدیر پر معنی آیت کے یہ ہوئے۔ جبکہ ایک خاص حصہ یعنی فلان آیت۔ یا فلان سورت۔ قرآن کریم کی پڑہی جاوے تو اوسکو سنو۔ کہ اوسی کا سننا وقت قرأت قرآن کی فرض ہے۔ اور فلان آیت یا فلان سورۃ۔ جبکہ پڑہی جاوے۔ تو تمہیں اختیار ہے۔ سنو یا نہ سنو۔ فرض نہیں **وھو کما** تری سخیف جدًا۔ لایقول بہ احد ولا تقتضیہ الآیۃ **ثانیا** القرآن کا لفظ معرف باللام۔ کتاب کریم میں بہت جگہہ واقع ہے۔ حسب تجویز مؤلف رسالہ کے وہان بھی عہد ہونا چاہیے۔ وھو بمراحل بعید عن التحقیق۔ وایضًا لایستقیم المعنی کما لایخفی علی من لہ قلب سلیم۔ قال عز من قائل ولقد صرفنا فی ھذا القران **وایضًا** ما انزلنا علیک القران لتشقی **وایضًا** طٰس تلک آیات القران وکتاب المبین **وایضًا** ان الذی فرض علیک القران لرادک الی معاد **وایضًا** یٰس۔ والقران الحکیم **وایضًا** ولقد ضربنا للناس فی ھذا القران من کل مثل لعلھم یتذکرون **وایضًا** قٓ۔ والقران المجید

Marfat.com

وایضًا ولقد یسّرنا القرآن للذکر **وایضًا** الرحمٰن علّم القرآن۔
وایضًا اذا قرأت القرآن فاستعذ باللّٰہ **وایضًا** انّ ھٰذا القرآن
یہدی للتی ھی اقوم ط انکے ماسوا کثیرًا من المواضع میں القرآن کا لفظ
معرف باللام واقع ہے ولا معنی العہد فی ھٰذہ المواضع کما لا یخفی **قولہ**
امر بالشئ اسکی ضد کی نہی کا مستلزم نہیں دیکھو اپنا اصول **اقول** حسب الحکم
ہمنے فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت دیکھی تو اس میں یہ قال کھلی **مسئلہ**
وجوب الشئ یتضمن حرمۃ ضدہ وقیل الامر بالشئ یقتضی کراھۃ ضدہ
وقیل الامر بالشئ نفس النہی عن ضدہ وقیل لیس الامر نہیًا عن الضد
ولا متضمنًا لہ عقلا وعلیہ المعتزلۃ وعامۃ الشافعیۃ انتہی مختصرًا۔
پھر نور الانوار تو اسمیں یہ عبارت پائی قیل الامر بالشئ یقتضی النہی عن
ضدہ والنہی عن الشئ یکون امرًا بضدہ فیدل الامر علی تحریم ضدہ
والنہی علی وجوب ضدہ۔ فان کان لہ ضد واحد فیھا وان کانت لہ
اضداد کثیرۃ ففی الامر یحرم اضدادہ۔ وفی النہی یکفی لہ الاتیان بواحد
من الاضداد غیر معین۔ وھٰذا ھو مختار الجصاص۔ وعندنا الامر بالشئ
یقتضی کراھۃ ضدہ انتہی مختصرًا۔ ازاں بعد حصول المامول کو دیکھا
اسمیں صاف ہی ہے ذھب الجمہور من اھل الاصول ومن الحنفیۃ والشافعیۃ
والمحدثین الی ان الشئ المعین اذا امر بہ کان ذلک الامر بہ نہیًا عن الشئ
المعین المضاد لہ۔ سواء کان ضدًا واحدًا او کان الضد متعددًا الی آخر
ماقال۔ وقال الرازی۔ والقاضی ابوزید۔ والصیرفی۔ وصدر الاسلام
واتباعھم من المتاخرین۔ الامر یقتضی کراھۃ ضدہ ولوکان ایجابًا انتہی
مختصرًا وملتقطًا اور تلویح وغیرہ کے عبارات نقل نہیں کیگئی۔ خوفًا للاطناب

Marfat.com

اب گزارش ہے۔ کہ ہماری اصول میں تو یہی لکھا ہے۔ امر بالشئ مستلزم نہی ضدہ اور کراہتہ ضدہ کا ہے آپنے کہاں سے اسکی نفی کا التزام فرمایا۔ کسی کتاب میں لکھا پایا۔ یا سنا سنایا ہے الزام لگایا۔ پس مطلق قرات یا قرات فاتحہ کی نہی یا کراہتہ واسطے مقتدی کے اس آیہ شریفہ سے ثابت ہوئی **قولہ** استماع کی تخصیص جہری نمازوں کے ساتھ اور انصات کی سریہ کے ساتھ مستلزم ظنیت عموم ہے

اقول۔ تفسیر کبیر مین ہے۔ الانصات السکوت والاستماع۔ یقال نصت وانصت وانتصت بمعنی واحد انتھی اور **فتح القدیر** میں ہے الانصات لا یخص الجھریۃ لانہ عدم الکلام لکن قیل ان السکوت للاستماع لا مطلقا وحاصل الاستدلال بالایۃ ان المطلوب امران الاستماع۔ والسکوت۔ فیعمل بکل منھما والاول یخص الجھریۃ والثانی لا۔ فیجری علی اطلاقہ فیجب السکوت عند القرآءت مطلقا وھذا بناء علی ان ورود الایۃ فی القرآءت فی الصلوۃ وھو کذلک الخ حاصل ترجمہ چپکے رہنا نمازوں جہریہ کی ساتھ مخصوص نہیں۔ کیونکہ انصات کے معنے نکرنا کلام کا ہے۔ اور کسی کا کہنا کہ چپکے رہنا واسطے سماع قرآن کے ہی۔ پس سریہ میں سکوت آیت سے ثابت نہوئی۔ تو اوسکا جواب یہ ہے۔ کہ آیت مشتمل دو حکم پر ہی۔ اول استماع قرآن دوم چپکے رہنا۔ فاستمعوا مخصوص بجہر ہے۔ وانصتوا جہریہ سریہ دونوں کو شامل ہے۔ پس مقتدی کو چپکے رہنا نماز جہریہ اور سریہ میں لازم ہوا۔ اور یہ دلیل اسپر مبنی ہی کہ ورود اس آیۃ کا درباب قرات فی الصلوۃ ہو۔ سو یہ امر ایسا ہی ہے **الی آخرہ** اب گزارش ہی اول تو کلام صاحب رسالہ کے ماذکر کے خلاف ہی۔ خیر اس سے قطع نظر مقصود اس کلام سے یہ ہے کہ فاستمعوا اپنے معنے موضوع لہ میں (یعنی جب قرآن جہر اپڑھا جاوی تو سنو) مستعمل ہی

Marfat.com

تو پھر ظنیت کہاں سے آگئی۔ پس اب آیۃ کریمہ اپنی عموم پر ہی مخصوص نہیں فلا یجوز تخصیصہ بالظنی **قولہ** یہ آیۃ اپنے اطلاق عموم پر بالکل نہیں الی آخر ما قال تخصیص خبر واحد سے ممنوع نہ ہوگی **اقول** قبل از جواب تین مسئلوں کا بیان کرنا ضروریات سے ہے۔ تاکہ مسئلہ تخصیص کی حقیقت پوری پوری معلوم ہو۔

مسئلہ اول تخصیص مصطلح کی تعریف والتخصیص فی الاصطلاح ھو قصر العام علی بعض مسمیاتہ بکلام مستقل موصول۔ فان لم یکن کلاما بان کان عقلا او حسا او عادۃ او نحوہ لم یکن تخصیصا اصطلاحا ولم یعد ظنیا۔ وکذا ان لم یکن مستقلا بل کان بغایۃ او شرط او استثناء او صفۃ وسیجئ تفاصیلھا۔ وکذا ان لم یکن موصولا بل کان متراخیا لا یسمی تخصیصا بل یسمی نسخا انتھی نور الانوار من عینہ۔ **مسئلہ ثانیہ** مخصص کی تاخیر جائز ہے یا نہ۔ **مسلم الثبوت** میں لکھا ہے لا یجوز تاخیر المخصص عند الحنفیۃ۔ خلافا للشافعیہ۔ وفی موضع اخر منہ۔ والحق ان المتراخی ناسخ اولا کان او ثانیا انتھی۔ اور **تلویح** میں ہے و مذھبنا فی المتاخر انہ نسخ لا تخصیص انتھی **مسئلہ ثالثہ** عام وضعا اپنے جملہ افراد کو مستغرق ہے۔ اور جس افرادوں کو متناول ہے اون افراد میں اوسکا حکم قطعی ہے۔ تو تخصیص عام جبتک کہ قطعی کے ساتھ نہ ہو لے ظنی (یعنی خبر واحد وقیاس) سے جائز نہیں۔ کیونکہ جب عام اپنے جملہ افراد کو من حیث الوضع مستغرق ہے۔ تو بعض پر اطلاق کرنا یا اطلاق علی الکل الجزو یا تسمیۃ الجزو باسم الکل کے قبیلہ سے ہے۔ پس احتمال تخصیص عام میں ایسا ہی جیسا کہ احتمال مجاز حقیقت میں ہی۔ اور ظاہر ہے کہ احتمال مجاز قطعیہ معنی حقیقی کو مضر نہیں۔ جبتک کہ کوئی قرینہ صارفہ عن الحقیقۃ نہ ہو **فی التوضیح** وعندنا ھو قطعی

Marfat.com

مساوٍ للخاص ويجئ معنى القطع فلا يجوز تخصيصه لواحدٍ منهما۔ مالم يخص بقطعي۔ لان اللفظ متى وضع لمعنى كان ذلك المعنى لازماً له الا ان تدل القرينة على خلافه۔ ولو اراد البعض بلا قرينة۔ لارتفع الامان عن اللغة والشرع بالكلية۔ لان خطابات الشرع عامة والاحتمال الغير الناشئ عن دليل لا يعتبر فاحتمال الخصوص ههنا كاحتمال المجاز في الخاص

انتہی مذکورہ مسائل سے ثابت ہوا۔ کہ تخصیص مصطلح وہ ہے کہ کلام مستقل موصول سے ہو۔ بحکم مسئلہ اولے کے۔ اور متاخر کو ناسخ کہتے ہیں۔ نہ تخصیص بحکم مسئلہ ثانیہ کے۔ اور مجرد احتمال غیر الناشی عن دلیل عام کو قطعیت سے خارج نہیں کرتا۔ بحکم مسئلہ ثالث کے۔ کیونکہ اگر مجرد احتمال سے عام ظنی ہو تو چاہیئے کہ خاص بھی ظنی ہو۔ اسلئے کہ اس میں بھی احتمال مجاز قائم ہے اور وَارْكَعُوْا بھی ظنی ہو۔ کیونکہ رکوع بمعنے اِنحنا ہے۔ اس میں احتمال ہے کہ کسی طرح کا انحنا ہو۔ اور کسیطرف ہو۔ اور محتمل کہ بمعنی مجازی ہو۔ اور وَاسْجُدُوْا بھی ظنی ہو۔ کیونکہ سجدہ کے معنے وضع الجبهة علے الارض ہیں۔ اسمیں احتمال ہے کہ وضو سے ہو یا بغیر وضو ہو۔ قبلہ کیطرف ہو یا جنوب وشمال کیطرف۔ اور احتمال ہے کہ بمعنی مجازی ہو۔ اور اٰمَنُوْا بھی ظنی ہو کیونکہ ایمان بمعنی گرویدن یعنی مان لینا ہے۔ اسمیں احتمال ہے کہ صرف زبانی ہو۔ اور جائز ہے کہ بمعنی مجازی ہو وغیرہ وغیرہ۔ خاص خاص احکام کا ذکر کیوں کیا جاوے۔ بلکہ چاہیئے کہ بہ تجویز صاحب رسالہ کے کوئی حکم قرآنی اور نبوی قطعی نہ ہو۔ کیونکہ مجرد احتمال وہمی تو ہر ایک میں پیدا ہو سکتا ہے۔ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوۃ وغیرہ احکامات سب کو ظنی کہنا چاہیئے۔ قطعی کا نام ونشان ہی نہ رہا۔ الغرض ایسے ایسے احتمالات وہمیہ تو ہر ایک حکم میں موجود ہیں۔ پھر چاہیے کہ کوئی حکم قطعی نہ ہو وہو ظاہر البطلان۔

Marfat.com

پس تمام حکم اپنے افراد کو قطعاً اور یقیناً شامل ہے۔ اور متناول ہے۔ جبتک کہ کسی
قطعی دلیل سے مخصوص نہو ہوئی۔ اوسکی تخصیص خبر واحد سے۔ جو ظنی ہے جائز نہیں
اسلئے کہ جسکو قطعی متناول قطعاً اور یقیناً ہے اوسکا ابطال ظنی سے کب جائز ہے
اور طرفہ یہ ہے کہ لاصلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب میں احتمال نفی فضیلت اور
اجزا کا ناشی از دلیل موجود و قایم ہے۔ پھر اسکو تو بلا وغدغہ قطعی مثبت فرضیت مان
لیا۔ ظنیت نے یہاں کچھہ اثر ہی پیدا نکیا۔ اس تفصیلی جواب سے صاحب رسالہ
کی آیندہ جواب بھی بہت سے رد ہو گئے فاحفظہ فانہ ینفعک علاوہ اسکے مشرق
میں پڑھی۔ تو مغرب والونکو سننا اور چپ رہنا کہنا مقتضے فاستمعوا کا اسکی
رد کے لئے کافی ہے کیونکہ فاستمعوا کا مقتضی۔ مقتضی ہے۔ کہ چپ رہنا اون
لوگونکے لئے ضروری ہے۔ جو کہ استماع کر سکیں۔ مشرق میں پڑھنے سے مغرب والے
استماع نہین کر سکتے صاحب رسالہ نے فاستمعوا کے لفظ کیطرف خیال
نفرما کے مونہہ آئی بات کہدے۔ گو کہ لفظ مقتضی ہو یا نہو **قولہ** آیت عام ہے
اور عام کی تخصیص سنت ثابتہ سے صحابہ کرام نے جائز رکھی ہے **اقول** سنت ثابتہ
یعنی قطعیہ مشہورہ اور متواترہ سے صحابہ کرام نے تخصیص جائز رکھی ہے۔ وھذا ھو
مذھب اصحابنا الحنفیۃ الکرام۔ اور سنت ظنیہ سے جائز نہیں فلا یضرنا
ھذا المقال **قولہ** تخصیص خبر واحد سے صحابہ کا معمول تہا **اقول** جن صحابہ
نے خبر واحد سے تخصیص جائز رکھی ہے۔ اوسکا نام او وہ حدیث بیان میں لائی
حتی نزاعا۔ اور جناب حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے جو حدیث نحن معاشر الانبیاء
لا نورث ما ترکناہ فھو صدقۃ سے استدلال فرمایا۔ اول تو یہ حدیث خبر واحد
ہی نہیں کما تحقیقہ۔ دوم اگر فرضنا تسلیم کریں تو اوس کی قطعیت فوق التواتر خلیفہ
اول رضی اللہ عنہ کے نزدیک ہے۔ لانہ سمع مشافہۃ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

دیکھو بحر العلوم فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت میں لکھتے ہیں ولو سلم العموم فلیس ھذا من الباب فی شیء فان تخصیص خلیفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما کان لانہ کان قاطعاً عندہ مثل قطعیۃ الکتاب فانہ سمع مشافھۃ فالقطع فیہ فوق القطع من المتواتر ومن ھھنا ظھر لك ان ماجرح بہ الخبیث النصیر الطوسی فی شان **صدیق الاکبر** انہ خصص الکتاب بخبر الواحد۔ لمن غایۃ حماقتہ وبلادتہ وجھلہ عصمنا اللہ ولسائر المسلمین عنہ۔ واما تخصیص غیرھم فلانہ کان مقطوعاً عندھم المرتبۃ الخ انتھی وقد مر فیما مر **قولہ** جمہور اہل اسلام نے عام کی تخصیص کو جائز کہا ہے **اقول** جواز تخصیص عام میں تو کلام ہی نہیں۔ کلام تو تخصیص العام بخبر الواحد میں ہے سو اوسکا یہاں ذکر ہی نہین **قولہ** امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک عام کی تخصیص خبر واحد سے جائز الخ **اقول** اسکا جواب فاقرؤا ما تیسر کے جوابوں میں گزر چکا ہے فلینظرہ ثمہ اور جہاں انکی دلائل مذکور ہیں وہاں اون کی جواب بھی مسطور ہیں **قولہ** نواں جواب **اقول** اسکا جواب چوتھی جواب میں مذکور ہو چکا ہے۔ تکرار موجب طوالت کلام ہے اوسی کو ملاحظہ کریں۔ **قولہ** دسواں جواب قولہ تعالیٰ میں اتنک کسینی منع نہیں کیا **اقول** نمبر ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ تک ان سب کا بلکہ اس سے ماقبل کے بہت جوابوں کا مطلب ایک ہی ہے۔ صرف گنتی ہی بڑہائی گئی ہے۔ کما لا یخفی علے الناظر سو انکا جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ تخصیص مصطلح نہیں تاکہ مورث ظنیت عام ہو کیونکہ تخصیص عام مصطلح تو قصر العام علے بعض مسمیاتہ بکلام مستقل موصول کو کہتے ہیں۔ سو اگر تخصیص بکلام نہو۔ یا بکلام ہو۔ اور مستقل نہو۔ یا بکلام مستقل ہو۔ اور موصول نہو۔

یہ سب اقسام تخصیص مصطلح کے نہیں۔ اور نہ ان تحقیقات سے عام ظنی ہوتا ہے
ورنہ اللہ خالق کل شئ ولله على الناس حج البيت من استطاع اليه سبيلا
مخصوص البعض ہیں کہ انا نعلم فی الاول قطعا انه ليس خالق لنفسه وفی الثانی
انه ليس بمتناول للصبي والمجنون پھر ظنی ہوں وکذلک **قوله تعالى**
اذا نودی للصلوٰة من یوم الجمعة الآیۃ ونظائرها بھی مخصوص البعض ہیں
لخروج الصبي والمجنون ظنی ہوں **قال صاحب التلويح** لا يتوهم ان
خطابات الشرع التي خص منها الصبي والمجنون بالعقل دليل فيه شبهة
كالخطابات الواردة بالفرائض فانه يكفر جاحدها اجماعا مع كونها مخصوصة
عقلاً۔ فان التخصيص بالعقل لا يورث شبهة۔ فان كل ما يوجب العقل
تخصيصه يخص والا فلا انتهى۔ پس ثابت ہوا کہ ایسی ایسی تحقیقات سے عام
مخصوص البعض مصطلح (یعنی الذی تمکن فیه شبهة) نہیں ہوتا اور نہ یہ
تحقیقات مورث شبہ کے عام میں ہیں فكيف يجوز تخصيصه بالخبر
الواحد الذی هو ظنی كما مر فيما سبق **قوله** پندرہواں سولہواں جواب
اقول ان ہر دو جواب کا حاصل یہ ہے۔ کہ فاتحۃ الکتاب کی حدیث قراءۃ الامام
کی حدیث سے کم نہیں۔ اور یہ حدیث متواتر ہے۔ سو ان دونوں امر کا جواب مفصل فاقرؤا
ما تیسر من القرآن میں گزر چکا ہے فلينظر الطالب ثمه **قوله** ستارہواں جواب
آیت کے شان نزول میں اختلاف ہے الی قوله تو یہ آیت محتملہ حجت قطعیہ ہونے کے
قابل نہیں **اقول** اختلاف شان نزول مستلزم ظنیت آیۃ کا نہیں۔ اگر اختلاف
مستلزم ظنیت کا ہو تو بڑا حصہ قرآن کریم کا ظنی ہو کما لا یخفی علی من یعلم اسباب
النزول چنانچہ نظیراً بعض آیات واسطے ملاحظہ کے حوالہ قلم ہوتی ہیں **قال عز**
من قائل انما جزاء الذين يحاربون الله ورسوله الآية قد اختلف

الناس فی سبب نزول هذه الآیة فذهب الجمهور الی انها نزلت فی العرنیین وقال مالک والشافعی وابو ثور واصحاب الرای انها نزلت فیمن خرج من المسلمین بقطع الطریق والسعی فی الارض **نیل المرام** اخرج الشیخان عن المسیب قال لما حضر اباطالب الوفاة (وذکر القصة) فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاستغفرن لک مالم انه عنک فنزلت ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین الآیة **واخرج الترمذی** وحسنه عن علی رضی اللہ عنه قال سمعت رجلا یستغفر لابویه وهما مشرکان۔ فقلت أتستغفر لابویک وهما مشرکان۔ فقال استغفر ابراهیم علیه السلام لابیه وهو مشرک فذکرت ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنزلت واخرج الحاکم وغیره عن ابن مسعود خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوما الی المقابر فجلس الی قبر منها۔ فناجاه طویلا ثم بکی فقال ان القبر الذی جلست انه قبر امی وانی استاذنت ربی فی الدعاء لها فلم یاذن لی فانزل علی۔ ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین الآیه **اتقان** ص ۳۷ اور آیۃ فاینما تولوا فثم وجه اللہ کے شان نزول میں بھی اختلاف ہے **ما اخرجه** ابن جریر وابن ابی حاتم میں کچھ ہے۔ اور **ما اخرجه الحاکم** وغیرہ میں کچھ اور ہے۔ دیکھو اتقان صفحہ ۲۵ **روی** انه علیه السلام قال کنت بحراء فنودیت فنظرت عن یمینی وشمالی الی آخر ما قال فنزل جبریل وقال یایها المدثر قم فانذر وربک فکبر وثیابک فطهر وقیل تاذی من قریش فیعطی بثوبه متفکرا او کان نائما متدثرا فنزلت دیکھو **بیضاوی** صفحہ ۳۹۵ تو اسمیں بھی اختلاف ہے سورہ والضحی کے شان نزول میں بھی اختلاف ہے **ما اخرجه الشیخان** میں کچھ اور ہے اور **ما اخرجه الطبرانی** اور ابن شیبہ میں کچھ

Marfat.com

اور ہے۔ دیکھو اتقان ص ۲۵ اور بیضاوی اور فاتحۃ الکتاب کے
شان نزول میں بھی بڑا اختلاف ہے۔ اکثر کا قول یہہ ہے۔ کہ سب سے اول بھی
نازل ہوئی ہے۔ اور ابن عباسؓ کہتے ہیں۔ کہ اول اقرأ نازل ہوئی ہے۔ اور
بعض کا قول یہ ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اول نازل ہوئی ہے۔ وقیل یا ایہا المدثر
اور بعض کہتے ہیں سورۂ فاتحہ مکی ہے۔ اور بعض کا قول ہے کہ مدنی ہے۔ اور بعض
کا قول ہے کہ دوبارہ نازل ہوئی ایکدفعہ مکہ میں اور دفعہ دوم مدینہ میں۔ اور بعض کا
قول ہے کہ نصف مکہ میں اور نصف مدینہ میں نازل ہوئی دیکھو اتقان وعلیٰ ہذا القیاس
بہت آیات احکامی وغیرہا کی شان نزول میں مفسرین کا اختلاف ہے۔ اگر
اختلاف موجب عدم حجت ہے۔ تو بہت آیات قرآنی قابل حجت نہیں رہتیں

قولہ استماع اور انصات آہستہ قرات کا مانع نہیں **اقول** مستعینا باللہ
اولاً اس آیۃ کریمہ میں باری تعالے نے حکم قرات کے بعد فَاسْتَمِعُوْا۔ فرمایا۔
استماع مع القرات سرّیہ بنظر ظاہر جونکہ ممکن تہا۔ یعنے ہوسکتا ہے کہ کوئی شخص
قرآن کریم سنتا بھی ہے اور سرّا کچھہ پڑہتا بھی ہے۔ اس لئے دفعاً لذلک اس کے
بعد وَاَنْصِتُوْا فرمایا۔ کہ ایسا مت کرو بلکہ جب قرآن کریم پڑہا جاوے تو سنو۔ اور چپکے
رہو۔ کچھہ نہ پڑہو۔ اگر آیۃ کریمہ کو اون معنوں پر حمل کیا جاوے جس پر **صاحب رسالہ** نے
حمل کیا ہے تو وانصتوا کا سوا تکرار بیفائدہ کے کوئی فائدہ معتد بہا نہیں رہتا و کلام
الباری **عزّ مجدہ** علو عن ذلک علواً کبیرًا۔ فثبت ان ذلک المحمل غیر سدید
اور انصات آہستہ قرات کا مانع ہے **انتباہ** یہ جواب تسلیم اتحاد معنی
پر مبنی ہے۔ والا بینہما فرق وسیا تے۔ **ثانیاً** علامہ ابن الہمام نے کہا ہے۔
الانصات عدم التکلم انتہی۔ جب انصات کے معنی عدم التکلم کے ہوئی۔ تو قرأۃ
سرًّا کو کوئی عدم التکلم نہیں کہتا۔ کیونکہ کوئی اہل المحاورہ نہیں کہیگا۔ کہ تکلم زید ثم انصت

Marfat.com

کے معنی یہہ ہیں۔ کہ زید بعد کلام کے چپکا تو ہو گیا الا اسرًا وہ ضرور کلام کرتا ہی ہا

ثالثاً قال الرازی کے الانصات السکوت والاستماع یقال نصت وانصت و
انتصت بمعنی انتہی۔ یعنی انصتوا کا مدلول مطابقی سکوت اور استماع ہے۔ اور مقتضا
اوسکا یہ دونوں امر ہیں ایک نہیں۔ تو معنی آیت کے یہہ ہوئے۔ کہ جب کوئی شخص
قران کریم پڑہے۔ تو سامعین پر سکوت یعنی کچھہ نہ پڑہنا اور استماع لازم ہو لینتفعوا
به ویتدبروا مافیه من الحکم والمصالح اور بقول صاحب رسالہ کے معنی
انصتوا کے یہہ ہوئے۔ کہ بوقت قراءت قرآن کا استماع لازم ہی۔ اور سکوت بمعنی
مذکور لازم نہیں۔ اول تو مقتضی انصتوا پر عمل ہے کہاں۔ دوم یہ تقسیم نہایت
عمدہ ہے کہ ایک لفظ کا نصف مدلول فرض ہی اور نصف فرض نہیں **رابعاً**
روی الخمسة الا الترمذی کے انما جعل الامام لیؤتم به فاذا کبر فکبروا
واذا قرأ فانصتوا۔ واذا رکع فارکعوا واذا قال سمع الله لمن حمده
فقولوا ربنا ولك الحمد اس حدیث میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیفیت
اقتدا اور ائتمام کی بیان فرمائی۔ بعض امور میں امر بالمشارکت اور بعض میں امر
بالسکوت اور بعض میں جواب سُنا ارشاد فرمایا۔ واذا قرء میں فانصتوا فرمایا۔
اور یہہ نہ فرمایا کہ جب امام قراءت کرے ہے تو تم بھی آہستہ قراءت پڑہو۔ اور بعض
اخبار سے جو قراءت فاتحہ خلف الامام کا پڑہنا معلوم ہوتا ہے اونکا جواب ہو چکا ہے
پس انصتوا کو حمل قراءت سریہ پر کرنا خلاف تقسیم حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہے
فلا یعتد به **خامساً** حدیث شریف میں سکت ہنیئة کا لفظ واقع ہے
وانصت ہنیئة کا لفظ واقع نہیں۔ پس ثابت ہوا کہ قراءت سریہ مع السکوت مجامع
ہو اور مع الانصات مجامع نہو کہ الانصات السکوت والاستماع معًا۔ لا
السکوت فقط فیکون قیاس السکوت علی الانصات مع الفارق **سادساً**

Marfat.com

حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں سکوت بین الجہرین ہے۔ یعنے حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے جب اللہ اکبر جہراً فرمایا۔ اور پھر قرارت بھی جہراً پڑہے
اور دونوں کے درمیان تھوڑا سا سکوت فرمایا۔ تو ابوھریرہ رضی اللہ عنہ نے
کہا بابی انت وامی کیا آپ اس سکوت میں کچھہ آہستہ پڑہتے ہیں۔ تو آپنے فرمایا
کہ ہاں۔ میں یہ دعا آہستہ پڑہتا ہوں۔ پس جائز ہے کہ سکوت بین الجہرین میں قرارت
سریہ مجامع ہو۔ اور آیت میں یہ بات کہاں ہے فافترقا **سابعًا** یہ دعا
بلا معارض ہے۔ اور قرارت مقتدی کے معارض قران اور احادیث صحیحہ موجود ہیں
فلا یُقاس علیہا **ثامنًا**۔ سکتہ بین التکبیر والقرارت ہیں چونکہ دعا حضرت ؐ
سے ثابت ہے تو جائز ہے کہ یہ امر مخصوص سے آمحل کے لئے ہو۔ عام نہو۔ فلا یجاوز
غیرہ **تاسعًا** روی عن ابی بن کعب انہ لما نزلت ھذہ الایۃ رای اذا
قرء القران) ترکوا القراءۃ خلف الامام یہ قرینہ صریحہ ہے کہ صحابہ کرام رضؓ نے با
وصف حصول برکات صحبت نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کمال محاورہ دانی کے
انصتوا سے ترک القراءۃ مطلقا سمجھا۔ نہ سکوت مع القراءۃ جیسا کہ صاحب رسالہ فرماتی
ہیں فاین ھذا من ذلک **عاشرًا** انہ تعالی امر اولا بالاستماع واشتغالہ
بالقرآءۃ یمنعہ من الاستماع۔ لان السماع غیر۔ والاستماع غیر۔ فالاستماع
عبارۃ عن کونہ بحیث یحیط بذلک الکلام المسموع علی الوجہ الکامل
کما قال اللہ تعالی لموسی علیہ السلام وانا اخترتک فاستمع لما یوحی واذا
ثبت ھذا وظھران الاشتغال بالقراءۃ مما یمنع من الاستماع۔ علمنا ان الامر
بالاستماع یفید النھی عن القرآءۃ مطلقا انتھی تفسیر کبیر **لحادی**
عشر علی سبیل التنزل ہم کہتے ہیں۔ کہ امتناع قرارت خلف الامام در جہریہ۔ آیت
آیت سے ثابت ہے اور سریہ کا امتناع اور احادیث وآثار سے جو کہ مذکور ہو چکی ہیں۔ منہ من

Marfat.com

اور ثابت ہو فالمقصود حاصل **قولہ** زیلعی نے عمرو بن عمرو سے نقل کر کے کہا ہے
کہ یہ حدیث سلیمان سے اشہر ہے **اقول** صاحب رسالہ نے زیلعی کی پوری عبارت
نقل نہیں کی۔ اشہر کے ماقبل زیلعی کی عبارت یہ ہے ورواہ ابن ماجہ فی سننہ
بسند ابی داؤد قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واذا قرء الامام فانصتوا
فاذا کان عند القعدۃ فلیکن اول ذکر احدکم التشہد انتہی **واخرجہ**
البزار فی مسندہ کذلک وقال لا نعلم احدا قال فیہ فاذا قرء فانصتوا الا سلیمان
التیمی الا ما حدثناہ محمد بن یحیی القطیعی حدثنا سالم بن نوح عن عمرو بن
عامر عن قتادۃ عن یونس بن جبیر عن حطان بن عبد اللہ عن ابی موسی
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بنحو حدیث سلیمان التیمی واذا قرء فانصتوا انتہی
وبہذہ السند رواہ ابن عدی فی الکامل عن سالم ابن نوح العطار عن عمرو
بن عامر وسعید بن ابی عروبۃ عن قتادۃ بہ ولم یعلہ وانما قال وہذا
الحدیث بسلیمان التیمی اشہر من عمرو ابن عامر وابن عروبۃ انتہی۔ اس
عبارت سے تین باتیں حاصل ہوئیں (۱) لفظ اشہر کا زیلعی کا مقولہ نہیں
بلکہ ابن عدی کا مقولہ ہے (۲) ابن عدی نے اس حدیث میں کوئی علت بیان
نہیں کی ہاں یہ کہا ہے کہ یہ روایت بہ نسبت اور رواۃ کی سلیمان سے اشہر ہے۔
(۳) بزار اور ابن عدی کے بیان سے صاف ظاہر ہے کہ راوی اس حدیث کا فقط
سلیمان تیمی ہی نہیں۔ بلکہ اس کے راوی اور بھی ہیں **قولہ** عینی نے
کہا ہے۔ اس لفظ کے خطا ہونے پر حافظوں کا اجماع ہی اون میں سے۔ ابوداؤد
ابن حاتم۔ ابن معین۔ حاکم۔ دارقطنی۔ ہیں **اقول** اس نقل میں
صاحب رسالہ نے سخت جسارت اور دلیری کی ہے۔ کہ عینی کی کلام کو محرفانہ بیان
فرمایا۔ دیکھو عینی شرح ہدایہ کے صفحہ ۱۱۷ میں بعد قیل وقال کے یہ عبارت لکھتا ہے

Marfat.com

فان قلت قال البیہقی فی المعرفۃ بعد ان روی حدیث ابی ھریرۃ وابی موسی قد اجمع الحفاظ علی خطاء ھذہ اللفظۃ فی حدیث ابوداؤد وابن حاتم وابن معین الحاکم والدارقطنی وقالوا انہا لیست بمحفوظۃ۔ قلت یردہ ھذا کلہ ما یوجد فی بعض نسخ مسلم ھذہ الزیادۃ عقیب ھذا الحدیث وصحح ابن خزیمہ حدیث ابن غیلان المذکور فیہ تلک الزیادۃ وقال مسلم ھو صحیح عندی یعنی حدیث الذی رواہ ابو ھریرۃ وفیہ الزیادۃ المذکورۃ فقیل لہ لم لم تضعہ ھھنا فقال لیس کل شیٔ عندی صحیح وضعتہ ھھنا۔ انما وضعت ھہنا ما اجمعوا علیہ ھذا مسلم جبل من جبال ائمۃ الحدیث واھل النقل قد حکم بصحۃ ھذا الحدیث ورد بھذا الکلام البیہقی وامثالہ انتھی۔ اب ناظرین منصفانہ نظر کریں۔ اور انصاف سے کہیں کہ عینی کی کلام کو کچھ بھی نسبت صاحب رسالہ کی کلام سے ہے **قولہ** ابو خالد کا اس زیادتے میں کوئی تابع نہیں قال الزیلعی وقال (ابوداؤد) وھذہ الزیادۃ واذا قرأ فانصتوا لیست بمحفوظۃ والوھم عندنا من ابی خالد انتھی۔ وتعقبہ المنذری فی مختصرہ فقال وھذا فیہ نظر فان اباخالد الاحمر ھذا ھو سلیمان بن حیان وھو من الثقات الذین احتج بھم البخاری ومسلم ومع ھذا فلم یتفرد بھذہ الزیادۃ بل تابعہ علیھا ابو سعید محمد بن سعد الانصاری الاشھلی المدنی نزیل بغداد وقد سمع من ابن عجلان وھو ثقۃ وثقۃ النسائی وابن معین وغیرھم **وقد** اخرج مسلم ھذہ الزیادۃ فی صحیحہ فی حدیث ابی موسی الاشعری من حدیث سلیمان التیمی عن قتادۃ انتھی۔ اور محمد بن سعد الانصاری کی حدیث نسائی نے اپنی سنن میں بیان کی ہے۔ دیکھو نسائی صفحہ ۱۵۲ **واخرجہ** الدارقطنی فی سننہ ایضاً ذکرہ الزیلعی وکسلیمان التیمی متابعان اخران غیر محمد بن سعد

Marfat.com

اخرج الدارقطنی فی سننه حدیثهما وضعفهما - احدهما اسمعیل بن ابان والآخر
محمد بن میسر ابی سعد ذکرہ الزیلعی اس کلام سے صاف ظاہر ہے کہ ابوخالد اس حدیث
میں متفرد نہیں - جیسا کہ صاحب رسالہ فرماتے ہیں - بلکہ اوس کے تابع کتنی ہی ہیں -
کما سمعت مما ذکرنا - فاندفع به قول من قال انه متفرد ولم یتابعه احد **قوله**
مسلم نے بھی یہہ بات لکھی ہے کہ یہ حدیث مجمع علیہ نہیں **اقول** مسلم رحمہ اللہ علیہ نے
غیر مجمع علیہ ہونا حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان فرمایا ہے - نہ حدیث سلیمان کا
جیسا کہ صاحب رسالہ سے ظاہر ہوتا ہے - مسلم کے ص ۱۷۴ میں لکھا ہے قال ابواسحاق
قال ابوبکر بن اخت ابی نضر فی هذا الحدیث - فقال مسلم ترید احفظ من
سلیمان - فقال له ابوبکر فحدیث ابی هریرة فقال هو صحیح عندی یعنی
واذا قرء فانصتوا فقال لم لم تضعه ههنا قال لیس کل شیء عندی صحیح
وضعتها ههنا انما وضعت ههنا ما اجمعوا علیه - انتهی - اور اس حدیث کی شرح
میں جو کچھہ نووی رحمہ اللہ علیہ نے لکھا ہے اوس سے بھی یہی بات ظاہر کیا بلکہ اظہر ہے
بلکہ نووی رحمہ اللہ علیہ نے مقدمہ صحیح مسلم میں اس حدیث ابی ہریرہؓ کو خاص
لا کر گفتگو کی ہے - دیکھو صفحہ ۵ سطر ۲۰ **قوله** حقیقی جواب کا خلاصہ یہہ ہے
کہ یہ حدیث احادیث حکم قراءۃ فاتحۃ الکتاب کے خلاف نہیں **اقول** اس حدیث
(واذا قرأ فانصتوا) کا مضمون یہی ہے کہ جب امام قراءت پڑہے - تو تم سنو - اور کچھہ نہ پڑہو
اور حدیث فاتحہ کا یہہ مطلب ہے کہ جب امام قراءۃ پڑہے تو تم چپکے مت رہو اور فاتحۃ
الکتاب پڑہو - اب یہ اور وہ باہم متعارض ہوئیں - کیونکہ تعارض کی تعریف علماء
اصول کے نزدیک یہہ ہے - التعارض فی الاصطلاح تقابل الدلیلین علی سبیل
الممانعة فثبت انهما متعارضان وفی المسلم وشرحه وحکمه ای التعارض
النسخ ان علم المتقدم والمتاخر والا فالترجیح ان امکن ویعمل بالراجح لان ترک

Marfat.com

الراجح خلاف المعقول والاجماع والا فالجمع بقدر الامكان انتهى وفي موضع
آخر ان قيل الاعمال بالدليلين اولى من الاهمال باحدهما فيقدم الجمع الذى
فيه اعمال الدليلين على الترجيح الذي فيه اهمال بالمرجوح قلنا تقديم الراجح
على المرجوح هو المعقول وعليه انعقد الاجماع فاولوية الاعمال انما هو اذا لم
يكن اهمال مرجوحا۔ والترقيه ان المرجوح عند مقابلة الراجح ليس دليلا
فليس في اهماله اهمال الدليل انتهى **مسلم الثبوت** اور اوسکی شرح سے یہ بات ثابت
ہوئی کہ جب دو دلیلیں باہم متعارض ہوں تو عمل بالراجح کرنا چاہیئے۔ پس ظاہر ہی
کہ حدیث سلیمان تیمی کی بوجوہات راجح ہے۔ حدیث عبادہ سے (۱) اس لئے کہ
اس کے مؤید قرآن کریم ہے (۲) اسواسطے کہ حدیث من کان له امام الحدیث متواتر یہی
کی ہے۔ (۳) اسی لئے کہ جملہ استثنائیہ (الا بام القرآن) حدیث عبادہ کا محفوظ
نہیں قال محقق الفن ابن المعین الجملة استثنائیة اسناده لیس بذاك (۴)
اس لئے کہ دوسری حدیث عبادہ کی جو اس حدیث کے معارض ہے اسکو ضعیف کرتی ہے
وقد عرفیما مر وغیر ذلك من الترجیح التی ذکرنا ها قبل ذلك فتذکرها
پس ثابت ہوا کہ صاحب رسالہ کا یہ فرمانا کہ یہ حدیث ان احادیث کے خلاف نہیں
خلاف ہے۔ وتقدیم الجمع على الترجیح خلاف الاصول والمعقول والاجماع
على ما ذکر **محب الله** بحر العلوم۔ صاحب المسلم والفواتح **قوله** خاص
مقابل کے ساتھ تخصیص کرنا انتخصیص **اقول** اصول کی کتابوں میں
میں اوسکی تصریح کی گئی ہے اسطرح ہے [illegible]
حمل على المقارنة۔ فعند الشافعی رحمه الله یخص العام بالخاص لانه ظنی والخاص
قطعی فلا یثبت حکم التعارض وعندنا یثبت حکم التعارض فی القدر الذی تناوله
الخاص والعام جمیعا لا فی القدر الذی تفرد العام بتناوله فان حکمه ثابت

Marfat.com

بلا معارض وسیجئی حکم تعارض النصین عند الجهل بالتاریخ انتہی ما فی التوضیح والتلویح باختصار و التقاط **حاصل مدلول** اس مسئلہ کا یہ ہے۔ کہ جب عام و خاص باہم متعارض ہوں اور تاریخ مجہول ہو۔ تو اون دونوں کو مقارنت پر حمل کیا جاوے تو بعد الحمل عند الشافعیہ خاص مخصص عام کا ہوگا۔ اور حنفیہ کے نزدیک جس مقدار کو عام و خاص متناول ہیں۔ اوس مقدار میں ہر دو متعارض ہونگے۔ اور حکم متعارضین کا اسکی ماقبل کے قول میں گزر چکا ہے۔ پس ما نحن فیہ میں جبکہ خاص و عام متعارض ہیں تو عمل بالراجح واجب ہوا لان المرجوح فی حکم العدم پس ثابت ہوا کہ تخصیص بالمقارن شافعیہ کا قول ہی۔ نہ جملہ متاخرین اہل اصول کا **قولہ** اور اسمیں بن عبادہ ہی خاص اور عام کا راوی ہے **اقول** عام قاعدہ ہے کہ جب عام و خاص باہم متعارض ہوں تو اونکو مقارنت پر حمل کیا جاوے خصوصیت واحد ہونے راوی کے قاعدہ کا مقتضی نہیں کیونکہ جب راوی واحد نہو تو کیا حمل علی المقارنۃ نہوگا۔ پس یہ کہنا کہ ہر دو کا راوی عبادہ ہے لیس لہ فائدۃ معتد بہا **قولہ** پہلا جواب الی قولہ لارساله وانقطاعه **اقول** بخاری علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ حدیث قرآءۃ الامام له قرآءۃ کسی اہل حدیث کے نزدیک ثابت نہیں۔ مرسل اور منقطع ہے اسکا متصل ہونا ثابت نہیں۔ سو یہ بخاری رحمہ اللہ کا محض ادعا ہے۔ اسلئے کہ اس حدیث کا ثبوت و اتصال باحسن وجوہ ثابت ہے۔ **قال محمد** اخبرنا ابو حنیفۃ قال حدثنا ابو الحسن موسی بن ابی عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد بن الہاد عن جابر بن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ من قال من صلی خلف الامام فان قرآءۃ الامام له قرآءۃ اور رواۃ اس حدیث کے کلہم ثقات ہیں **قال العینی** اما ابو حنیفہ فابو حنیفۃ وابو الحسن موسی بن عائشۃ الکوفی من الثقات الاثبات ومن رجال الصحیحین و عبد اللہ بن شداد من کبار التابعین وثقاتہم۔ انتہی۔ اور ابن الہمام نے

Marfat.com

فتح القدیر میں لکھا ہے **وقولہم** ان الحفاظ الذین عدوہم لم یرفعوہ غیر صحیح قال احمد بن منیع فی مسندہ اخبرنا اسحاق الازرق **حدثنا** سفیان و شریک عن موسی بن ابی عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد عن جابر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کان لہ امام الحدیث **وقال** وحدثنا جریر عن موسی بن ابی عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکرہ ولم یذکر عن جابر **ورواہ** عبد الحمید حدثنا ابو نعیم حدثنا الحسن بن صالح عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکرہ۔ واسناد حدیث جابر الاول صحیح علی شرط الشیخین۔ والثانی علی شرط مسلم۔ فھؤلاء سفیان و شریک وجریر وابو الزبیر رفعوہ بطریق الصحیحۃ فبطل عدھم فیمن لم یرفعہ انتھی۔ **الحاصل** یہ حدیث بہت طرق سے مروی ہے۔ ابن الہمام اور طحاوی وغیرہ نے بخوبی بیان کئے ہیں۔ نقول عبارات موجب طوالت کلام ہے الا مقام پر اعلم العلماء مولوی **عبد الحی** صاحب لکھنوی الحنفی علیہ رحمۃ اللہ القوی الوفی کی کلام پر اکتفا کرتا ہوں و ھذا کلامہ **وتلخص** منہ ان بعض طرقہ صحیحۃ او حسنۃ لیس فیہ شئ یوجب القدح عند التحقیق وبعضھا صحیحۃ مرسلۃ وان لم تصح مسندۃ والمراسیل مقبولۃ وبعضھا ضعیفۃ ینجبر ضعفھا بضم بعضھا الی بعض وبہ ظہر ان قول الحافظ ابن حجر فی تخریج احادیث الرافعی ان طرقہ کلھا معلولۃ لیس علی ما ینبغی۔ وکذا قول البخاری فی رسالۃ القراءۃ خلف الامام انہ خبر لم یثبت عند اھل العلم من اھل الحجاز والعراق لارسالہ وانقطاعہ **اما** ارسالہ فرواہ عبد اللہ بن شداد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم واما انقطاعہ فرواہ الحسن بن صالح عن جابر عن ابی الزبیر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولا یدری

اسمع جابر عن ابی الزبیر ام لا- انتہی- لا یخلو عن خدشات واضحۃ انتہی- کلام الفاضل اللکھنوی- اس کلام سے ظاہر ہے کہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی کلام میں بہت خدشے ہیں- پھر باوصف موجودگی خدشات کے بخاری علیہ الرحمۃ کا فرمانا کب حجت ہو سکتا ہے **قولہ** حافظ نے کہا ہے جابر کی حدیث اوس کے کئے طرق ہیں صحابہ سے- اور سبھی روایتیں معلول ہیں **اقول** یہ بھی ادعا صرف ہی دیکھو اسکے طرق صحیحہ موجود ہیں کما مر فیما مر اسلئے فاضل لکھنوی مولینا عبد الحی صاحب نے فرمایا ہے- کہ حافظ کی کلام علے ماینبغی نہیں- **قولہ** فتح الباری میں لکھا ہے الی قولہ تعارض نہیں ہے ا **اقول** صاحب فتح الباری کے دعوا کا حال بھی ابن الہمام اور کلام فاضل لکھنوی سی کھلگیا- کہ یہ قول بھی بلا تحقیق ہے- جبکہ اسکے طرق صحیحہ یا حسنہ موجود ہیں- تو پھر کیا وجہ کہ جملہ حفاظ کے نزدیک ضعیف ہے- **ہاں** البتہ جو اس کے طرق ضعیف ہیں وہ حفاظ کے نزدیک ضعیف ہیں- نہ کہ صحیحہ بھی ضعیف ہیں- اور عام و خاص کے تعارض کا مسئلہ پہلے بیان ہو چکا ہے- فلا نعیدہٗ **قولہ** امام کی ولایت تمام قرارت میں سوا فاتحہ کے مسلّم ہے **اقول** رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اس ولایت کو ان الفاظ سے بیان فرمایا ہے- واذا قرأ فانصتوا یعنے جب کہ امام قرارت پڑہی تو تم چپکے ہو اور سنو- اور قرأۃ فاتحہ وماسوا فاتحہ کو شامل ہے پھر اس ولایت عامہ کی تخصیص مقتضائے کلام شریف کا نہیں- اور فاتحہ کی حدیث کو منفرد پر کیوں نہ حمل کیا جاوی جیسا کہ حضرت جابر صحابی جلیل القدر اور سفیان نے حمل کیا ہے **قولہ** اس اجتماع کی ممانعت شرع میں کوئی ثابت نہیں **اقول**

اخرج محمد عن ابی حنیفۃ اخبرنا ابو الحسن موسی بن عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد عن جابر بن عبد اللہ قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورجل خلفہ یقرأ

Marfat.com

فجعل رجل من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینھاہ عن القراءۃ فی
الصلوٰۃ۔ فلما انصرف عن الصلوٰۃ اقبل علیہ الرجل فقال اتنھانی عن القراءۃ
خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتنازعا حتی ذکر ذلک للنبی صلی اللہ علیہ
وسلم فقال علیہ السلام من صلی خلف الامام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ انتھی
ذکرہ ابن الھمام۔ یہ ممانعت نہیں تو اور کیا ہے۔ الا۔ لانسلم کی تو کوئی حد ہی نہیں
وذکر ابن الھمام بعد ذکر روایۃ ابی حنیفۃ۔ ھذا یفید ان اصل الحدیث ھذا
غیر ان جابرا روی منہ محل الحکم تارۃ والمجموع تارۃ ویتضمن رد
القراءۃ خلف الامام لانہ خرج تائیدا لنھی ذلک الصحابی عنھا مطلقا لاباحۃ
فعلھا وترکھا انتھی۔ اور جبکہ اس حدیث سے ممانعت ثابت ہوئی۔ تو منع کا مقدم
بر اثبات ہونا بھی ثابت ہوا **قولہ** اور قوت سند کا دعوی الی آخر ما قال فائدہ نہیں
دے سکتا۔ **اقول** ابن الھمام نے فتح القدیر میں لکھا ہے کہ یہ (قراءۃ
الامام الحدیث) حدیث اور جو کہ بعض روایات حدیث مالی انازع القرآن میں
فانکار لابد فالفاتحۃ اور عبادہ بن صامت کی حدیث جسکو ترمذی اور
ابوداؤد نے بیان کیا ہے۔ اور اس میں لاتفعلوا الا بفاتحۃ الکتاب فانہ
لاصلوٰۃ لمن لم یقرأ بھا وارد ہے۔ معارض ہوئیں (الا انہ رای قراءۃ
الامام الحدیث) یقدم لتقدم المنع علی الاطلاق عند التعارض ولقوۃ السند
فان حدیث المنع من کان لہ امام اصح۔ یعنی حدیث اول کی سند میں رافعین
محمود ہے دستور الحال ہے۔ قال فی التقریب اور حدیث عبادہ کی سند میں
جسکو ترمذی اور ابوداؤد نے روایت کیا ہے محمد بن اسحاق موجود ہے۔ اور اسکا
حال پہلے اسکے دو دفعہ مذکور ہو چکا ہے۔ جبکہ ایسا راوی جو عند الثقات متکلم فیہ
بھی روایت ترمذی اور ابوداؤد میں موجود ہے۔ تو اسکی صحت معلوم اور اصل حدیث

Marfat.com

من کان لہ امام کے رواۃ کلہم ثقات عند الحفاظ ہیں۔ حتی کہ ابن الہمام نے کہا ہے کہ حدیث اول علی شرط الشیخین ہے۔ اور دوسری علی شرط مسلم ہے۔ پس عند الموازنہ اصح ہونا حدیث من کان لہ امام۔ کا۔ بلاریب ثابت ہوا۔ اور یہ تقریر بے نظیر اور گوہر بے بہا نے علامہ ابن الہمام رحمۃ اللہ علیہ کی صرف مریدان راسخ الاعتقاد کے لئے۔ تسلی بخش اور روح افزا نہیں۔ اسلئے کہ وہ تو دوا ہے۔ اطاعت پیر روشن ضمیر سے سر نہیں اوٹھاتی۔ اور دلیل وکرامت اور خرق عادات کے طالب نہیں ہوتے۔ دیکھو حضرت صدیق الاکبر راس الصدیقین کہ بلا طلب معجزات اور رویت خرق عادات بمشیئتہ سابقہ سعادت ازلی پیران پیر جہانیان اور مقتدای عالم و عالمیان پر از صدق دل ایمان لائے۔ بلکہ منکران پیر کے توجیہ دلانے۔ اور انکی مرکوزہ کدورات و زنگ کہن سالہ دفعہ کرنے کے لئے مصقلہ اور مصفاۃ ہے کون دانش پسند اور ہوشمند ہے کہ آفتاب نصف النہار کو شام تصور کرے۔ یا لعل بدخشان کو خر مہرہ جانے اللّٰھم احفظنا من الآفات والبلیات و الکدورات **قولہ** عدم استثناء کو باطل نہیں کرتا **اقول** قبل ازین ثابت ہوچکا ہے۔ کہ حدیث من کان لہ امام متصل مرفوع بلا کلام عند الاعلام ہے۔ تو بعد استثنا موقوف ہوا بلکہ متصل مرفوع ہوا۔ پس مرفوع دلائل فاتحہ کے عموم کو اور عدم استثنا کو باطل کرسکتا ہے۔ وذلک غیر خافیۃ فالسؤال باق علی ما کان۔ **قولہ** اور ادلہ قرات فاتحہ۔ قرات پر نص ہیں **اقول** اگر وہ ادلہ نص ہیں تو ادلہ عدم قراۃ بھی صریح ہیں قال الفاضل اللکنوی وحدیث واذا قرء فانصتوا مع قولہ تعالی فاستمعوا وانصتوا۔ صریح فی منع القراءۃ خلف الامام حین قرأتہ لاخلالہ باستماع انتھی۔ اس عبارت سے واضح ہے۔ کہ منع المقتدی عن القراءۃ فقط مفہوماً ہی نہیں۔ تاکہ قاعدہ تقدیم النص علی المفہوم کا اقتضا ضروری ہو۔ بلکہ

Marfat.com

ولا مانع المقتدی عن القرأت کے صریح ہیں۔ اور صریح اپنی اغوات پر دوا تقدم
ہوتا ہے۔ دیکھو اصول **قوله** ابن عمر الی قوله فتوی آپ کے مراد کے برخلاف
ہی جیسا کہ آثار میں مذکور ہوا **اقول** ابن عمر کے فتوی کا حال تو موطا امام مالک
میں کھلا کھلا موجود ہے مالک عن نافع ان عبد اللہ بن عمر کان اذا سئل
هل یقرء احد خلف الامام۔ قال اذا صلی احدکم خلف الامام فحسبہ قراءۃ
الامام۔ واذا صلی وحدہ فلیقرأ۔ قال وکان عبد اللہ بن عمر لا یقرأ خلف
الامام انتہی اب فرمائیے کہ یہ فتوی ہے یا اور کچھ اور باقی تحقیقات اسکی انشاء اللہ تعالی
آثار میں گزارش ہوگی۔ **قوله** یہاں اکثر ترک القراءۃ کی حدیث کو مشہور مان لیا ہے
اقول اس سے ماقبل بھی مذکور ہو چکا ہے۔ کہ عینی رحمہ اللہ علیہ۔ اس حدیث
(قراءۃ الامام لہ قراءۃ) کو خبر واحد ہی کہتا ہے اور مانتا ہے۔ دیکھو عینی شرح ہدایہ
مطبوعہ نولکشوری جلد اول کے صفحہ ۱۰۷ میں یہ عبارت مرقوم ہے۔ فان قلت قوله
علیہ السلام قراءۃ الامام لہ قراءۃ معارض لقوله تعالی فاقرؤا۔ فلا یجوز
ترکہ بخبر الواحد۔ قلت جعل المقتدی قاریا بقراءۃ الامام فلا یلزم الترک
او نقول انہ خص منه المقتدی الذی ادرک الامام فی الرکوع۔ فانہ لا یجب
علیہ القراءۃ بالاجماع فیجوز الزیادۃ علیہ حینئذ بخبر الواحد انتہی اس عبارت
سے کہاں ثابت ہوتا ہے کہ اس خبر کو عینی رحمۃ اللہ علیہ خبر مشہور کہتا ہے۔ بلکہ یہ عبارۃ
صریح ہے کہ عینی رحمہ اللہ علیہ اسکو خبر واحد کہہ رہا ہے۔ پھر عینی رحمہ اللہ علیہ پر بار بار کیوں
یہ دھبہ اور اتہام لگایا جاتا ہے۔ شاید صاحب رسالہ کے پاس کوئی اور خاص عینی کی
جسمیں یہ عبارت موجود ہو۔ **ہاں** اس عبارت کے ماقبل احادیث مشہورہ کا لفظ لکھا
ہے۔ سو اوس سے مراد مشہور علی الالسنہ ہے نہ مصطلح والقرینۃ علیہ کلامہ المذکور بعدہ
یعنی فان قلت و قلت۔ اور مشہور کا اطلاق مشہور علی الالسنہ پر بھی شائع ہے حافظ

Marfat.com

ابن حجر رحمہ اللہ علیہ نخبۃ الفکر میں کہتے ہیں ثمّ المشہور یطلق علی ما
قرّر ھھنا و علی ما اشتہر علی الالسنۃ فتشتمل ماله اسناد واحد فصاعدًا
ویطلق علی مالا یوجد له اسناد واصلاً انتھی۔ پس فرمائیے کہ تقلید انصاف
کی دشمن ہی۔ یا خود رائی آنکھ بند کر دیتی ہے۔ اور خواہ مخواہ کے اعتراض پر آمادہ
کر دیتی ہے۔ **قولہ** بخاری نے جزء القراءۃ میں فرمایا ہے وقوله فانتھی
النّاس بکلام الزہری الی اخر ما قال **نووی** نے کہا ہے ھذا مما لا اختلاف
فیه بینہم **اقول** قال ابن الملک ھو من کلام ابی ھریرۃ وقال الفاضل الکھنوی
فی التعلیقات اکثر رواۃ ابن الشھاب عنه لھذا الحدیث یجعلونه من کلام
ابن الشھاب ومنہم من یجعلونه من کلام ابی ھریرۃ انتھی۔ اِس سے واضح ہے
کہ یہ امر مختلف فیه ائمہ حدیث میں ہی۔ پھر نووی رحمہ اللہ علیہ کا کہنا لا اختلاف فیه
بینہم کہاں درست ہوا۔ اور بخاری علیہ الرحمہ کا بھی اپنی مسموع کا بیان ہی جواب
اسکا بوجوہات ہی **وجہ اوّل** کلام زہری کا منافی ہونا کلام ابوہریرہ رضی
اللہ عنہ کے نہیں ہی۔ کیونکہ زہری نے کبھی اسکو مرسلًا روایت کیا ہی کما روی
الاوزاعی عن الزھری فاتعظ المسلمون بذلک فلم یکونوا یقرءون فیما
یجھر فیه رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم کما نقله الشیخ سلامۃ اللہ فی المحلّے۔
اور کبھی مرفوعًا روایت کیا ہی کما روی غیرہ من ائمۃ الحدیث اور ثقہ کبھی حدیث
مسندًا روایت کرتا ہی۔ اور کبھی مرسلًا۔ تو قائلین بالارسال نے ارسال سے گمان کیا
کہ یہ کلام زہری سے ہی فقط۔ اور بخاری وغیرہ رحمہ اللہ علیہم نے بلاواسطہ زہری سے
روایت نہیں کے تاکہ انکا قول ان ھذا من کلام الزھری۔ بیان اور نقل سند
متصل ہو اور اوزاعی کا زہری سے مرسلًا روایت کرنا دلیل اسپر نہیں۔ کہ یہ کلام زہری
کی ہی فقط۔ لما قلنا۔ اور نیز اوزاعی نے زہری سے اسطرح روایت نہیں کیا۔ کچھ

Marfat.com

قطعہ حدیث کا زہری کلام ہے - ابوہریرہ کی کلام نہیں - بل اتصال نظم الکلام
کما وقع فی مرویات ائمۃ الحدیث عن ابی ھریرۃ ینادی علی انہ من کلام
ابی ھریرۃ - لا من کلام الزہری **وجہ دوم** اگر ہم تسلیم کریں کہ کلام
زہری سی بھی ہے - توبھی ہمکو کچھ مضرت نہیں کیونکہ زہری تابعی جلیل القدر امام
ائمۃ الحدیث سے ہی - اور مرسل کا حجت ہونا فیما مر میں مبرہن ہوچکا ہے فکیف اذا
اعتضد بما ذکرنا **وجہ سوم** لشرط القبول کہ یہ قول زہری کا ہے - زہری
کا یہ قول روایت الحدیث کے قبیلہ سے نہیں - تاکہ صحت ورفع کے شرائط اوس
میں ملحوظ ہوں - بلکہ اخبار وحکایات اجماع کی بابت ہے - اور تابعی ثقہ جو امام ائمہ حدیث
سے ہے - اجماع صحابہ کو بغیر نقل طرق صحیحہ کے کب ترکوا القراءۃ کہہ سکتا ہے
وقد اعتضد بما روی ابی بن کعب وھو من فقہاء الصحابۃ لما نزلت - واذا
قرئ القرآن فانصتوا - ترکوا القراءۃ الخ اور اوس کے معتضدات اور شواہد بہت
ہیں - **حاصل کلام** - اس قول کا کلام زہری سے ہونا مختلف فیہ ائمہ
رواۃ کا ہے - اور اگر ایسا ہی ہو تو بھی یہ بات ضروری الثبوت ہے - کہ جب لوگوں
نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مالی انازع القرآن کو سنا تو فیما جہر فیہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم - میں قرات ترک کردی فھو المطلوب **قولہ** حدیث کا مدار ابن
اکیمہ لیثی پر ہے الی آخر ما قال اور حازمی نے کہا ہے **اقول** تعلیق الممجد میں
لکھا ہے - ابن اکیمہ بضم الھمزۃ وفتح الکاف مصغر اکمۃ واسمہ عمارۃ بضم المھملۃ
والتخفیف والیاء **وقیل** عمار بالفتح والتخفیف **وقیل** عمرو بفتح العین **وقیل**
عامر اللیثی ابو الولید المدنی ثقۃ مات سنۃ احدی ومائۃ قالہ الزرقانی انتہی - اور
تقریب میں ہے - عمارۃ ابن اکیمۃ اللیثی ثقۃ من الثالثۃ مات سنۃ احدی ومائۃ - ولہ
تسع وسبعون انتہی مختصرا - اور **ابوحاتم** نے کہا ہے - کہ صحیح الحدیث ہے - قالہ

Marfat.com

فی المیزان۔ ان نقول سے ظاہر ہے۔ کہ ابن اکیمہ اللیثی۔ ثقہ صحیح الحدیث۔ اور طبقہ ثالثہ سے ہی۔ اور حیات و وفات اوسکی بخوبی معلوم ہے۔ اور باصطلاح محدثین راوی مجہول الحال تین قسم پر ہی (۱) مجہول العدالت باطنا او ظاہرا۔ اور وہ غیر مقبول عند الجمہور ہے (۲) مجہول العدالت باطنا۔ لا ظاہرا۔ وہو مستور۔ اور اوس کا مقبول ہونا مختلف فیہ ہی۔ قال بعضہم مقبول۔ وقال بعضہم لا۔ وتوقف بعضہم الی استبانة حاله وهو مختار امام الحرمین (۳) مجہول العین قال الحافظ ابن حجر۔ فان سمی الراوی وانفرد راو واحد بالروایة عنه فهو مجهول العین کالمبهم۔ الا ان یوثقه غیر من ینفرد عنه علی الاصح۔ وکذا من ینفرد عنه اذا کان متاهلا لذلك انتهی۔ اور سید محمد ابراہیم نے کہا ہی فان سمی المجهول وانفرد واحد عنه فمجهول العین والحق عند الاصولیین۔ انه اذا اوثقه ثقة۔ الراوی۔ او غیره قبل۔ خلافا للاکثر المحدثین۔ والقول قول الاصولیین انتهی۔ اور خطیب بغدادی وغیرہ نے کہا ہی۔ راوی کی جہالت دو طریق سے مرتفع ہوتی ہے الاول بمعرفة العلماء له۔ والثانی ان یروی عنه عدلان انتهی۔ یہ مضمون منہج الوصول کا ہے۔ اس تحقیقات سے ثابت ہی کہ ابن اکیمہ اللیثی۔ مجہول العدالت ظاہرا اور باطنا۔ اور مستور الحال نہیں کما مر۔ اور مجہول العین بھی نہیں۔ لمعرفة العلماء له۔ لما سبق من الخطیب وغیرہ۔ اور ترمذی کی تحسین۔ اور ابن حبان کی تصحیح۔ اور ابو حاتم کا صحیح الحدیث کہنا۔ اور ابن حجر اور زرقانی کا ثقہ اور طبقہ ثالثہ سے کہنا مؤید اس تحقیقات کا ہے۔ اگر ان محققین کی تحقیقات سے قطع نظر کرکے بتقلید حمیدی وغیرہ کے ہم بھی لکھدیں۔ کہ ابن اکیمہ لیثی مجہول ہی۔ اور جس جہالت کو صاحب رسالہ تسلیم فرماتی ہیں۔ تسلیم کریں تو بھی ہم کو کچھ ضرر نہیں۔ کیونکہ مدار مسئلہ قراءة فاتحة الکتاب کا کچھ اسی حدیث پر نہیں

Marfat.com

بلکہ اوسکی اثبات سے ... ہیں۔ تمام فرمایا۔ **قولہ** اور اس حدیث کی ضعف پر
ائمہ نے اتفاق کیا ہے **اقول** ترمذی رحمہ اللہ کہتا ہے۔ کہ یہ حدیث حسن ہی۔
اور ابن حبان کہتا ہے کہ صحیح ہے۔ اور ابو حاتم کہتا ہے کہ مقبول ہی۔ پھر با ایں ہمہ یہہ
کہنا اس حدیث کے ضعف پر اتفاق ائمہ کا ہے۔ یعنی دعوائی اتفاق کرنا ضعف
سے خالی نہیں ہے۔ **حافظ ابن حجر شرح نخبہ مین کہتے ہیں** یقبل التزکیۃ
من عارف باسبابھا۔ ولو کانت من مزکٍ واحد علی الاصح۔ خلافاً لمن شرط
انھا لا تقبل الا من اثنین الحاقاً لھا بالشھادۃ فی الاصح ایضاً انتھی مختصراً
تو اس بیان سی فریقین کے نزدیک سقم اس حدیث کا مرتفع ہوا۔ فافہم **قولہ**
بلکہ حجت ہی نہیں **اقول** یہ کلام یعنی فانتھی الناس عن القراءۃ آہ من قبیل
فہم صحابی کے نہیں۔ تاکہ مقابلہ اور حجت میں کلام کیجاوے۔ بلکہ من قبیل حکایت
الحال و النقل کے ہے۔ یعنی ابو ہریرہ فرماتے ہیں۔ کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے بعد الاستفسار فرمایا مالی انازع القرآن تو لوگ قرات سی رکگئے۔ پھر یہہ فہم
ہی یا حکایت الحال۔ ہاں البتہ اگر یوں کہا جاتا۔ کہ لوگوں کا قراۃ سے ہٹ رہنا۔
کان من رایھم لا بامر الرسول۔ فلا حجۃ فیہ۔ تو معقول ہوتا۔ سو اسکا جواب صاحب تعلیق الممجد
نے یوں دیا ہی۔ وفیہ نظر ظاہر۔ لان انتھائھم کان بعد توبیخ النبی صلی
اللہ علیہ وسلم والظاہر اطلاعہ واقرارہ بالانتھاء۔ **قولہ** مقتدی کے جہر
پڑھنے میں منازعت ہوتی ہے الخ **اقول** اگر تسلیم کیا جاوے کہ آہستہ پڑھنے میں منازعت
نہیں۔ بہلا فرمائیے کہ یہہ کہاں سی ثابت ہوتا ہی کہ اوس قاری نے قرات جہراً ان
پڑہی تھی۔ **حدیث شریف** میں تو ھل قرأ لفظ واقع ہے۔ کسی مرفوع حدیث
سی صحیح نہیں تو ضعیف ہی سہی۔ اس خاص قصہ میں دکھلا دیجئے۔ کہ اوس قاری
نے جہراً ہی قرات پڑہی تھی اگر انصرف من صلوۃ جھر فیھا بالقراءۃ کو قرینہ قرار دیجیگا

Marfat.com

تو جواب اسکی گزارش ہوگا۔ کہ مطالبہ حدیث کا ہی یہ قیاسی بات ہی۔ ومع ذلک
عمران بن حصین کی حدیث میں صلی الظہر کا لفظ وارد ہی۔ اور حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے بھی خالجنیہا فرمایا ہے۔ اگر صلوۃ جہریہ قرینہ جہرا کا ہے۔ تو صلوۃ
سریہ قرینہ سرا کا ویسا ہی موجود ہے۔ وجہ مرجح کیا ہے۔ اور بخاری کی جزء القراءۃ
میں جو حدیث **محمد مقاتل** سے مروی ہی وہ قصہ اور ہی۔ پس معلوم ہوا کہ منازعت
اور مخالجت مخصوص بجہر انہیں۔ بلکہ اسکی وجہ ہی عمدہ ہی جو ایک صوفی مشرب نے
گزارش کی **قولہ** ہماری اکھصوفی مشرب **مولوی صاحب** کے رشید شاگرد نے
الی آخر ما قال انکاری استفہام کلام عرب اور قرآن اور حدیث میں نہیں سنا **اقول**
اول تو مذاق کلام۔ اور سوق عبارت اور سوال وجواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کا دال بر استفسار ہے۔ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یعنی استفسار کیا ھل
قرأ معی احد منکم فقال رجل نعم یا رسول اللہ۔ پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
انی اقول مالی انازع القرآن فرمایا۔ یہ سوال وجواب اور مذاق عبارت مقتضی استفہام
انکاری کا نہیں۔ اور ھل واسطے استفسار کے بھی آتا ہی۔ جیسی کہ روایت مسلم وغیرہ
میں آیا ہے۔ ان رجلا وقع بامرأتہ فی رمضان فاستفتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
عن ذلک فقال ھل لک رقبۃ فقال لا وقال ھل تستطیع صیام شہرین قال لا
قال فاطعم ستین مسکینا۔ **مسلم ص۳۵** اور نیز حدیث روایت مسلم میں حدیث
طویل میں وارد ہی صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ خمسا فلما انفتل توشوش القوم
بینھم۔ فقال ما شأنکم۔ قالوا یا رسول اللہ۔ ھل زید فی الصلوۃ قال لا۔ قالوا
فانک صلیت خمسا الحدیث۔ ونظائرھا کثیرۃ غیر خافیۃ۔ خیر۔ چونکہ
کلام عرب میں ھل واسطے استفہام انکاری کی بھی آتا ہی۔ تسلیم کیا کہ واسطے استفہام انکاری کے
بھی ہے۔ الا استفہام انکاری سے یہ کہاں ثابت ہی۔ کہ اوس شخص نے ضرور جہرا

Marfat.com

ہی قراۃ پڑہی تہی۔ اس امر کا ثبوت۔ مدلول استفہام انکاری کا نہیں۔ غایۃ الامر اوسکا مدلول حصول علم یقینی ہے۔ سو وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جائز ہے کہ تاثر نقص ناقص ہے یا بواسطہ کسی اور امر کے حاصل ہو۔ اور سائل اسکی ثبوت کا طالب تہا۔ حضرت صوفی صاحب کے سوال کا جواب تسلی بخش۔ استفہام انکاری ہونے سے ثابت نہیں ہوتا۔ **صوفی صاحب** کا منصب تہا کہ اس امر کا بار ثبوت بذمہ صاحب رسالہ عائد فرماتے۔ الا چونکہ صوفی مشربوں کو لئے قلت کلام ہی ضروری ہے سکوت کر گئے۔ یا جواب کی بضاعتگی پر مطلع ہو کر دم بخود ہوئے۔ **واللہ اعلم بالصواب**

نواب صدیق الحسن خانصاحب رحمہ اللہ علیہ شرح بلوغ المرام میں لکھتے ہیں۔ و تواند کہ سبب ثقل کراہت این فعل و ناخوش داشتن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم این فعل را از ایشان باشد۔ و سبب ثقل تاثر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باشد از نقص کہ ناشی میشد مر ایشانرا۔ از عدم انصات و استماع قراۃ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ و کامل گاہے متاثر میشود بنقص ناقص۔ چنانچہ مروی ست کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم روزی در نماز صبح افتتاح قراۃ بستہ شد۔ و بیان کرد کہ سبب این بستگی آنست۔ کہ قومی پس ما می ایستند۔ کہ وضو را خوب نمیکنند۔ یا رعایت آداب نمیسازند۔ انتہی کلامہٗ۔ اس نقل سے یہ غرض ہے۔ کہ صافی قلب۔ لوگوں کے نقص سی کبھی متاثر ہوتا ہے۔ جہر اور سر اوسکی نزدیک متساویۃ الاقدام ہیں۔ اور نیز صوفی صاحب کے قول کو مؤید ہے۔ **قولہ** حدیث کا مقابلہ کب کرسکتا ہے **اقول** عدم مقابلہ کی وجہ اگر یہ ہے۔ کہ اس حدیث میں راوی ابن اکیمہ لیثی ہے۔ اور متکلم فیہ ہے تو یہ وجہ حدیث عبادہ میں بھی موجود ہے۔ کہ اس میں راوی محمد بن اسحاق ہے اور وہ ابن اکیمہ لیثی سے زیادہ متکلم فیہ ہے۔ اور اگر مسئلہ عام و خاص مدنظر ہے۔ تو اسکا جواب سابق میں مشرح گذارش ہوچکا ہے۔ اگر کوئی اور وجہ ہے۔ تو بیان فرمانی

چاہیئے۔ لینظر فیہا۔ **قولہ** سیوم مخالجہ اور مخالطہ کی حدیث۔ الخ

اقول اسکا اجمالاً جواب تو منازعت کی حدیث میں گزارش ہو چکا ہے۔ تفصیلی جواب انشاء اللہ آئندہ مذکور ہوگا **قولہ** اور قول صحابہ اور تفسیر راوی آپکی یہاں حجۃ ہے **اقول** صحابی کا قول اوسوقت مقبول ہے۔ جبکہ مقابلہ نصوص کے نہو۔ مقابلہ نصوص کے حجت نہیں دیکھو **اصول** اور یہ مسئلہ فیمابین مشروحاً مذکور ہو چکا ہے وہاں ملاحظہ فرمائیے۔ **قولہ** نقض الوضوء مس ذکر سے ثابت نہیں **اقول** اس مسئلہ میں طحاوی **شرح معانی الآثار** میں بہت طوالت کیساتھ گفتگو کی ہے اور احادیث فریقین کے نقل کر کے مالہا وما علیہا بیان کیا ہے۔ اور امام محمد نے بھی **مؤطا** میں بہت آثار نقل کئے ہیں۔ انکی کلام کی نقل موجب طوالت سمجھکر ترمذی کیحدیث اور زیلعی کی کلام پر اکتفا کیا گیا۔ **طحاوی** کے دیکھنے سے قائلین بالنقض کی قلعی کھلجاتی ہے۔ **روی الترمذی** حدثنا هنا وانا

ملازم ابن عمرو عن عبد الله بن بدر عن قیس بن طلق بن علی الحنفی عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ قال وهل هو الا مضغة منه او بضعة منه۔ وفی الباب عن ابی امامة۔ قال ابو عیسیٰ وقد روی عن غیر واحد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وبعض التابعین انهم لم یروا الوضوء من مس الذکر وهو قول اهل الکوفة۔ وابن المبارک۔ وهذا الحدیث احسن شیء روی فی هذا الباب۔ وحدیث ملازم بن عمرو عن عبد الله بن بدر اصح واحسن انتهی مختصراً

قد رواه ابو داؤد۔ وقال رواه هشام بن حسان وسفیان الثوری وشعبة وابن عیینة۔ وجریر الرازی عن محمد بن جابر عن قیس بن طلق۔ ورواه النسائی وذکر الزیلعی **فی تخریج** احادیث الهدایة۔ ورواه ابن حبان فی صحیحه ورواه الطحاوی فی شرح الآثار۔ وقال هذا حدیث مستقیم الاسناد

Marfat.com

غیر مضطرب فی اسنادہ ومتنہ۔ ثم اسند من علی المدینی انہ قال حدیث ملازم
بن عمرو احسن من حدیث بسرۃ **وروی** عن عمرو بن علی الفلاس انہ قال
حدیث طلق عندنا اثبت من حدیث بسرۃ۔ وتروی ذلک عن علی بن ابی طالب
وعمار بن یاسر۔ وعبداللہ بن مسعود۔ وعبداللہ بن عباس۔ وحذیفۃ ابن
الیمان۔ وعمران بن الحصین۔ وابی الدرداء۔ وسعد بن ابی وقاص فی احدی
الروایتین عنہ۔ وسعید بن المسیب فی احد الروایتین۔ وسعید بن جبیر۔
وابراھیم النخعی۔ وربیعۃ ابن ابی عبد الرحمان۔ وسفیان الثوری۔ وابی حنیفہ
واصحابہ۔ ویحیی بن معین۔ واھل کوفہ انتہی ملتقطاً۔ اور صاحب **تعلیق الممجد**
نے استذکار سے نقل کرکے لکھا ہے والیہ ذھب جمہور علماء العراق۔ اور شریک اور
حسن بن صالح بن یحیی کو زیادہ کیا ہے والیہ ذھب الحسن۔ ان نقول سے کالشمس
فی النہار روشن ہے۔ کہ عدم نقض وضو از مس ذکر۔ صرف حنفیہ کا ہی مذہب نہین
بلکہ بہت صحابہ اور بہت تابعین رضی اللہ عنہم کا بھی یہی مذہب ہے۔ اور حنفیہ کرام کا
ماخذ حدیث صحیح بلکہ اصح و احسن ہی۔ **صاحب رسالہ** کا یہ طعن کہ حنفیہ اس مسئلہ میں
ایسا کہتے ہیں۔ محض انکی جبلت پر مبنی ہے۔ ورنہ جبکہ حنفیہ رحمۃ اللہ علیہم کے پاس
ایسی عمدہ حدیث صحیح اور احسن۔ اور صحابہ اور تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کا عمل
موجود ہے۔ تو جای طعن ہے کیا ہے۔ اگر ترک حدیث بسرہ بنت صفوان کے خیال سے
ایسا کہا ہے۔ تو یہ طعن قائلین بانتقض پر بھی وارد ہے۔ کہ حدیث طلق بن علی کی
جو ایسی اصح و احسن ہے۔ اونکا عمل اسکے خلاف ہی۔ **غایۃ الامر** یہ مسئلہ مختلف
فیہا ہے۔ اور حدیث بسرہ بنت صفوان اور طلق بن علی کی۔ امام بخاری اور مسلم
نے تو روایت ہی نہین کی۔ اور محدثین نے ان دونون کو روایت کیا ہے۔ اور ترجیح
احدی الروایتین مین مختلف ہین۔ مجتہدین رحمہ اللہ علیہم نے۔ اپنی بقول شرائط

Marfat.com

بسم اللہ جہراً

اور مقررہ قواعد کے موجب ترجیح دیکر عمل کیا۔ ہر ایک مثوب و ماجور ہے۔ لکل وجهة هو موليها۔ پس صرف حنفیہ کرام پر طعن کرنا محض عنایت دلی پر محمول ہے۔ صحابہ کرام مذکورین اور تابعین مسطورین کو اگر اس طعن میں شریک کرلیتے تو مناسب ہوتا۔ والله يعصمنا ولاخواننا عن الاباطيل الواهية والاقاويل الباطلة **اب** بسم الله جہراً کا حال گزارش ہے۔ **صاحب** رسالہ فرماتے ہیں۔ بسم اللہ جہراً پڑہنا تسلیم نہیں کرتے۔ گول بات ہے۔ خارج از نماز بسم اللہ جہراً پڑہنا تسلیم نہیں کرتے۔ یا داخل نماز۔ اگر اول مراد ہے تو اتہام ہے۔ کوئی حنفی بیرون نماز بسم اللہ جہراً پڑہنے سے مانع نہیں۔ اگر داخل نماز مراد ہے۔ تو اوسکے باب میں گزارش ہے۔ **زیلعی**۔ اور **طحاوی**۔ اور **عینی** نے اس مسئلہ میں نہایت وسعت سے کلام کی ہے۔ اونکی نقل باعث ملال وکلال سامعین اگر نہوتا۔ تو پورا پورا ان کو نقل کیا جاتا۔ الا حکم ما لا يدرك كله لا يترك كله کے تحقیقاً للمقام مختصراً گزارش ہے **روی** مسلم بسنده عن انس رضی الله عنه قال صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم وابي بكر وعمر وعثمان رضي الله عنهم فلم اسمع احداً منهم يقرأ بسم الله الرحمن الرحيم **وايضاً** عن انس قال صليت خلف النبي صلى الله عليه وسلم وابي بكر وعمر وعثمان۔ فكانوا يستفتحون الصلوة بالحمد لله رب العلمين **وروی** النسائی۔ عن انس بن مالك قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فلم يسمعنا قراءة بسم الله الرحمن الرحيم۔ وصلى بنا ابو بكر وعمر فلم نسمعها منهما **وفي رواية** صليت خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم وابي بكر وعمر وعثمان رضي الله عنهم فلم اسمع احداً منهم يجهر۔ ببسم الله الرحمن الرحيم۔ **وايضاً** النسائی حدثنا ابن عبد الله بن مغفل قال كان عبد الله بن مغفل اذا سمع احدنا يقرأ بسم الله الرحمن الرحيم۔ يقول صليت خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم وخلف ابي بكر وخلف

Marfat.com

عمر فما سمعت احدا منهم قرء بسم الله الرحمن الرحیم **وروی الترمذی**
باسناده عن عبد الله بن مغفل قال سمعنی ابی وانا فی الصلوٰۃ اقول بسم الله الرحمن
الرحیم فقال لی ای بنی محدث ایاک والحدث قال ولم ار احدا من اصحاب
رسول الله صلی الله علیہ وسلم کان ابغض الیہ الحدث فی الاسلام یعنی منہ -
قال وقد صلیت مع النبی صلی الله علیہ وسلم ومع ابی بکر وعمر وعثمان فلم
اسمع احدا منہم یقولھا - فلا تقلھا - اذا انت صلیت فقل الحمد لله رب العالمین
قال ابو عیسیٰ حدیث عبد الله بن مغفل حدیث حسن والعمل علیہ عند اکثر اھل
العلم من اصحاب رسول الله صلی الله علیہ وسلم - منہم ابو بکر وعمر وعثمان وعلی
وغیرھم - ومن بعدھم من التابعین وبہ یقول سفیان الثوری وابن المبارک
واحمد - واسحاق - لا یرون ان یجہر بہ بسم الله الرحمن الرحیم قالوا ویقولھا
فی نفسہ انتہی **وذکر العینی روی النسائی** فی سننہ واحمد
فی مسندہ وابن حبان فی صحیحہ والدارقطنی فی سننہ - وقالوا فیہ کانوا
لا یجہرون ببسم الله الرحمن الرحیم وزاد ابن حبان ویجہران بالحمد لله
رب العالمین - وفی لفظ لابن حبان والنسائی ایضا فلم نسمع احدا منہم
یجہر بسم الله الرحمن الرحیم وفی لفظ لابی یعلی الموصلی فی مسندہ فکانوا
یستفتحون القراءۃ فیما یجہر بہ بالحمد لله رب العالمین - وفی لفظ الطبرانی
فی معجمہ وابی نعیم فی الحلیۃ وابن خزیمۃ فی مختصر المختصر - والطحاوی
فی شرح الآثار - فکانوا یسرون بسم الله الرحمن الرحیم ورجال ھذہ الروایۃ
کلھم ثقات مخرج لھم فی الصحیحین انتہی - اور **فتح القدیر شرح ہدایہ** میں ہے
قال بعض الحفاظ لیس حدیث صریح فی الجہر الا وفی اسنادہ مقال عند
اھل الحدیث ولھذا اعرض ارباب المسانید المشہورۃ الاربعۃ واحمد فلم یخرجوا

Marfat.com

منها شيئا مع اشتمال كتبهم على احاديث ضعيفة **قال ابن تيمية** وروينا عن الدارقطني
انه قال لم يصح عن النبي صلى الله عليه وسلم فى الجهر حديث **وعن الدارقطني**
انه صنف كتابا بمصر فى الجهر بالبسملة - فاقسم بعض المالكية بعرفه الصحيح منها
فقال لم يصح فى الجهر حديث **وقال الحازمي** احاديث الجهر وان كانت مأثورة عن
نفر من الصحابة غير ان اكثرها لم يسلم من شوائب وقد روى **الطحاوي** وابو عمر
بن عبد البر عن ابن عباس الجهر قراءة الاعراب - وعن ابن عباس لم يجهر النبي صلى
الله عليه وسلم بالبسملة حتى مات الى آخر ما قال عن انس ان رسول الله صلى الله عليه
وسلم كان يسر ببسم الله الرحمن الرحيم وابا بكر - وعمر وعثمان - وعليا - و
من تقدم من التابعين وهو مذهب الثوري - وابن المبارك - وقال ابن عبد البر
وابن المنذر - هو قول ابن مسعود وابن الزبير وعمار بن ياسر - وعبد الله بن
مغفل - والحكم والحسن بن ابى الحسن والشعبي والنخعي والاوزاعي وعبد الله
بن المبارك وقتادة وعمر بن عبد العزيز - والاعمش - والزهري - ومجاهد - و
حماد - وابي عبيد - واحمد واسحاق التهى به مختصرا - حال ماخذ حنفیہ کرام کا اس مسئلہ
مین ہی - جیسے صاحب رسالہ فرماتے ہیں - کہ جہرا بسم اللہ پڑہنا تسلیم نہیں کرتے - اس
مسئلہ کی پوری تحقیق زیلعی تخریج احادیث ہدایہ - اور طحاوی شرح آثار میں دیکھنی چاہیئے - ان
نقول سے چند امر ثابت ہین (۱) بسم اللہ نماز میں سرا پڑہنا مسنون ہی (۲) اور اسی پر عمل
خلفا اربعہ و اکثر صحابہ اور تابعین کا ہی - (۳) جہرا مستحدث ہی (۴) جہر میں کوئی حدیث
صحیح صریح ثابت نہیں - جو ہی اوسکی اسناد میں اہل حدیث کو مقال ہی - (۵) دارقطنی
کا اقرار کہ جہر میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی کوئی حدیث ثابت نہیں (۶) جہرا
بسم اللہ پڑہنا قراءۃ اعراب کی ہے (۷) تا انتقال حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل سرا
پر ہی رہا - اور یہ بہی واضح ہو - کہ صاحب رسالہ اس مسئلہ میں صحیحین سے بہی مستغنی ہوگئے ہیں

Marfat.com

اصح الکتب بعد الکتاب العزیز البخاری ومسلم کو بھی بالائے طاق رکھدیا۔ بسم اللہ کی حدیث صاحبان صحیحین نے تو روایت ہی نہیں کی۔ مسلم کی روایت انس بن مالک سے ستر اً پڑھنے میں صریح ہے۔ اور بخاری کی روایت ہے اسی پر دال ہے کان الحدیث بعضہ یفسر بعضاً اور دارمی نے باب کراھۃ الجھر بـبسم اللہ الرحمن الرحیم کا منعقد کرکے حدیث انس کی بیان کی ہے۔ اور ترمذی کی روایت بھی ستراً پڑھنے میں صریح ہے۔ پھر بالضمیمہ حنفیت مطعون جہراً پڑھنیوالی غیر مطعون وہ حضرت انصاف اسی کا نام ہے۔ اور محققانہ کلام بھی اسی کو کہتے ہیں۔ باقی رہا مسئلہ رفع یدین کا سو انشاء اللہ تعالے اسکا جواب اوس موقعہ پر جہاں اسکو صاحب رسالہ نے اعادۃً بیان کیا ہی گزارش ہوگا فانتظرہ **قولہ** خبر احاد سے خود ہی استدلال بھی پکڑنے لگے **اقول** نہیں حضرت طعن ناقص رہا۔ قرآن کریم کو بھی ساتھ ملا لیجئے۔ اور یوں فرمائیے کہ اخبار احاد اور قرآن کریم سے استدلال پکڑنے لگے۔ تاکہ شائبہ اتھام سے براءۃ حاصل ہو۔ اور عموم بلوی کی بابت مسئلہ مس ذکر۔ اور جہر بسم اللہ میں کیفیت معلوم ہوچکی ہے۔ کہ حنفیہ کا عموم بلوا ایسا ہے **قولہ** محل نزاع فاتحہ کا پڑھنا ہے نہ سورۃ کا **اقول** (۱) قائلین بالمنع تو مطلق قراءۃ کے مانع ہیں۔ فاتحہ غیرہا۔ اونکے نزدیک برابر ہیں۔ یہ تفرقہ مجوزین فاتحہ کے نزدیک ہو تو پڑا ہو۔ (۲) بالفرض اگر ایسا ہی تسلیم کریں تو بھی منازعت امام سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا منع فرمانا ثابت ہے۔ اور علت منع کی حضرت صاحب نے منازعت فرمائی۔ اور یہ علت فاتحہ میں بھی دائر ہے۔ پس ممانعت فاتحہ کی بحکم دوران علت کے مستفاد ہے۔ ودعوی عدم المنازعۃ فی الفاتحۃ وکونہا فی السورۃ غیر مسموع۔ لانہ علیہ السلام منع عن السورۃ فی ہذہ القصۃ۔ ومنع عن مطلق القراءۃ نفعۃ مالی انازع القرآن فاستویا فیہ **قولہ** وہ جواب یہاں بھی بہ لیجئے۔

Marfat.com

اقول جو جواب وہاں ذکر کئے ہیں وہ جواب یہاں بھی تصور فرمایئے قولہ
قتادہ راوی سے پوچھا۔ کانہ کرھہ فقال لو کرھہ لنہی عنہ اقول (۱)
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا استفسار ایکم قرأ یخلجنیہا۔ فرمانا بمنطوقہ
ممانعت پر دال ہے۔ ورنہ قرارت اور عدم قرارت جب مساوی ہوں تو جواب وسوال۔ اور
خالجنیہا۔ فرمانیکا کچھ فائدہ نہیں۔ حالانکہ کلام مبارک محبوب جہانیاں ﷺ کی
فوائد سے خالی نہ تھی۔ ویؤیدہ حدیث انس رضی اللہ عنہ لا تفعلوا اخرجہ الطحاوی
فی شرح الآثار (۲) زہری یا ابو ہریرہ کا رسے علی الاختلاف) فانتہی الناس
عن القراءۃ۔ تو قابل التفات اور لحاظ قرار نہیں دیا گیا۔ اور قتادہ کا باین وسائط
بعیدہ لو کرھہ لنہی عنہ کہنا قابل احتجاج تصور کیا گیا۔ وھل ھذا الا لشئ
عجاب اور حجاج بن ارطاۃ کا حال یہ ہے۔ دارقطنی نے کہا ہے لا یحتج بہ

حجاج بن ارطاۃ کا حال

اور ایسا ہی نسائی نے بھی صفحہ ۳۴۷ میں لکھا ہے۔ الا اوسکی توثیق بھی بہت نے کی ہے۔
کچھ مختصر حال حجاج بن ارطاۃ کا میزان الاعتدال سے بطریق التقاط گزارش
ہے۔ حیث قال۔ حجاج بن ارطاۃ الفقیہ ابو ارطاۃ النخعی۔ احد الاعلام علی
لین فی حدیثہ۔ لہ عن الشعبی حدیث واحد۔ وعن عطاء وعمرو بن شعیب
و نافع۔ وطائفۃ کثیرۃ۔ وعنہ سفیان وشعبۃ۔ وعبد الرزاق وطائفۃ
قال الثوری ما بقی احد اعرف۔ بما یخرج من راسہ منہ۔ وقال العجلی کان
فقیہا مفتیا وکان فیہ تیہ۔ وروی نحوا من ستمائۃ حدیث۔ وقال احمد
کان من الحفاظ وقال یحیی بن یعلی المحاربی امرنا زائدۃ ان نترک حدیث
الحجاج بن ارطاۃ۔ وقال القطان ھو وابن اسحاق عندی سواء۔ وقال
ابو حاتم انہ اذا قال نا فھو صالح لا یرتاب فی صدقہ وحفظہ۔ وروی ابو غالب
عن احمد قال کان حجاج حافظا قیل لہ لیس ھو بذاک۔ قال لان فی حدیثہ زیادۃ

Marfat.com

علی حدیث الناس۔ وقال عثمان الدارمی عن یحیی۔ حجاج بن ارطاۃ فی زیادۃ
صالح۔ وقال شعبۃ اکتبوا عن حجاج بن ارطاۃ۔ وابن اسحاق فانہما حافظان
قال النسائی ذکر المدلسین۔ الحجاج بن ارطاۃ۔ والحسن۔ وقتادۃ۔ وحمید
ویونس بن عبید۔ وسلیمان التیمی۔ ویحیی ابن ابی کثیر۔ وابو اسحاق
والحکم۔ واسماعیل ابن ابی خالد۔ ومغیرۃ۔ وابو الزبیر۔ وابن جریج۔
وسعید بن ابی عروبہ۔ وہشیم۔ وابن عیینہ۔ قلت والاعمش۔ و
الولید بن مسلم۔ وبقیہ واٰخرون انتہی۔ اگرچہ صاحب میزان نے دارقطنی
نسائی وغیرہ جارحین کا ذکر بہی کیا ہے۔ الا مقصود بیان کرنا حجاج کے مادحین کا
ہے۔ تاکہ معلوم ہو کہ اوس کی توثیق کے اسقدر حفاظ قائل ہیں۔ پس جب کہ حجاج
بن ارطاۃ کے لئے حفاظ توثیق بیان کریں۔ تو بلحاظ انکی توثیق کے حجاج کی اس
زیادۃ کو اگر زیادہ ثقہ کی قرار دی جاوے تو ممانعت بوجہ تم ثابت ہوئی علاوہ
اسکے اوسکے مؤیدات قرآن کریم اور احادیث بہی ثابت ہیں **قولہ** یہ خاص ایک واقعہ
کا بیان ہے۔ اور اوسکو عموم نہیں ہوتا۔ **اقول** واقعہ خاص بہ نسبت اوس شخص قاری
کے ہے۔ یا بہ نسبت اس سورۃ خاص یعنے سبح اسم ربك الاعلی کے یا بہ نسبت دونو
کے۔ اگر بہ نسبت اوس شخص کے ہے۔ تو چاہیے کہ اور ونکو خلف الامام یہ سورۃ پڑہنے
ممنوع نہو۔ وحدیث عبادہ فقال صلی اللہ علیہ وسلم لا یقرأن احدکم والامام
یقرأ۔ الا بام القرآن رواہ البخاری فی الجزء) یمنعہ۔ اور اگر خاص بہ نسبت اسی
سورہ کے ہے۔ تو چاہیے کہ اور سورتین دسوائے فاتحہ کے) منع نہوں۔
لحدیث عبادۃ ومحمد بن ابی عائشۃ کما رواہ البخاری فی الجزء۔ فیشمل کونہ
واقعۃ عین لا عموم لہا۔ وثبت کونہ حاماً لہ ولسائر المسلمین واضح ہے
کہ باتباع صاحب رسالہ کے یہ گفتگو الزاماً کی گئی ہے۔ **قولہ** بخاری نے محمد بن مقاتل

سے الی آخرہ **اقول** امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو اسطرح نقل فرمایا ہے

البخاری قال ثنا محمد بن مقاتل قال ثنا النظر قال انبأ یونس عن ابی اسحاق

عن ابی الاحوص عن عبد اللہ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لقوم کانوا

یقرؤن فیجھرون بہ۔ خلطتم علی القران الحدیث۔ تو اسکی جواب میں گزارش ہے

اولاً۔ اس حدیث میں نماز کا ذکر ہی کہاں ہے۔ کہ عند المعارضہ حجۃ ہو۔ کیونکہ جائز

ہے کہ یہ واقعہ خارج نماز ہو۔ فھذا الحدیث لایقوم حجۃ **ثانیاً** یہ (فیجھرون) لفظ اس

روایت کے سوا اور روایتوں میں واقع نہیں ہوا جائز ہے کہ کسی راوی نے نقل بالمعنی

کرتے ہوئے۔ اس لفظ کا ازاد کیا ہو **روی البخاری** فی الجزء عن عبادۃ

وفیہ انی اراکم تقراؤن خلف امامکم الحدیث **وروی**

ایضاً فیہ عن انس وفیہ فقال اتقراؤن فی صلوتکم والامام یقرأ

الحدیث **وایضاً فیہ** عن محمد بن ابی عائشۃ عمن شھد ذلک وفیہ

قال اتقراؤن والامام یقرأ الحدیث **وایضاً فیہ** عن عبادۃ و

فیہ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاصحابہ تقرأون القرآن اذا کنتم معی فی

الصلوۃ الحدیث **وایضاً فیہ** عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ

وفیہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تقرأون خلفی قالوا نعم الحدیث **و**

روی الترمذی وابوداؤد والنسائی معناہ عن عبادۃ وفیہ لعلکم

تقرءون خلف امامکم الحدیث **روی** الطحاوی وفیہ لعلکم تقراؤن

الحدیث - **ثالثاً**۔ اگر تسلیم کریں کہ ایسا ہی ہے تو بھی اس روایت سے منازعت

بالجھر کی ممانعت ثابت ہوئی۔ اور حدیث مالی انازع القرآن۔ اور خالجنیھا سے

منازعت جھری اور سری کی ممانعت ثابت ہے۔ تو انکی مجموعہ سے ممانعت منازعت

بالجھر اور منازعت بالسر دونوں کی ثابت ہوئی فھو المطلوب **علاوہ** اسکے واذا قرء القرآن الآیۃ

جواب فیجھرون اور خلطتم والی حدیث کا

Marfat.com

بھی اسکی مؤید ہے۔ **رابعًا** طحاوی نے شرح آثار میں اسی روایت کو بیان
کیا ہے۔ اور یہ لفظ اوس میں نہیں قال حدثنا ابو بکرۃ قال حدثنا ابو احمد
محمد ابن عبید اللہ بن الزبیر۔ قال حدثنا یونس بن ابی اسحاق عن ابی اسحاق
عن ابی الاحوص عن عبد اللہ قال کانوا۔ یقرءون خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم
فقال خلطتم علی القرآۃ انتہیٰ اور نیز اس سے صاف ظاہر ہے۔ کہ واقعہ صلوٰۃ جہر ہے
قولہ علاوہ بریں جب کہ الی آخرہ **اقول۔ اولًا۔** اعادہ صلوٰۃ اور منع
ترتیب فرماتے۔ جبکہ یہ واقعہ نماز میں ہوتا۔ تو اس سے یہ روایت ساکت ہے۔ **ثانیًا۔**
بعد التسلیم کما ھو مدلول روایۃ الطحاوی۔ خلطتم علی القرآن اور مالی انازع القرآن
فرمانا ہی ممانعت ہے۔ اسی لئے سامعین نے قراءت خلف الامام ترک کر دی ہے۔ **ثالثًا۔**
بعد التسلیم۔ جملہ احکام نماز کا مدار اتنی ہی روایت پر نہیں ہے۔ واذا قرأ فانصتوا۔
اور واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا۔ سے قراءۃ خلف الامام کی ممانعت ثابت
ہے **رابعًا۔** امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اسی روایت کے اخیر میں اوسی عبد اللہ سے
روایت کیا ہے۔ وکنا نسلم فی الصلوٰۃ فقیل لنا ان فی الصلوۃ لشغلا۔ حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ اعادہ صلوٰۃ کا حکم فرمایا۔ اور نہ منع کیا۔ بلکہ کراہت تک کا
بھی ذکر نہیں فرمایا۔ حالانکہ کلام عمدًا مفسد صلوٰۃ عند الکل ہے۔ اگر کوئی یہ کہے کہ احادیث
میں اس مسئلہ کا بیان ہو چکا ہے۔ تو ہم بھی کہینگے کہ اور احادیث اور قرآن کریم میں اس
مسئلہ کا حکم بھی ثابت ہو چکا ہے **قولہ** پہلا جواب یہ لا تفعلوا کی حدیث الی آخرہ قال
خواہ مخواہ ماننا پڑا **اقول** یہ دونو حدیثیں صاحب رسالہ پہلے ہی بیان کر چکے
اور اونکے جواب بھی وہاں بیان ہو چکے ہیں۔ تکرار کیفہ درست نہیں ہے
کرنا چاہئے۔ **قولہ** اس حدیث میں امام کے پیچھے الحمد سے ممانعت۔ **اقول**
سوال یوں ہے۔ کہ اس حدیث سے عدم فرضیت فاتحہ خلف الامام کی ثابت ہے۔

Marfat.com

کہ معنی حدیث کے یہ ہیں کہ سوا فاتحہ کے کسی کی نماز نہیں ہوتی ۔ کیونکہ پڑھنا فاتحہ کا ہر
ایک کے لئے فرض ہے ۔ الا اوس شخص کے لیے جو امام کے پیچھے ہو ۔ کیونکہ اوسکے لئے
فرض نہیں ۔ یعنی مقتدی پر پڑھنا فاتحہ کا فرض نہیں ۔ اور یہی مبحوث فیہ ہے ۔
جبکہ تقریر سوال یہ ہوئی ۔ تو صاحب رسالہ کا جواب پنجم اور ششم اور ہفتم ۔ ساقط ہوا
فافہم ۔ الا جبکہ صاحب رسالہ نے تقریر سوال کو ممانعت پر حمل کیا ہے ۔ تو ہم تسلیم اوس
پیرایہ کے جواب دیتے ہیں ۔ **قولہ** جواب اول امام مالک اور ترمذی نے اس حدیث
کو موقوف روایت کیا ہے نہ مرفوع **اقول** امام مالک اور ترمذی کا موقوف روایت
کرنا ۔ کیا منع کرتا ہے کہ مرفوع نہ ہو ۔ یا یہی کوئی قاعدہ عامہ ہے ۔ کہ جب ایک محدث
موقوف روایت کرے ۔ تو وہ مرفوع ہوتی ہی نہیں ۔ یا اوسکا رفع دشوار عند العقل
والنقل ہے ۔ ترمذی اور امام مالک رح کو موقوف پہونچی ۔ موقوف بیان کی ۔
اسی حدیث کو طحاوی نے شرح آثار میں مرفوع روایت کیا ہے **حدثنا**
بحر بن نصر قال حدثنا یحیی بن سلام قال حدثنا مالک عن وھب بن کیسان
عن جابر بن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال من صلی رکعۃ
فلم یقرأ فیھا بام القرآن فلم یصل الا وراء الامام انتہی ۔ اور یہ امر فائدہ ششم من
ماسبق میں نقلا عن النووی متحقق ہو چکا ہے ۔ کہ جب وصل و انقطاع ۔ اور وقف و
رفع میں اختلاف ہو تو حکم رفع اور وصل ہی کو ہوتا ہے ۔ پس اس قاعدہ سے تو
یہ حدیث مطلقا مرفوع ہے ۔ فثبت ھذہ ولم یثبت ما ادعاہ **قولہ** دارقطنی نے کہا
ہے اسکا راوی یحیی بن سلام ضعیف ہے ۔ اور عبد البر نے کہا اس حدیث کو مرفوع کہنا صحیح
نہیں ۔ بلکہ جابر پر موقوف ہے **اقول** ترمذی نے اپنی روایت میں اس حدیث کو حسن

موطا مالک اور ترمذی کی موقوف روایت سے طحاوی کی مرفوع روایت

سلہ شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ مصفی شرح مؤطا میں لکھتے ہیں ۔ سیوطی گفتہ است کہ مرسل و منقطع حجت است نزدیک مالک و سائر
انکہ مؤلف ادیدہ در ایں مسئلہ و ہم چنیں حجت شد نزدیک ما وقتیکہ معتضد باشد بروایۃ مرفوعہ یا موقوفہ صحابی ۔ و در مؤطا ہیچ مرسل نیست
مگر کہ معتضد است بروایات مرفوعہ بعینہا لفظا یا معنی آن پس صواب آنست کہ گفتہ شود کہ مؤطا صحیح ست نزدیک جمیع انتہی ۔ ۱۲ منہ

Marfat.com

یحیی بن سلام کا حال

صحیح کہا ہے۔ اور دارقطنی کے جرح غیر مبین ہے حافظ ابن حجر نے شرح نخبہ
میں لکھا ہے۔ کہ جرح غیر مبین مقبول نہیں۔ اور میزان الاعتدال میں لکھا ہے
وقال ابن عدی یکتب حدیثہ (یحیی بن سلام) مع ضعفہ انتہی۔ **قولہ** مرفوع ثابت نہیں آہ
اقول مرفوع ہونا اس حدیث کا معلوم ہو چکا ہے۔ جیسی روایت طحاوی سے گزرا ہے۔
اور اختلاف رفع اور وقف سے بھی ثابت ہو کہ ایسی حالت میں حکم مرفوع کے لئے ہے فینتھض
الحجۃ فالمنوع ممنوع **قولہ** آثار متخالفہ میں سے ہے **اقول** آثار متخالفہ کی جانب
راجح کے حجت ہونے میں کچھ کلام نہیں۔ لان الجانب المرجوح کالعدم۔ وھھنا کذلک
لانہ یرجحہ القرآن الکریم والحدیث المرفوع **قولہ** استثناء آپکے مذہب میں
آہ **اقول** مسئلہ استثناء میں حنفی اصولی مختلف ہیں۔ شرح اس مسئلہ کی ازبس دراز
ہے۔ یہ اوراق اوس کے متحمل نہیں۔ الا بحکم ضرورت مختصر طور پر گزارش ہوتا ہے **فی المسلم**
وشرحہ۔ الاستثناء من الاثبات نفی وبالعکس ای من النفی اثبات عند الجمہور
من الشافعیۃ والمالکیۃ والحنابلۃ۔ ولطائفۃ من الحنفیۃ المحققین۔ ومنہم
فخر الاسلام۔ والامام شمس الائمۃ والقاضی الامام ابوزید۔ وغیرہم من المحققین

مسئلہ استثناء کی تحقیق

وفی الہدایۃ لو قال ما انت الا حر عتق۔ لان الاستثناء من النفی اثبات علی وجہ
التاکید۔ وانما صار مؤکدا لکونہ مقصودا علیہ دون غیرہ انتہی بموجب
کلام اس طائفہ محققین حنفیہ کے استثنا نفی سے اثبات ہے۔ اور اثبات سے نفی۔ تو استثنا
صدر کے مخالف حکم کا مثبت ہوا۔ پس مقتدی کے لئے قرات فاتحہ سے منع کا مثبت
ٹھہرا۔ فثبت ما اراد السائل۔ اور بموجب قول صاحب **توضیح وتلویح** وغیرہ
کے کہ جو استثنا تکلم بالباقی بعد الثنیا۔ تو مقتدی حکم ما قبل یعنی صدر کلام میں
داخل نہیں۔ تو معنی اس حدیث کے یہ ہوئے۔ کہ سوا مقتدی کے جو شخص فاتحہ نہ پڑھیگا۔ اوسکی
نماز نہ ہوگی۔ جوز اتکالا۔ رہا مقتدی۔ سو اوسکے حکم میں بموجب اس احتمال کے۔ یہ

Marfat.com

حدیث ساکت ہے۔ اور اسکا حکم دلیل خارجی سے ثابت ہے۔ اور وہ آیۃ واذا قرأ القرآن اور حدیث واذا قرء فانصتوا وغیرہ کا ہے۔ پس بہر حال مقتدی کے لئے قرأت کی ممانعت ثابت ہوئی وھو مقصود السائل **قولہ** اس استثناء کا مدلول اشارہ ہے **اقول** اصطلاح میں اشارہ کی تعریف یہ ہے دلالۃ التزامیۃ لا تقصد اصلاً۔ لا بالذات ولا بالتبع ولا یکون لتصحیح الکلام کما فی المسلم وشرحہ اور صاحب نور الانوار اسطرح لکھتا ہے اشارۃ النص ما ثبت بنظمہ لغۃ لکنہ غیر مقصود و لا سیق لہ النص۔ ولیس بظاہر من کل وجہ انتہی۔ جبکہ اشارہ کی تعریف یہ ہوئی۔ تو کون دانشمند وقف از اصول کہہ سکتا ہے۔ کہ اس حدیث میں حکم فاتحہ کا اشارہ مذکور ہے۔ اور اسپر تعریف اشارہ کی صادق آتی ہے۔ کیونکہ وہ تو دلالۃ التزامی ہوتی ہے۔ اور سوق کلام کا بھی اسکے لئے نہیں ہوتا۔ اور من کل الوجوہ ظاہر نہیں ہوتی۔ اور اس حدیث میں بفضلہ یہ جملہ امور بالعکس موجود ہیں۔ اس لئے کہ سوق اس کلام کا بنا بر اظہار حکم فاتحہ کے ہے۔ اور حکم فاتحہ کا اس حدیث کا مدلول مطابقی ہے۔ التزامی نہیں اور فاتحہ کے حکم پر ظاہر دال ہے۔ بلکہ حکم فاتحہ کا اسکا مدلول عبارۃً کہنا چاہیئے۔ اس لئے کہ عبارۃ نص کی تعریف علماء اصول نے اسطرح کی ہے۔ وہی ما ثبت بالنظم مقصودًا بہ۔ اور نور الانوار میں ہے ما سیق الکلام لاجلہ پس ثابت ہوا کہ حکم فاتحہ پر حدیث عبارۃً دال ہے۔ نہ اشارۃً۔ فلم یثبت ما ادعاہ۔ اور اگر یہ غرض ہو کہ بسبب سکوت استثناء کے فاتحہ کی ممانعت مقتدی کی لئے اس استثناء سے اشارۃً مستفاد ہے۔ تو یہ اول سے بھی سخیف تر ہے **اولاً**۔ تو اس لئے کہ عند القائلین بہ کے نزدیک استثناء تکلم بالباقی پر دال بالوضع مطابقۃ ہے۔ فکانت دلالۃ علیہ بالمطابقۃ۔ لا بالالتزام۔ ولا اشارۃ من الثانی لا الاولی **ثانیاً** جبکہ اس استثناء میں لا نفیاً ولا اثباتاً مسیطر کا حکم نہیں۔ بلکہ وہ حکم سے مسکوت ہے۔ تو پھر اشارۃً ممانعت کہاں سے پیدا ہوئی۔ الحاصل یہ حدیث حکم

Marfat.com

فاتحہ پر عبارۃً دال ہے نہ اشارۃً۔ رہی یہ بات کہ جب حدیث عبارۃً دال ہوئی۔ اور اثر
ابوہریرہ کا بھی ایسا ہی ہے۔ تو پھر دونوں میں تعارض ہوا۔ فکیف التوفیق۔
تو کہا جاویگا کہ راجح پر عمل کرنا ضرور ہے۔ سو حدیث کا راجح ہونا ظاہر ہے
اول تو اس لئے کہ یہ حدیث مرفوع بھی مروی ہے۔ اور ابوہریرہ کا اثر بالاتفاق ہی موقوف
ہے۔ دوم آیۃ واذا قرأ القرآن فاستمعوا له وانصتوا بھی اسی کی مؤید ہے
سیوم حدیث صحیح۔ صحیح مسلم وغیرہ کی واذا قرأ فانصتوا بھی اسی کو
ترجیح دیتی ہے۔ چہارم اور آثار صحابہ کرام کے بھی اسیکو تائید دیتے ہیں وغیرہ
وغیرہ **قوله** ساتواں جواب استثنا کا مدلول اشارۃ ہے **اقول** اسکا جواب
ماقبل کے جواب میں۔ سے معلوم ہو چکا ہے۔ دوبارہ ذکر کرنا طوالت سے خالی نہیں
قوله نانواں اعتراض ابوسعید سی روایت ہے آہ **اقول** سوال کی تقریر اسطرح پر
ہے **اخرج البخاری** فی الجزء عن ابی هریرة قال قال رسول الله
صلی الله علیه وسلم اخرج فناد فی المدینة ان لا صلوٰة الا بقرآءة ولو بفاتحة
الکتاب فما زاد۔ واخرج ایضاً فیه۔ عن عطاء عن ابی هریرة فی کل صلوٰة قراءة
ولو بفاتحة الکتاب الحدیث۔ واخرج ایضاً فیه قال لنا ابو نعیم حدثنا الحسن
بن ابی الحسناء حدثنا ابو العالیه۔ فسألت ابن عمر بمکة اقرأ فی الصلوٰة۔ قال
انی لاستحیی من رب هذا البیت ان اصلی صلوٰة۔ لا اقرأ فیها۔ ولو بام الکتاب
واخرج ایضاً۔ فیه۔ قال ابو هریرة رضی الله عنه کان رسول الله صلی الله علیه
وسلم اذا اراد ان یقرأ سکت سکتةً۔ وکان ابو سلمة بن عبد الرحمٰن۔ ومیمون
بن مهران وغیرهم۔ وسعید بن جبیر۔ یرون القراءة عند سکوت الامام لکی
نون نعبد لقوله صلی الله علیه وسلم۔ لا صلوٰة الا بفاتحة الکتاب واخرج
ابوداؤد عن ابی هریرة قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم اخرج فناد فی

Marfat.com

ابن سید الناس کی عبارت

المدینة - لاصلوٰة الا بقراٰن ولو بفاتحة الکتاب فما زاد - سائل کہتا ہے -
ان مرفوعہ احادیث اور آثار سے معلوم ہوتا ہے - کہ فاتحہ بخصوصہا کا پڑھنا فرض نہیں
جبکہ فرض ہی نہیں ہے - تو امام کے پیچھے کیسی فرض ہوگی - **قولہ** معلوم نہیں
کہ یہ لفظ کہاں سے آگیا **اقول** وباللہ التوفیق **اولاً** - عدم العلم بالشئے - اور علم العدم
بہ - میں بہت بڑا فرق ہے - اول مستلزم ضعف کا نہیں **ثانیاً** ابن سید الناس
نے اپنی علم کی نسبت یہ فرمایا ہے اور وہ مستلزم عدم فی نفسہ کا نہیں - کیا حضرت
ابن عمرؓ نے بہ نسبت صلوٰة الضحیٰ کے بجواب سائل کے لا اخالہ نہیں فرمایا - یعنی میں
گمان کرتا ہوں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر کی نہیں پڑھتے تھے کما رواہ البخاری
اعنی فی صحیحہ الخ
اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما نے نہیں فرمایا - کہ سوا ایک دفعہ کے میں نے
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز ضحیٰ کی پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا رواہ البخاری ایضاً
حالانکہ نماز ضحےٰ کا ثبوت اور بارہا پڑھنا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کالشمس روشن ہے
کما رواہ مسلم وغیرہ ابو محمد حارثی اور ابن عدی نے اس حدیث کو ابی سعید خدری سے
روایت کیا ہے - اور قوی اور ضعیف ہونا حدیث ہذا کا یہ مجمل خود مبین ہے - الا
اس حدیث کی تخریج تو مجہول نہیں **قولہ** جیسے ابوداؤد میں ہے آہ **اقول** ابوداؤد
نے ابوسعید خدری سے روایت کیا امرنا ان نقرأ بفاتحة الکتاب وما تیسر اس
صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ فاتحہ اور ما تیسر دونوں مامور بالقراءة ہیں فھذا
الحدیث حجة علی القائلین بوجوب الفاتحة فقط **قولہ** ابوداؤد کی طریق میں
جعفر بن میمون ہے - نسائی نے کہا لیس بثقة الخ **اقول** جعفر بن میمون کو دارقطنی
کہا یعتبر حدیثہ - وقال مرة صالح الحدیث - وقال ابن عدی لم ار احادیثہ
منکرة وروی عنہ عبد ویحیی القطان ذکرہ فی میزان الاعتدال اس سے
بھی قطع نظر کرکے - تسلیم کیا کہ ابوداؤد کے اس طریق میں **جعفر بن میمون ہے** - الا

جعفر بن میمون کا حال

Marfat.com

ابوداؤد کا دوسرا طریق جسمیں یہ راوی نہیں وہ صحیح ہے ولفظه امرنا ان نقرأ
بفاتحة الكتاب وما تيسر۔ واخرجه ابن حبان وصححه ولفظه امرنا
رسول الله صلى الله عليه وسلم ان نقرأ بفاتحة الكتاب وما تيسر واخرجه
احمد وابويعلى الموصلى فى مسندهما۔ واخرج ابونعيم فى تاريخ اصبهان عن
ابى مسعود الانصارى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تجزئ صلوة
لا يقرء فيها بفاتحة الكتاب وشئ معها۔ واخرج احمد فى مسنده فى
صلوة المسئ صلوته عن رفاعة بن رافع ثم اقرأ بام القران ثم اقرء بما شئت
ورواه ابوداؤد عن محمد بن عمرو ثم اقرء بام القران وبما شاء الله ان تقرأ
یہ خلاصہ **نصب الدرایہ** حافظ ابن حجر کا ہے۔ پس ان احادیث سے فاتحہ مع شئے
آخر کی فرضیت ثابت ہے۔ پس قائلین فرضیت فاتحہ خلف الامام فقط پر یہ احادیث
حجت ہیں **قولہ** **فصاعدًا** الی حدیث صحیح ہے اھ **اقول** فرضًا
تسلیم کیا کہ حدیث فصاعدًا ماول کما اوله البخاری ہے۔ الاحادیث ثم اقرأ
بام القران ثم اقرأ بما شئت اور لا تجزئ صلوة لا يقرأ فيها بفاتحة الكتاب
وشئ معها اس تاویل کو قبول نہیں کرتی۔ اور اہل محاورہ کب پسند کرتے ہیں۔
اور ایسی تاویل جو مقتضائی عبارت سے خارج ہو۔ صرف عن الظاہر سے قطع نظر
خصم کے نزدیک حجت ہے۔ کب ہوسکتی ہے **قولہ** آپکے نزدیک قول صحابی حجت
ہے الخ **اقول** صحابی کا قول حجت اوسوقت ہے۔ جب کہ مقابلہ نصوص کے نہو۔ ورنہ
حجیت صحابی کے قول کی حنفیہ کرام کب قائل ہیں **فی التلویح** علی الخلاف فی
قول الصحابی المجتهد هل يكون حجة على مجتهد غير الصحابي۔ ولم يظهر له دليل
من كتاب وسنة انتهى۔ **وفی المنار** تقليد الصحابی واجب يترك به القيا
انتهى۔ پس ظاہر ہے کہ اس مسئلہ میں تقلید صحابی کی حنفیہ کے نزدیک واجب نہیں

Marfat.com

لورُود النصوص الظاهرة **انتباہ** سامعین غور کریں کہ جب ماذکر احادیث سے فاتحہ مع شئی زائد کی فرضیت ثابت ہے۔ تو پھر تخصیص وجوب فاتحہ میں اتباع بقول الرسول کہاں ہے۔ **قولہ** کوئی الزام عائد نہیں ہوسکتا **اقول** الزام کی بھلی کھی تنہا پیش قاضی روی۔ راضی آئی کی مثال صادق آتی ہے۔ ورنہ میدان مقابلہ میں اس دعوی کو کون سنتا ہے۔ اِس تجویز ذہنی پر چند در چند الزام عائد ہوتی ہیں۔ **اوّلاً**۔ مخالفت فاقرؤا ما تیسر من القرآن کی کہ اس آیت میں مطلق قراءت کا حکم ہے۔ تخصیص فاتحہ کی اس حکم کے خلاف ہے۔ **ثانیاً** ثم اقرء ما تیسر معک من القرآن کی تخصیص خلاف ہے **ثالثاً** حکم حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بجزئے صلوۃ۔ لا یقرء فیھا بفاتحۃ الکتاب وشئ معھا ہے تخصیص اس حکم کا خلاف ہے **رابعاً** حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ثم اقرء ام القرآن وبما شاء اللہ ان تقرأ۔ تخصیص اس حکم کے خلاف ہے **خامساً** امرنا ان نقرأ بفاتحۃ الکتاب وما تیسر کے خلاف ہے **سادساً** یہ تفریق ذہنی عموم الفاظ احادیث کی خلاف ہے **سابعاً** واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا کے خلاف ہے **ثامناً** واذا قرأ فانصتوا کے خلاف ہے **قولہ** ہم کہتے ہیں ما زاد۔ کا پڑھنا بالکل منع نہیں **اقول** حاصل کلام صاحب رسالہ کا یہ ہے۔ کہ فاتحہ ما زاد کے خلف الامام جہراً۔ اور سرًا۔ صلوۃ جہریہ اور سریہ میں بالکل ممنوع نہیں۔ تو یا تو مقتدی کو ہر دو کا پڑھنا بطریق فرض ہوگا۔ یا بطریق مسنون۔ یا فاتحہ کا بطریق فرض۔ اور ما زاد کا مسنون۔ یا بالعکس یعنی ما زاد کا فرض۔ اور فاتحہ کا مسنون۔ فصار المسئلۃ مربعۃ۔ ہر چہار شقوق اسکے بالکل ممنوع ہیں۔ اول۔ دوم۔ سوم۔ تو اسلئے کہ واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لہ اور حدیث واذا قرء ای الامام فانصتوا۔ رواہ مسلم وغیرہ اور مالی انازع القرآن اور خالجنیھا۔ اور خلطتم علی القرآن وغیرہ کے خلاف ہے۔ اور

Marfat.com

شافعی جیسا امام اس اجماع پر مطلع نہ ہوتا - کا جواب بدو وجہ - وجہ اول -

چہارم ماذکر من الادلۃ کے سوا - لا قائل بہ من الامۃ المحمدیۃ علی صاحبہا الصلوۃ
والتحیۃ **علاوہ** ازاں جسقدر ادلہ درباب عدم قرارت الفاتحہ والسورۃ خلف الامام فی
مانحن میں مذکور ہوئی ہیں - یہاں بھی تصور کرنی چاہیئے - اور خودرائی تو خود
مرض لاعلاج ہے - اور کلام اتباع ادلہ شرعیہ میں ہے - **قولہ** شافعی جیسا
صاحب مذہب اس اجماع پر مطلع نہ ہوتا **اقول** فاتحہ خلف الامام میں اجماع ہوا
یا نہوا - اصل مسئلہ کی بابت استفسار ہے کہ اجماعیہ مسائل صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم
اجمعین پر دوردست بعید العہد پیدائش کی اطلاع ہو - کیا شرائط ضروریہ انعقاد
اجماع سے ہے - توافق وموافقت امام شافعی وغیرہ کی مسائل اجماعیہ
صحابہ میں تو مدار انعقاد اجماع کا نہیں ہے - پر کیا عدم اطلاع مانع عدم
انعقاد اجماع ہے **فی المسلم وشرحہ** لا عبرۃ فی الاجماع بالکافر
ولا عبرۃ ایضاً لوفاق من سیوجد اجماعاً - انتہی **ثانیاً** بہت مسائل
اجماعی ایسے ہیں کہ اون میں **صاحب رسالہ** کو بہ نسبت محدثین یہی بات کہنی
پڑیگی (۱) **نووی شرح صحیح مسلم** میں لکھتا ہے - اجمع العلماء علی جواز التیمم
عن الحدث الاصغر - وکذلک اجمع اہل ہذہ الاعصار ومن قبلہم علی
جوازہ للجنب والحائض والنفساء انتہی اور ابراہیم نخعی تابعی امام جلیل الشان
لا یری التیمم لہم پس صاحب رسالہ کہدیں - کہ اگر اجماع ہوتا - تو امام ابراہیم نخعی
تابعی قریب العہد مطلع نہ ہوتا (۲) **نووی** نے اوسی کتاب میں لکھا ہے -
اذا صلی الجنب بالتیمم ثم وجد الماء وجب علیہ الاغتسال باجماع العلماء
انتہی اور ابوسلمہ بن عبدالرحمن تابعی امام جلیل الشان ہو - قال لا یلزمہ الغسل
یہاں بھی صاحب رسالہ وہی بات کہدیں (۳) **نووی** اوسی کتاب میں
لا یبولن احدکم فی الماء الراکد کے ذیل میں لکھتا ہے والتغوط فی الماء

Marfat.com

کالبول فیہ۔ واقبح وعلیہ اجماع العلماء انتھی۔ مضمونًا۔ اور داؤد ظاہری
امام کہتا ہے۔ ان الغائط لیس بمنھی عنہ فی الماء پس اس میں بھی ویسا ہی
کھدیں (۴) اوسی کتاب میں نووی لکھتا ہے کہ عند البیع والشراء فقط
عورت کے مونہہ اور دونوں ہاتھوں کو دیکھ لینا جائز ہے۔ اور اسپر اجماع امت کا
ہے۔ **وقال الاوزاعی** ینظر الی موضع اللحم وقال داؤد ینظر الی
جمیع بدنھا پس یہاں بھی وہی بات کھدیں (۵) **نووی** نے اوسی کتاب
میں لکھا ہے نقل الحارث المحاسبی اجماع العلماء علی ان الام تفضل فی البر
علی الاب۔ وخالف فی ذلک مالک فانہ یقول انھما فی البر سواء۔ پھر
صاحب رسالہ یہاں ہی بھی فرماویں۔ کہ اگر اجماع ہوتا تو امام مالک جیسے امام
مطلع نہوتے۔ اور اوس کے نظائر ازبس ہیں طوالت قلم کو روکتی ہے وذلک
غیر خافیۃ علی ناظری کتب الفن۔ پس ثابت ہوا کہ عدم اطلاع امام شافعی وغیرہ
کی مانع انعقاد اجماع صحابہ کرام کی نہیں ہے فثبت وھن ھذا القول **قولہ**
باحسن وجوہ ثابت ہے **اقول** جیسی قراءت فاتحہ خلف الامام بعض صحابہ۔ اور
تابعین سے ثابت ہے۔ ویسی ہی عدم القراءۃ خلف الامام بھی صحابہ اور تابعین
سے بعمدہ وجوہ ثابت اور مبرہن ہے۔ فثبت ان المسئلۃ اختلافیۃ۔ الا امر
متنازع فیہ فرضیت فاتحہ خلف الامام ہے۔ سو اوسکا ثبوت اس کلام سے حیز منع میں
ہے۔ بلکہ اختلاف صحابہ اور تابعین کا مؤید عدم فرضیت کا ہے۔ رہی یہ بات
کہ مسئلہ اختلافی ہے تو اجماع کہنا درست نہوا۔ سو اسکی بابت آگے گزارش ہوگا **قولہ**
سینی بخاری نے کہا **حدثنا** یحیی عن الابان حدثنا ابو نضرۃ
الخ **اقول** اس روایت میں ابان سہو قلم ہے۔ بلکہ صحیح العوام ہے۔ اور یہہ عوام
بن حمزۃ المازنی ہے۔ سو میزان الاعتدال میں اسکی ترجمہ میں لکھا ہے۔

Marfat.com

روی عباس عن یحییٰ لیس حدیثه بشئ و قال احمد له مناکیر انتھی۔
قوله وبروایة عن عبدالرحمن بن ھرمز ان ابا سعید الخدری الخ **اقول**
اس حدیث کی ایک روایت میں یحییٰ بن عبداللہ بن بکیر مصری ہے۔ اور وہ مختلف فیہ
ہے میزان الاعتدال میں لکھا ہے۔ قال ابوحاتم کان یفھم ھذا الشان یکتب
حدیثه ولا یحتج به۔ **وقال** النسائی ضعیف۔ وقال مرة۔ لیس بثقة انتھی۔ اور
دوسری روایت میں عبداللہ بن صالح ہے۔ اور یہ عبداللہ بن صالح بن محمد بن مسلم
جھنی مصری ابوصالح کاتب اللیث بن سعد ہے۔ **تقریب** میں لکھا ہے صدوق
کثیر الغلط ہے۔ اور میزان میں کہا ہے قال النسائی لیس بثقة۔ وقال ابن المدینی
لا اروی عنه شیئاً۔ وقال ابن عدی ھو عندی مستقیم الحدیث الا انه یقع
فی اسانیده ومتونه غلط ولا یعتمد علیه انتھی **قوله** قال البخاری رحمه اللہ و
کانت عائشة تقول بذلک **اقول** یہ روایت بلا سند ہے۔ اگر اوسکی سند مذکور ہوتے
تو رواۃ کا حال معلوم ہوتا **قوله** قال البخاری قال عبدالرزاق الخ **اقول** اس روایت
کو صاحب رسالہ نے پورا پورا بیان نہیں کیا۔ بخاری رحمہ اللہ علیہ نے جزو قرات میں
اسکو یوں لکھا ہے قال البخاری قال عبدالرزاق عن ابن جریج عن عطاء قال اذا
کان الامام یجھر فلیبادر بقرایة ام القرآن۔ او لیقرء بعد ما سکت فاذا قرء
فلینصت کما قال اللہ تعالیٰ انتھی **اولا**۔ گذارش ہے کہ عبدالرزاق جو اس روایت
میں ہے عبدالرزاق بن ھمام بن نافع ہے۔ اور وہ متکلم فیہ عند الحفاظ ہے **میزان**
میں اوسکی توثیق کا حال بھی لکھا ہے۔ اور یہ بھی لکھا ہے وضعف بصرہ فی آخر
عمرہ فھو ضعیف السماع۔ وقال محمد بن عثمان الثقفی البصری۔ واللہ الذی
لا الہ الا ھو۔ ان عبدالرزاق کذاب۔ والواقدی اصدق منه۔ وقال زید
بن عبدالمبارک لا اروی عنه۔ وقال جعفر بن عثمان الطیالسی سمعت ابن معین

عبدالرحمن بن ہرمز
عبدالرزاق بن ہمام

Marfat.com

یقول سمعت من عبد الرزاق کلاماً یوماً۔ فاستدللت به علی تشیعه۔ فقلت
ان استاذیک الذین اخذت عنہم کلهم اصحاب سنة۔ معمر و مالک و
ابن جریج و سفیان۔ والاوزاعی۔ فعمن اخذت هذا المذهب۔ فقال قدم علینا
جعفر بن سلیمان الضبعی فرأیته فاضلاً حسن الهدی۔ فاخذت هذا عنه۔
وقال احمد بن خیثمة سالت ابن معین وقیل له ان احمد یقول ان عبید الله
بن موسی یرد حدیثه للتشیع۔ فقال کان۔ والله الذی لا اله الا هو عبد الرزاق
اعلی فی ذلک من عبید الله مائة ضعف انتهی ملتقطاً اور **تقریب** میں ہے
ثقة حافظ مصنف شهیر عمی فی آخر عمره فتغیر وکان یتشیع انتهی اور **ثانیاً**
یہ اثر خود دال ہے کہ اگر مقتدی کو موقعہ مذکور نہ ملے۔ تو انصات عند قرأة الامام
واجب ہے۔ فاتحہ نہ پڑھے۔ فاین فرضیة الفاتحة **قوله** قال البخاری عن
ابی السائب عن ابی هریرة رضی الله عنه الخ **اقول** یہ حدیث صاحب رسالہ پہلے ابتدا
رسالہ میں بیان کر چکے ہیں۔ اور اوسکا جواب وہاں عمدہ طرح سے دیا گیا ہے۔ فلا نعیده
قوله قال البخاری عن ابی المغیرة عن ابی بکر الخ **اقول** اس روایت
کی سند میں زیاد البکائی ہے۔ اور وہ زیاد بن عبد اللہ بن طفیل البکائی ہے۔
میزان الاعتدال میں اوس کے ترجمہ میں لکھا ہے قال ابن معین لا باس به فی المغازی
واما فی غیرها فلا۔ وقال ابن مدینی ضعیف کتبت عنه وترکته۔ وقال
ابو حاتم لا یحتج به۔ وقال النسائی ضعیف وقال مرة لیس بالقوی۔ وقال
ابن سعد کان عندهم ضعیفاً انتهی **قوله** عن ابن سنان قال قلت لابی بن
کعب الخ **اقول** اس روایت کی سند میں عبید اللہ بن موسی العبسی الکوفی شیخ
البخاری ہے۔ میزان میں لکھا ہے۔ عبید الله فی نفسه ثقة لکنه شیعی محترق۔ و
قال ابو داؤد کان شیعیاً محترقاً۔ وعن احمد کان عبید الله صاحب تخلیط حدث

زیاد البکائی کا حال۔

عبید اللہ بن موسی کا حال۔

Marfat.com

احادیث سوء واخرج تلک البلایا - وقد رایته بمکة فاعرضت له - وقد
استشار محدث احمد بن حنبل فی الاخذ عنه فنهاه انتہی - **قوله** قال البخاری
عن ابی رافع عن علی بن ابی طالب الخ **اقول** اس روایت میں سفیان بن حسین
سمعت عن الزہری واقع ہے - **میزان الاعتدال** میں لکھا ہے یروی عن
الزہری مضطرب فیه - وقال احمد لیس بذاک فی الزہری - وقال عباس
عن یحیی لیس به باس ولیس من کبار اصحاب الزہری - فی حدیثه ضعف
وروی ابن خیثمة عن ابن معین ثقة فی غیر الزہری - وروی یعقوب
بن شیبة عن یحیی کان مؤدبا لم یکن بالقوی - وروی ابوداؤد عن یحیی
لیس بالحافظ ولا بالقوی فی الزہری - وقال ابن معین لم یکن بالقوی
انتہی مختصرا **قوله** قال البخاری عن ابی مریم سمعت ابن مسعود الخ **اقول**
اس روایت کی سند میں اسماعیل بن ابان ہے **میزان** میں اوسکے ترجمہ میں
لکھا ہے اسماعیل بن ابان الازدی الکوفی الوراق شیخ البخاری - قال البخاری
صدوق وقال غیره کان یتشیع - وروی الحاکم عن الدارقطنی انه قال
لیس عندی بالقوی **قوله** قال البخاری عن سفیان وقال حذیفة یقرء
خلف الامام **اقول** یہ روایت جزء القراءت امام بخاری رحمہ اللہ - مطبوعہ مطبع
صدیقی لاہور کے صفحہ ۱۳ - سطر ۴ میں فقط اسقدر ہے - وقال حذیفة یقرء
اور خلف الامام کا لفظ اسمیں نہیں - شاید ایزاد ہے - یا ایجاد یا سہو کاتب ہے
اور یقرء عام ہے داخل ہو یا خارج نماز کے - اور مقتدی اور امام اور منفرد کو - فافہم
به الحجة علی القراءة خلف الامام - اور نیز اس روایت کی سند میں محمد بن یوسف
الفریابی شیخ البخاری ہے **میزان** میں اوس کی توثیق کے بعد لکھا ہے - و
قال العجلی اخطاء الفریابی فی مایة وخمسین حدیثا انتہی **قوله** حدثنا ابو الضرم

سفیان بن حسین ۱ ل

اسمعیل بن ابان ۱ ل

محمد بن یوسف الفریابی ۱ ل

Marfat.com

قال سالت ابا سعید عن القراءة خلف الامام **اقول** یہ روایت اور جو روایت کہ صاحب رسالہ نے اوّل بقولہ سنیے بخاری نے کہا ہے **حدثنا** مسدد حدثنا یحیی الخ بیان کی ہے۔ ایک ہی ہے۔ صاحب رسالہ نے اسکو آثار کی تعداد بڑہانے کے لئے یا سہو سے ان غرض آخر۔ مکرر بیان فرمایا۔ اسکی سند میں وہی عوام بن حمزة المازنی ہے یحیی نے کہا۔ لیس حدیثہ بشیٔ وقال احمد لہ مناکیر کما مر قبل ذلک من المیزان

قولہ وعن مجاهد اذا نسی فاتحة الکتاب فلا تعد تلک الرکعة **اقول** اس روایت سے استدلال صاحب رسالہ کا ظاہر البطلان ہے۔ کیونکہ اوسمیں خلف الامام کا کہاں ذکر ہے۔ تاکہ صاحب رسالہ کو مفید ہوتا۔ کما لا یخفی۔ جائز ہے کہ مجاہد سے نے منفرد کے لئے فرمایا ہو۔ جیسی حنفیہ کرام فرماتے ہیں۔ کہ منفرد کے لئے قراءة فاتحة الکتاب واجب ہے۔ اوس کے ترک سہواً سے بھی نقصان کمال لازم آتا ہے کما هو المذکور فی الفقه **قولہ** وعن عبد الله بن مغفل انه کان یقرا فی الظهر والعصر الخ **اقول** اس روایت کی سند میں عمر بن ابی سحیم النصری ہے سو اوسکو **میزان الاعتدال** میں غیر معروف لکھا ہے حیث قال عمر بن ابی سحیم۔ عن عبد الله بن مغفل لا یعرف یحیی بن ابی اسحاق الحضرمی عنه حدیث انتهی **قولہ** عن عبد الله بن الزبیر عن ابیه عن عائشة الخ **اقول۔ اوّلاً**۔ اس روایت کی سند میں محمد بن اسحاق ہے۔ محدثین کے نزدیک جو اوسکا حال ہے۔ سابق میں گزر چکا ہے۔ **ثانیًا** اس سے قطع نظر لفظ خداج مشترک ہے کما مر قبل ذلک فلا یتم به حجة **ثالثًا** لیس فی هذا الحدیث شیٔ یدل علی انه صلی الله علیه وسلم اراد بذلک الصلوة التی تکون وراء الامام۔ قد یجوز ان یکون عنی بذلک الصلوة التی لا امام فیها۔ **واخرج** من ذلک المامور بقوله من کان له امام فقراءة الامام له قراءة فلا یتم به الحجة **قولہ** عن عبادة صلی النبی صلی الله علیه وسلم

جواب [illegible]

جواب [illegible]

Marfat.com

صلوٰۃ الخ **اقول** اس روایت کی سند میں بھی محمد بن اسحاق ہے۔ اور نیز اسکا جواب ابتدا رسالہ میں گزرچکا ہے۔ اعادہ اوسکا طوالت سے خالی نہیں فلا نعیدہٗ

قولہ قال البخاری قال ابن خیثم قلت لسعید ابن جبیر الخ **اقول** میزان الاعتدال میں لکھا ہے عبداللہ بن عثمان بن خیثم المکی روی الدروی عن ابن معین احادیثہ لیست بالقویۃ۔ وقال مرۃ لا یحتج بہ۔ وقال النسائی لین الحدیث انتہی۔ اگرچہ اس عبداللہ کی بعض نے توثیق بھی کی ہے الا ضعف راجح ہے۔

قولہ قال البخاری قال انا محمد بن یوسف ثنا سفیان الخ **اقول** اس روایت کی سند میں جواب ابن عبیداللہ التیمی ہے **میزان** میں کہا ہے وثقہ ابن معین ضعفہ ابن نمیر۔ وقال ابو خالد الاحمر رأیتہ وکان یقص ... یذہب الی الارجاء۔ وقال الثوری لم اعرض لہ الا ارجاء۔ وقال ابن عدی لیس لجواب من المسند الا قلیل۔ لہ مقاطیع فی الزہد وغیرہ رحمہ اللہ انتہی ملخصاً

قولہ قال مجاہد اذا لم یقرأ خلف الامام الخ **اقول** یہ اثر اور عبداللہ بن عمر کا اثر حدیث مرفوع اور واذا قرأ (الامام) فانصتوا۔ رواہ مسلم والنسائی اور آیۃ قرآن واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا۔ اور حدیث قراءۃ الامام لہ قراءۃ کا کب مقابلہ کرسکتے ہیں **قولہ** اسقدر آثار ایک ہی کتاب سے نقل کردیے ہیں **اقول** ہر ایک اثر کا حال معلوم ہوچکا ہے۔ اور ضعف اونکا واضح ور ظاہر ہوگیا۔ پھر ایسے ضعاف کو معرض مقابلہ اور محل استدلال میں پیش کرنا۔ سامحت کے سوا اور کیا کہا جاوے۔

قولہ ایک اور پیارا قول نقل کرنے کو جی چاہتا ہے **اقول** قطع نظر اسکے ... کہ یہ اثر بھی احادیث مرفوعہ اور آیۃ قرآنی کا مقابلہ کب کرسکتا ہے۔ اسکی سند میں بھی جواب تیمی ہے جسکا حال میزان سے گزرچکا ہے۔ اور **تقریب** میں لکھا ہے صدوق متہم بالارجاء۔ **قولہ** قال قال ابی بن خلف وحذیفۃ الخ **اقول** یہ اونھی آثار کا ...

Marfat.com

ہے۔ جنکا ضعف پہلے معلوم ہوچکا ہے۔ جبکہ آثار کا حال یہ ہے۔ تو پھر اس نتیجہ کو کون تسلیم کرے۔ **قولہ** وقال القاسم بن محمد کان رجال الخ **اقول** یہ روایت صاحب رسالہ نے پوری پوری بیان نہیں کی۔ ایک جملہ مطلب کا ذکر کیا۔ اور دوسرا جملہ بیان کرنے سے حیا مانع ہوا ہوگا۔ **مؤطا** میں ہے۔ قال اسامۃ فسألت القاسم بن محمد عن ذلک (ای القرأۃ خلف الامام) فقال ان ترکت فقد ترکہ ناس (ای من الصحابۃ) یقتدی بھم۔ وان قرأت فقد قرأت ناس یقتدی بھم وکان القاسم ممن لا یقرأ **فائدہ** اس اثر سے صاف ظاہر ہے۔ کہ بہت صحابہ خلف الامام قراءۃ نہیں پڑھتے تھے۔ جیسا فقد ترکہ ناس کا مدلول ہے قاری الفریضہ

قولہ وقال ابی مریم سمعت ابن مسعود الخ **اقول** ان سب آثار کا حال گزارش ہوچکا ہے **قولہ** کافی صاحب کا قول ہی ان آثار سے کذب بحت ثابت ہوگیا الی آخر ما قال۔ کیونکہ مرتضے رضی اللہ عنہ کا خلف الامام قراءۃ پڑھنا ثابت ہے **اقول** اولا۔ بہت عمدہ درجہ کا ثبوت ہوچکا ہے۔ بھلا اس سے بڑھکر اور کیا ثبوت ہونا چاہئے کہ خود امام الائمہ بخاری بصیغہ تمریض (یعنی یذکر عن علی رض) بیان فرماتے ہیں جبکہ بخاری رحمہ اللہ کے بیان پر مدار ثبوت ہے۔ تو بخاری کو تو یقینا یہ بات معلوم ہی نہیں ہوئی کہ حضرت خلیفہ چہارم خلف الامام قرأت پڑھتے تھے۔ یا نہ پڑھتے تھے۔ حضرت امام الائمہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ جبکہ خود ہی متوہم اور شاک ہیں تو پھر ثابت ہی کہاں ہوچکا ہے۔ وہ جیہ خوش۔ بخاری پر ہی اتہام لگانے سے باز نہ آئے اور آیۃ ان بطش ربک لشدید کو جلد ہی بھول گئے۔ **ثانیا** جس روایت پر مدار حصول علم قراءۃ خلف الامام خلیفہ چہارم کرم اللہ وجہ کا ہے۔ اوسکی سند میں سفیان بن حبیب ہے۔ اور اس سفیان کے ضعف کا حال نقلا عن المیزان بخوبی معلوم ہوچکا ہے۔ پھر ایسی ضعیف کی روایت کو درجہ ثبوت کہاں حاصل ہے **ثالثاً** حافظ ابن حجر عسقلانی نے تحریر

جواب صاحب القول القاسم الخ

جواب طعن برکاغی صاحب کے قول کاذب ہونیکا

Marfat.com

ہدایہ میں لکھتے ہیں۔ وانما یثبت ذلک (ای منع القراءة خلف الامام) عن ابن عمرؓ جابر

وزید بن ثابت وابن مسعود۔ وجابر عن سعید۔ وعمر۔ وابن عباس وعلی انتہی

تنبیہ جبکہ روایت مثبتہ قراءۃ حضرت علی کا یہ حال۔ اور امام الائمہ بخاری کو خود یقین ہی نہیں۔ اور ابن حجر جیسا محقق شافعی المذہب حضرت علی رضی اللہ عنہ کا منع قراءۃ خلف الامام نقل کرتا ہے۔ تو پھر صاحب کافی کے قول کو کذب بحت کہنے کو۔ اگر کذب بحت اور سخت عبارت کہا جاوے۔ تو شاید بعید از اعتدال نہو **قولہ** پہلا اثر جناب عمر رضی اللہ عنہ کا ہے بخاری نے کہا ہے آہ **اقول** حضرت عمرؓ کے اثر کو صاحب رسالہ نے پورا پورا بیان نہیں کیا۔ **زیلعی** نے **تخریج احادیث ہدایہ** میں ناقلا عن الخلاصہ للنووی۔ بیان کیا ہے حیث قال۔ عن ابی سلمة بن محمد بن علی ان عمر بن الخطاب صلی المغرب فلم یقرء فقیل له۔ فقال کیف کان الرکوع والسجود۔ قالوا حسنا قال فلا باس انتہی۔ وقال ھذا منقطع لانهما لم یدرکا عمر رضی اللہ عنه۔ قال وفی روایة للبیہقی موصولة ان عمر اعاد الصلوة انتہی ہم نے تسلیم کیا کہ پہلا اثر منقطع ہے۔ اور دوسرا موصول الا اعادہ نماز کا حضرت عمر فاروق نے بسبب نہ پڑھنے مطلق قرارت کے جو کہ فرض ہے فرمایا۔ وہو مذہب الحنفیة۔ نہ باعث نہ پڑھنے فاتحۃ الکتاب کے۔ کیونکہ اس اثر میں صلی المغرب ولم یقرء واقع ہے۔ سو اوسکا مدلول عدم القرات مطلقا نہ بعدم قراءۃ الفاتحۃ۔ فہذا الاثر لنا لا له **قولہ** ویکفی فی بطلانه اجماع المسلمین علی خلافه آہ **اقول** اس اجماع المسلمین میں صحابہ رضوان اللہ علیہم داخل ہیں یا نہیں۔ اگر داخل ہیں تو اوسکا کہنا اجماع المسلمین [illegible]

ہے **قال البخاری** فی الجزء۔ انما اجاز ادراک الرکوع من اصحاب النبی صلی اللہ علیه وسلم الذین لم یروا القراءة خلف الامام منهم ابن مسعود۔ وزید بن ثابت۔ وابن عمر انتہی۔ **بخاری** رحمۃ اللہ علیہ کے بیان سے واضح ہے۔ کہ قراءۃ خلف الامام

کل صحابہ کا مذہب نہیں ۔ پھر اجماع المسلمین علے خلافہ کہاں ہوا ۔ اور اگر صحابہ داخل نہیں ہیں ۔ تو اجماع المسلمین کجا ۔ فذلک اصرح البطلان من الاول ۔ اگر بعد انقراض زمان صحابہ رضی اللہ عنہم کے اجماع المسلمین علے خلافہ مراد ہے ۔ تو بھی صحیح نہیں لاختلاف التابعین ومن بعدہم فی ہذہ المسئلۃ وھو ظاہر غیر خافیۃ **قولہ** پھر بخاری نے کہا ہے علی مرتضی کا وہی اثر اول اور صحیح ہے **اقول** یہ اول اور صحیح وہی اثر ہے جسکا ذکر پہلے ہو چکا ہے ۔ اور اوسکی سند میں سفیان بن حسین ہے ۔ اور اوسکے ضعف کا حال میزان الاعتدال سے منقول ہوا ہے پھر باوصف ایسے ضعیف راوی کے اول اور صحیح کسطرح ہوا ۔ **قولہ** اور جناب امیر کی اوس اثر کی نسبت الخ **اقول** اس اثر کو حافظ ابن حجر نے تخریج احادیث ہدایہ میں اسطرح بیان کیا ہے اخرجہ (البیہقی) من طریق الحارث عن علی ان رجلا قال لہ صلیت فلم اقرأ فقال اتممت الرکوع والسجود قال نعم ۔ قال تمت صلوتک انتھی ۔ وقال الزیلعی فی تخریج احادیث الھدایۃ ۔ وقال الحارث مجمع علی ضعفہ فانہ کان کذابا انتھی ۔ اس روایت کی سند میں چونکہ حارث ہے اور وہ ضعیف مجمع علیہ ہے ۔ لہذا یہ روایت ضعیف ہوئی ۔ اگر فرضا حارث کے ضعف سے قطع نظر بھی کیجاوے ۔ تو بھی یہ روایت نصوص صریحہ دالہ بر وجوب قراءۃ مطلق کے معارض ہے ۔ کیونکہ سائل نے کہا صلیت فلم اقرأ یعنے مینے نماز پڑھی ۔ اور اوس میں قراءت بالکل نہیں پڑھی ۔ پس ظاہر ہے کہ جبکہ اوس نے قراءۃ مطلقا نہیں پڑھی تو پھر اوسکی نماز کسطرح صحیح ہو گی لان مطلق القراءۃ فرض ۔ وھو بعینہ مذھب الحنفیۃ رضوان اللہ علیہم اجمعین **قولہ** فرضونکی رکعتوں میں قراءۃ ضروری نہیں سمجھتے **اقول** اسکا جواب انشاء اللہ تعالے آگے ذکر ہو گا **قولہ** جابر کا قول مخالف ہے ۔ ابن ماجہ نے سنن میں لکھا ہے عن جابر کنا نقرأ فی الظھر الی آخرہ **اقول** ۔ اولا ۔

جواب قول جابر + جواب اثر علی رضی اللہ عنہ

جواب قول اثر حارث +

جواب فرضونکی رکعتوں میں قراءت + جواب قول جابر

ابن ماجہ نے روایت کی جابر رضی اللہ عنہ سے قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
من کان له امام فان قراءة الامام له قراءة **ثانیاً** ترمذی نے حضرت جابرؓ
سے روایت کیا ہے من صلی رکعة لم یقرأ فیها بام القرآن فلم یصل الا ان یکون
وراء الامام وقال هذا حدیث حسن **ثالثاً** قال الحافظ ابن حجر فی نصب الرایة
فی تخریج احادیث الهدایة انما یثبت ذلك ای المنع عن ابن عمر و جابر و زید بن
ثابت و ابن مسعود انتهی **رابعاً** قال ابن عبد البر ما اعلم فی هذا الباب من الصحابة
من صح عنه ما ذهب الیه الکوفیون فیه - من غیر اختلاف عنه الا جابر **خامساً**
قال بعض اعیان الدهلی لعل هذا کان باجتهاده - فلما احسن رسول اللہ صلی اللہ
علیه وسلم منهم - قال من کان له امام فان قراءة الامام له قراءة - کما یجیئ
فی باب - اذا قرء الامام فانصتوا انتهی - ان وجوہات سے صاف ظاہر ہے - کہ راجح
روایت یہی ہے کہ معمول حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا عدم القراءة تھا کما لا یخفے **قوله**
بخاری نے روایت کیا ہے عن الزهری عن مولی جابر ابن عبد اللہ آہ **اقول** امام
الائمہ بخاری علیہ الرحمة نے اس اثر کو جزء القراءة میں یوں بیان فرمایا ہے - **و**
روی سفیان بن حسین عن الزهری عن مولی جابر بن عبد اللہ قال لی جابر
بن عبد اللہ اقرأ فی الظهر و العصر خلف الامام انتهی - اسمیں گزارش ہے **اولاً**
اس روایت کی سند میں وہی سفیان بن حسین ہے - جسکا ضعف **میزان الاعتدال**
سے مذکور ہو چکا ہے فکیف الاحتجاج به **ثانیاً** حافظ ابن حجر نے تخریج احادیث ہدایہ
میں بیان کیا ہے کہ جابر رضی اللہ عنہ سے منع عن القراءة خلف الامام ثابت ہے و
هذه عبارته - وانما یثبت ذلك (ای منع القراءة خلف الامام) عن ابن عمر و جابر و
زید بن ثابت و ابن مسعود الخ **ثالثاً** روی الترمذی عن جابر بن عبد اللہ یقول
من صلی رکعة لم یقرأ فیها بام القرآن فلم یصل الا ان یکون وراء الامام - هذا حدیث

حسن صحیح انتھے **رابعًا** - روی الطحاوی فی شرح الآثار بسندہ عن جابر بن عبد اللہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال من صلی رکعۃ الحدیث **خامسًا** روی مالک فی مؤطاہ عن وھب بن کیسان انہ سمع جابر بن عبد اللہ یقول من صلی رکعۃ لم یقرأ فیھا بام القرآن فلم یصل الا وراء الامام انتھی **سادسًا** امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے نصا بیان کیا ہے - کہ جابر رضی اللہ عنہ نے حدیث لا صلوۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب کی تاویل کی ہے - اور فرمایا ہے - کہ یہ حدیث من کان وحدہ کے لئے ہے - من کان خلف الامام کیواسطے نہیں - بلکہ اوس کے لئے من صلی رکعۃ الحدیث ہی - اگر اسحدیث کا ثبوت عند الجابر رضی اللہ نہوتا - تو حضرت جابر کو تاویل حدیث اول کی کیا ضرورت تہی - اور احمد بن حنبل نے بہی حدیث لا صلوۃ کی الحدیث یہی تاویل کی ہے - **قال الترمذی** اما احمد بن حنبل فقال معنی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب - اذا کان وحدہ واحتج بحدیث جابر بن عبد اللہ حیث قال من صلی رکعۃ لم یقرأ فیھا بام القرآن فلم یصل الا ان یکون وراء الامام - قال احمد فھذا رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم تاول قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا صلوۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب ان ھذا اذا کان وحدہ انتھی - جب کہ حدیث حسن صحیح وانکان موقوفًا - اور مرفوع موجود - اور حضرت جابر سے ثبوت میں منقول - اور ما روی البخاری فی الجزء کا ضعف مکشوف - تو پہر اسحدیث کے ثبوت میں کیا کچہ کلام ہے **علاوہ** براں بخاری کا اثر ضعیف - مرفوع اور موقوف حسن صحیح اور احمد بن حنبل کی روایت کا بہلا مقابلہ کر سکتا ہے - **مخاصم** کا دہ کلام تو بند ہونا معلوم - وللمنصف ما نقلنا کاف **قولہ** اور ابن مسعود سے ثبوت قراءۃ خلف الامام اوپر گزر چکا ہے - **اقول** (اولًا) وہاں بہی اوس روایت کا

ابن مسعود سے ثبوت قراءۃ کا جواب +

حال بھی گزارش ہو چکا ہے۔ یعنی وہاں بیان ہو چکا ہے۔ کہ اس روایت کی سند میں
اسماعیل بن ابان ہے۔ **میزان الاعتدال** میں اوسکے ترجمہ میں لکھا ہے۔
اسماعیل بن ابان ازدی الکوفی الوراق شیخ البخاری قال البخاری صدوق وقال
غیرہ کان یتشیع۔ **وروی الحاکم** عن الدارقطنی انه قال لیس عندی
بالقوی انتہی **ثانیاً** خود امام الائمہ بخاری نے جزء القراۃ میں لکھا ہے انما اجاز ادراک الرکوع من اصحاب النبی
صلعم الذین لم یروا القراۃ خلف الامام منہم ابن مسعود وزید بن ثابت وابن عمر انتہی **ثالثاً** حافظ ابن حجر
تخریج احادیث ہدایہ میں لکھا ہے انما ثبت ذلک رای منع القراۃ خلف الامام عن ابن عمر
وجابر وزید بن ثابت وابن مسعود انتہی۔ یہ حال ثبوت مذکور کا ہے جس پر صاحب رسالہ
نازاں ہو کر فرماتے ہیں کہ ثبوت گزر چکا ہے **قولہ** اور ابن عمرو کے اثر کی نسبت
قال البخاری الحدیث **اقول** ۔ اولاً۔ یہ روایت عبداللہ بن عمر بن الخطاب سے
مروی ہے۔ ابن عمرو بالواو سہو قلم ہے بلا واو صحیح ہے) بخاری کے جزء القراءت
کی روایت میں۔ لا اقرا فیہما ولو بام القرآن ہے۔ اور **طحاوی** کی روایت میں
لا اقرا فیہما بام القرآن او ما تیسر واقع ہے۔ ہر دو روایتوں سے وجوب مطلق قراۃ
کا مستفاد ہوتا ہے۔ نہ فاتحہ کی تعیین **ثانیاً** اس روایت میں قراۃ فی الصلوۃ
کا ذکر ہے۔ قراءت خلف الامام کا اسمیں ذکر ہی کہاں ہے فہذہ الروایۃ لا تنفع
لصاحب الرسالۃ **قولہ** ان یحیی سال ابن عمرو عن القراۃ خلف الامام الحدیث
اقول ۔ اولاً۔ یہ روایت بھی عبداللہ بن عمر الخطاب سے مروی ہے۔ ابن عمرو بالواو
سہو ہے۔ اس روایت کی سند میں یحیی بن سلم البکائی ہے۔ میزان الاعتدال
میں لکھا ہے یحیی بن مسلم البکائی قال ابوزرعۃ لیس بالقوی۔ وقال ابن سعد
ثقۃ انشاء اللہ تعالی۔ واما یحیی القطان لا یرضاہ۔ وقال النسائی متروک
الحدیث۔ وقال الدارقطنی ضعیف۔ وقال ابن حبان لا یجوز الاحتجاج بہ۔

Marfat.com

وقال وکیع یروی عن شیخ ضعیف + وروی احمد بن زہیر عن ابن معین قال
یحیی البکاء لیس بذاک + وقال النسائی یحیی بن مسلم البکاء البصری متروک
انتہی۔ **وفی التقریب** ضعیف من الرابعۃ انتہی **ثانیاً** خود امام بخاری علیہ الرحمۃ
نے جزء القراءۃ میں۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ کو من لم یروا القراءۃ خلف الامام سے شمار کیا
ہے کما مر عبارتہ **ثالثاً** حافظ ابن حجر نے تخریج احادیث ہدایہ میں ابن عمر کو مانعین
قراءۃ خلف الامام سے گنا ہے۔ وایضاً سبقت عبارتہ **رابعاً** موطا امام مالک میں ہے
عن نافع ان عبداللہ عمر کان اذا سئل ہل یقرء احد خلف الامام۔ قال
اذا صلی احد خلف الامام فحسبہ قراءۃ الامام۔ واذا صلی وحدہ فلیقرء۔ قال
وکان عبداللہ بن عمر لا یقرأ انتہی۔ **خامساً** موطا امام محمد میں نافع کی روایت بعینہ
موجود ہے **وفیہ** ایضاً اخبرنی انس بن سیرین عن ابن عمر انہ سئل عن القراءۃ
خلف الامام قال یکفیک قراءۃ الامام انتہی مختصراً **وایضاً فیہ** کان ابن
عمر لا یقرأ خلف الامام ان عبارات سے کئی فایدہ معلوم ہوئے **اول** ضعف یحیی
البکاء کا حال جو بخاری کی روایت میں ہے۔ **دوم** یہ روایت معارض ہے۔ اوس
روایت کے جو خود بخاری نے بیان فرمائی ہے **سیوم** ابن حجر کے بیان
کے مخالف ہے **چہارم** امام مالک کی روایت جو قوی اوس کے معارض ہے **پنجم**
روایات موطا محمد کے مخالف ہے **پھر** باوصف ضعف اور معارضات کے کیف یصح
الاحتجاج بہ **قولہ** اور زید بن ثابت کے اثر بخاری نے کہا ہے لا یعرف **اقول**
اس جواب میں صاحب رسالہ نے بہت عمدہ نمایاں حکیمانہ کارروائی فرمائی ہے۔ ظاہر
ظاہر میں گو یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ بخاری کا جواب زید بن ثابت کی دونوں اثروں کا جواب ہے
والحال انہ لیس کذلک بخاری رح کی جزء القراءۃ کی عبارت یہ ہے قال البخاری وروی
عمرو بن موسی بن سعد عن زید بن ثابت قال من قرء خلف الامام فلا صلوۃ لہ۔ وقال

Marfat.com

یعرف لهذا الاسناد سماع بعضهم من بعض ولا یصح مثله - یہ جواب صرف اسی اثر کا ہے - اور زید بن ثابت کی روایت جو امام مسلم رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں بیان فرمائی ہو صاحب رسالہ اوسکے جواب سے ساکت ہیں - اور وہ یہ ہے عن عطاء بن یسار انہ اخبرہ انہ سأل زید بن ثابت عن القراءۃ خلف الامام - فقال لا قراءۃ مع الامام فی شیٔ انتہی واخرجہ النسائی ایضاً فی سجود القرآن **قولہ** ابوالدرداء کے اثر پر خود ابوالدرداء کا قول کافی ہے - الخ **اقول** - اولاً - یہ امر تو پہلے ہی معلوم کہ یہ اثر ابوالدرداء کا ہے - مرفوع صریح نہیں - پھر اوسکے جواب میں یہ کہنا کہ ابوالدرداء کہتا ہے کہ میں خیال کرتا ہوں - یہ جواب ہے - تاکہ اوسکی عبارت کا ترجمہ علاوہ اکثر شارحین نے ترجمہ اری کا اعتقد کے ساتھ کیا ہے نہ خیال سے ثانیاً - یہ حدیث درباب وجوب قراءۃ فی الصلوۃ میں وارد ہے - نہ وجوب قراءۃ خلف الامام میں کما یدل علیہ لفظ الحدیث روی النسائی بسندہ عن ابی الدرداء سمعہ یقول سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم - أفی کل صلوۃ قراءۃ قال نعم قال رجل من الانصار وجبت ہذہ الحدیث ثالثاً - طحاوی نے شرح آثار میں لکھا ہے فہذا ابوالدرداء قد سمع من النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی کل صلوۃ قراءۃ فقال رجل من الانصار وجبت ہذہ فلم ینکر ذلک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قول الانصاری - ثم قال ابوالدرداء بعد من رأیہ ما قال انتہی الی حاصل ابوالدرداء کا بعد سماع نعم کے اری ان الامام اذا ام القوم فقد کفاہم - کہنا بغیر حصول علم کے مشکوۃ نبوۃ سے بن نہیں پڑتا - فیکون معنی کہنا ابن الہمام نے شرح ہدایہ میں لکھا ہے لایکون ذلک عن ابی الدرداء الا لعلم عندہ فیہ من النبی صلی اللہ علیہ وسلم انتہی بمضمونہ **قولہ** اور اوسکو ان کے مقابلہ میں عبادہ بن ثابت کا اثر ہے وہ سنیے **اقول** اولاً - علی تقدیر تسلیم

Marfat.com

التقابل کے۔ ظاہراً معلوم نہیں ہوتا کہ اس جواب کا حاصل ہی کیا ہے۔ کیونکہ جواب ترکی بہ ترکی۔ ہم ہی یہ کہہ سکتے ہیں۔ کہ عبادہ بن صامت کے اثر کے بالمقابل ابو الدرداء کا اثر موجود ہے۔ اور نیز زید بن ثابت کا وہ اثر جو امام مسلم اور نسائی نے بیان کیا ہے۔

رسئل زید بن ثابت عن القراءة خلف الامام فقال لا قراءة مع الامام فی شیء) عبادہ

اثر کے مقابل ہے۔ اور عبداللہ بن عمر کا اثر بھی اوسکے مقابل ہے۔ اور نیز اور بہت آثار اوسکے بالمقابل وارد ہیں۔ بلکہ مرفوعہ احادیث۔ بلکہ قرآن کریم بھی اوسکے مقابلہ میں موجود ہے۔ اگر تقابل پر ہی کارروائی ختم ہے۔ تو تقابل کا یہ حال ہے جو کہ مختصراً گزارش ہوا **انتباہ** صاحب رسالہ کی عبارت میں جو عبادہ بن ثابت بالثاء المثلثہ لکھا ہی سہو قلم ہے۔ صحیح عبادہ بن صامت بالصاد المهملہ ہے۔ ثانیاً۔ بنظر غور و تامل مقابلہ ہی کہاں ہے۔ کیونکہ ابو الدرداء نے تو صراحۃً بیان فرمایا کہ مقتدی کو قرارت خلف الامام کی کچھ ضرورت نہیں۔ امام کی قرارت اس کے لئے مکتفی ہے۔ اور عبادہ کی روایت کو اگر منفرد پر محمول کیا جاوے اور ظاہر بھی یہی ہے تو پھر تقابل ہی کہاں رہتا ہے **قولہ** اب رہا عبداللہ بن عباس کا اثر۔ اوسکے جواب میں **بخاری** صاحب فرماتے ہیں۔

قال ابن عباس و مجاهد لیس لاحد بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ الا یوخذ فی قولہ ویترک الا النبی صلے اللہ علیہ وسلم **اقول**۔ اصل کتاب میں عباس فی کے متن ہے۔ اور یہی صحیح ہے۔ نی۔ سہو قلم ہے۔ اسمقام میں صاحب رسالہ نے عجیب ترکارروائی فرمائی ہے۔ گو کہ اوسکا بیان موجب طوالت کلام ہی۔ الا بغیر بیان کئے ہوئے اس کارروائی کی ماہیت معلوم نہیں ہوتی۔ **بخاری علیہ الرحمۃ** کے جزء القراءۃ کی عبارت یہی ہے۔ **وروی** ابو حنیفہ عن سلمۃ بن کهیل عن ابراهیم قال قال علقمۃ عبداللہ۔ وددت ان الذی یقرأ خلف الامام ملئ فوہ نتنا۔ وهذا مرسل لایحتج بہ۔ وخالفہ ابن عون عن ابراهیم عن الاسود وقال رضفا۔ ولیس

Marfat.com

هذا من کلام اهل العلم بوجوہ ۔ اما احدها قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تلاعنوا

بلعنۃ اللہ ولا بالنار ۔ ولا تعذبوا بعذاب اللہ ۔ والوجہ الآخر انہ لا ینبغی لاحد

ان یتمنی ان یملأ افواہ اصحاب النبی مثل عمر بن الخطاب وابی بن کعب حذیفۃ

ومن ذکرنا رضفا ولا نتنا ولا ترابا ۔ والوجہ الثالث اذا ثبت الخبر عن النبی

صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ فلیس فی الاسود وحزم حجۃ قال ابن عباس ومجاھد

لیس احد بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا یؤخذ من قولہ ویترک الا النبی صلی اللہ

علیہ وسلم انتھے ۔ اب ہم **صاحب رسالہ** کو مقام قیام عند اللہ یاد دلاتے ہیں ۔ اور قسم دلا کر پوچھتے ہیں ۔ کہ بخاری علیہ الرحمۃ نے یہ جواب اثر ابن عباس کا دیا ہے ۔ یا اثر اسود وغیرہ کا جواب فرمایا ہے ۔ اللہ سے ڈرنا چاہیئے ۔ **بخاری امام المسلمین مقتدائے محدثین** قافلہ سالار اہل ہدیٰ مزین کلام خیر الورےٰ ۔ مارأت اعین مثلہ ۔ و ما سمعت اذن نظیرہ بعدہ کو ۔ ایسے جھوٹے اتہام سے بچانا چاہیئے ۔ ابن عباس کے اثر کا جواب بلا سے اگر نہیں بن پڑا تو نہ سہی ۔ کیا ایک اثر کے جواب نہ آنے سے کچھ شان کم ہو جاتی ہے ۔ یا کم علمی کا دھبہ لگ جاتا ہے ۔ قبل اسکے زید بن ثابت کے اثر کا جواب نہیں دیا گیا ۔ تو کیا کچھ عظمت میں فرق آگیا ہے ۔ **مصرع** راستی موجب رضائے خدا است + اگر کوئی منجانب صاحب رسالہ کے مختارانہ یہ جواب دے ۔ کہ اگرچہ یہ کلام بخاری علیہ الرحمۃ کا ۔ بظاہر ابن عباس کے اثر کا جواب نہیں ہے ۔ الا یہ کہ کلام بخاری کا بعمومہ تو جواب اس اثر کا بھی بن سکتا ہے تو صاحب رسالہ نے بنا بر عموم کے ایسا فرمایا تو اسکے جواب میں گزارش ہے اول تو عبارت صاحب رسالہ کی (اب رہا عبد اللہ بن عباس کا اثر اوسکے جواب میں بخاری صاحب فرماتے ہیں) اس تاویل کی مقتضی نہیں ۔ بلکہ آبی ہی بالفرض محال بعد تسلیم اس عموم کے ہم کہتے ہیں کہ صاحب رسالہ کی اگر یہ عموم مد نظر ہوتا تو پھر اتنی دردسری اور طوالت کلام کی کیا حاجت تھی صرف اتنا ہی کہنا کافی تھا کہ جملہ آثار پیش کلام نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے پایۂ اعتبار سے ساقط اور نامعتبر ہیں ۔

Marfat.com

قولہ قال ابن عباس و مجاهد لیس احد بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم اہ
یہ حال آپ کے ان آثار کا ہے **اقول** ان آثار اور جو آثار کہ ایک ہی کتاب سے آپ نے
نقل کئے ہیں۔ اور بہت وضاحت سی سندہ کا حال مفصل لکھا گیا ہے۔ انصاف کی
نظر سے ملاحظہ فرمائیے **قولہ** یہ آثار جن سے آپ لوگ الی آخر ما قال مقابلہ کرو کون سی
آثار کو ترجیح ہے **اقول**۔ **میزان الاعتدال** انصاف کے ہاتھ میں ہیں۔
اور موازنہ فرمائیں۔ بعد ش کہیں۔ کہ اون آثار سے کونسا اثر مجروح نہیں۔ بالغرض
اگر کوئی اون میں سے من حیث السند مجروح نہیں۔ تو مقابلہ نصوص مرفوعہ سے خالی
ہو گا کما حررنا فیما مر فلیطالعہا **قولہ** مفید مطلب آثار ثابت نہیں الی آخر
ما قال آثار متعارضہ حجت نہیں **اقول** ثبوت و عدم ثبوت کا حال بعد ملاحظہ
ان اوراق کے فرمائے۔ اور آثار متعارضہ کا حجت نہ ہونا اوس وقت ہے۔ جبکہ
مؤید بالنصوص مرفوعہ نہوں۔ وههنا لیس کذلک بل الآثار مؤیدة بالنصوص
المرفوعة بل بالقرآن الکریم۔ فکیف لا تکون حجة **دیکھو**
کتب اصول **قولہ** اکثر آثار سے جنکو آپ لوگ بیان کرتے ہیں الی آخر ما قال
منع نکلتی ہی نہیں **اقول** بہت آثار منع پر دال ہیں۔ نظر شرط ہے۔ سنیئے
اول من قرء خلف الامام فقد اخطاء الفطرة **دوم** ابن مسعودؓ نے اپنی اصحاب
کے ساتھ نماز پڑھی فسمع ناسًا یقرأون خلفه فلما انصرف قال اما ان لکم ان تفهموا
اما ان لکم ان تعقلوا۔ اذا قرء القرآن فاستمعوا له وانصتوا کما امرکم الله
سیوم زید بن ثابت کا اثر جو بخاری علیہ الرحمۃ نے بیان فرمایا ہے من قرء
خلف الامام فلا صلوٰة له **چہارم** زید بن ثابت کا وہ اثر جو **مسلم** نے بیان
اپنی صحیح میں اور **نسائی** نے سجود القرآن میں بیان کیا ہے۔ سأل زید بن
ثابت عن القراءة خلف الامام فقال لا قراءة مع الامام فی شیء انتهی (ای

Marfat.com

من الصلوٰۃ **پنجم** ابن عباس کا اثر جو طحاوی نے بیان کیا ہے قلت لابن عباس
اقرء والامام بین یدے قال لا یہ آثار خود صاحب رسالہ نے ص ۲۹۸ میں بیان
فرماتے ہیں۔ کیا یہ آثار دال بر منع نہیں ہیں **ششم** روی الطحاوی بسندہٖ عن
عبداللہ بن مقسم انہ سال عبداللہ بن عمر۔ وزید بن ثابت۔ وجابر بن عبداللہ
فقالوا لا تقرءوا خلف الامام فی شیء من الصلوات **ہفتم** الطحاوی عن
عبداللہ بن مقسم قال سمعت جابر بن عبداللہ ثم ذکر الحدیث مثل
ذلک **ہشتم** الطحاوی بسندہٖ عن مخرمۃ بن بکیر عن ابیہ عن عطاء بن
یسار عن زید بن ثابت سمعہ یقول لا تقرأ خلف الامام فی شیء من الصلوٰۃ
نہم الطحاوی بسندہٖ عن یزید بن قسیط عن عطاء بن یسار عن زید مثلہ
دہم ان سعدًا قال وددت ان الذی یقرء خلف الامام
فی فیہ جمرۃ۔ رواہ محمد فی موطاہ۔ ورواہ عبدالرزاق الا انہ قال فی
فیہ حجر **یازدہم** روی محمد عن ابن عجلان ان عمر بن الخطاب
قال لیت الذی یقرء خلف الامام فی فیہ حجرًا۔ ورواہ عبدالرزاق ایضًا
اب بنظر انصاف فرمائیے کہ یہ جملہ آثار منع پر دلالت کرتی ہیں۔ یا کہ کفایت پر۔
کون دانشمند کہیگا کہ دال بر منع نہیں **قولہ** بلکہ کفایت نکلتی ہے۔ اور آپکا
مدعی نہیں **اقول** اصل مقصود ہمارا یعنے حنفیہ کرام کا یہ ہے کہ حظ المقتدی
سماع اور انصات اور عدم القراءت ہے۔ سو یہ کفایت مذکورہ ان آثار سے
مستفاد ہے۔ فکیف لا تکون الکفایۃ مطلوبًا لنا ایضًا فافہم **قولہ**
مطلق آثار کی حجیت حنفیہ مسلم ہے۔ **اقول** ہم کب کہتے ہیں۔ کہ عدم القراءۃ
خلف الامام مطلق آثار سے ثابت ہے۔ بلکہ اوسکے منع کے اصلیہ دلائل تو احادیث
مرفوعہ اور قرآن کریم ہے۔ آثار تو فقط معاضد اور مؤید ہیں۔ فلا ینفعہ ہذا

Marfat.com

الکلام **قوله** آثار صحابہ کرام الی آخر یا قال مرفوع حدیث سے فقیر ثابت
کرچکا ہے **اقول** تسلیم کیا کہ آثار فقط حجت نہیں الا احادیث مرفوعہ اور آثار صحابہ
بالمجموع کی حجیت میں کسکو کلام ہے وھھنا کذلک اور اوسی مقام میں راقم
بھی عدم وجوب فاتحہ خلف الامام۔ احادیث مرفوعہ اور قرآن کریم سے ثابت
کرچکا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔ **قوله** آثار کفایت بلکہ منع قرارت خلف الامام۔
اقول منجملہ منع قرارت خلف الامام کے آثار سے من قرء خلف الامام فقد
اخطاء الفطرۃ اور من قرء خلف الامام فلا صلوٰۃ له ہے۔ پھر آپ ان پر
کہاں عمل کرتے ہیں۔ مجرد دعوی اور چیز ہے امر واقعی اور **قوله** اور حدیث
فصاعدًا سب پر عمل کیا اور کرتے ہیں **اقول** حدیث لا صلوۃ لمن لم یقرء بام
القرآن فصاعدًا رواہ البخاری فی الجزء اور حدیث ابی ہریرہ امرنی النبی
صلی اللہ علیہ وسلم ناد فی المدینۃ ان لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب وما زاد
رواہ البخاری معناہ۔ منجملہ احادیث اس باب کے ہیں۔ پھر آپ انپر کیونکر عامل
ہیں۔ کیا ان احادیث کا مدلول بھی ہے۔ کہ فاتحہ کا پڑھنا ضروری ہے۔ اور
سورہ کا پڑھنا ضروری نہیں۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو فرماتے ہیں۔ کہ
بغیر فاتحہ اور ما زاد کے نماز نہیں ہوتی۔ اور یہ احادیث فاتحہ مع ما زاد کی فرضیت
پر دال ہیں۔ پھر فاتحہ کا پڑھنا ضروری۔ اور سورۃ کا غیر ضروری
جاننا۔ کیا عمل ان احادیث پر ہے۔ یا انکے معارض پر۔ **قوله** دیکھو سب احکام
الٰہیہ پر سر تسلیم جھکائے بیٹھے ہیں **اقول** ہاں صاحب دیکھا + کس نگوید کہ دوغ
من ترشست + کیفیت عمل احکام کی معلوم ہوئی۔ البتہ حنفیہ کرام اگر ایسا کہیں
تو بجا ہے۔ کہ آثار منع پر بھی عمل کرتے ہیں۔ کہ مقتدی کو قراءۃ سے منع کرتے
ہیں۔ اور حدیث فاتحہ پر بھی عامل ہیں۔ کہ سوای مقتدی کے قراءۃ فاتحہ کو واجب

Marfat.com

جانتے ہیں۔ اور آیہ پر بھی عمل بلا دغدغہ کر رہے ہیں۔ کہ وقت قرات قرآن
کریم کے سماع اور انصات ضروری جانتے ہیں **قال العینی فی شرح**
الهدایة قلنا بوجوب قراءة الفاتحة وضم السورة حتی یاثم تارکهما اذا
عمد ویلزمه سجود السهو اذا سهی۔ والحاصل انا عملنا بالعدل بالقرآن
والحدیث۔ واثبتنا فرضیة مطلق القراءة بالنص۔ ووجوبیة قراءة الفاتحة
وضم السورة بالحدیث۔ وهذا هو العدل فی باب اعمال الاخبار۔ ولیس
من العدل ان یعمل باحدهما ویهمل الاخر انتهی۔ **قوله** اور جو آثار آپ کے
خلاف ہیں وہ تو خود صحیح ہیں **اقول** جو آثار ہمارے خلاف ہیں اور آپ نے
بیان فرمائے ہیں۔ اونکی صحت تو معلوم۔ بلکہ حالت ہر ایک کی ما قبل میں
بیان کیگئی ہے وہاں ملاحظہ فرمائیے۔ اگر اسکا نام صحت ہے۔ تو پھر مجروح
کہاں **قوله** پیش کیجئے **اقول** آیہ فاقرؤا ما تیسر من القرآن اور اذا
قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا۔ اور احادیث صحاح اور آثار وارده فی القراءة
کو۔ اپنا عروة الوثقے ٹھہرا کر عمل کیا جاتا ہے **قوله** آپکا عینی امام شافعی کی عدم
اطلاع پر الی آخره ما قال کیوں دہوکہ دیتے ہو **اقول** ہاں اور عینی کی عبارت
اسمقام میں یہہ ہے وعلیه اجماع الصحابة رضہ ای علی ترک القراءة خلف
الامام۔ فان قلت کیف ینعقد الاجماع مع خلاف البعض۔ قلت سماه اجماعا
باعتبار اتفاق الاکثر۔ فانه یسمی اجماعا عندنا۔ او نقول اجماع ثبت
بنقل الاحاد ولهذا لم یعد مخالفه جاهلا۔ فلا یمنعه نقل البعض خلافه
کنقل حدیث الاحاد لا یمنع نقل حدیث اخر معارض له انتهی عبارة العینی
ملخصا مختصرا۔ اس عبارت پر صاحب رسالہ فرماتے ہیں۔ نقل متواتر کہاں
جس سے اجماع ثابت ہو۔ اور امام شافعی کی عدم اطلاع پر دم بخود ہے۔ اور

Marfat.com

خبر واحد سے ثابت ہے۔ سبحان اللہ کیا یہی اجماع آپکے اصول میں حجت ہے۔ خادمی
ذرو کتب اُصول میں لکھا ہے۔ اجماع کی نقل کبھی بتواتر منقول ہوتی
ہے۔ اور وہ مفید قطعی ہے۔ اور کبھی بشہرت۔ اور اوسکا فایدہ بہی اس کے
قریب ہے۔ اور کبھی بطریق احاد کے منقول ہوتی ہے۔ اور وہ مفید ظن کے ہے
الا عمل اسکو ساتھ بھی واجب ہے۔ صاحب تلویح لکھتا ہے نقل الاجماع الینا
قد یکون بالتواتر فیفید القطع۔ وقد یکون بالشهرة فیقرب منه وقد
یکون بخبر الواحد فیفید الظن۔ ویوجب العمل۔ لوجوب اتباع الظن
بالدلائل المذکورة انتہی۔ اور نور الانوار ومنار میں ہے۔ واذا انتقل
الینا اجماع السلف باجماع کل عصر علی نقله کان کنقل الحدیث المتواتر
فیکون موجبا للعلم والعمل قطعا کاجماعهم علی کون القرآن کتاب
الله تعالی وفرضیة الصلوة وغیرها۔ واذا انتقل الینا بالافراد۔ ای
بنقل الاحاد من دون وصول الی حد التواتر بان روی ثقة ان الصحابة اجمعوا
علی کذا۔ کان کنقل السنة بالاحاد۔ فانه یوجب العمل دون العلم مثل
خبر الاحاد انتہی اور حصول المامول میں منقول ہے۔ الاجماع المنقول بطریق
الاحاد حجة۔ وبه قال الماوردی وامام الحرمین والامدی انتہی اور صاحب
مسلم الثبوت۔ اور فواتح الرحموت فرماتے ہیں۔ الاجماع المنقول باخبار
الاحاد۔ یجب العمل به فی المختار۔ لنا اولا نقل الظنی احادا کالخبر الماول مثلا
موجب للعمل قطعا فالقطعی المنقول احادا۔ الذی هو الاجماع۔ اولی بان
یوجب العمل۔ وهذا ظاهر جدا انتہی ملخصا نقول اصول سے ثابت اور مبرہن
ہوا کہ اجماع کی نقل تین طرح پر ہوتی ہے۔ کما مر تفصیله عینی فرماتے ہیں
کہ اگر اجماع اس مقام میں بطریق تواتر نہی منقول ہو تو بہی کچھ حرج نہیں کیونکہ

کیونکہ اجماع منقول بطریق الاحاد بھی حجت اور مفید وجوب عمل کا ہے متنح بہ
صاحب حصول المامول ایضًا۔ ولاجماع المنقول بطریق الاحاد حجۃ وبہ
قال الماوردی وامام الحرمین والامدی سے پھر عینی نے اگر یہاں اجماع احادی
مراد لیا۔ تو کیا بیجا کیا۔ کیونکہ یہہ قسم اجماع کا بھی اصولیوں کے نزدیک حجت اور واجب
العمل ہے۔ ہاں اگر عینی علیہ الرحمۃ اس قسم اجماع کا خود موجد ہوتا۔ تو البتہ اگر
شبہہ کیا جاتا تو شائد بیجا نہ ہوتا واذلیس فلیس پس صاحب رسالہ کا یہہ کہنا
کہ سبحان اللہ کیا یہی اجماع آپکے اصول میں حجت ہے۔ لایخلو عن مسامحۃ
وجسارۃ کما لایخفی۔ لان الاجماع المنقول باخبار الاحاد حجۃ یجب العمل بہ بلا ارتیاب
اور امام شافعی علیہ الرحمۃ کے عدم اطلاع کی بابت ازیں بیشتر گذارش ہوچکا ہے۔
فلا نعیدہ **قولہ** جو اجماع اصول فقہ میں بعد از سنت حجت مانا گیا ہے۔ وہ
اجماع الکل ہے۔ اور جس اجماع سے صاحب ہدایہ استدلال پکڑ رہے ہیں وہ حسب
بیان آپ کے جمہوری اجماع ہے اور وہ حجت نہیں **اقول**۔ اولا۔ اجماع الکل
سے اگر اجماع الکل من حیث الکل بحیث لایشذ فرد منہ مراد ہے۔ تو چاہیئے کہ اجماع صحابہ
کرام کا خلافت امام الاصدقین راس المتقین خلیفہ اول حضرت صدیق اکبر
رضی اللہ تعالی عنہ پر حجت نہو لتخلف البعض عنہ۔ اس اجمال کی تفصیل یہہ ہے روی
مسلم بسندہ عن عروۃ بن الزبیر عن عائشۃ رضی اللہ تعالی عنہ فی حدیث طویل فابی
ابوبکر ان یدفع الی فاطمۃ شیئا۔ فوجدت فاطمۃ علی ابی بکر فی ذلک قال
فھجرتہ۔ فلم تکلمہ حتی توفیت۔ وعاشت بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ستۃ اشھر فلما توفیت دفنہا زوجہا علی بن ابی طالب رضی اللہ لیلا لم یوذن
بھا ابابکر وصلی علیہا علی۔ وکان لعلی من الناس جھۃ حیاۃ فاطمۃ رض۔ فلما
توفیت استنکر علی وجوہ الناس فالتمس مصالحۃ ابی بکر ومبایعتہ۔ ولم یکن

Marfat.com

ولم یکن بایع تلك الاشهر الحدیث جبکہ چھ مہینے تک حضرت علی رض کا تخلف عن البیعۃ ثابت ہی تو پھر اجماع الکل من حیث الکل کسطرح ہوا۔ اور نیز سعد بن عبادہ بدری نے تخلف عن البیعۃ کیا۔ لما روے البخاری فی حدیث طویل۔ فقال عمر رضی اللہ تعالی عنہ بل نبایعك انت فانت سیدنا وخیرنا واحبنا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاخذ عمر بیدہ فبایعہ۔ فبایعہ الناس۔ فقال قائل قتلتم سعد بن عبادۃ۔ قال عمر قتلہ اللہ الحدیث۔ اور نیز توقف کیا حضرت عباس بن عبد المطلب عم النبی صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ اور بہت بنی ہاشم نے۔ کما قالہ صاحب **دراسات اللبیب** والعہدۃ علیہ۔ حیث قال۔ وقد وافقہ فی توقف البیعۃ عباس بن عبد المطلب عم النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ وسائر بنی ہاشم انتہی ص ۲۱۱ اور نیز حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے بیعت نہ کی۔ صاحب **مسلم الثبوت** لکھتا ہے صح خلافۃ ابوبکر رض مع خلاف امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ۔ وسعد بن عبادہ وسلمان انتہی اور یہی حال خلافت حضرت علی کرم اللہ وجہہ خلیفہ چہارم کا ہے لو سلم ان خلافۃ رضی اللہ ثبتت بالاجماع کیونکہ اس بیعت سے تخلف کیا حضرت امیر المؤمنین معاویہ رضی اللہ نے قالہ فی المسلم۔ اور نیز تخلف کیا اسامہ بن زید اور ابو موسے اور ابو مسعود رضی اللہ عنہم نے کما رواہ البخاری فی کتاب ظہور الفتن اور نیز تخلف کیا حضرت ابو بکرہ رضی اللہ نے کما یلوح من البخاری فی الکتاب المذکور۔ وایضا ذکرہ صاحب مسلم الثبوت پھر فرمائیے کہ باوصف تخلف اتنی لوگوں کے اجماع الکل کہاں ہوا۔ ثانیا۔ **مسلم الثبوت** اور اوسکی شرح **فواتح الرحموت** میں لکھا ہے۔ اور یہ اصولے کتابیں ہیں واما الصحۃ ای صحۃ الخلافۃ فللاجماع علی کفایۃ بیعۃ بالاکثر وقد وجدت فانا لم یتخلف یوم السقیفۃ الا رجال اقلون ثم بایعوا بعد ذلك فافہم انتہی۔ ثالثا۔ اہل اصول کے نزدیک دراصل یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے

حصول المامول میں لکھا ہے۔ اذا خالف اہل الاجماع واحد من المجتہدین فقط فذہب الجمہور الی انہ لا یکون اجماعا ولا حجۃ۔ قال الغزالی المذہب انہ ینعقد مع مخالفۃ الاقل۔ وقیل حجۃ ولیس باجماع ورجحہ ابن حاجب الخ وقیل لا ینعقد مع مخالفۃ الاثنین دون الواحد وقیل مع الثلاثۃ دون الاثنین انتہی۔ **الحاصل** اصول میں اجماع الکل حجت بلا اختلاف مانا گیا ہے۔ اور اجماع الکل مع ندرۃ المخالف بھی حجت ہے۔ الا علی الاختلاف۔ اور اجماع الاکثر بھی حجت علی الاختلاف ہے۔ **پس صاحب رسالہ** کا یہ فرمانا کہ جس اجماع سے صاحب ہدایہ استدلال پکڑ رہے ہیں۔ وہ جمہور کی اجماع ہے۔ اور وہ اصول میں حجت نہیں علی الاطلاق صحیح نہیں کما سمعت لما تلونا علیک۔ ومن ہہنا قال العینی قلت سماہ اجماعا باعتبار اتفاق الاکثر فانہ یسمی اجماعا عندنا انتہی۔ ای یسمی اجماعا عندنا ایضا فافہم۔ اگر کسی کا یہ خیال ہو کہ اصولیوں نے اجماع کی تعریف اتفاق المجتہدین من امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بعد وفاتہ فی عصر من الاعصار علی امر من الامور کی ہے۔ اور اوس کا مقتضا اتفاق الکل من حیث الکل ہے کما ہو مقتضی لام الاستغراق تو کہا جاویگا کہ یہ تعریف اجماع اتفاقی کی ہے۔ والقرینۃ علیہ اختلاف مذاہبہم فی ذلک کما مر من حصول المامول فلا ورود اور اگر کل من حیث الکل بحیثیت مذکورہ مراد نہیں ہے تو استدلال صاحب ہدایہ کا بجا و ٹھیک ہے **قولہ** بہ تسلیم محال مانا کہ اجماع جمہوری حجت ہے الی ان قال العمل علی ہذا الحدیث فی القراءۃ خلف الامام عند اکثر اہل العلم **اقول** اولا عینی کی دلیل ثبوت اکثریۃ فی عصر واحد یعنی عصر الصحابۃ رضی اللہ عنہم کا ہے اور **ترمذی** اور **بخاری** کی غرض ثبوت اکثریۃ فی زمان بعد زمان کے ہے۔ وبینہما بون بعید **اول** مثبت اجماع وانکار

علی الخلاف کا ہے۔ اور دوم میں اسکی بو بھی نہیں۔ پس اسکو جمہوری اجماع کہنا
صحیح نہ ہوا۔ کیونکہ اجماع اتفاق المجتہدین فی عصر واحد کو کہتے ہیں۔ نہ اتفاق فی
الاعصار کو۔ والاصل فی الاصول ثمّ **ثانیاً** مسئلہ قراءۃ فاتحہ خلف الامام کا چونکہ
در اصل مختلف فیہ ہے۔ ترمذی اور بخاری نے اپنا ما ثبت بیان فرمایا۔ اور عینی
اور صاحب ہدایہ نے اپنی تحقیقات کا اظہار کیا۔ ولکل وجہۃ۔ اور قوی اور راجح جانب
مذکورہ ادلہ (سوا اس دلیل کے) اور ما سیاتی سے ثابت اور مبرہن ہے **قولہ** تنبیہ۔
آپ لوگ عمل بالحدیث پر یہ اعتراض فرمایا کرتے ہیں۔ کہ احادیث میں بعض سے اطلاق
کا ذکر ہے **اقول** اولاً۔ یہ کہنا کہ حنفیہ کہتے ہیں کہ مطلق کو جہاں مقید کرنا تھا وہاں
فقہا نے مقید کردیا۔ اور کوئی ایسا مطلق نہیں جو کہ فقہا نے اوسکو مقید نہ کیا ہو۔ یہ
ایسا حصر کلی کرنا۔ خلاف داب حنفیہ کرام کا ہے۔ کوئی محقق حنفی انشاء اللہ تعالی ایسے
حصر کلی کا قائل نہیں صاحب رسالہ کو چاہئیے کہ اس حصر کے نقل کتب معتبرۂ
حنفیہ سے پیش کریں۔ ورنہ ایسی دعوی کو فضول تصور فرمائیں۔ **ثانیاً** بعد الفرض
والتسلیم۔ حسب مقولہ مولف رسالہ کے (فقہاء مقلدین خاص ایک امام اور اوسکے شاگردوں
نے خوب مفصل بیان کردیا۔ اور مطلق جہاں مقید کرنا تھا وہاں مقید کردیا) لفظ فقہاء
عام شامل واسطے مقلدین وغیرہ کے ہی۔ پس اس مطلق کو بھی فقہا نے مقید کردیا ہے
پھر اس مطلق سے شبہ اور خلل مولف صاحب رسالہ کیونکر صحیح اور درست ہوا۔ او غفل
عن قولہ المذکور غفلۃ لاستر فی ذلک فافہم **قولہ** عمر رض مرتضی رض ابن مسعود
ابن عمر رض ابن زبیر رض **اقول** جن آثار سے مولف رسالہ نے حضرات مذکورین رضی اللہ
عنہم سے قراءت ثابت فرمائی ہے۔ وہ آثار درحد ذات خود مجروح اور مخدوش ہیں کما
مر قبل ذلک فی تلک الآثار مفصلاً و مشروحاً۔ پھر ثبوت ہی کہاں کردیا۔ اگر کہیں اونرضی اللہ عنہم
ثبوت ہے تو وہ امر علیحدہ ہے **قولہ** اب انکو کافی ہوگا یہ قول منہم مرتضی والعبادلۃ۔

Marfat.com

معلوم ہو گیا۔ کہ کہاں تک سچ ہے۔ بات تو یہ ہے کہ بالکل غلط ہے **اقول** آثار مثبتہ
کا حال تو فیما سبق میں مفصلاً معلوم ہی ہو چکا ہے۔ اور درباب عدم قرأت ان
حضرات کے بخاری علیہ الرحمۃ جزء القراءۃ میں لکھتے ہیں۔ انما اجاز ادراک الرکوع
من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم الذین لم یروا القراءۃ خلف الامام۔ منہم
ابن مسعود۔ وزید بن ثابت۔ وابن عمر انتہی **اور حافظ ابن حجر عسقلانی** ۔ تخریج
احادیث ہدایہ میں لکھتے ہیں۔ انما ثبت ذلک ای المنع عن ابن عمر وجابر وزید
بن ثابت وابن مسعود۔ وجاء عن سعد وعمر وابن عباس وعلی انتہی۔ آپ کو
کافی کا قول معلوم ہوا۔ کہ کیسا درست اور صحیح ہے۔ بات تو یہ ہے کہ بالکل ہی صحیح
اور درست ہے **تنبیہ** صاحب رسالہ کا اس غلطی کے نسبت فقط کافی کی
طرف کرنا۔ کافی نہیں۔ غلط ہے۔ بلکہ کافی کے ساتھ بخاری اور ابن حجرؒ کو
بھی ملا لینا چاہیئے تھا۔ کیونکہ نقل اس قول میں کافی تن تنہا نہیں۔ بلکہ بخاری
اور حافظ ابن حجرؒ بھی اوس کے ساتھ کے ہیں **قولہ** یہ آثار ثابت ہیں **اقول**
ان آثار کے ثبوت کی نسبت ماسبق میں گزارش ہو چکا ہے۔ فلا نعیدہ **قولہ** بہت
آثار کو جہر قرأت کے منع پر حمل کر سکتے ہیں۔ اور وہ آثار جہر کے مانع ہیں نہ سر کے۔
اقول سلمنا ذلک۔ حسب تسلیم آپکے جبکہ بہت آثار جہر قراءۃ کے مانع ہیں تو ممانعت
قرأت جہریہ کی تو ان آثار سے ثابت ہوئی۔ اور باقی آثار رسولا دن بہت آثار قراءۃ
سریہ کے ممانعت۔ یا سریہ اور جہریہ ہر دو کی ممانعت پر دال ہیں۔ پس ان کی ہیئت مجموعی
ہر دو کی ممانعت حسب تسلیم آپکے ثابت ہوئی۔ فہو المطلوب۔ اور پندرہویں جواب
کی ہر ایک شق کی بابت ماسبق میں جابجا گزارش ہو چکا ہے۔ ملاحظہ فرمادیں
اور امکان جمع میں بھی کلام گزارش ہو چکا ہے۔ **قولہ** کیونکہ جمہوری اجماع کو
کتب فقہ میں اجماع کیا ہے وہ حجت نہیں الی قولہ رد وہ اجماع اکل ہے **اقول** تحقیقاً

Marfat.com

مسئلہ اجماع اور اوس کے حجت ہونیکی قریب ہی گزر چکی ہے - بار بار ذکر ایکہی بات
کا موجب طوالت کلام ہے **قولہ** عینی کا فرمانا باعتبار الاکثر کل صحابہ کرام کے
لحاظ سے ہے - یا مختلفین فی مسئلہ فاتحہ الکتاب والقراءۃ کے اعتبار سے ہی **اقول**
چونکہ ایکجماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے ترک قراءۃ فاتحہ خلف الامام مروی ہے -
وان کان الروایۃ عنہم مختلفۃ فیہا - لھذا عینی علیہ الرحمۃ نے اوس جماعت صحابہ
کو کثرت واقعیہ نفس الامریہ (جو کہ شق ثالث ہے) لحاظ و اعتبار کرکے والاکثر فرمایا **اخرج**
الطحاوی بسندہ عن ابن مسعود قال انصت للقراءۃ فان فی الصلوۃ شغلا و اثر ابن مسعود
سیکفیک ذاک الامام - وبسند اخر ایضًا نحوہ - وبسند اخر نحوہ - **واخرج**
ایضًا عن ابن مسعود قال لیت الذی یقرأ خلف الامام ملئی فوہ ترابا - وبسند
اخر ایضًا نحوہ **واخرج ایضًا** بسندہ عن زید بن ثابت و جابر بن عبد اللہ
لا یقرأ خلف الامام فی شیء من الصلوات - وبسند اخر عن جابر مثل ذلک **و** اثر زید بن ثابت و جابر بن عبد اللہ
اخرج ایضًا بسندہ عن عطاء بن یسار عن زید بن ثابت سمعہ یقول لا یقرأ
خلف الامام فی شیء من الصلوات وبسند اخر مثلہ **واخرج** مسلم فی باب السجود
التلاوۃ بسندہ عن عطاء بن یسار انہ سأل زیدًا عن القراءۃ مع الامام فقال لا قراءۃ
فی شیء **واخرج** الامام محمد فی الموطا بسندہ عن ابی وائل قال سئل
عبد اللہ بن مسعود عن القراءۃ خلف الامام قال انصت فان فی الصلوۃ شغلا
سیکفیک ذاک الامام **واخرج ایضًا** بسندہ عن علقمۃ بن قیس ان
ابن مسعود کان لا یقرأ خلف الامام فیما یجہر فیہ و فیما یخافت فیہ فی الاولیین
ولا فی الاخریین - واذا صلی وحدہ قرأ فی الاولیین بفاتحۃ الکتاب وسورۃ
ولا یقرأ فی الاخریین شیئا **واخرج الطحاوی** بسندہ عن نافع عن عبد اللہ اثر ابن عمر
بن عمر کان اذا سئل ہل یقرأ احد خلف الامام یقول اذا صلی احدکم خلف الامام

Marfat.com

فحسبه قراءة الامام۔ وکان عبد الله لا یقرأ خلف الامام **واخرج الامام** محمد فی الموطا بسنده عن نافع عن ابن عمر قال من صلی خلف الامام کفته قراءة الامام **واخرج مالك** فی الموطا عن نافع عن ابن عمر انه کان اذا سئل هل یقرأ احد مع الامام قال اذا صلی احدکم مع الامام فحسبه قراءة الامام وکان ابن عمر لا یقرء مع الامام **واخرج** عبد بن حمید وابن جریر وابن ابی حاتم وابو الشیخ والبیهقی عن ابن مسعود انه صلی باصحابه فسمع ناسا یقرأون خلفه فلما انصرف قال۔ اما آن لکم ان تفهموا اما آن لکم تعقلوا۔ واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا۔ کما امرکم الله کذا ذکره السیوطی فی الدر المنثور عند تفسیر قوله تعالی۔ واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا **و** اخرج علی ما ذکره السیوطی ایضا فی الدر المنثور۔ ابن ابی شیبه والطبرانی فی الاوسط وابن مردویه والبیهقی فی کتاب القرأة عن ابی وائل عن ابن مسعود انه قال فی القرأة خلف الامام انصت للقرآن کما امرت فان للصلوة شغلا وسیکفیك ذاك الامام۔ **واخرج** علی ما ذکره ایضا ابن ابی شیبة عن زید بن ثابت قال لا قراءة خلف الامام **واخرج** الترمذی بسنده عن ابی نعیم وهب بن کیسان انه سمع جابر بن عبد الله یقول من صلی رکعة لم یقرء فیها بام القرآن فلم یصل الا ان یکون وراء الامام **قال** الترمذی۔ هذا حدیث حسن **و**اخرج مالك فی الموطا عن وهب بن کیسان عن جابر انه قال من صلی رکعة لم یقرء فیها بام القرآن فلم یصل الا وراء الامام **و**اخرج محمد فی موطاه بسنده عن جابر بن عبد الله عن النبی صلی الله علیه وسلم۔ انه قال من صلی خلف الامام فان قراءة الامام له قراءة **وایضا** اخرج محمد بسند اخر عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الحدیث **واخرج** النسائی

بسندہ عن کثیر بن مرۃ الحضرمی عن ابی الدرد سمعہ یقول سئل
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افی کل صلوٰۃ قراءۃ قال نعم قال رجل من
الانصار وجبت ہذہ فالتفت الیّ وکنت اقرب القوم منہ۔ فقال ما اری
الامام اذا ام القوم الا قد کفاہم **قال** ابو عبدالرحمٰن النسائی ہذا عن رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطاء انما ہو قول ابی الدرداء **واخرج الطحاوی**
بسندہ عن کثیر بن مرۃ عن ابی الدرداء انّ رجلا قال یا رسول اللہ افی الصلوٰۃ
قرآن قال نعم فقال رجل من الانصار وجبت قال۔ وقال ابو الدرداء۔ اری
ان الامام۔ اذا ام القوم فقد کفاہم **قال الطحاوی** فہذا ابو الدرداء قد
سمع عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی کل صلوٰۃ قرآن فقال رجل من الانصار وجبت
فلم ینکر ذلک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قول الانصاری۔ ثمّ قال
ابو الدرداء من رایہ ما قال وکان ذلک عندہ علی من یصلی وحدہ لا علی الماموین
انتہی **واخرج الطحاوی** بسندہ عن المختار بن عبداللہ بن ابی لیلی قال قال علی
رضی اللہ عنہ من قرء خلف الامام فلیس علی الفطرۃ۔ واخرج علی ما ذکرہ السیوطی
فی الدر المنثور ابن ابی شیبۃ عن علی قال من قرء خلف الامام فقد اخطا **و
اخرج الدارقطنی** من طرق عن علی انہ قال من قرا خلف الامام فقد اخطا
الفطرۃ۔ ورواہ ابن ابی شیبۃ وعبد الرزاق ایضاً ذکرہ الزیلعی **واخرج**
الدارقطنی بسندہ عن الحارث عن علی قال قال رجل للنبی صلی اللہ علیہ وسلم
اقرأ خلف الامام او انصت قال بل انصت فانہ یکفیک انتہی **واخرج**
الطحاوی بسندہ عن ابی حمزۃ قال قلت لابن عباس اقرأ والامام بین یدی فقال
لا **واخرج** الدارقطنی بسندہ عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال
یکفیک قراءۃ الامام خافت او جہر انتہی۔ **واخرج** محمد فی موطاہ

Marfat.com

عن داؤد بن قیس الفراء المدینی قال اخبرنی بعض ولد سعد ابن ابی وقاص ان
سعدًا قال وددت ان الذی یقرء خلف الامام فی فیه جمرۃ - ورواہ
عبد الرزاق فی مصنفہ الا انہ قال فی فیه حجر - وکذلک ابن ابی شیبۃ
ذکرہ الزیلعی فی تخریج احادیث الهدایۃ **قال** محمد فی مؤطاہ اخبرنا
داؤد بن قیس الفراء اخبرنا محمد بن عجلان ان عمر بن الخطاب قال لیت فی
فم الذی یقرء خلف الامام حجرا انتہی - واخرجہ عبد الرزاق ایضاً ذکرہ
الزیلعی **واخرج الدارقطنی** فی سننہ بسندہ عن سهیل
ابن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم
من کان له امام فقراءۃ الامام له قراءۃ **واخرج ابوداؤد**
والنسائی وابن ماجۃ بسندهم عن ابی هریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیه وسلم انما جعل الامام لیؤتم به فاذا کبر فکبروا واذا قرء فانصتوا
واذا قال سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا ربنا لک الحمد **واخرج مسلم**
فی صحیحه عن ابی موسی واذا قرء فانصتوا **وروی الطبرانی**
فی معجمه الاوسط بسندہ عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی
اللہ علیه وسلم من کان له امام فقراءۃ الامام له قراءۃ انتہی **و**
اخرجه ابن عدی فی الکامل ایضاً ذکرہ الزیلعی **وقال العینی**
فی شرح البخاری روی عبد الرزاق فی مصنفه اخبرنی موسی بن عقبۃ
ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وابابکر وعثمان کانوا ینهون عن
القراءۃ خلف الامام انتہی **واخرج ابن مردویه** فی تفسیرہ بسندہ
عن معاویۃ بن قرۃ قال سألت بعض اشیاخنا من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ
علیه وسلم قال السروقی احسبه قال عبد اللہ بن مغفل قلت له اکل من سمع

Marfat.com

القرآن وجب علیه الاستماع والانصات۔ قال انما نزلت هذه الآیة وَ
اذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا فی القراءة خلف الامام۔ اذا قرء
الامام فاستمع له۔ وانصت انتہی۔ **زیلعی۔** **واخرج** ابن ابی حاتم
وابو الشیخ وابن مردویه والبیہقی فی القراءة عن عبداللہ بن مغفل رضہ
انه سئل اکل من سمع القرآن وجب علیه الاستماع والانصات قال انما
نزلت هذه الآیة وَاذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا فی القراءة خلف
الامام۔ اذا قرئ الامام فاستمع وانصت انتہی ذکرہ الفاضل الکنوی فی
الامام **واخرج الدارقطنی** بسندہ عن عمران بن حصین قال کان
النبی صلی اللہ علیه وسلم یصلی بالناس ورجل یقرء خلفه فلما فرغ قال من ذا
الذی یخالجنی سورۃ کذا فنهاهم عن القراءة خلف الامام انتہی **و
روی** الطحاوی فی شرح الآثار بسندہ عن ابی قلابة عن انس قال صلی
رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ثم اقبل بوجهه فقال اتقرؤن والامام
یقرأ فسکتوا فسالهم ثلثًا فقالوا انا لنفعل قال فلا تفعلوا انتہی **الغرض**
ان مذکورین حضرات یعنی۔ ابن مسعود۔ زید بن ثابت۔ جابر بن عبداللہ۔ عبداللہ
بن عمر۔ ابی الدرداء۔ علی ابن ابی طالب۔ عبداللہ بن عباس۔ سعد بن ابی
وقاص۔ عمر بن الخطاب۔ ابو ہریرہ۔ ابی موسی اشعری۔ ابی سعید
الخدری۔ ابوبکر الصدیق۔ عثمان ابن عفان۔ عبداللہ بن مغفل۔
عمران بن حصین۔ انس بن مالک رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ترک قراءۃ
خلف الامام مروی ہے کما دلت الآثار المذکورۃ علیه پس عینی علیه الرحمۃ
کا والاکثر کہنا بلحاظ اس جماعت صحابہ کے جو کہ کثرت نفس الامری ہے۔ صحیح ہوا۔ اگرچہ
اسناد بعض آثار پر محدثین کو کلام ہے۔ **غرض** راقم کی یہ ہے کہ درباب ترک قراءۃ

Marfat.com

خلف الامام صحابہ رض سے نفس الآثار مروی ہوئے ہیں کلام نہیں (عبارت بالا
سے بہت اقوال آیندہ مؤلف رسالہ کے حل ہو گئے فتدبر۔ زیادہ تنقیح کی حاجت نہیں)
قولہ جواب پہلا۔ آپنے تخریج مواعید کا بیان کیاہ (**اقول**) وباللہ
التوفیق **اوّلاً** وعید عام اس سے ہے کہ ثبوت اوسکا آثار سے ہو۔ یا آیات قرآنے
یا مرفوعہ احادیث سے۔ سو اسمقام میں واذا قرئ القران فاستمعوا لہ۔ الآیۃ
کا خلاف بھی داخل وعید ہے۔ اور واذا قرء فانصتوا۔ رواہ مسلم وغیرہ
کا خلاف بھی داخل وعید ہے۔ ہم نے فرض کیا۔ جو آثار کہ مولف رسالہ نے بیان
کئے ہیں وہ قابل استدلال نہیں۔ ثبوت وعید کا اون سے پایہ ثبوت کو
نہیں پہونچتا۔ الآیۃ قرآنے اور حدیث صحیح مرفوع جو اوپر بیان ہو چکی ہیں۔ اونکی
قوت اور صحت میں بھی کچھہ کلام ہے۔ پھر وعید کی نفی کیونکر ہو۔ **ثانیاً**
قال محمد اخبرنا داؤد بن قیس الفراء **اخبرنا** محمد بن عجلان ان عمر
بن الخطاب قال لیت فی فم الذی یقرء خلف الامام حجرا انتہی اور رواۃ
اس اثر کے ثقہ ہیں۔ اما داؤد بن قیس فوثقہ الشافعی۔ واحمد۔ وابن معین۔
وابو زرعہ۔ وابو حاتم۔ والنسائی۔ والساجی۔ وابن المدینی۔ وغیرہم
وذکر عبارتہم صاحب التہذیب تہذیبہ۔ واما محمد بن عجلان فوثقہ
احمد وابن معین وابن عیینہ۔ وابو حاتم۔ وروی عباس عن ابن معین
قال ابن عجلان اوثق من محمد بن عمرو قالہ فی المیزان۔ وانقطاعہ
لا یضرنا لانہ من المؤیدات **ثالثاً** قال محمد اخبرنا بکیر بن عامر حدثنا
ابراہیم النخعی عن علقمۃ بن قیس قال لان اعض علی جمرۃ احب الی
من ان اقرء خلف الامام انتہی۔ اور جملہ رواۃ اس اثر کے بھی ثقہ ہیں اما
بکیر بن عامر قال ابن سعد الحاکم ثقۃ۔ وذکرہ ابن حبان فی الثقات

Marfat.com

وقال ابن عدی لیس بکثیر الروایۃ - وروایتہ قلیلۃ ولم اجد لہ متنا منکرا وھو ممن یکتب حدیثہ **کذا فی تھذیب التھذیب** واما ابراھیم النخعی قال الاعمش کان خیرا فی الحدیث وقال الشعبی ما ترک احدا اعلم منہ - کذا فی تھذیب التھذیب وفی التھذیب فقیہ ثقۃ - واما علقمۃ بن قیس وثقہ ابن معین - وشعبۃ وابن سیرین وغیرھم واثنوا علیہ خیرا - وھو من اجل اصحاب ابن مسعود - کذا فی تھذیب التھذیب **الحاصل** قرارۃ خلف الامام وعید سے خالی نہیں - **قولہ** عمر رضی اللہ عنہ کا فتوی اوپر گزرا - کہ اسکے خلاف ہے (**اقول**) وباللہ التوفیق اوسکا جواب بہی اوپر گزرا ہے - کہ اس روایت مین کی سند میں جواب تیمی ہی اوسکی ضعف کا حال میزان الاعتدال سے پہلے بیان ہوچکا ہے فلا نعیدہ ولا ینھض حجۃ **قولہ** لیس من کلام اہل العلم آہ (**اقول**) وباللہ التوفیق مولوی عبدالحی صاحب لکہنوی نے اسکی جواب میں لکہا ہے وھذہ عبارتہ وفیہ انہ لا باس بامثال ھذا الکلام للتھدید والتشدید - والتعذیب بعذاب اللہ ممنوع لا التھدید بہ انتہی ما فی التعلیق **قولہ** اگر ترجیح عدم قراءت فاتحہ کا موجب بھی آثار ہیں اور کچھ نہیں - بلکہ اس کی ترجیح کی وجہ تو آیہ قرآنی اور احادیث صحیحہ مرفوعہ اور آثار نبویہ جو اوپر گزارش ہوچکے ہیں - ان آثار وعیدیہ پر مدار ثبوت اس مسئلہ کا نہیں - اور نہ کسی حنفی نے یہ بات کہی ہے - کہ مدار اس مسئلہ کا اور اسکا موجب ترجیح فقط یہی آثار ہیں - یہیں تک بات ہی **قولہ** الا جہاں تقلید شخصی کی جمود نے تحقیق سے دور پہینک دیا ہو آہ (**اقول**) وباللہ التوفیق یہ گفتگو خلاف تہذیب ہے - ہرچند ایسی بے تہذیبی سے قلم رکتا ہے الا باتباع مؤلف سالہ کے کچھ نہ کچھ کہنا پڑتا ہے ؎ بد نہ بولے زیر گردوں گر کوئی میری سنے - ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سنے - انکی تحقیقات کی

نسبت میں دورہ جواب اعلاء الحق

قلعی اس رسالہ کی تحقیقات کے مطالعہ سے کھلجاتی ہے۔ **جمود**۔ اور تشال
کا حال بھی اس سے ظاہر ہوتا ہے۔ واللہ یھدی لمن یشاء الی صراط
مستقیم **قولہ** پہلا جواب رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نماز میں فاتحہ
کے پڑھنے کی تاکید فرمائی ہی الی اخر ما قال لا صلوٰۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ
الکتاب آہ **اقول** وباللہ التوفیق **اولاً** یہہ عبارت بعینہا یا قریب بعینہا
کے مؤلف رسالہ نے صدر رسالہ میں بیان فرمائی ہیں۔ اونکا جواب شافی
مفصلاً وہاں بخوبی دیا گیا ہے۔ فلینظر الطالب ثمہ **ثانیاً** باری تعالے
جل وعلا نے استماع قران کریم کی سخت تاکید فرمائی ہے واذا قرئ القران
فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون یعنی جب قرآن پڑھا جاوے تو تم اسکو
سنو اور چپ رہو تاکہ تم لائق رحمت الٰہی کے ہو۔ پہر یہہ ظاہر ہی کہ یہہ
حدیث ہمسنگ قران کریم کے نہیں ہو سکتی۔ اگر آپ اس آیت شریفہ کی تخصیص
کرینگے تو ہم بھی اوس حدیث شریف میں تاویل کرینگے۔ اور نیز یہہ وہ دلیل
ہے۔ کہ جسکو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ بہی مان
گئے ہیں۔ جو تمام جہاں میں ایجاب قراۃ فاتحہ علے المقتدی میں علم میں یہی
وجہ ہے کہ ایکصاحب تو تتبع سکتات الامام کی تکلیف دی رہے ہیں۔ اور
ایکصاحب فاتحہ اور سورۃ کے درمیان سکتہ طویلہ نکالتے ہیں۔ اگر مخالفت
آیۃ کا کھٹکا نہ تھا۔ تو پھر ماخذ وجوب قراۃ فاتحہ علی المقتدی تو خود ہی عام تھا
اس تجویز غیر مروی کی ضرورت ہی کیا ہے۔ **ثالثاً** دار قطنی۔ بیہقی۔ ابن
جریر۔ عبد بن حمید۔ ابن مردویہ۔ سعید بن منصور۔ ابن ابی حاتم۔ ابو الشیخ
ابن عساکر۔ ابن ابی شیبہ۔ وغیرہم نے فرمایا ہے نزلت ھذہ الآیۃ فی قراۃ الصحابۃ
ورفع الاصوات بہا خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ما بسطہ السیوطی

Marfat.com

الدر المنثور۔ نقله الفاضل اللکھنوی۔ فدلت هذه الآیة علی فرضیة
استماع القرآن والانصات للمقتدی له اگر اس سے ہی تنزل کریں تو ثبوت وجوب تو
کہیں نہیں گیا۔ پھر اس تقدیر پر اگر کوئی عالم فساد یا کراہتہ نماز مقتدی درصورت
قراءة الفاتحة خلف الامام سے کہہ دیوے تو کیونکر ملام ہی لانه عمل بالظاهر الآیة
مع انه یعاضده نزولها فی الصلوة کما مر انفا من الدر المنثور۔ والحدیث
عنده ماؤل کما اوله جابر رض پس جب کہ اوسکے نزدیک مقتدی کذای تارک فرض
یا واجب نماز کا ہے۔ تو پھر فساد یا کراہتہ کہنے سے کون مانع ہے لان الفساد هو
خروج العبادة بسبب فوت بعض الفرائض من الشرائط والارکان۔ وما
یفوت الوصف فیه مع بقاء الاصل سمی مکروها۔ **قوله** اور کیا اسناد
اس حدیث کا صحیح ہے اھ **اقول** وبالله التوفیق **اولا** ہم پہلے بھی لکھ چکے ہیں
کہ اس حدیث کی صحت میں ہم کو کیا۔ بلکہ کسی محدث کو کلام نہیں۔ الا کلام اسمیں
ہے کہ یہ حدیث شریف قرآن کا معارضہ نہیں کر سکتی۔ لہذا ماؤل ہی کما اوله
جابر الصحابی۔ **ثانیا** دارقطنی نے کہا ہے کہ اسناداً یہ حدیث صحیح ہے۔ یہ
نہیں کہا کہ معنی بھی غیر ماؤل ہے واین هذا من ذاک **قوله** اعرابی
مسیٔ فی الصلوة کی حدیث میں۔ امام احمد۔ ابوداؤد۔ ابن حبان میں ہے
ثم اقرء بام القرآن **اقول** وبالله التوفیق **اولا** ابو داؤد کے صفحہ ۱۲۶
میں ثم اقرأ بام القرآن وبما شاء الله ان تقرأ۔ اور **تخریج زیلعی**
ہدایہ کے صفحہ ۱۹۲ اور نصب الرایة صفحہ ۲۷ میں مسند احمد سے ثم اقرأ بام القرآن
ثم اقرأ بما شئت ہے۔ **مؤلف رسالہ** نے اخیر جملہ ہر دو حدیث کا ذکر نہیں فرمایا
سو گزارش ہے کہ اس روایتہ میں تو حکم فاتحہ مع شئے زاید کا ہے۔ پھر فاتحہ فقط کی
خصوصیت اس روایتہ سے کیونکر ثابت ہوئی **ثانیا** اعرابی مسیٔ فی الصلوة۔ تو

Marfat.com

اکیلا ہی نماز پڑر ہا تہا - کما ہو مدلول حدیث احمد وغیرہ - جاء رجل ورسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالس فے المسجد فصلی قریبًا منہ الحدیث پہر مقتدی پر
وجوب فاتحہ کا جو متنازعہ فیہ ہی اسحدیث کے کونسے جملہ کا مدلول ہی اور اور احادیث کا ذکر آپ نہ
فرماویں کہ انکا جواب ماسبق میں گذر چکا ہی اور عبادہ کی حدیث کا بہی گذر چکا ہی فلا نعیدہ **قولہ**
بالتخصیص آہستہ فاتحہ الکتاب خلف الامام پڑہنے کی منع پر کوئی حدیث صریح صحیح مرفوع نہیں
اقول وباللہ التوفیق **اولاً** حدیث شریف کی تجسس اور تلاش کی کیا
ضرورت ہی - قران کریم ہی کفایت کرتا ہے - اذا قرئ القران فاستمعوا لہ
وانصتوا لعلکم ترحمون خود اسی مرض کا علاج ہے - جبکہ ہر ایک سامع
کی لیئی سننی اور چپ رہنیکا حکم ہے - تو مقتدی بہی اوسی میں داخل ہے **ثانیاً**
کوی حدیث صحیح متفق علیہ مرفوع ایسے نہیں جس سی مقتدی کے لیئے خصوصًا امر
وجوب قرارت بطور نص نکلتا ہو **قولہ** اور حدیث مثبت فاتحہ ترجمہ بخاری
متواتر ہے - **اقول** وباللہ التوفیق اسکا جواب جہاں ماسبق میں مؤلف رسالہ
نے نقلاً عن البخاری فرمایا ہے تواتر الخبر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحدیث
بوضاحت ہوچکا ہے - ایک بات کا ذکر بار بار مثمر دیبا ہی نہیں **قولہ** اگر خبر
واحد ہی مان لیں تو خبر واحد قطعی اور باعث یقین بہی ہوتی ہے تذکرہ راشدہ
میں **مولوی عبد الحی صاحب** نے لکہا ہے آہ **اقول** وباللہ التوفیق
تذکرہ راشدہ کے صفحہ ۱۰۱ میں مولوی عبد الحی صاحب نے بعض کتب کی عبارات
نقل کی ہیں - از انجملہ **شرح مختصر عضدی** کی عبارت نقل کی ہے
اختلف فی خبر الواحد العدل بل یفید العلم اولا والمختار انہ یفید العلم بانضمام
القرائن انتہی اور اسی قبیل سے اور بہی دو تین کتاب کی عبارت منقول ہے - اور
شرح الشرح نخبہ میں لکہا ہے اختلف فی خبر الواحد العدل یفید العلم الیقینی

Marfat.com

اولا فقال قوم یحصل العلم بہ مطلقا سواء انضم الیہ قرینۃ اولا۔ ثم اختلفوا فقال احمد وداؤد ظاہری یحصل العلم بہ بلا قرینۃ ویطرد ای کلما حصل خبر الواحد حصل العلم۔ وقال قوم لا یطرد ای قد یحصل العلم بہ بلا قرینۃ وقد لا یحصل **والمختار** انہ یفید العلم بانضمام القرائن وقال الاکثر لا یحصل بہ العلم الیقینی مطلقا سواء کان مع القرائن اولا بل یحصل بہ الظن انتہی۔ یہہ حال اس مسئلہ کا بین العلماء ہے۔ اور جب جہالت کو مؤلف رسالہ ان ہی ہیں۔ اوسکا حال بہی معلوم ہوا۔ **اب گزارش ہے** کہ اول خبر واحد کا قطعی اور باعث یقین ہونا معلوم۔ اگر ہم تنزلا اوسکو بہی تسلیم کریں۔ تو غایت الامر یہہ ثابت ہوا۔ کہ اسحدیث کا ثبوت قطعی ہے۔ اور نیز باعث یقین ہے۔ تو اسبات کا کب ہمنے انکار کیا ہے۔ بلکہ پہلے ہی ہم لکھہ چکے ہیں کہ یہہ حدیث لا صلوۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب نہایت صحیح ہے۔ الا کلام اسمیں ہے کہ یہ حدیث اپنی عموم پر نہیں۔ بلکہ باول کما اولہ جابر رضی اللہ ہی۔ ورنہ معارض کتاب کریم کی ہوگی فتدبر۔ **قولہ** جب فاتحہ خلف الامام کا پڑھنا ثابت ہوا دیکھو جواب اول **اقول** وباللہ التوفیق کہاں ثابت ہوا دیکھو جواب اول کا جواب **قولہ** پس اس مسئلہ میں آپکے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان اختلاف ہوا۔ **اقول** وباللہ التوفیق حنفیہ کرام اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان اختلاف کی بو بہی نہیں (لازعم مولف رسالہ کے) بلکہ حنفیہ رضوان اللہ علیہم نے تو حدیث لا صلوۃ۔ اور قراءۃ الامام لہ قراءۃ اور وغیرہ وغیرہ احادیث اور احادیث آثار صحابہ اور قرآن کریم واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ اور فاقرؤا ما تیسر من القرآن جو کہ اس مسئلہ میں وارد ہیں سب پر عمل کیا ہے

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم + چشمۂ آفتاب را چہ گناہ + ہاں البتہ اسمقام میں

(حاشیہ:) اس مسئلہ میں آپکے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان اختلاف ہوا

یہ کہیں کہ مؤلف رسالہ اور خداوند کریم میں اختلاف ہوا تو شاید بیجا نہو۔ کیونکہ
ہمنے جب کہ اسحدیث میں یا اسباب کی احادیث اور قرآن کریم پر تطبیق دیکر عمل کیا
ہے رگو وہ تطبیق مؤلف رسالہ کی رائے کے مطابق نہو) پھر باوصف ایسی عمدہ
عمل کے مخالف رسول ص کے ہوئی۔ تو اسی طرح مؤلف رسالہ نے بھی آیۃ قرآنی
پر بالتاویل عمل کیا ہے اگر ایسا ہی عمل مخالفت ہی تو مؤلف رسالہ بھی آپنے
آپکو مخالف خدا سمجھیں۔ اگر ایسا نہیں تو نہیں۔ **قولہ** راقم اور کل اہلحدیث
رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کہتے ہیں **اقول** وباللہ التوفیق ۔ کس
گگوئیکہ دوغ من ترشست + کل فرق مدعی اسلام۔ شیعہ۔ خارجی۔ معتزلہ
جہمیۃ۔ وغیرہم کب کہتے ہیں۔ کہ ہم رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بات
نہیں مانتے اور نہیں کہتے۔ آلا راستی پیروی فرقہ ہے۔ جسکی لئے رسولخدا ص
نے فرمایا۔ ماانا علیہ واصحابی ہاں البتہ اگر مؤلف رسالہ اسطرح فرماتے۔ کہ راقم اور
کل اہلحدیث کیا کل اہلسنت وجماعت رسولخدا کی بات کہتے ہیں۔ تو فی الجملہ راستی
کا خیال کیا جاتا **قولہ** افسوس ہے ہماری توحنفی ہے اس مسئلہ میں اہ **اقول**
وباللہ التوفیق۔ اس تقدیم میں علما کا اختلاف ہے۔ ابو یوسف اور امام احمد نے
فی روایۃ تقدیم اقرء کی فرماتے ہیں لحدیث ابی مسعود الانصاری یؤم القوم
اقرءھم لکتاب اللہ فان کانوا فی القراءۃ سواءً فاعلمہم بالسنۃ الحدیث
اخرجہ الجماعۃ الا البخاری اور امام شافعی اور مالک اور امام ابوحنیفہ و محمد
اور امام احمد نے روایۃ تقدیم اعلم بالسنۃ فرماتے ہیں لحدیث مروا ابابکر فلیصل
بالناس اخرجہ البخاری ومسلم وغیرہما۔ وکان ثمہ من ھو اقرء منہ
لا اعلم **دلیل الاول** قولہ صلی اللہ علیہ وسلم اقرأکم ابی **ودلیل الثانی**
قول ابی سعید کان ابوبکر اعلمنا۔ وبھذا اخر الامرین من رسول اللہ صلی اللہ م

Marfat.com

علیہ وسلم فیکون المعوّل علیہ - کذا حققہ صاحب الفتح الشیخ ابن الہمام رحمۃ اللہ وعلیٰ ذلک مشی البخاری الامام - حیث بوب علیہ بابا فی صحیحہ واتی بحدیث عائشۃ رضی اللہ عنہا - **باب اہل العلم والفضل احق بالامامۃ** مروا ابا بکر فلیصل بالناس اور امام قسطلانی لکھتا ہے - فان ابا بکر افضل الصحابۃ واعلمہم وافقہہم کما یدل علیہ مراجعتہ الشارع - بانہ ہو الذی یصلی - والاصح ان الافقہ اولی بالامامۃ من الاقرأ والاورع - الحاصل یہ مسئلہ علماء میں مختلف فیہا ہے - بلکہ حنفیہ اور امام شافعیہ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہم کی دلیل قوی ہے - اور حدیث اول متاول ہے لیحصل التطبیق - افسوس ہے کہ صاحب رسالہ نے اس افسوس میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو شریک نہیں فرمایا - تاکہ امام بخاری کا مذہب بھی معلوم ہوتا **قولہ** تیسرا جواب رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت حضرت حقسبحانہ وتعالیٰ کی اطاعت ہے قال اللہ تعالیٰ الخ **اقول** وباللہ التوفیق **اولاً** اس سے کون انکار کرتا ہے لاینکرہ الا المرتاب اسی مقام سے ہے کہ جسنے حدیث واذا قرئ (ای الامام) فانصتوا اخرجہ مسلم وغیرہ اور قراءۃ الامام لہ قراءۃ کما رواہ جابر مرفوعاً پر عمل کیا اوس نے حقسبحانہ وتعالیٰ کی فرمودہ پر عمل کیا بات ابتک نہوئی مغز سخن سے نا آشنا ہو + لاحول ولا قوۃ الا باللہ **ثانیاً** حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مس ذکر کی بابت ہو مضغۃ او بضعۃ منہ فرمایا - اخرجہ احمد والترمذی وابو داؤد والنسائی وابن ماجہ من حدیث طلق بن علی اور آپ صاحبان کے نزدیک مس ذکر ناقض وضو ہے - پس اسکا خلاف حقسبحانہ وتعالیٰ کا خلاف ہے - اور ترک الوضوء مما مست النار میں حضرت جابر فرماتے ہیں کان آخر الامرین من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترک الوضوء مما مست

Marfat.com

النار وهو حدیث صحیح رواہ ابو داؤد والنسائی وغیرہما من اهل السنن
باسانیدهم الصحیحة کما قال النووی ہے آور اکل لحوم الجزور (یعنے اونٹ کا گوشت)
آپکے نزدیک ناقض وضو ہے - پس اسکا خلاف حقسبحانہ وتعالی کا خلاف ہے۔
اور اوسکے نظائر بہت ہیں ← یکحرف بسست گر شعور ست + فما هو جوابکم
فهو جوابنا **قوله** اکثر صحابہ کرام جیسی ترمذی نے بیان کیا ہے **اقول**)
اولاً- اسکا جواب ماقبل میں گزرچکا ہے فلا نعیدہٗ **ثانیاً** الوضوء بما مست
النار کی باب میں نووی شافعی لکھتا ہے ذهب جماهیر العلماء من السلف و
الخلف الی انه لا ینقض الوضوء باکل ما مسته النار - ممن ذهب الیه
ابو بکر الصدیق رضی الله عنه وعمر بن الخطاب رضی الله عنه وعثمان
بن عفان رضی الله عنه وعلی بن ابی طالب کرم الله وجهه وعبدالله بن مسعود
وابو الدرداء وابن عباس وعبدالله بن عمر وانس بن مالک وجابر بن سمرة
وزید بن ثابت وابو موسی وابو هریرة وابی بن کعب وابو طلحة و
عامر بن ربیعه وابو امامه وعائشه رضی الله عنهم وهؤلاء کلهم
صحابة - وذهب الیه جماهیر التابعین وهو مذهب مالک وابی حنیفة
والشافعی واحمد واسحاق بن راهویه ویحیی بن یحیی وابو ثور وابی خیثمه
رحمهم الله حضرت سلامت یہ صحابہ اور تابعین رح ایک طرف ہیں۔ اور آپ کا
قول اکیطرف پس ایکے مقابلہ آپکا قول اگر خفگی نہو تو .... ہوگا **قوله** اور ایکطرف
ابو حنیفہ رح جیسا تابعی اگر مان لیں آہ **اقول**) حضرت یہہ تو محض ہی غلط ہے
ورنہ البخاری رح کا **جزء القراءة** ہی دیکھا ہوتا - کہ خود بخاری علیہ الرحمۃ
اوسکے صفحہ ۱۔ اور صفحہ ۱۳ - میں فرماتے ہیں انما اجاز ادراک الرکوع من
اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم الذین لم یروا القراءة خلف الامام **منهم**

Marfat.com

ابن مسعود و زید بن ثابت و ابن عمر انتہی - اور حجر عسقلانی نے بھی ایسا ہی
لکھا ہے کما مرّ فیما سبق پھر فرماتے ہیں کہ اسطرف ایک ابو حنیفہؒ ہیں
یا کہ انکے ساتھ اصحاب رسول اللہ صلعم کے بھی ہیں - باآنکہ امام صاحبؒ کے قول
کیموافق نص قرآنی بھی موجود ہے - پھر کون مرجح ہوا - واضح رہے -
کہ یہ کلام عدم جواز قرات خلف الامام میں ہے - اور امام صاحب کا تابعی ہونا
واقعی ہے - فرضی کی کچھ حاجت نہیں کما مرّ فی صدر الرسالۃ **قولہ**
خود علماء حنفیہ استحسان قرات فاتحہ خلف الامام کے قائل ہیں **اقول**
اولاً علماء حنفیہ کا قائل باستحسان ہونا اور نہ ہونا فتح القدیر کی عبارت
سے واضح ہے اور وہ یہ ہے قولہ علی سبیل الاحتیاط فیما روی عن محمد
یقتضی هذه العبارة انها لیست ظاهر الروایة عنه کما قال فی الزکوة
خلافا لابی یوسف فیما یروی عنه فی دین الزکوة - وهو الذی یظهر
من قوله فی الذخیرة و بعض مشائخنا ذکر وان قول محمد رح ولا یکره
وعلی قولهما یکره ثم قال فی الفصل الرابع الاصح انه یکره والحق ان
قول محمد رحمه الله کقولهما فان عبارته فی کتبه مصرحة بالتجافی
عن خلافه فانه فی کتاب الآثار فی باب القراءة خلف الامام بعد ما
اسند الی علقمة بن قیس انه ما قرأ قط فیما یجهر فیه ولا فیما لا یجهر فیه
قال وبه نأخذ لا نری القراءة خلف الامام فی شیء من الصلوة یجهر
فیه او لا یجهر ثم استمر فی اسناد آثار اخر ثم قال محمد لا ینبغی ان
یقرء خلف الامام فی شیء من الصلوة **وفی موطاه** بعد ان روی
فی منع القراءة فی الصلوة ما روی قال محمد لا قراءة خلف الامام فیما جهر
ولا فیما لم یجهر وبذلک جاءت عامة الاخبار وهو قول ابی حنیفة - ثم

فی استحسان فاتحہ کے قائل ہیں - جواب

لا یخفی ان الاحتیاط فی عدم القراءۃ خلف الامام۔ لان الاحتیاط هو

العمل باقوی الدلیلین۔ ولیس اقواهما القراءۃ بل المنع انتهی بحذف البعض

یہ عبارت فتح القدیر کی مؤلف رسالہ اور مولوی عبدالحی صاحب ہردو

صاحبان پر حجت ہے۔ اور امام محمد کے اقوال مصرحہ صریحًا اس بیان کے

خلاف ہیں۔ اگرچہ مولویصاحب موصوف نے اشارہ بھی اسی طرف فرمایا ہے

وهو. وانکار ضعیف روایتہ۔ **ثانیًا**۔ مؤلف رسالہ نے مولوی عبدالحی

صاحب کا انصاف حدیث من کان له امام فقراءۃ الامام له قراءۃ۔ میں

ملاحظہ نفرمایا۔ اور وہ انصاف نہ ی۔ باری کیوں دیکھتے کہ اونکے مدعی مفروض

کے خلاف تہا۔ حیث قال بعد نقل طرق هذا الحدیث هذا خلاصة الکلام

فی طرق هذا الحدیث وتلخص منه ان بعض طرقه صحیحة او حسنة لیس

فیه شئ یوجب القدح عند التحقیق وبعضها صحیحة مرسلة وان لم تصح

مسندۃ۔ والمراسیل مقبولة۔ وبعضها ضعیفة ینجبر ضعفها بضم بعضها

الی بعض وبه ظهر ان قول الحافظ ابن حجر فی تخریج احادیث الرافعی ان

طرقه کلها معلولة۔ لیس علی ماینبغی۔ وکذا قول البخاری فی رسالة القراءۃ

خلف الامام انه حدیث لم یثبت عند اهل العلم من اهل الحجاز والعراق لارساله

وانقطاعه۔ اما ارساله فرواه عبدالله بن شداد عن النبی صلی الله علیه

وسلم۔ واما انقطاعه فرواه الحسن بن صالح عن جابر عن النبی صلی الله علیه

وسلم ولا یدری اسمع جابر عن ابی الزبیر ام لا انتهی لا یخلو عن خدشات واضحة

انتهی **قوله** قائلین بکراہت اور قائلین باستحسان کو آپس میں متعارض سمجھکر

ساقط کردینگے۔ (**اقول**) یہاں تعارض ہی کہاں ہے تاکہ ساقط کردینے کی

نوبت حاصل ہو۔ کیونکہ تعارض کہتے ہیں تقابل الحجتین علی السواء لا مزیة

Marfat.com

لاحدهما على الاخر لا في الذات ولا في صفة۔ فی حکمیۃ متضادین کو کما هو المسطور فی کتب الاصول۔ اور محل متنازع فیہ میں عدم قراءۃ راجح اور قوی دلیلاً ہے۔ فی الفتح لان الاحتیاط هو العمل باقوی الدلیلین ولیس اقواهما القراءۃ بل المنع انتهی اور نیز استحسان کی روایت سخت مرجوح۔ امام محمد کے اقوال مصرحہ کے خلاف ہے کما انفا من الفتح۔ والمرجوح کالعدم کما سبق فیما سبق من المسلم وشرحہ **قولہ** رفع یدین میں چار سو خبر اور اثر کا ذکر کیا گیا ہے **اقول** اسکا جواب انشاء اللہ تعالے رفع یدین کے مسئلہ میں گزارش ہوگا **قولہ** جواب حنفیہ کے اقوال اس مسئلہ میں مضطرب ہیں اور حنفیہ نے قلتین کیحدیث صحیح کو صرف مضطرب سمجھکر باوجودیکہ اوس میں اضطراب نہ تھا چھوڑ دیا۔ تو حنفیہ کو اپنے علماء کا اضطراب اس مسئلہ میں دیکھکر اونکے اقوال مضطربہ چھوڑ دینے تھے **اقول**) اس جواب میں صاحب رسالہ نے حنفیہ کرام کی نسبت دو امر ارشاد فرمائے ہیں۔ **اوّل** یہ کہ اقوال حنفیہ کے اس مسئلہ میں مضطرب ہیں۔ **دوم** یہ کہ حنفیہ نے کہ باوصف آنکہ حدیث قلتین فی الواقع مضطرب نہ تھی مضطرب جانکر چھوڑ دیا۔ سو ان ہر دو امر کا جواب بعد تعریف مضطرب کے گزارش ہوتا ہے **تعریف مضطرب**۔ فی النخبۃ وشرحہ وان کانت المخالفۃ بابدال الراوی ولا مرجح لاحدی الروایتین علی الاخری فهذا هو المضطرب انتهی بتغییر یسیر **وفی منهج الوصول** اضطراب آنست کہ راوی خلاف غیر خود کردہ باشد۔ بابدال براوی دیگرے ومرجح یکے از دو روایت بر دیگر موجود نباشد۔ وایں راوی اصطلاح محدثین مضطرب نامند۔ واضطراب موجب ضعف حدیث باشد۔ بنابر عدم ضبط روایت کہ در صحت وحسن شرط ست انتهی۔ عبارت تحفہ از منهج الوصول

سے دو امر ثابت ہوئے اوّل یہ کہ اضطراب مصطلح اوسوقت ہوتا ہے۔ جبکہ
ہر دو روایت مساویۃ الاقدام ہوں۔ ایکدوسری پر راجح لوجوہ ترجیح نہو دوسرا
یہ کہ حدیث مضطرب ضعیف ہے۔ پس اب بابت امر اوّل کی گزارش ہے۔ جبکہ
ماسبق میں یہ بات ثابت ہو چکی ہے۔ کہ روایت عدم القراءۃ راجح اور اولے
من حیث الدلیل ہے۔ اور مرجوح فی حکم العدم ہوتی ہے۔ کما مر فکیف
الاضطراب۔ لان الاضطراب شرطہ المساواۃ ولا یترجح احدھما علی الاخر
وھھنا لیس کذلک فلا اضطراب اور بابت امر دوم یعنی حدیث قلتین
مضطرب نہیں۔ مگر حنفیہ نے خواہ مخواہ اوسکو مضطرب کہا۔ غرض
شیخ تقی الدین ابن دقیق العید نے اپنی کتاب امام میں۔ اور طحاوی
نے معانی الآثار میں۔ اور زیلعی نے تخریج احادیث ہدایہ
میں۔ اور علامہ ابن الہمام نے فتح القدیر میں۔ اس حدیث کے اضطراب کو
نہایت بسط کے ساتھہ بیان کیا ہے۔ یہ اوراق پوری پوری ذکر کے متحمل نہیں
الا تاہم مختصر اگذارش ہے۔ حدیث قلتین کو بخاری اور مسلم رحمہما اللہ نے بیان
نہیں فرمایا۔ لوجہ کان عندھما۔ اور ترمذی وغیرہ نے بیان کیا ہے
سو اسحدیث میں دو طرح کا اضطراب ہے۔ لفظاً۔ اور معنیً۔ اضطراب لفظی
تو اسلئے کہ بعض طرق میں اذا کان الماء اربعین قلۃ اور بعض میں اذا کان الماء قلتین
اور بعض میں اذا کان الماء قلتین فما فوق ذلک اور بعض میں اذا کان
الماء قلتین فصاعداً اور بعض میں اذا کان الماء اربعین غرباً
اربعین دلواً اور بعض میں قلتین اوثلثا وارد ہے۔ اور اضطراب معنوی
اسلئے کہ قلہ کے معنے لغت میں مشک کے ہیں اور مٹکے کے۔ اور چوٹی پہاڑ کی۔ اور ہر چیز
بلند کی قال الزیلعی فی تخریج احادیث الہدایہ فیہ من الاضطراب لفظاً و

Marfat.com

معنیً اما اضطرابه فی اللفظ فمن جهة الاسناد والمتن۔ ثم سرد الکلام
لبیانهما۔ ثم قال واما الاضطراب فی معناه فلانه کذا وکذا۔ اور محدثین
اور فقہاء نے بھی اس حدیث میں کلام کیا ہے فتح القدیر میں ہے وممن
ضعفه الحافظ ابن عبدالبر والقاضی اسماعیل بن اسحاق وابوبکر
العربی المالکیون انتهی یعنی یہ مذکورین فضلا جو مالکی المذہب ہیں۔ انہوں نے
بھی اس حدیث کو ضعیف کہا ہے۔ اور بدائع میں ہے۔ عن ابن المدینی لا
یثبت حدیث قلتین یعنے ابن مدینی نے کہا کہ حدیث قلتین ثابت نہیں۔
اور سفر السعادت میں ہے باب۔ اذا بلغ الماء قلتین لم یحمل خبثاً
قال جماعة لم یصح فیه حدیث وجماعة قائلون بصحته۔ وقد اورده
اکابر اهل الحدیث فی مصنفاتهم۔ اور زیلعی نے کہا ہے حدیث القلتین
ضعیف ضعفه جماعة المحدثین حتی قال البیهقی من الشافعیة انه غیر
قوی۔ وترکه الغزالی والرویانی مع شدة اتباعهم للشافعی رحمه الله
لضعفه انتهی یعنے حدیث قلتین کی ضعیف ہے۔ ضعیف کہا اسکو جماعت
نے محدثین سے یہانتک کہ کہا بیہقی شافعی نے کہ وہ قوی نہیں۔ اور ترک کیا
اسکو امام غزالی اور رویانی نے باوجود شدت اتباع اونکی واسطے امام شافعی رح کے
واسطے ضعف اس حدیث کے۔ اور تمہید میں ہے ماذهب الیه الشافعی
من حدیث قلتین مذهب ضعیف۔ یہ مختصر حال تحقیقات حنفیہ کا اس حدیث میں
ہے۔ جسپر صاحب رسالہ کہتے ہیں۔ کہ حنفیہ نے باوصف صحیح ہونے اس حدیث
کی مضطرب جانکر چھوڑ دیا۔ خیر۔ حنفیہ تو در کنار۔ مالکیہ اور شافعیہ نے بھی
اس حدیث کو ضعیف کہا۔ اور اپنے امام کی مقبول حدیث کو چھوڑ دیا۔ پھر حنفیہ نے
کیا برا کیا۔ اور بیجا۔ کہ وہ پٹی تحقیقات اس حدیث کے ہوئے۔ الٰہی ہمکو توجہ

Marfat.com

اور عنایت دلی کا ثمرہ ہے۔ جو حنفیہ کے نسبت فرمایا گیا۔ سچ ہے۔ گلستان سعدی
ور چشم دشمنان خارست + راستی کا پائے بند ہونا عمدہ چیز ہے۔ راستی موجب
رضای خدا است + کدورت تعصب سے دلکو پاک اور صاف کرنا ضروریات دین
سے ہے۔ بسوئے راستے دل را ہدایت کن کہ میباشد + عصائے آبنوسے
بہ نیل سرمہ اعمے را + **قوله** قرآن اور احادیث ثابتہ میں کوئی تعارض اور
تخالف نہیں آہ **اقول** وباللہ التوفیق۔ **اولا**۔ اگر اس کلام سے مولف رسالہ
کے یہ غرض ہے کہ قرآن اور احادیث میں بحسب الظاہر اور بادی النظر میں بھی
تعارض اور تخالف نہیں۔ فھذا الکلام مردود علی صاحبہ لان فی الکتاب
الکریم ایات تعارض بعضھا بعضاً فی الظاھر وقد الف فی ذلک قطرب
کتاباً بسیطاً ذکرہ السیوطی فی الاتقان وفی الاحادیث ایضاً کذلک کیف
لا وان علماء اصول الفقہ والحدیث قد بوبوا فی مصنفاتھم لدفع ھذا
التعارض باباً وبحثوا فیہ بحثاً طویلاً شکر اللہ سعیھم فی المسلم وشرحہ
فصل فی التعارض وھو تدافع الحجتین وفی المنار وشرحہ **فصل**
وقد یقع التعارض بین الحجج فیما بیننا لجھلنا بالناسخ والمنسوخ وفی حصول
المامول البحث الخامس فی تعارض الافعال وفی التوضیح باب المعارضۃ
والترجیح وفی اتقان السیوطی النوع الثامن والاربعون فی مشکلہ وموھم
الاختلاف والتناقض **ثانیاً** خود مولف رسالہ بھی جواب ہذا میں درپے تطبیق
ہیں۔ اگر تعارض اور تخالف نہ تھا تو پھر یہاں تطبیق کس چیز کی ہو رہی ہے۔
اور اگر یہ غرض ہے کہ اگرچہ بحسب الظاہر اور بادی النظر میں بینھما تعارض
ہوتا ہے۔ الا امعان نظر اور تطبیق دینے سے وہ مرتفع ہو جاتا ہے۔ تو اس
دردسری کا کیا فایدہ ہے۔ آپکے تو ہم بھی قائل ہیں کہ تعارض اور تخالف فی الحقیقت

Marfat.com

بین الآیات والاحادیث نہیں۔ فی المسلم وشرحہ لایکون التعارض) فی الحجج
الشرعیة فی نفس الامر ولا لزم التعارض قطعاً۔ **وفی نور الانوار** ولا
فلا تعارض فی نفس الامر لان احدھما یکون منسوخاً والاخر ناسخاً۔ وکیف
یقع التعارض فی کلامہ تعالیٰ لان ذلک من امارات العجز۔ تعالی اللہ عن ذلک
علواً کبیراً انتھی اور اسی ظاہر تعارض اور تناقض کے لئے رفع کے لئے جو اس
مسئلہ فاتحۃ الکتاب میں۔ آیات اور احادیث میں بادی النظر میں معلوم
ہوتا ہے۔ علماء امصار و دیار نے کوششیں بلیغہ فرمائیں۔ جیسے راقم نے جابجا
بیان کیا ہے فانظر فیما مر **قولہ** آیۃ فاقرؤا ما تیسر میں۔ ما۔ کا کلمہ ضرور عام
مخصوص البعض ہے۔ ابن الھمام **حاشیہ** ہدایہ میں لکھتے ہیں۔ ولنا قولہ
علیہ السلام من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ فاذا صح وجب ان یخص
عموم الآیۃ والحدیث علی طریقۃ الخصم مطلقاً فیخرج المقتدی وعلی طریقتنا
ایضاً لان ہا عام خص عنہ البعض وھو المدرک اجماعاً فی تخصیصھا انتہی **اقول**
وباللہ التوفیق) اولاً۔ مؤلف رسالہ نے دعویٰ یہ کیا ہے۔ کہ کلمہ ما کا جو آیۃ ما تیسر میں
ہے عام مخصوص البعض ہے۔ اور شاہد اثبات مدعی کا عبارت ابن الہمام رحمۃ اللہ علیہ
کی بیان کی سو مذکورہ عبارت میں اثبات کا کہیں نام و نشان ہی نہیں کہ کلمہ ما کا عام مخصوص
البعض ہے۔ ہاں البتہ ابن الہمام یہ کہتے ہیں کہ یہ آیت مخصوص البعض ہے اجماعاً بیننا و بین الشافعی ہے
سو اس سے کہاں ثابت ہوتا ہے کہ کلمہ ما کا ضرور عام مخصوص البعض ہے کما قالہ المولف ثانیاً۔ یہ
آیۃ شریفہ مشتمل بر دو تعمیم ہے تعمیم اول فاقرؤا کی جسکا مدلول یہ ہے کہ ہر نمازی پر پڑھنا فرض
ہے اور تعمیم دوم ما تیسر کی اور اسکا مدلول یہ ہے کہ قرآن کریم سے کسی سورت خاص
(مثلاً فاتحہ) کا پڑھنا فرض نہیں۔ ابن الہمام کی یہ غرض ہے کہ جبکہ تخصیص عام اول کی اجماعاً
بیننا و بین الشافعی ہو چکا ہے۔ لہٰذا اب تخصیص اس آیت کے حدیث قراءۃ

Marfat.com

الامام لہ قراءۃ سے جائز درست ہوئی۔ کیونکہ عام مخصوص البعض ظنی ہوتا ہے۔
پس اسوقت یہ حدیث شریف مخصص ہونے کے قابل ہوئی۔ اور عام دوسرا اپنے
عموم پر قطعی ہے اوسکی تخصیص خبر واحد سے جو کہ ظنی ہو جائز نہیں۔ لعدم المساواۃ
بینہما۔ ومن لم یمیز بین العامین فقد وقع فیما وقع وقال ما قال صاحب
رسالہ نے جبکہ ہر دو عام میں خلط ملط کر دیا۔ تو ایسا فرمایا۔ اور ابن الہمام کو بھی
اپنے ساتھ ملایا۔ حالانکہ ابن الھمام کی کلام سے یہ بات مفہوم نہیں ہوتی۔ اور
اسبابت کو صاحب رسالہ پہلے ہی بیان کر چکے ہیں۔ اور وہاں جواب بھی دیا گیا ہے

قولہ اور عام مخصوص کی تخصیص بالاتفاق ممنوع نہیں۔ پس لا صلوۃ
کی متواتر حدیث سے تخصیص کیوں ممنوع ہو گی۔ **اقول** وباللہ التوفیق یہاں
عام مخصوص ہی کہاں ہے۔ جسکی تخصیص جائز ہو۔ بلکہ یہ عام اپنے عموم پر
باقی ہے۔ کما مر قبل ذلک۔ اور حدیث لا صلوۃ کی متواتر ہونیکا حال بھی
ماقبل میں گزارش ہو چکا ہے۔ فلا نعیدہ۔ **قولہ** اور آپکے یہاں اس لئے کہ مخصوص
ہی کما مر **اقول** وباللہ التوفیق۔ ما مر میں اسکا جواب بھی ہو چکا ہے فلا نکررہ۔

قولہ اور احادیث میں اس لئے تعارض نہیں۔ کہ اعرابی کی حدیث میں فاتحہ
کا صریح حکم موجود ہے دیکھو ابن حبان اور مسند امام احمد **اقول**
وباللہ التوفیق اولا۔ بخاری اور مسلم کی روایت میں تو ثم اقرأ ما تیسر
معک من القرآن ہے وارد ہے۔ کیا یہاں صحیحین کو چھوڑ دیا گیا۔ اور اس محل میں
صحیحین کی فوقیت اور مزیت باقی کتب احادیث پر ضعیف ہو گئی ہے۔ ثانیا
اگر اسی روایت مسند احمد پر ہی عمل منظور ہے تو اسمیں ثم اقرأ بام القرآن۔ ثم
اقرأ بما شئت بھی ہے۔ پھر چاہئے کہ فاتحہ مع سورت ہر دو فرض ہوں۔ نہ فاتحہ
تنہا فکیف التطبیق **قولہ** پس ہم بھی کہتے ہیں ان لزوم الفاتحۃ ثبت بالظاہر

Marfat.com

اقول (وباللہ التوفیق) ابن الھمام کی تاویل نص قرآنی فاقروا ماتیسر من القرآن کے معارض نہیں۔ لانہ فی صدد ثبوت الوجوب وذلک ظاہر جدا۔ اور مؤلف رسالہ کی تاویل یعارض النص المذکور لانہ فی صدد ثبوت الفرضیۃ فافترقا فافہم وانصف۔ فکیف التطبیق **قولہ** والمقصود ماتیسر بعدھا لظہور لزومہا **اقول** وباللہ التوفیق اولاً ابن ہمام کی عبارت میں لزوم بمعنی وجوب مصطلح حنفیہ ہے۔ وھو بین لا سترۃ فیہ اور مؤلف رسالہ کی عبارت میں لزوم بمعنی فرض ہے۔ فمعارضۃ الآیۃ المذکورۃ قائمۃ علی تاویل المؤلف لا علی تاویل ابن ہمام فکیف التطبیق ثانیاً اعرابی مسئ فی الصلوۃ کی حدیث میں فاتحہ کا ذکر ہی کہاں ہے۔ تاکہ ماتیسر محمول بر مازاد علی الفاتحہ ہو۔ **قولہ** اور حدیث قراءۃ الامام اور اذا قرء فانصتوا دونوں اوّل تو شاذ ہیں۔ انکا شذوذ ابن ہمام نے مانا ہے گو شاذ مقبول کہا ہے **اقول** (وباللہ التوفیق) تنزلاً قبول کیا شاذ مقبول ہیں تو پھر خلل ہی کیا ہوا۔ شاذ مقبول تو اصطلاح محدثین میں اوسے کو کہتے ہیں۔ کہ راوی ثقہ راوی اوثق کے مخالف زیادۃً یا نقصاناً فی المتن او فی السند روایت کرے۔ اور زیادۃ ثقہ کی مقبول بلاریب ہے۔ کما مر فی الفوائد **قولہ** اور وجوہ مرقومۃ الصدر کے سوا حسب قول ابن ہمام حیث قال وحمل ثم اقرأ ماتیسر معک علی غیر حالۃ الاقتداء جمعاً بین الادلۃ ہم کہتے ہیں ماتیسر معک اور لہ قراءۃ اور اذا قرء فانصتوا کل فی سوی الفاتحۃ جمعاً بین الادلۃ **اقول** (وباللہ التوفیق) تفصیل اس مقام کی یہ ہے۔ کہ ابن ہمام نے حاشیہ ہدایہ میں لکھا ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اعرابی مسئ فی الصلوۃ کو کئی بعد تعلیم ادا امور کے ثم اقرء ماتیسر معک من القرآن۔ فرمانا محمول بر غیر حالت

Marfat.com

اقتدا کی ہے۔ سواس حمل کے لئے حالت صلوٰتیہ اعرابی مسئی فی الصلوٰۃ (یعنی منفرداً نماز پڑھنا) کے۔ جیساکہ مدلول صریح حدیث کا ہے۔ جاء رجل و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالس فی المسجد فصلی قریباً منہ الحدیث قرینہ واضحہ غیر خافیہ ہے۔ اور سوی الفاتحہ پر فرمای کہ کونسا قرینہ صریحہ ہی۔ علاوہ براں اس روایت صحیحین میں فاتحہ کا کچھ ذکر ہی نہیں۔ پھر سوی الفاتحہ کہاں سی آگیا۔ اور روایت احمد وغیرہ میں جو تصریح فاتحہ کی ہے اون میں وسورۃ معھا بھی ہی۔ فالامور بہ امران۔ پس ابن ہمام اور مؤلف رسالہ کے حمل میں یوں بعید ہے۔ فاین ھذا من ذاک فافہم وانصف اور قراءۃ الامام اور اذا قرء فانصتوا کا حمل بہ سوی الفاتحہ پر حمل غیر صریح ہے۔ لانہ یا بالہ عموم النص وھو واذا قرئ القراٰن فاستمعوا لہ وانصتوا۔ **قولہ** یا درہی ابن ہمام نے ان حدیثونکی نسبت کہا ہے الاول صحیح علی شرط الشیخین والثانی علی شرط مسلم حالانکہ بخاری اور مسلم نے اپنی شروط کی کہیں تصریح نہیں کے۔

اقول وباللہ التوفیق) یہ قول۔ ر یعنی علی شرط الشیخین او علی شرط احدھما) صرف ابن ہمام کا ہی نہیں۔ بلکہ بخار یہ محدثین ہی ایسا لکھتے ہیں۔ **علامہ ابن حجر** نخبہ۔ اور اوسکی شرح میں لکھتے ہیں۔ ومن ثم قدم صحیح البخاری علی غیرہ من الکتب المصنفۃ فی الحدیث ثم صحیح مسلم لمشارکتہ للبخاری ثم قدم فی الارجحیۃ من حیث الاصحیۃ۔ ثم ما وافقہ شرطھما لان المراد بہ رواتھما مع باقی شروط الصحیح وروا تھما۔ فان کان الخبر علی شرطھما معا کان دون ما اخرجہ مسلم او مثلہ۔ وان کان علی شرط احدھما فیقدم شرط البخاری وحدہ علی شرط مسلم وحدہ تبعاً لاصل کل منھما انتھی بحذف البعض اور سید شریف علی جرجانی اصول حدیث کی رسالہ میں لکھتے ہیں

Marfat.com

واعلی اقسام الصحیح ما اتفقا علیه - ثم ما انفرد به البخاری - ثم ما انفرد به مسلم
ثم ما کان علی شرطهما وان لم یخرجاه ثم علی شرط البخاری ثم علی شرط مسلم انتهی
اور منہج الوصول میں ہے - وبالجملہ صحیح بخاری بایں وجوہ مقدم برہمہ کتب ست
وبعدہ صحیح مسلم است - وبعدہ مقدم آنست کہ موافق شرط ایں ہر دو باشد انتہی
مختصرا - اور حجۃ اللہ البالغہ میں شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی مرحوم
لکھتے ہیں وقد استدرک الحاکم علیهما احادیث هی علی شرطهما ولم یذکرها
انتهی - ثم سرد الکلام فیه - اور حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ دوسری مقام
نخبہ کی شرح میں لکھتے ہیں - اما رجحانه ای البخاری من حیث الاتصال
فلاشتراطه ان یکون الراوی قد ثبت له لقاء من روی عنه ولو مرة واکتفی
مسلم بمطلق المعاصرة انتهی - انتہی ما ورا اور محدثین اور محققین کے کلام میں یہ
عبارت موجود ہے تو پھر ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ پر کیا اعتراض واضح رہے
کہ بخاری اور مسلم رحمہما نے اپنے شروط مقررہ کہیں تحریر نہیں فرمائیں - قال النووی
لیس لهما شرط فی کتابیهما ولا فی غیرهما انتهی - الا فضلاء محدثین باحثین
نے تتبع ما فیہا کا فرمایا - اور استنباط شروط کا کیا - لہذا حسب قرارداد فضلاء
محدثین کے یہہ کہا جاتا ہے - کہ بخاری رح کی یہ شرط ہے اور مسلم رح کی یہہ شرط کما
مر من النخبة وغیرہ - پس علامہ ابن ہمام رح بھی اپنی کتاب میں اسی قرارداد
فضلاء محدثین پر لکھتا ہے - هذا علی شرط الشیخین - وهذا علی شرط احدهما - فلا
اعتراض علیه اور مؤلف رسالہ بفضلہ تعالی قرارداد فضلاء محدثین سے بھی جو نکہ
دست بردار ہیں - موافقہ اتنی بات لکھ دیتے ہیں - مرزا صاحب یہہ تقسیم مراتب حدیث کی جو
کہ نخبۃ الفکر وغیرہ میں ہے - یہہ فضلاء محدثین نے کی ہے - یا کسی ڈھور ام
پڑھینو والی نے - پھر اوسی تقسیم کے لحاظ سے علامہ ابن ہمام نے لکھا تو کیا برا کیا -

Marfat.com

ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مکانی دارد **قوله** مولوی صاحب مخاطب صحیحین کی عظمت کے قائل نہیں **اقول** وباللہ التوفیق معاذ اللہ ھل ھذا الا بھتان عظیم اوظن فاسد ووھم کاسد یکذبہ سامدحنا ھما رحمہما اللہ فیما سلفنا فی رسالتنا ھذہ فی مواضع عدیدۃ۔ ومقامات شتی فلینظر الناظر فیھا لیظھر لہ کذبہ البحت اوظنہ الفاتر اووھمہ الکاسد ۵ دعویٰ بے دلیل قبول خرد نہیں۔ **قوله** اور منازعہ اور مخاطبہ آہ **اقول** وباللہ التوفیق ان سب کے جواب ماسبق میں مفصل مذکور ہوچکے ہیں۔ بار بار ایک ہی بات کا ذکر کرنا خالی از بے لطفی نہیں۔ اور نیز طوالت کا خوف بھی قلم کو روکتا ہے۔ **قول** حسب تحقیق سابق آہ **اقول** وباللہ التوفیق وہ تحقیق تو کالعدم بلکہ کالعھن المنفوش ہوگئی۔ اوسکا تو ذکر ہی نہ کیجئے۔ اور قیاس یہاں بمقابلہ نص کے نہیں تاکہ غیر مقبول ہو۔ بلکہ متفرع از نصوص ہے پھر کیوں مقبول کا نہو **قوله** مدرک فی الرکوع آہ **اقول** وباللہ التوفیق انشاء اللہ تعالیٰ اس مسئلہ کو اسکے محل میں جہاں مؤلف ذی الاصالت بیان فرمایا ہے گزارش کرونگا **قوله** کیونکہ قراءۃ فاتحہ میں رکعت کے فوت ہونیکا ڈر ہے بخلاف تکبیر اور قیام کے **اقول** وباللہ التوفیق اولاً اگر امام نے رکوع طویل کیا تو اس میں فوت رکعت کا کہاں ڈر ہے۔ پھر چاہیئے کہ ایسی حالت میں مدرک فی الرکوع کی رکعت محسوب نہو۔ والامر لیس کذلک۔ ثانیاً غایت مایلزم منہ یہی کہ مقیس اور مقیس علیہ از یک قبیل نہیں ولو سلمنا ذلک تاہم اصل مقصود فقود نہیں یعنی مقصود دسائل کا یہہ تہا کہ مدرک فی الرکوع کذائی کی رکعت محسوب ہوتی ہے اگر فاتحہ فرض ہوتی تو ایسی ضرورت میں ساقط نہوتی۔ اور نیز رکعت بھی محسوب نہوتی سو اوسکا عدم محسوب ہونا اس جواب سے بھی ثابت نہیں ہوا **قوله** بعض رخص

ضرورت کی وقت ساقط ہوجاتے ہیں۔ **اقول** وباللہ التوفیق۔ اولاً انکا سقوط الی الخلف ہی اور قراءت کا حال ایسا نہیں۔ یعنی جب قیام عند العجز ساقط ہوا تو قعود ونحوہ اسکا خلف ہی اور رکوع اور سجود جب ساقط ہوا تو ایماء اسکا خلف ہی۔ ولیس فرض یسقط عند العجز بلا خلف والقرآءۃ تسقط عن مدرک الرکوع بلا خلف فافترقا۔ فدل ذلک علی انہا لیست بمفروضۃ علی المقتدی راسًا والا لما سقطت کلیۃً ثانیًا سائل کا کلام ایک خاص ضرورت میں ہی۔ نہ ضرورت مطلقہ عامہ میں۔ یدل علیہ قولہ اگر قراءت بھی فرض ہوتی تو وہ بھی بضرورت خوف ادراک فوت نہوتی۔ پس سقوط بعض الفرض عند العجز اوسکو مضر نہیں۔ لان الرکنین والقیام لا یسقطان عند خوف فوات الادراک کما یسقط الفاتحۃ فیہ **قولہ** سقوط عند الضرورت مستلزم عدم فرضیت نہیں۔ **اقول** وباللہ التوفیق) عدم استلزام ضرورت مطلقہ عامہ میں تو مسلم ہی۔ الا ضرورت مفروضہ خاص سائل میں غیر مسلم ہی لان القیام لا یسقط عند خوف فوات الادراک فہذا لا یضرہ **قولہ** اہل حدیث کے نزدیک خطبہ کیحالت میں رکعتیں خفیفیں آہ **اقول** وباللہ التوفیق) اسکا جواب ماسبق میں مفصلا مذکور ہوچکا ہے فلا نکررہ **قولہ** جس شخص کی فجر کی نماز قضا ہوجاوے اوسکی حقمیں ادا صلوۃ عند الخطبہ حنفی جائز کہتی ہیں۔ **اقول** وباللہ التوفیق شرح وقایہ مطبوعہ مطبع انوار محمدی کے ص ۱۶۲ میں لکھا ہی وکرہ التنفل اذا خرج الامام لخطبۃ الجمعۃ وبعد الصبح لا سنتہ وبعد اداء العصر الی اداء المغرب وصح الفوائت وصلوۃ الجنازۃ وسجدۃ التلاوۃ فی ھذین ای بعد الصبح وبعد اداء العصر الی اداء المغرب کہنا رای لفوایت) یکرہ فی الاول وھو ما اذا خرج الی الخطبہ انتہی۔ اور اسکی حاشیہ میں مولوی عبد الحی صاحب

ضرورت فرض اور ترک بلا ضرورت ساقط نہوجاوے جو کہ ترک

لکھنوی لکھتے ہیں قولہ یکرہ الخ وذلک لاخلالہ بالاستماع المامور بہ حتی
نھی عن الامر بالمعروف فی الخطبۃ کما اخرجہ الشیخان وغیرھم اذا قلت
لصاحبک انصت والامام یخطب فقد لغوت انتھی اور ترجمہ شرح وقایہ
میں جسکو مولوی **سیح الزمان** صاحب نے کیا ہی لکھا ہے۔ "جب امام جمعہ
کے دن خطبہ کیواسطے اوٹھے۔ نفل اور قضا اور نماز جنازہ پڑھنا۔ اور سجدہ
تلاوت کا کرنا مکروہ ہے۔" انتھی عبارتہ۔ اس باب میں روایت کراہت کی ہی
وخلافھا خلاف الاصح **قولہ** پھر کیا حرج ہے کوئی حرج شرعی ثابت کر دیجئے
اقول الحرج الشرعی ثابت ھھنا لان الشارع حجر المقتدی عن ولایۃ
القراءۃ حیث جعل قراءۃ الامام قراءۃ لہ فلو قرأ یلزم ابطال الحجر الشرعی
ولانہ یلزم اجتماع القرائین حقیقۃ وحکما ولا نظیر لہ فی الشرع
والقول بانہ نظیرہ اجتماع الصلوتین فی وقت واحد فی رجل دخل المسجد
لانتظار الصلوۃ وصلی ما بدالہ من النوافل فانہ قد ورد فی الاخبار ان
المنتظر للصلوۃ فی حکم المصلی ما دام ھو منتظر فیکون الانتظار لہ
صلوۃ حکمیۃ ومع ذلک لا یمنع من اداء الصلوۃ فی تلک الحالۃ بل
یستحسن لہ کما قالہ الفاضل الکھنوی یستنکرہ الطبع السلیم لان حالۃ
انتظار الصلوۃ غیر حالۃ اداء الصلوۃ فکیف یجتمعان۔ بخلاف المقتدی
فان قراءۃ الامام قراءۃ حکمیۃ لہ۔ فلو قرأ بنفسہ۔ ایضا یلزم اجتماع
القرائتین حقیقۃ وحکما فی حالۃ واحدۃ وھو محجور شرعا فافترقا۔
قولہ جواب مقتدی بدون منازعۃ آہ **اقول** اس جواب کو پہلی ہی صاحب
رسالہ لکھہ چکے ہیں۔ اور وہاں جواب ہی ہو گیا ہے **قولہ** امام صاحب کا
مناظرہ مجھی یاد پڑتا ہے۔ کہ دلیل محکم میں یہہ مناظرہ لکھا ہی۔ الا افسوس

بنظر نسیم الحق ایڈیٹ

Marfat.com

رسالہ اسوقت موجود نہیں۔ اور جب دیکہا تہا اوسوقت راقم نہایت صغیر سن
تہا۔ حافظہ میں جسقدر ہے اوسے لکہتا ہوں **پانچویں عالم** امام صاحب
کیخدمت میں ترک فاتحہ کے مخالف جمع ہوئے الخ ۱ **اقول** اس مناظرہ
کی حکایت **دلیل قوی** میں جو کہ مؤلفہ فخر المحدثین مولوی احمد علی
صاحب سہارنپوری مرحوم کا ہے اسطرح لکہی ہے۔ کہ ایک گروہ اہل علم کا واسطے
مناظرہ مسئلہ قراۃ خلف امام کی امام اعظم رحمۃ اللہ کے پاس آیا۔ اور کہا
امام صاحب کو کہ منع قراۃ خلف امام کی کیا دلیل ہے۔ چونکہ امام المسلمین
پیشوائے سالار اہل یقین نہایت درجہ کے ذہین اور فہیم تہے
ایسے طور سے جواب دیا۔ کہ وہ خواہ مخواہ تسلیم کریں۔ اور کسی کو مجال
گفتگو کی نہ تہی یعنی **امام صاحب** نے فرمایا۔ چونکہ ایک شخص کو جماعت کثیرہ
سے مناظرہ کرنا بہت مشکل ہے۔ پس لائق ہے تم کو کہ مختار کرو اپنے میں سے
ایک کو پہر اونہوں نے مختار بنا کر ایک عالم کو پیش کیا۔ امام صاحب نے کہا کہ جیت
ہار اسکی کو تم اپنی جیت ہار سمجہوگے۔ کہا سب نے کہ ہاں۔ فرمایا امام صاحب نے
جب مناظرہ ایک شخص کا کفایت کرتا ہے۔ جماعت کیطرف سے پس قرات
امام کی کیوں نہیں کفایت کرتی واسطے مقتدیوں کے۔ پہر کسی کو جواب نہ آیا
مغلوب ہو کر چلے گئے۔ انتہی۔ اور اس حکایت کو امام **فخر الدین رازی**
نے تفسیر کبیر میں بہی لکہا ہے حیث قال۔ ان جماعۃ من اھل المدینۃ۔ جاؤا
الی ابی حنیفۃ لیناظروہ فی القراۃ خلف الامام وبکتوہ وشنعوا۔ فقال
لھم لایمکن مناظرۃ الجمیع۔ ففوضوا امر المنازعۃ الی اعلمکم لاناظرہ۔ فاشاروا
الی واحد۔ فقال اعلمکم قالوا نعم۔ قال والمناظرۃ معہ کالمناظرۃ
معکم قالوا نعم قال والالزام علیہ کالالزام علیکم قالوا نعم قال فان

سوال امام ابو حنیفہ بجواب

Marfat.com

وان ناظرته ولزمته الحجة فقد لزمتكم - قالوا نعم - قالوا وكيف

قالوا لانا رضيناه اماما فكان قوله قولا لنا - قال ابوحنيفة فنحن

لما اخترنا الامام في الصلوة كانت قرائته قراءة لنا وهو ينوب عنا فاقروا

له بالالزام انتهى - هكذا اخرجه الامام في مسند خوارزمی - امام اعظم رحمۃ اللہ

کیواسطے باری تعالے نے فہم وذکا قدرتی اور فراست وذہانت فطرتی ایسی عنایت

فرمائی تہی - کہ اکثر مضامین آیات واحادیث کے تمثیل کے طور پر واسطے تعلیم

وتفہیم سائلوں کے بیان فرماتے - پہر کسیکو مجال چون وچرا کی باقی نرہتے -

ایسی وفور عقل وذکا اور دانشمندی امام صاحب کی تعریف امام مالک رح

فرماتے ہیں - جیسا کہ صاحب میزان شعرانی نے میزان کبری کے

صفحہ ٦٤ میں ذکر کیا ہے - لما سئل رای المالک عن ابی حنیفة (یقول) ما تقولون

فی رجل لو ناظرته ان تصف هذه الاسطوانة حجر ونصفها فضة لقام

بحجة انتهى - اور یہہ تمثیل فہمائش کئی مقاموں میں رسولخدا صلے اللہ علیہ

وسلم سے ہی ثابت ہے - روی البخاری بسنده عن ابن عباس

ان امرأة من جهينة جاءت الى النبي صلى الله عليه وسلم فقالت ان امي

نذرت ان تحج فلم تحج حتى ماتت افاحج عنها قال حجي عنها - أرأيت

لو كان على امك دين اكنت قاضية اقضوا الله فالله احق بالوفاء

صفحہ ٢٥٠ یعنے جہینہ کی ایکعورت نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچہا - کہ

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ماں نے نذر مانی تہی - کہ میں حج کرونگی

پہر وہ حج کرنے نپائی تہی کہ مرگئی - کیا میں اسکیطرفسے حج کروں - آپنے

فرمایا کیوں نہیں حج کر - اگر تیری ماں پر لوگونکا کچہہ دین ہوتا - تو تو اوسکو

ادا نکرتی - اللہ کا دین احق بالادا ہے - یہاں حضرت صاحب نے اوسعورت کے

امام صاحب کا وفور ذکا اور وزن فہم اور مسائل کا تمثیلی طور پر فرمانا +

Marfat.com

کو تمثیلی طور پر فہمایش فرمائی - کیونکہ یہہ اوقع فی الذہن ہے - بلکہ تمثیلی
فہمائش قرآن کریم میں بکثرت موجود ہے مثل الذین ینفقون اموالھم فی
سبیل اللہ کمثل حبۃ انبتت الایۃ و مثلہم کمثل الذی استوقد
نارًا الایۃ وغیر ذلک یہ تمثیلی فہمائش کمال ذکا اور وفور متانت پر
دال ہے - عند العقلاء کچھ عیب کی بات نہیں - اور کوئی دانشمند اسکو
ناپسند نہیں کرتا - اور مذکورہ حکایت صرف عقلی و قیاسی بات نہیں جیسا
کہ مؤلف رسالہ سمجھے ہیں - بلکہ وہ ترجمہ حدیث من کان لہ امام فان قراءۃ
الامام لہ قراءۃ - کا ہے کما لا یخفی - فلا یرد کما اوردہ مؤلف الرسالۃ
بعید ذلک بقولہ جواب اول الخ **قولہ** جواب اول نقل صحیح اور ایسی قیاس
مع الفارق کا معارضہ کیا - **اقول** صحت نقل کے لئے امام رازی کی
نقل ہی مکتفی ہے اور یہہ قیاس نہایت صحیح ترجمہ حدیث شریف مذکور کا ہے
مع الفارق کہنا محض مع الفارق اور جرح غیر مبین ہے - **قولہ** دوم معلوم ہوا
اوسوقت کی ہی پانچسو عالم اس مسئلہ میں امام صاحب کی مخالف ہے **اقول**
تخصیص پانسو کی کہیں ہی ثابت نہیں **تفسیر کبیر** میں - ان جماعۃ الخ
ہے - الا چونکہ مفہوم مشترک ہر دو کا قریب قریب یعنی کثرت ہی محل اخذ نہیں - سو
کئی مقاموں میں قلت حاکم بر کثرت ہوتی قال عز من قائل - کم من فئۃ قلیلۃ
غلبت فئۃ کثیرۃ باذن اللہ الایۃ و الفرقۃ الناجیۃ واحدۃ اقل
من ثلثین و سبعین - والمومنون اقل من الکفرۃ - و فی علم الاسناد
القلۃ تقضی علی الکثرۃ وغیر ذلک مقام ہذا میں بھی قلت حاکم بر کثرت
ہے کان الحق یعلو ولا یعلی **قولہ** سوم یہ ظریفانہ دلیل اگر صحیح ہے تو رکوع و سجود
وغیرہ میں جاری ہو سکتی ہے - اسکا ہی انکار کر دوالخ **اقول** اسکا جریان

Marfat.com

بحث شیخین کا لقب

رکوع وسجود وغیرہ میں غلط اور قیاس مع الفارق ہے۔ کیونکہ سابق میں بیان ہوچکا ہے۔ کہ یہ صرف قیاسی بات نہیں۔ بلکہ معنے حدیث قراءۃ الامام الحدیث کی ہیں۔ سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیفیت اقتدا اور ایتام کی۔ اور اذا قرء فانصتوا۔ واذا رکع فارکعوا۔ واذا سجد فاسجدوا۔ الحدیث میں مفصل بیان فرمائی۔ وہاں چپ کرنیکا حکم فرمایا۔ اور رکوع سجود میں رکوع سجود کا ارشاد کیا۔ پھر انکو اوسپر قیاس کرنا تبدیل حکم شارع کا ہے۔ پس قیاس قرارت کا رکوع وسجود پر محض غلط اور قیاس مع الفارق ہے۔ **قولہ** آپکے علما تو اس مسئلہ میں حیران ہیں اہ **اقول** عدم جواز۔ کراہت اور حرمت اور منع اور نفی کو شامل ہے رہا احتیاط اور استحسان سو اوسکی ابن ہمام نے تردید کردی ہے۔ کہ امام محمد کیطرف اسکی نسبت کرنی جیساکہ صاحب ہدایہ۔ اور ذخیرہ نے کی ہے درست نہیں امام محمد رح کی تصریح اسکے مخالف ہے۔ دیکھو کتاب آثار۔ اور مؤطا امام محمد رح کا۔ کہ خود امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اوس میں تصریح کرتے ہیں۔ پہر حضرت نا انصافی کہنا خود نا انصافی ہے۔ **قولہ** اگر ہدایہ میں یہ لکہا ہے۔ لایقرء المؤتم الی آخرہ **اقول** یہ جملہ امور صاحب رسالہ پہلے بیان کرچکا ہے۔ حسب عادت مکرر لایا ہے اور وہاں جواب ان امور کے مفصل دیئے گئے ہیں۔ فلا نکررہ خوفا للتطویل **قولہ** فیقرأ ترک ذینک الشیخان آہ **اقول** واہ حضرت یہہ جوش ایسہ خروش۔ آن ہر دو حضرات کی شیخینیت تو بحد ول درجہ تلقی الامامت بالقبول کی مقبول ہے۔ آپکے اخلاق عام اور تہذیب لاکلام کی خلاف ہے۔ البتہ اگر ایک ایسا گبھر اور جوش خروش کرتے تو مضایقہ نہ تہا۔ ماشاء اللہ اہل سنت نزد میں صحابہ کرام کے حضرت خلیفہ اول۔ اور ثانی رضی اللہ عنہما کو بھی شیخین کہتے ہیں۔ اور گروہ مجتہدین میں سے امام الائمہ سراج الامۃ ابو حنیفہ

Marfat.com

اور ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہما کو ہی شیخین کہتے ہیں۔ اور یہہ قرار داد امر اصطلاحی ہے ولا مباختۃ فیہ۔ پھر ایسی جوش خروش کیوجہ سوا تعصب کے اور کوئی خیر نہیں۔ واللہ یعصمنا **قولہ** مسلہ مدرک فی الرکوع کی بحث **اقول** مستعینا باللہ۔ ونجعل فی ہذہ المسئلۃ ثلثۃ مسالک **المسلک الاول** اسمیں اثبات اس امر کا مطلوب ہی۔ کہ اطلاق رکعت کا رکوع پر کلام شارع میں پایا جاتا ہے یا نہ۔ سو کلام شارع میں یہہ اطلاق بلاریب موجود ہی **روی البخاری** بسندہ عن ابی ھریرۃ یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام الی الصلوۃ یکبر حین یقوم ثم یکبر حین یرکع ثم یقول سمع اللہ لمن حمدہ حین یرفع صلبہ من الرکعۃ الحدیث ص ۱۰۹ اس حدیث میں رکعت بمعنی رکوع بلاریب ہے۔ **وعن** رفاعۃ بن رافع قال کنا نصلی وراء النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلما رفع راسہ من الرکعۃ قال سمع اللہ لمن حمدہ رواہ البخاری مشکوۃ ص ۷۷ اس حدیث میں بھی رکعت بمعنی رکوع بلا شبہ ہی۔ **وعن** نافع ان عبد اللہ بن عمر کان یقول اذا فاتتک الرکعۃ فقد فاتتک السجدۃ رواہ مالک۔ مصفی ص ۱۳۸ **وروی** مالک ایضا ان عبد اللہ بن عمر و زید بن ثابت کانا یقولان من ادرک الرکعۃ فقد ادرک السجدۃ۔ مصفی ص ۱۳۹ **وروی** مالک ان ابا ھریرۃ کان یقول من ادرک الرکعۃ فقد ادرک السجدۃ۔ مصفی ص ۱۳۹ **وروی** مالک عن ابن شھاب انہ کان یقول اذا ادرک الرجل رکعۃ فکبر تکبیرۃ واحدۃ اجزئت عنہ تلک التکبیرۃ ایضا **وروی** النسائی فی حدیث طویل عن ابی سلمۃ ان ابا ھریرۃ کان اذا قام الی الصلوۃ المکتوبۃ کبر ثم یکبر حین یرکع فاذا رفع راسہ من الرکعۃ قال سمع اللہ لمن حمدہ الحدیث ص ۱۶۸۔

اطلاق رکعت بمعنی رکوع

Marfat.com

وروی النسائی ایضًا عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان

اذا اراد السجدۃ بعد الرکعۃ یقول اللھم ربنا لک الحمد الحدیث ص ۱۷۵ -

ان روایات مذکورہ میں اطلاق رکعت کا رکوع پر صراحۃً پایا جاتا ہے اور اسکی

سوا اور احادیث اور آثار بہت ہیں - جنمیں یہہ اطلاق بلاریب پایا جاتا ہے

کما لا یخفی - الاخوف طوالت روکتا ہے - پس یہہ امر ثابت ہوا - کہ اطلاق رکعت

کا رکوع پر صحیح اور درست ہے ولا نعنی بھذا المسلک الا ھذا **المسلک**

الثانی اس مسلک میں بیان کرنا ان روایات اور اقوال کا مطلوب ہے جن سے

یہہ ثابت ہو کہ مدرک فی الرکوع تارک قراۃ کی رکعت محسوب ہے - تو اسباب میں

بہت احادیث صریحہ یا کالصریحہ ثابت ہیں **حدیث اوّل** روی النسائی

بسندہ عن زیاد الاعلم قال حدثنا الحسن ان ابا بکرۃ حدثہ انہ دخل المسجد

والنبی صلی اللہ علیہ وسلم راکع فرکع دون الصف فقال النبی صلی اللہ علیہ

وسلم زادک اللہ حرصًا ولا تعد ص ۱۳۶ **وفی روایۃ** ابی داود ان ابا بکرۃ

جاء ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم راکع فرکع دون الصف ثم مشی الی الصف

فلما قضی النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلوتہ قال ایکم الذی رکع دون الصف

ثم مشی الی الصف فقال ابو بکرۃ انا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم زادک اللہ

حرصًا ولا تعد **وفی روایۃ** لہ - ان ابا بکرۃ حدث انہ دخل المسجد

ونبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم راکع قال فرکعت دون الصف فقال النبی صلی اللہ

علیہ وسلم زادک اللہ حرصًا ولا تعد ص ۱۰۰ **وفی روایۃ** الطحاوی عن

الحسن عن ابی بکرۃ قال جئت ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم راکع وقد حفزنی

النفس فرکعت دون الصف ثم مشیت الی الصف فلما قضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم الصلوۃ قال ایکم الذی رکع دون الصف قال ابو بکرۃ انا قال زادک اللہ

Marfat.com

حرصًا ولا تعد ص٢٣ **وفی روایۃ** البخاری عن ابی بکرۃ انہ انتہی الی النبی
صلی اللہ علیہ وسلم وھو راکع فرکع قبل ان یصل الی الصف فذکر ذلک
للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال زادک اللہ حرصًا ولا تعد ص١٠٨ **حاصل ترجمہ**
اس حدیث کا یہہ ہے۔ ابی بکرہ (جو فضلاے صحابیوں سے ہے) کہتے ہیں کہ
میں جلد جلد نماز کے لئے آیا۔ آور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اوسوقت
رکوع میں تھے۔ تینے صف سے ورے ہی رکوع کیا۔ پہر حالت رکوع ہی
چلکر صف میں ملگیا۔ حضرت صاحب نے ان معنی پر مطلع ہوکر فرمایا۔ کہ اللہ
تیری حرص زیادہ کرے پہر ایسا نکر۔ **عینی شارح بخاری** لکھتا ہے قولہ ولا
تعد ای الی ان ترکع دون الصف وقیل لا تعد ان تسعی الی الصلوۃ سعیًا
یحضر لہ فی النفس وقیل لا تعد الی الابطاء انتہی اور **قسطلانی** شافعی
لکہتے ہیں ولا تعد الی الرکوع دون الصف منفردًا فانہ مکروہ لحدیث
ابی ہریرۃ مرفوعًا اذا اتی احدکم الصلوۃ فلا یرکع دون الصف حتی
یاخذ مکانہ من الصف۔ والنہی محمول علی التنزیہ ولو کان للتحریم
لامر ابا بکرۃ بالاعادۃ وانما نہاہ عن العود ارشادا الی الافضل۔ وذہب
الی التحریم احمد واسحاق وابن خزیمۃ من الشافعیۃ لحدیث وابصۃ
عند اصحاب السنن وصححہ احمد وابن خزیمۃ ان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم رای رجلا یصلی خلف الصف وحدہ فامرہ ان یعید الصلوۃ
زاد ابن خزیمۃ فی روایۃ لہ لا صلوۃ لمنفرد خلف الصف۔ واجاب
الجمہور بان المراد لا صلوۃ کاملۃ لان من سنۃ الصلوۃ مع الامام اتصال
الصفوف وسد الفرج۔ **وقد** روی البیہقی من طریق مغیرۃ عن ابراہیم
فیمن یصلی خلف الصف وحدہ فقال صلوتہ تامۃ او المراد لا تعد الی ان تسعی

Marfat.com

الی الصلوۃ سعیًا بحیث یضیق علیک النفس لحدیث الطبرانی۔ انہ دخل

المسجد وقد اقیمت الصلوۃ فانطلق یسعی۔ وللطحاوی وقد حضر النفس

اوالمراد لا تعد تمشی وانت راکع الی الصف لروایۃ حماد عند الطبرانی فلما

انصرف علیہ الصلوۃ والسلام قال ایکم دخل الصف وھو راکع ف

لابی داؤد ایکم الذی رکع دون الصف ثم مشی الی الصف فقال ابوبکرۃ

انا۔ وھذا وان لم یفسد الصلوۃ لکونہ خطوۃ او خطوتین لکنہ مثل

بقیہ فی مشیہ راکعًا لانہا کمشیۃ البہائم انتہی ص ۸۵ جلد دوم

مذکورہ روایات سے یہہ امر ثابت ہوا۔ کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

ابی بکرہ کو بعد حصول علم ماغلہ کے لا تعد یعنے آیندہ ایسا مت کر فرمایا۔ اعادہ

نماز کے لئے نہیں فرمایا۔ بلکہ سکوت فرمائی۔ والسکوت فی محل الضرورۃ۔

بیان حدیث دوم روی ابوداؤد بسندہ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جئتم الی الصلوۃ ونحن سجود فاسجدوا ولا تعدوھا

شیئا۔ ومن ادرک الرکعۃ فقد ادرک الصلوۃ ص ۱۳۰ یعنی ابوہریرہ نے

کہا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جب تم لوگ نماز کے لئے اور ہم سجدہ

میں ہوں۔ تو تم بھی سجدہ کرو۔ اور اس سجدہ کو گنتی میں نہ لاؤ۔ اور جس شخص نے

رکوع کو پایا۔ بیشک اوس نے رکعت کو پایا۔ حدیث سوم مالک انہ

بلغہ ان عبد اللہ عمر و زید بن ثابت کانا یقولان من ادرک الرکعۃ فقد

ادرک السجدۃ مصفی ص ۱۳۹ ترجمہ۔ جس شخص نے رکوع پایا۔ بیشک اس

نے سجدہ کو پایا۔ یعنی رکوع پانے سے رکعت پوری پائی۔ حدیث چہارم

مالک بلغہ ان ابا ھریرۃ کان یقول من ادرک الرکعۃ فقد ادرک السجدۃ

ومن فاتہ قراءۃ ام القرآن فقد فاتہ خیر کثیر مصفی ص ۱۳۹ حدیث پنجم

Marfat.com

مالک و محمد عن نافع ان عبد اللہ بن عمر کان یقول اذا فاتتک الرکعۃ فقد فاتتک السجدۃ **مصفی** ص ۱۳۶ **حدیث ششم** اخرج الطحاوی فی شرح الآثار بسندہ عن زید بن وھب قال دخلت المسجد انا و ابن مسعود فادرکنا الامام وھو راکع فرکعنا ثم مشینا حتی استوینا بالصف فلما قضی الامام الصلوٰۃ قمت لاقضی فقال عبد اللہ قد ادرکت الصلوٰۃ ص ۲۳۱ **حدیث ہفتم** الطحاوی ایضاً بسندہ عن طارق قال کنا مع ابن مسعود جلوسا فجاء اٰذنہ فقال قد قامت الصلوٰۃ فقام و قمنا ندخل المسجد فرای الناس رکوعا فی مقدم المسجد فکبر فرکع ومشی وفعلنا مثل ما فعل ص ۲۳۲ **حدیث ہشتم** الطحاوی ایضاً۔ بسندہ عن ابی امامۃ بن سھل قال رأیت زید بن ثابت دخل المسجد والناس رکوع فمشی حتی اذا امکنہ ان یصل الی الصف وھو راکع کبر فرکع ثم دب وھو راکع حتی دخل الصف ص ایضاً **حدیث نہم** الطحاوی ایضاً **حدثنا** یونس قال حدثنا ابن وھب قال حدثنی مالک وابن ابی ذئب عن ابن شہاب فذکر باسنادہ مثلہ ص ایضاً **حدیث دہم** الطحاوی ایضاً۔ عن خارجۃ بن زید بن ثابت ان زید بن ثابت کان یرکع علی عتبۃ المسجد ووجھہ الی القبلۃ ثم یمشی معترضا علی شقہ الایمن ثم یعتد بھا ان وصل الی الصف اولم یصل ص ایضاً **حدیث یازدہم** اخرجہ ابن خزیمہ عن ابی ھریرۃ مرفوعاً من ادرک الرکعۃ من الصلوٰۃ فقد ادرکھا قبل ان یقیم الامام صلبہ **حدیث دوازدہم** عن عمر رض انہ قال اذا ادرکت الامام راکعا فرکعت قبل ان یرفع راسہ فقد ادرکت الرکعۃ وان رفع قبل ان ترکع فقد فاتتک تلک الرکعۃ ذکرہ الحلبی فی شرح المنیہ ص ۳۵۰ وقال ھذا نص فی المسئلۃ **حدیث**

Marfat.com

نیز وہم :- اخرجه ابن عبد البر عن علی وابن مسعود وزید بن ثابت

وابن عمر باسانیده الیهم فی التمهید شرح الموطا **وقال** فی شرحه

الاستذکار قال جمهور الفقهاء من ادرك الامام راكعًا فكبر وركع وامكن

یدیه من ركبتیه قبل ان یرفع الامام راسه فقد ادرك الركعة ومن لم

یدرك ذلك فاتته الركعة ومن فاتته الركعة فقد فاتته السجدة ا‍ه -

ولا یعتد بها هذا مذهب مالك والشافعی وابی حنیفة واصحابهم

والثوری والاوزاعی وابی ثور واحمد واسحاق **وروی**

ذلك عن علی وابن مسعود وزید وابن عمر وقد ذکرنا الاسانید عنهم

فی التمهید انتهی - ان مذکورہ احادیث اور آثار سے جو کہ صریح یا کالصریح ہیں

اور عبارت ابن عبد البر سے ظاہر ہے - کہ جمہور فقہاء کا یہی مذہب ہے کہ مدرک

فی الرکوع کی رکعت محسوب ہوتی ہے - اور یہی مذہب امام شافعی - اور مالک اور

ابو حنیفہ و اصحابھم - ثوری - اوزاعی - ابی ثور - احمد - اور اسحاق کا ہے - اور

یہی مروی ہے حضرت علی - ابن مسعود - زید - اور ابن عمر سے قال البیهقی وفی

ذلك دلیل علی ادراك الركعة ولولا ذلك لما تكلفوا - انتهی - **المسلك**

الثالث فی الاجوبة یعنے یہ مسلک صاحب رسالہ کی استدلال کے

جواب میں ہے **قوله** پہلی دلیل بخاری اور مسلم کی متفق حدیث میں مسئے

فی الصلوۃ کا اصلی قصہ آچکا ہے اھ **اقول** صاحب رسالہ نے حدیث مسئے

فی الصلوۃ سے استدلال پکڑا ہے - کہ مدرک فی الرکوع کے بغیر فاتحہ کے رکعت محسوب

نہیں ہوتے سو یہ حدیث بچند وجوہ اثبات مدعی صاحب رسالہ پر حجت نہیں

اور واسطے تردید مذہب جمہور فقہا کے کافی دلیل نہیں - ا **اولاً** صحیحین کے

روایت میں تو بفضلہ تعالیٰ فاتحۃ الکتاب کا کچھ ذکر ہی نہیں - فضلاً عن ان یکون

Marfat.com

کنا لا رشاد المدرک فی الرکوع - بلکہ اون میں ارشاد ثم اقرء ما تیسر معک من القرآن کا ہے - تاکہ تیسر فاتحہ کا بخصوصہا کو نہیں کہتے - بلکہ عام ہے اس سے کہ فاتحہ ہو یا سوا فاتحہ کے - تدل علیہ کلمۃ ما العامۃ - وما قیل ان ما تیسر هو الفاتحۃ فهو دعوی بلا دلیل - یبطلہ ظاہر الحدیث بل القرآن ایضاً لان کلمۃ ما عامۃ شاملۃ لجمیع ما تیسر لا للفاتحۃ خاصۃ - ومر فیما مر تفصیلاً اور ابن حبان وغیرہ کی روایت میں ثم اقرء بام القرآن ثم اقرأ بما شئت کرلئے حکم فرمایا - تو تسہیل اس روایت کی مامور بہ فاتحہ مع شئے زائد کی ہے - نہ صرف فاتحہ - پس مدرک فی الرکوع جبتک ہر دونہ پڑہے اوسکی رکعت معتدبہا نہ ہونی چاہیئے - ولم یقل بہ احد - کیونکہ جمہور فقہا کے نزدیک تو فاتحۃ الکتاب بہی ایسی ضرورت کیوقت ساقط ہوجاتی ہے - اور جو بعض کہ اونکے مخالف ہیں وہ بہی سورہ کی رکنیت کے قائل نہیں - صرف فاتحہ کے قائل ہیں فهذا الحدیث لم یکن حجۃ علی ما ادعاہ - **ثانیاً** اسحدیث مسئی فی الصلوۃ میں بعض اوامر ایسے ہیں کہ اونکا مدلول رکنیت بالاجماع نہیں کالثناء والتسمیع وتکبیرات الانتقال وغیرہ وغیرہ - فلتکن الفاتحۃ من هذا القبیل - فهذا الحدیث لا ینهض حجۃ علی ما ادعاہ **ثالثاً** یہہ حدیث چونکہ من قبیل اخبار احاد کی ہے - مثبت رکنیت فاتحہ کے نہیں - تاکہ مدرک فی الرکوع کے لئے ضرورت فاتحۃ الکتاب کی ہو - **رابعاً** وہ اعرابی مسئی فی الصلوۃ تو اکیلا ہی نماز پڑہ رہا تہا - کما لا یخفی - پہر اوسکو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ڈانٹا - اور فرمایا ثم اقرء بام القرآن - ثم اقرء بما شئت الحدیث - فلا یجوز ان یکون هذا الحکم للمنفرد - اور مقتدی محکوم واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ الایۃ - واذا قرء فانصتوا وقراءۃ الامام لہ قراءۃ کا ہو - پس یہہ حدیث مقتدی کے لئے واسطے رکنیت فاتحۃ الکتاب کے حجت نہوئی -

Marfat.com

فضلا عن ان تکون للمدرک حجۃ **خامسًا** الامر قد یکون نصًا فی
الرکنیۃ۔ وقد یکون المامور به واجبًا او مندوبًا وهو غیر خفی و
الاصل فی الاصول۔ فلیکن امر الفاتحۃ للماموم من الثانی لا الاول۔ فلا
یکون حدیث المسیء فی الصلوۃ حجۃ۔ لرکنیۃ الفاتحۃ حتی تکون رکنًا
للمدرک فی الرکوع **سادسًا** حدیث مسیء فی الصلوۃ کے اخیر میں وارد ہے
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو فرمایا۔ واذا فعلت ذلک فقد تمت صلوتک
وان انتقصت منه شیئًا فقد انتقصت من صلوتک۔ یعنی حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے نقصان بعض سے نقصان نماز کا فرمایا۔ نہ بطلان نماز کا۔ وفقدان الرکن
یستلزم فقدان الشیء وبطلانه۔ لا نقصانه۔ کترک الرکوع او السجود و
غیرهما من ارکان الصلوۃ وهو غیر خافیۃ۔ فجاز ان یکون ترک الفاتحۃ
موجبًا نقصان الصلوۃ لا لبطلانها۔ فلم یکن هذا الحدیث حجۃ لاثبات الرکنیۃ
الفاتحۃ راسًا فکیف یکون حجۃ للمدرک فی الرکوع **سابعًا** تعلیم حضرت
کی واسطے مسیء فی الصلوۃ کے بیان حالت اختیاریہ کا ہے۔ نہ اضطراریہ کا۔ وهو
ظاهر لا سترۃ فیه۔ واحکام الاولی تخالف الثانیۃ۔ ولا خفاء فی ذلک ایضًا
لان القیام والرکوع والسجود مع کونها ارکانا للصلوۃ یسقط عن المصلی
عند الاضطرار۔ لا عند الاختیار۔ وسقوط الفاتحۃ ههنا عن الاضطرار۔
فلا یتناوله حدیث المسیء فی الصلوۃ۔ فهذا الحدیث لا ینهض حجۃ للمدرک فی
الرکوع۔ پس ان وجوہات مذکورۃ الصدر سے ظاہر ہے۔ کہ یہ حدیث مدعی مولانا
کے لئے حجت نہیں۔ اور واسطے تردید مذہب جمہور فقہاء کے کافی دلیل نہیں **قوله**
پس ثابت ہوا کہ قرات فاتحہ ہر رکعت میں ضروری ہے **اقول** ثبوتها فی حین
السقوط۔ کیونکہ اسکا ثبوت اوس وقت ضروری ہوتا۔ اوسوقت تھا جبکہ یہ امر ثابت ہوتا کہ

Marfat.com

جملہ و اسر اسحدیث شریف کی از قبیل ضروریات اور فرایض اور ارکان ہی کہ ہیں

وانیّ ذلک۔ فاین المثبوت۔ وتفصیلہ مر فیما مرّ **قولہ** پندرہ برس کا عرصہ

جواب دلیل اول +

گزرا ہے کہ میں نے آہ **اقول** حضرت اگر بُرا نہ مانیئے تو یہہ فتوی آپکا قطع نظر
اور انکہ خلاف جمہور فقہای خصوصًا ائمہ اربعہ یعنی۔ امام ابوحنیفہ۔ اور امام شافعی۔
اور امام مالک۔ اور امام احمد حنبل۔ اور حضرت علی اور ابن مسعود۔ اور زید بن ثابت
اور عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کے ہے۔ اور اصل بے دلیل اور بلا برہان ہی
کیونکہ مدار اس فتوی کا ادلہ ہیں۔ اور جو ادلہ کہ آپنے بیان فرمائے ہیں اوہن عن
بیت العنکبوت ہیں۔ **تردید مذہب جمہور** اور نیا مذہب پیدا کرنے کے لئے
کافی دلیل اور وافی برہان قایم کرنا ضرور ہے۔ ہاں البتہ اگر کوئی اور دلیل
جو موجب اطمینان اور تسلی بخش واسطے تردید مذہب جمہور فقہا، کے پیدا ہو۔ تو
مضائقہ نہیں۔ کہ آپ اس فتوی سے رجوع نفرمائیں۔ اور اپنی فہم کو عروۃ الوثقی
تصور فرمائیں۔ اللّٰھم ارنا الحق حقًا۔ والباطل باطلًا **قولہ** دوسری دلیل آ

ما قال عن ابی السائب رجل من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی رجل

جواب دوسری دلیل +

والنبی صلی اللہ علیہ وسلم ینظر الیہ۔ الحدیث **اقول** اولًا۔ اس حدیث شریف
کو دوسری دلیل قرار دینا۔ بجز تعداد ادلہ بڑہانیکے اور کوی فایدہ معتدبہا نظر آ
معلوم نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہہ حدیث وہی مسئی فی الصلوۃ کی ہی۔ جسکو صاحب رسالہ
نے پہلی دلیل قرار دیا ہے۔ البتہ یہ فرق تو ضرور ہے کہ وہ حدیث صحیحین وغیرہ
میں ہے۔ اور یہہ **جزو القراۃ بخاری** رحمۃ اللہ علیہ میں۔ ورنہ ثم ارکع ثم اسجد
تو صحیحین وغیرہ کی روایت میں جسکو صاحب رسالہ نے پہلی دلیل قرار دیا ہے موجود
ہی۔ کیا یہہ نتیجہ ان احادیث میں صاف حکم ہی کہ رکوع کو بعد قرادت کے کرو اور اُنکے
رواتیونکا مدلول نہیں ہے۔ یا ان سے یہہ نتیجہ برآمد نہیں ہوسکتا۔ درست ہے

Marfat.com

یہہ نتیجہ اونسے بھی نکلسکتا ہے الاتعداد ادلہ کی نہیں رہتی۔ اور مقصود از بحث یہی تو ہے خیر۔ یہہ قیل وقال نازیبا اور غیر موضوع ہے۔ اسلئے کہ ہر ایک مؤلف اثبات مدعا کے لئے کثرت ادلہ کا طالب ہوتا ہے۔ شائد ہماری اس کتاب میں بھی ایسی بات کہیں نہ کہیں موجود ہو۔ پھر ہم اور صاحب رسالہ اسی اخذ میں ماخوذ ہوں۔ پس اصل مقصود کو بیان کرنا چاہیئے۔ فنقول۔ **ثانیاً** چونکہ یہہ حدیث وہی حدیث مسئ فی الصلوۃ کی ہے۔ وہی جملہ وجوہات جو ما قبل میں بیان ہوچکے ہیں۔ اسکا جواب بھی سمجھنا چاہیئے۔ ولا نکررہا خوفاً للاطناب۔ وتقرب العھد **ثالثاً** یہہ حدیث بخاری علیہ الرحمۃ کی **جزو القراءۃ** کے صـ۲۵ میں ہے اور اوسکی اخیر میں ہے۔ کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس اعرابی کو فرمایا فما انتقصت من ھذا فقد انتقصت من صلوتک اور اس جملہ حدیث کو صاحب رسالہ نے بیان نہیں فرمایا۔ لغرض عندہ۔ پس وجہ سادس من الوجوہ المذکورۃ اس حدیث پر علاوہ روایت صحیحین کے وارد ہوگی۔ کہ صحیحین کی روایت میں یہ جملہ حدیث کا نہیں ہے۔ **قولہ** ان احادیث میں صاف حکم ہی کہ رکوع کو قرارت کے بعد کرو **اقول** یہہ حکم بیان حالت اختیاریہ کا ہے۔ وللاضطرار احکام یضاد الاختیار کما مر قبل ذلک **قولہ** دلیل تیسری امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے مختلف طرق سے ابو قتادہ اور انس اور ابو ہریرہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ اذا اقیم الصلوۃ فما ادرکتم فصلوا وما فاتکم فاتموا۔ اس حدیث کے لحاظ سے جس شخص سے قرارت یا قیام فوت ہوگیا ہو۔ تو حسب الحکم شارع علیہ السلام کے اوسکو پورا کرنا ضرور ہوا۔ اس کے شواہد آہ **اقول**۔ اما فاتکم میں کلمہ ما کا عام اپنی اصل وضع پر شامل لجمیع ما فی الصلوۃ کے ہے۔ یا مخصوص البعض۔ اگر عام ہے تو چاہیے کہ جو شخص مدرک الارکان مع الفاتحہ۔ اور فائیت

Marfat.com

ادعیہ ماثورہ نحو الثناء والتوجیہ وغیرہما۔ اور فاتحہ السورۃ ہو۔ اوسکو قضا ما فات کی ضرورت ہو۔ وہو باطل۔ اور اگر مخصوص البعض ہے۔ تو جسطرح آپ اس عام کی تخصیص بالارکان والشرائط اور ادلہ ودلائل سے کرتے ہیں۔ لنا ان نخص بما سوی الفاتحۃ بدلائل اخر **قولہ** چوتھی دلیل الی ان قال عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من ادرک من الصلوۃ رکعۃ فقد ادرک الا ان یقضی ما فاتہ **اقول** اولا اسکا جواب بھی وہی جواب ہے جو کہ تیسری دلیل میں گزرا ہے لان کلمۃ ما فی قولہ ان یقضی ما فاتہ ان کانت عامۃ علی اصل وضعہا۔ فکذا۔ وان کانت مخصوصۃ فکذا۔ فھذا الحدیث ایضا لا ینھض حجۃ علی ما ادعاہ **ثانیا** یہ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی معارض ہے اوسکی جسکو ابن خزیمہ نے ابو ہریرہؓ سے مرفوعا روایت کیا ہے۔ وھذا لفظہ من ادرک رکعۃ من الصلوۃ فقد ادرکہا قبل ان یقیم الامام صلبہ انتہی اور نیز معارض ہے اوس روایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے جسکو امام مالک نے بلاغا روایت کیا ہے۔ ولفظ ھذا۔ ان ابا ہریرۃ رضی اللہ عنہ یقول من ادرک الرکعۃ فقد ادرک السجدۃ الحدیث **ثالثا** جملہ الا ان یقضی ما فاتہ۔ کا اس حدیث میں غریب ہے لا یتابع علیہا۔ اتی بہا ایوب بن ہلال قال ابو الفتح ازدی یحدث باحادیث لا یتابع علیہا۔ **ذکرہ فی میزان الاعتدال۔** **قولہ** پانچویں دلیل ہر رکعت میں فاتحہ پڑھنی کی فرضیت پر بخاری کی روایت میں قتادہ کی حدیث میں آیا ہے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرء فی کل رکعۃ بفاتحۃ الکتاب الی ان قال بخاریؒ کی روایت میں ثابت ہوا صلوا کما رأیتمونی اصلی۔ ان دو حدیثوں کے ملانے سے معلوم ہوا کہ ہر رکعت میں قراءۃ فاتحہ فرض ہے **اقول** نقول اولا فی جرح الدلیل

+جواب چوتھی دلیل

+جواب پانچویں دلیل

Marfat.com

ثم فی البغیۃ **حدیث اول** میں گزارش ہے اولًا کان یقرء میں فرضیت
کس کلمہ کا مدلول و بمقتضائے اگر کان یفعلہ کذا کا مدلول فرضیت ہے۔ تو ان
مفصلہ ذیل احادیث میں بھی کان یفعل کذا موجود ہے۔ پس بمقتضائے
اس دلیل کے یہ جملہ امور فرض ہونی چاہیئے۔ واذ لیس فلیس **تفصیل**

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام الی الصلوۃ یرفع یدایہ الحدیث **ترمذی**

کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا دخل الخلاء قال اللھم اعوذ بک الحدیث
ترمذی کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا خرج من الخلاء قال غفرانک **ترمذی**

کان اذا توضا خلل اصابعہ ولحیتہ۔ **سعید** کان اذا جاءہ امر
یسرہ خر ساجدا۔ شکرا للہ **ابی داؤد وابن ماجہ** کان اذا ختم یقرأ
من اول القرآن خمس آیات **حکیم ترمذی فی النوادر** کان اذا خرج یوم
العید من طریق رجع من غیرہ **ترمذی حاکم** کان
اذا توضا مسح وجھہ بطرف ثوبہ

ترمذی کان اذا دخل بیتہ بدا بالسواک **مسلم** کان اذا رای المطر
قال اللھم صیبا نافعا **بخاری** علی ھذا القیاس کئی سو حدیث ہیں جن
میں اسی قبیل کی عبارت یعنی کان یفعلہ کذا۔ پائی جاتی ہے
حالانکہ یہ امور اجماعًا فرض نہیں۔ پس معلوم ہوا۔ کان یقرء کا مقتضی فرضیت
نہیں ثانیًا کلمہ کان کا استمرار و مواظبت اور تعدد و تکرار پر عقلاً اور نقلاً دال نہیں
عقلاً تو اس لیے کہ کان کا ماخذ اور مشتق منہ کون ہے۔ اور وہ مرادف ثبوت کا ہے
تو اسکا مفاد ثبوت مطلق ہے نہ دوام و استغراق۔ اس لیے کہ مبدا و ماخذ افعالوں کا
جنس مطلق ہوتی ہے۔ اور اسکی تحقق کیلیے اسکے کسی حصہ اور فرد کا کافی ہے کما ھو مبرھن
فی موضعہ اگر عمرو بکر وغیرہ نے مثلاً زید کو کسی وقت قائم دیکھکر کہا کان زید قائما

Marfat.com

تو تعدد حکایت کنندگان کا تعدد محکی عنہ پر ہرگز دال نہیں والسر فی ذلک ان
الحکایۃ تابعۃ للمحکی عنہ ولا عکس۔ ومن ھھنا قالوا ان حکایۃ الفعل
لا تعم۔ ولا اصل فی الاصول۔ اور نقلاً اسلئے کہ نووی شرح صحیح مسلم میں
حضرت عائشہ صدیقہ کے قول کان یصلی رکعتین وھو جالس کی شرح لکھا ہے
وہذہ عبارتہ۔ قلت الصواب ان ھاتین الرکعتین فعلھما صلی اللہ علیہ وسلم
بعد الوتر جالسا لبیان جواز الصلوۃ بعد الوتر وبیان جواز النفل جالسا
ولم یواظب علی ذلک بل فعلہ مرۃ او مرتین او مرات قلیلۃ۔ ولا تغتر
بقولھا کان یصلی فان المختار الذی علیہ الاکثرون والمحققون من
الاصولیین ان لفظۃ کان لا یلزم منھا الدوام ولا التکرار وانما ھی فعل
ماض یدل علی وقوعہ مرۃ۔ فان دل دلیل علی التکرار عمل بہ والا فلا
تقتضیہ بوضعھا وقد قالت عائشۃ رضی اللہ عنہ کنت اطیب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم لحلہ قبل ان یطوف۔ ومعلوم انہ صلی اللہ علیہ وسلم لم
یحج بعد ان صحبتہ عائشۃ الا حجۃ واحدۃ وھی حجۃ الوداع۔ فاستعملت
کان فی مرۃ واحدۃ۔ ولا یقال لعلھا طیبتہ فی احرامہ بعمرۃ لان المعتمر
لا یحل لہ الطیب قبل الطواف بالاجماع فثبت انھا استعملت کان فی مرۃ واحدۃ
کما قالہ الاصولیون انتھی۔ اور شیخ ابو الطاہر نے مجمع البحار میں بھی ایسا
ہی لکھا ہے حیث قال فیہ دلیل لاکثر المحققین علی ان کان لا یدل علی التکرار
والدوام اذ لم یحج بعد صحبۃ عائشۃ الا حجۃ الوداع پس مذکور سے معلوم ہوا کہ
مدلول کان نہ دوام و استمرار ہے اور نہ رکنیت و فرضیت ثالثاً فرضاً تسلیم کیا کہ کان
کا مدلول مواظبت ہی ہے پھر مواظبت مع الترک احیانا ہے۔ یا بلا ترک۔ اول تو مفید
مخاصم نہیں کما لا یخفی۔ دوم بھی مثبت مدعا اسکے کے نہیں۔ لان المواظبۃ فی الوضوء

Marfat.com

والمضمضة - والاستنشاق - والترتيب فيه - والاعتكاف - والجماعة - و
الاذان - والاقامة وغير ذلك مما ثبت فيه لمواظبته من غير ترك ليست بفرائض
وهو ظاهر - پس ثابت ہوا کہ مواظبت بلا ترک احیاناً بھی مثبت رکنیت اور فرضیت
نہیں - وہذا الوجہ قریب من الاول رابعاً قد تقرر فی مقرہ ان فعلہ صلی اللہ
علیہ وسلم لا یکون موجباً علی الامۃ عند الحنفیۃ والحنابلۃ لمنعہ صلی اللہ علیہ
وسلم اصحابہ عن الوصال خلع النعال - وهذه المسئلة مبرهنة فی الاصول بالدلائل
کثیرة وتحقیق انیق - فثبت انہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرء - لا یکون مثبتاً
للرکنیۃ - فلم یثبت من هذا الحدیث رکنیۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ - حتی
تکون رکناً للمدرک فی الرکوع - اور **حدیث دوم** یعنی - صلوا کما
رأیتمونی اصلی) میں عرض ہے - هذا الحدیث لا یخلو من ان یکون عاماً
شاملاً لجمیع ما فی الصلوة من الفرائض والواجبات والسنن والمندوبات
او یکون مخصوص البعض فالاول لا یفید وهو ظاهر لانه یستلزم ان تکون
جمیع ما فی الصلوة رکناً وهو باطل - والثانی ایضاً ایضر فانه کما
یخصص العام بالارکان والشرائط بدلائل اخری - فلیخصص الفاتحة ایضاً
بدلائل اخری - قال القاری فی المرقاة **شرح المشکوة** اما
حدیث البخاری (صلوا کما رأیتمونی اصلی) فمخصوص البعض اجماعاً - لان
بعض اعماله سنن بلا اختلاف - وقال ابن الهمام فی التحریر والامر فی هذا الحدیث
لیس للوجوب فان صلوته صلی اللہ علیہ وسلم کانت تشتمل علی السنن و
المندوبات ولا یجب جمیعها انتهی - پس ظاہر ہے کہ یہ حدیث بھی مثبت رکنیت
فاتحہ کے نہیں - حتی تکون رکناً للمدرک فی الرکوع تمام
دلیل نجم کی ہر دو جزو کا ہے - پس بمقتضائے اوس قاعدہ کے جسکو مولف رسالہ

Marfat.com

پہلے بیان کر چکے ہیں۔ کہ مرکب بانتفاء اجزا یا بانتفاء ایک جزو کی منتفی ہو جاتا ہے
یہ مرکب یعنے دلیل پنجم۔ بھی بانتفاد ہر دو جزو کی منتفی ہوگا فقد کسر کا
قولہ ہر دو حدیثوں کے ملانے سے معلوم ہوا۔ کہ ہر رکعت میں قرارت فاتحہ فرض ہے
اقول بفضلہ تعالے ان ہر دو حدیثوں سے تو فرضیت فاتحہ کی ایکرکعت میں
بھی ثابت نہیں ہوتی فضلاً عن تکون فی کل رکعۃ۔ جیسا کہ حال ہر دو حدیثوں کا
مفصلاً معلوم ہو چکا ہے۔ فلینصف **قولہ** اس دلیل کے تمام ہوتے ہی مجھے یہ
خیال پیدا ہو گیا۔ کہ بعضے ناظر اس دلیل پر جوش کرینگے۔ کیونکہ **کیدانی**
نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مواظبت کو سنیت کا مستلزم بنایا ہے۔ نہ
فرضیت کا۔ **اقول** اوّلاً۔ لفظ خیال یاد رھی) ناظرین اس دلیل کیا دیوانے
ہوئے ہیں۔ یا انکا سر کھجلاتا ہے۔ کہ ایسی خیالی باتوں پر بے وجہ اور بیہودہ جوش
کریں۔ کیدانی رحمۃ اللہ علیہ کی کلام کو۔ اس دلیل سے نسبت ہی کیا ہے۔ کیونکہ
اس دلیل میں اوّل تو مواظبت کا صریحاً کچھ ذکر ہی نہیں۔ اگر تسلیم کریں۔ کہ
نحوائے کلام اور اوسکا سیاق دال پر مواظبت ہے۔ تو پھر یہ مواظبت مع عدم
الترک بلکہ مع الانکار علے الترک ہونی چاہیئے۔ لیتم التقریب + اور کیدانی نے علیہ الرحمۃ
نے مواظبت مع الترک احیاناً کو مستلزم سنیت فرمایا ہے نہ مع عدم الترک کو۔

حیث قال السنۃ ما واظب النبی علیہ السلام مع الترک مرۃ او مرتین۔ فاین
ھذا من ذاک ہاں البتہ کیدانی نے رحمۃ اللہ علیہ کی کلام کو اس دلیل پنجم سے
اسوقت نسبت ہوتی ہے جبکہ اس دلیل میں مواظبت مع الترک مرۃ او مرتین
کو مثبت فرض قرار دیا جاتا۔ پھر ناظرین جوش کرتے کہ کیدانی علیہ الرحمۃ نے مواظبت
مع الترک مرۃ او مرتین کو مستلزم سنیت بیان کیا ہے۔ اور دلیل ہذا میں ایسی مواظبت
کو مستلزم فرضیت۔ تو بفضلہ تعالے یہاں اسکا کچھ ذکر ہی نہیں۔ پس معلوم ہوا

قولہ کیدانی رحمۃ اللہ علیہ نے رسولخدا ص کی مواظبت کو سنیت کا مستلزم بنایا ہے۔ کا جواب اوّل +

Marfat.com

کہ کیدانی علیہ الرحمۃ کی کلام کو۔ اس دلیل سے کچھ بھی ربط و تعلق نہیں۔ ظاہرا
حسب مقولہ مؤلف کے صرف خیال ہی ہے۔ سو یہ خیال پیدا ہوگیا) فرمانا اس موقع
پر بہت ہی زیبا اور مناسب ہے۔ ثانیاً یہ فرمانا کہ کیدانی نے مواظبت رسول خدا
کو مستلزم سنیت کا بنایا ہے۔ نہ فرضیت کا۔ اگر اوسکا یہ کہنا ناگوار و بیجا ہے۔
تو آپ ہی اس مواظبت مع الترک مرۃ او مرتین کو فرض نہیں تو واجب ہی کہدیویں

قولہ اس جواب سے صاف ظاہر ہے کہ مواظبت سے فرضیت ثابت کی ہی

اقول اولاً عینی علیہ الرحمۃ نے اپنی ہی کتاب میں مواظبت کو بہت جگہ
سنیت کا مستلزم قرار دیا ہے۔ بلکہ بعد قیل و قال کے لکھتا ہے۔ کہ السنۃ ما
فعلہ صلی اللہ علیہ وسلم علی سبیل المواظبۃ۔ احسن التعریفات۔ اور موافق اقوال
علماء کے بھی یہی ہے۔ کہ مواظبت رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مثبت سنیت ہی
جیساکہ موالات۔ مضمضہ۔ ترتیب فی الوضوء۔ اعتکاف۔ وغیر ذالک۔ مما ثبت
فیہ المواظبۃ۔ پھر یہاں باب النوافل میں مواظبت کو مثبت فرضیت بیان کرنا کسی
وجہ سے خالی نہیں۔ لیحصل التطبیق بین الکلامین اور وہ یہ ہی کہ مواظبت
کی استعمال کتب فقہ میں کئی طرح پر آتی ہے۔ (۱) مواظبت مع عدم الترک احیاناً
فی الہدایہ۔ تجب صلوۃ العید علی کل من تجب علیہ الجمعۃ۔ و وجہہ
مواظبۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم علیہا۔ قال فی الفتح۔ ای من غیر ترک و
اما مطلق المواظبۃ فلا یفید الوجوب انتہی باختصار **وایضاً**
فی الہدایۃ فی سنن الطہارۃ المضمضۃ والاستنشاق۔ لان النبی علیہ السلام
فعلہما علی المواظبۃ انتہی۔ ای بلا ترک کما یلوح من الفتح۔ وصرح بہ
فی الفوائح حیث قال۔ وکذا المضمضۃ والاستنشاق وغیر ذلک مما ثبت فیہ
المواظبۃ من غیر ترک انتہی ص ۲۶۷ (۲) مواظبت بلا ترک احیاناً مع عدم الانکار علی

سلسلہ ارادت و الحمد للہ ... رحمۃ اللہ ...

Marfat.com

الترک - فی الهدایة - فی الاعتکاف - والصحیح انه (اعتکاف) سنة
مؤکدة لان النبی صلی الله علیه وسلم واظب علیه فی العشر الاواخر من رمضان
والمواظبة دلیل السنة - وفی الفتح فهذه المواظبة مقرونة بعدم الترک
مرة - کما اقترنت بعدم الانکار علی من لم یفعله من الصحابة کانت دلیل
السنة والا کانت دلیل الوجوب (۳) مواظبت بلا الترک احیانا مع
الانکار علی الترک - فی الفتح والمواظبة المقرونة بالانکار علی الترک
دلیل الوجوب انتهی بحاصله فی الاعتکاف - وفی تم الانمار فی بحث
الامر المواظبت مع الانکار علی الترک موجب للامة - انتہی عبارتہ (۴) مواظبت
مع الترک احیانا کما مر من الکبدانی - مواظبت حکمیة - مواظبت تشریعیة
پس مرقومہ عبارات سے ظاہر ہے - کہ استعمال مواظبت کی عبارات فقہا میں کئی طرح
پر آتی ہے - ہم کہتے ہیں - کہ عینی علیہ الرحمۃ کی مراد اس مواظبت سے جو کہ باب النوافل
میں ہے - مواظبت مقرونہ مع الانکار علی الترک ہے - لیحصل التطبیق - اور ایسی مواظبت
مثبت وجوب علی الامۃ بلا ارتیاب ہے - فلا خیر فیہ - پس عینی علیہ الرحمۃ کا بیان
صاحب رسالہ کے لئے کچھ بھی مفید نہیں ثانیاً بفرض محال اگر عینی علیہ الرحمۃ
کسی مسئلہ میں جمہور فقہاء کے ماہرین واثقین کے خلاف اپنی رائے ظاہر کریں - تو کیا
یہی ضرور ہے کہ وہی قابل عمل ہو - نہ جمہور فقہا علیہ الرحمۃ کا فرمانا - وہ عصمت کی
مدعی تھوڑے ہی ہیں - یہ خواص انبیاء سے ہے - ثالثاً ایسی ایسی الزامی دلائل سے
اثبات سنیت کا کرنا تحقیقات سے بعید ہے - دعوی تو ایسی بڑی وہوم دہام سے مقابلہ
جمہور فقہا کے کرنا - (کہ اگرچہ جمہور فقہاء امام ابو حنیفہ - شافعی - مالک - احمد حنبل
وغیرہم - رحمۃ اللہ علیہم جیسے - مسئلہ مدرک فی الرکوع میں - قائل باعتداد رکعت میں
الا ہماری رای اونکے برخلاف ہے اور قوی) اور دلائل الزامی پیش کرنے - الزامی

Marfat.com

ہر رکعت میں فاتحہ پر رسول اللہ نے مواظبت فرمانیکا - جواب +

بھی کیسی کہ ادنےٰ تامل سے مردود و مطروح ہوں - بمقابلہ ایسے بڑے
جم غفیر کے کہ اعلے درجہ کے مجتہد ہیں - کوئی واثق دلیل اور برہان قطعی کہ
مجول ہو - آپ پیش کریں - وانیٰ ذلک - الحاصل الزامی دلیل بھی مثبت مدعا
مؤلف رسالہ کے نہیں - **قولہ** ہر رکعت میں فاتحۃ الکتاب پڑھنے پر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے مواظبت فرمائی ہے - **اقول** خالی نہیں کہ اس مواظبت
سے مراد - یا مواظبت مع الترک احیاناً ہے - یا بلا ترک - یا بلا ترک مع الانکار علی
الترک - فالاول لا یفیدہ - لانہ لا تثبت بہا الرکنیۃ - و الثانی ایضاً
کذلک - لکون الاعتکاف مسنوناً - مع عدم ترکہ صلی اللہ علیہ وسلم
مرۃ حتی توفاہ اللہ تعالی و دخل فی جوار رحمتہ - لحدیث عائشۃ رضی
اللہ عنہا فی الصحیحین وغیرہما ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یعتکف
العشر الاواخر من رمضان حتی توفاہ اللہ تعالی - والثالث مطالب بالدلیل

صحیحین کے مقابلہ کا جواب +

القوی - پس اس بیان سے بھی اثبات رکنیت فاتحۃ الکتاب کا پایۂ ثبوت کو نہ پہنچا
قولہ اور صحیحین کے مقابلہ آہ **اقول** مستعیناً بحبل اللہ المتین قبل از
جواب مقام ہذا میں - دو امر تنقیح طلب ہیں (١) امر من حیث الصیغہ لغۃ دال
بر تکرار ہے یا نہیں - سو اگرچہ اس مسئلہ میں علماء کے اقوال مختلف ہیں - الا مذہب
منصور یہی ہے - کہ امر من حیث الصیغہ دال بر تکرار نہیں - وعلیہ اجماع اہل
العربیۃ اور لغت اور شرع بھی اسیکے مقتضی ہیں - اور جہاں کہیں تکرار پایا گیا ہے

تنقیح امر اول +

وہ بالقرائن ہے من حیث الصیغہ نہیں ہے **فی حصول المامول** والحاصل انہ
لا دلالۃ للصیغۃ علی التکرار - ولا لقرینۃ تفید ذلک - وتدل علیہ - فان
حصلت حصلت التکرار والا - فلا یتم استدلال المستدلین علی التکرار
بصور خاصۃ اقتضی الشرع او اللغۃ - ان الامر فیہا یفید التکرار لان ذلک

Marfat.com

خارج عن محل النزاع۔ ولیس محل النزاع الا فی مجرد دلالۃ الصیغۃ مع عدم
القرینۃ انتہی۔ **وفی المسلم شرحہ** لبحر العلوم۔ لنا۔ اولاً اجماع
اہل العربیۃ علی ان ہیئۃ الامر لا تدل علی الطلب فی الاستقبال من المامور
بہ انتہی۔ وقال ابو اسحاق علیہ اکثر الشافعیۃ۔ وھو مقتضی کلام
الشافعی رحمہ اللہ وانہ الصحیح الاشبہ بمذاہب العلماء۔ ھذا ایضاً فی
حصول المامول۔ والیہ یشیر کلام القسطلانی۔ حیث قال فی ذیل
حدیث لا صلوۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب۔ وحدیث الباب لا دلالۃ
فیہ علی وجوبہا فی کل رکعۃ۔ بل مفہومہ الدلالۃ علی الصحۃ بقراءتہا
فی رکعۃ واحدۃ منہا۔ لان فعلہا فی رکعۃ واحدۃ یقتضی حصول اسم
قراءتہا فی تلک الصلوۃ۔ والاصل عدم وجوب الزیادۃ علی المرۃ الواحدۃ
انتہی ان عبارات سے صاف ظاہر ہے۔ کہ امر من حیث الصیغہ دال بر تکرار نہیں۔
وحصول التکرار بالقرائن امر آخر لا کلام فیہ (۲) دلالۃ النص کسکو کہتے ہیں
قال الاصولیون۔ الدال بدلالۃ النص کلام یدل علی ثبوت الحکم المنطوق
للمسکوت بواسطۃ المعنی اللازم المفہوم منہ لغۃً لا اجتہاداً۔ وھذہ الدلالۃ
دلالۃ النص وتسمی فحوی الخطاب ولحن القول ومفہوم الموافقۃ۔ وھذا
المعنی یعبر عنہ بالمناط للحکم اس تعریف سے ظاہر ہے۔ کہ ثبوت حکم منطوق
کا واسطے مسکوت کی التزاماً ہوتا ہے۔ مطابقاً اور تضمناً نہیں ہوتا۔ اور معنی معبر
عنہ بالمناط مدلول معنی لغوی کا ہے۔ شرعی اور عقلی نہیں۔ وقالوا فی مثالہ
لا تقل لہما اف۔ فان اللفظ لتحریم التافیف عبارۃ۔ ویفہم منہ تحریم
الضرب لاجل ان مناط المنہی عنہ ھو الایذاء۔ وھذا مفہوم لغۃً۔ فکان
ھذا منہیاً عنہ۔ ومن جزئیاتہ الضرب فیکون منہیاً عنہ ایضاً۔ فاذا ہہنا

Marfat.com

ذلك فالأن نشرع فى الجواب **فقوله** صحیحین کے مقابل کی کتاب اصح الکتب ہدایہ شریف میں **اقول** یہ فقرہ بھی کمال تہذیب اخلاق۔ اور عنایت دلی جو کہ مؤلف رسالہ کو صاحب ہدایہ کی نسبت ہے۔ مبنی ہے) وانه كان ع ارای علی بن ابی بکر بن عبد الجليل الفرغانی المرغینانی صاحب الهداية المتوفى ۵۹۳ھ) اماماً فقيهاً حافظاً محدثاً مفسراً جامعاً للعلوم ضابطاً للفنون متقناً محققاً نظاراً مدققاً زاهداً ورعاً بارعاً فاضلاً ماهراً اصولياً اديباً شاعراً۔ لم تر العيون مثله فى العلم والادب۔ وله اليد الباسطة فى الخلاف۔ والباع الممتد فى المذهب۔ وله تصانيف كثيرة شهيرة غير خافية على الماهرين رحمة الله عليه **قوله** رکعت ثانیہ میں قرأت کی فرضیت پر ایک عجیب قیاس سے کام لیا ہے **اقول** نہیں بلکہ دلالۃ النص سے ثابت کیا ہے۔ حیث قال الامر لا يقتضى التكرار وانما اوجبنا فى الثانية استدلالا بالاولى۔ لانهما متشاكلان من كل وجه۔ قال العينى قوله انما اوجبنا فى الثانية بدلالة النص۔ وهو معنى قوله استدلالا بالاولى ش يعنى بالركعة الاولى۔ وبين ذلك بقوله م لانهما متشاكلان من كل وجه **وفى فتح القدير** ولنا قوله تعالىٰ فاقرؤا ما تيسر من القرآن وهو لا يقتضى التكرار۔ فكان مؤداه افتراضها فى ركعة۔ الا ان الثانية اعتبرت شرعاً كالاولى۔ فايجاب القرأة فيها ايجاب فيهما انتهى۔ وحاصل الاستدلال بهذه الاية۔ ان اقرؤا امر ومقتضاه الافتراض۔ ولم يفترض خارج الصلوة۔ فوجب ان يراد به الافتراض الواقع فى الصلوة اعمالا فى حقيقة حيث امكن۔ فصار المعنى اذا اقمتم الصلوة فاقرؤا ماتيسر من القرآن فى الصلوة۔ والامر لا يقتضى التكرار فكان مؤداه

Marfat.com

افتراضها فی رکعۃ واحدۃ عبارۃ۔ ویفهم منها الوجوب فی الثانیۃ بدلالۃ النص۔ لانها کالاولی من کل وجہ **قال** الحلبی لاشک ان من فهم اللغۃ ثم علم تسویۃ الشارع بین الرکعۃ الاولی و الثانیۃ من کل وجہ۔ ثم سمعہ یقول اقرأ فی الصلوۃ تبادر الیہ طلب القراءۃ فی کلا الرکعتین لملاحظۃ تلک المقدمۃ المقررۃ فی نفسہ۔ پس ماذکر سے ثابت ہے کہ وجوب قرات دوسری رکعت میں دلالۃ النص سے ہے۔ قیاس سے نہیں۔ کیونکہ قیاس مساوات المسکوت للنصوص فی علۃ الحکم غیر مفهومۃ لغۃ کو کہتے ہیں۔ اور اس مقام میں حکم مسکوت کا لغۃ مفہوم ہے۔ قیاس اور اجتہاد سے نہیں **قولہ**۔ اول۔ جب امر تکرار کا مقتضے نہیں۔ تو ازاد تکرار نسخ ہوگا آہ **اقول** ازاد تکرار مقتضی امر کا نہیں۔ تاکہ مستلزم نسخ ہو۔ بلکہ یہ ازاد مفہوما استدلالا بالنص ہے۔ فلا یکون نسخا لان النسخ رفع وابطال۔ وھھنا اثبات حکم المنطوق للمسکوت کما مر فلا نسخ ولا قیاس **قولہ** حنفیہ کے اصول میں لکھا ہے۔ کہ امام کے نزدیک ضعیف حدیث قیاس سے مقدم ہے۔ **اقول** اولا۔ پھر کیا ہوا۔ ما نحن فیہ میں تو اسکا کچھ ذکر ہی نہیں۔ ثانیاً یہ تقدیم فقط حنفیہ کا ہی حصہ نہیں۔ بلکہ امام احمد حنبل اور امام شافعی وغیرہ رحمۃ اللہ علیہم سے بھی ثابت ہے وسیجیٔ تحقیقہ عنقریب فانتظرہ مفتشا **قولہ** حنفیہ کا عمل درآمد امام صاحب کی اس چال پر کیوں نہیں **اقول** کیوں نہیں۔ اسی چال پر ہے۔ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب موجود ہوا تو قیاس سے نہیں کرتے ضرورۃ قیاس سے کام لیتے ہیں۔ دیکھو کتب فقہ و اصول **قولہ** اول قیاس نہایت ہی گری ہوئی چیز ہے آہ **اقول** اول شیخ صاحب کی عبارت کا یہ مدلول ہی کہاں ہے ماں یہ تراش و خراش ذہن رسا اور جودت طبع کا نتیجہ ہے جنکو سکال اللہ

جواب

تو یہ ہے۔ کہ امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا۔ اتباع اور اقتدا احادیث اور آثار صحابہ پر ایسے کمال درجہ پر تہا۔ کہ جبتک حدیث خواہ کسی درجہ کی ہو ملتی۔ تو قیاس واجتہاد نفرماتے۔ اور جب کسی واقعہ میں حدیث او آثار نہ ملتے تو ضرورۃً قیاس مؤثر جو کہ عمدہ ترین اقسام قیاس سے ہے۔ فرماتے۔ ثانیاً۔ قیاس ایسی گری ہوی اور بودی چیز ہے۔ کہ جمہور صحابہ او تابعین اور فقہاے اور متکلمین۔ کلہم نے از سہ دل قبول کیا۔ اور اصل من اصول الدین ٹہرایا ہاں البتہ بعض معتزلہ اور داؤد ظاہری نے اسکا انکار کیا۔ تہذا اونکے اقوال اہلسنت وجماعت کے نزدیک کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ سے مطرود مردود ہیں۔ اور اونکو کوی قبول نہیں کرتا۔ گوکہ اونکے تابعین اور مقلدین کیواسطے سند و حجت ہوں **حصول المامول** میں لکہا ہے ذهب الجمهور من الصحابة والتابعين والفقهاء والمتكلمين۔ الى انه اصل من اصول الشريعة يستدل به على الاحكام التى يرد بها السمع انتهى۔ وفى موضع اخر ونقل من باح بانكار القياس و النظام وتابعه قوم من المعتزلة وتابعهم على نفيه فى الاحكام داؤد الظاهرى۔ قال ابن ابن عبد البر فى كتاب جامع العلم۔ لاخلاف بين فقهاء الامصار وسائر اهل السنة فى نفى القياس فى التوحيد واثباته فى الاحكام۔ الا داؤد فانه نفاه جميعًا انتهى۔ اور **دراسات اللبيب** میں ظاہریہ کی بابت لکہا ہے انهم لا يقولون بالاستنباط راسًا۔ وهولاء لا يعباء بهم ائمة الحديث والفقه حتى قال السيوطى وغيره ان الاجماع لا يخرق بخلافهم۔ ومذهبهم مردود بالكتاب والسنة الناطقين بجواز الاستنباط واعمال الفكر فى كتاب الله وسنت رسوله صلى الله عليه وسلم انتهى

Marfat.com

وقد مر قامه فی اوّل الکتاب اور نووی شافعی نے بھی ایسا ہی
لکھا ہے۔ ابتدا کتاب میں نووی علیہ الرحمۃ کی عبارت ثبت ہے **قولہ**
تقیید واتباع باحادیث و آثار کمال کا موجب ہے **اقول** اتباع و
انقیاد باحادیث و آثار فی الواقع موجب کمال ہے۔ کون صاحب کمال
اس کمال کا نافی اور مانع ہے۔ بوقت ضرورت رجوع بقیاس و اجتہاد
بھی اتباع قرآن واحادیث و آثار ہے۔ اوس کے اتباع میں ہی۔ اتباع
کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے لانہ مستنبط
من الکتاب والسنۃ **قولہ** ابن حزم حافظ اور امام ہیں **اقول**
درست ہے وہ اپنے گروہ کے پیشوا اور امام ہیں۔ نہ اہلسنت وجماعت کے
امام ہیں۔ اور ابن حزم کا بدین تعظیم وتکریم شیخ صاحب کا ذکر کرنا موجب
کمال تہذیب اور حسن اخلاق کا ہے۔ اصحاب کمال ایسا ہی کرتے ہیں۔
برائی سے نام لینا شٹ بچیونکا کام ہے **قولہ** حنفیو نے اون پر بہت
طعن کئے ہیں **اقول** نہیں بلکہ شافعیہ وغیرہ نے بھی ایسا ہی کہا ہے
اوّل کتاب میں دو تین کتاب کی عبارت جس سے حال ظاہریہ کا عموماً۔ اور
ابن حزم کا خصوصاً معلوم ہوتا ہے مرقوم ہے فلینظر ثمہ **قولہ** امام ابوحنیفہ
ضعیف حدیث پر عمل کر لیتے تھے۔ اور اوسی قیاس پر مقدم کرتے تھے **اقول**
یہ مسلک فقط امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ہی نہیں۔ کہ بروقت نہ ملنے حدیث
صحیح یا حسن بضرورۃ سے حدیث ضعیف پر عمل کر لینا۔ اور مقدم بر قیاس
ٹھہرانا۔ بلکہ امام شافعی۔ اور امام احمد حنبل وغیرہ رحمۃ اللہ علیہم کا ہی یہی مسلک
ہے **فی شرح الالفیۃ** للسخاوی۔ احتج احمد بالضعیف حیث
لم یکن فی الباب غیرہ وتبعہ ابوداؤد۔ وقدماہ علی الرأی والقیاس ویقال

ابن حزم حافظ ہے۔ ط۔ جواب + امام ابوحنیفہ ضعیف حدیث پر عمل کرتے تھے۔ ط۔ جواب +

Marfat.com

عن ابی حنیفة ایضًا وان الشافعی یحتج بالمرسل اذا لم یجد غیرہ - وکذا
اذا تقبلت الامة الضعیف بالقبول یعمل علی الصحیح حتی انہ ینزل منزلة
المتواتر فی انہ ینسخ المقطوع بہ انتہی اور فتح القدیر کے باب الجنائز
میں لکھا ہے ولاستحباب یثبت بالضعیف غیر الموضوع لہ انتہی - اور
امام نووی کے اذکار کے صفحہ ۵ میں لکھا ہے قال العلماء من المحدثین والفقہاء
وغیرھم یجوز ویستحب العمل فی الفضائل والترغیب والترھیب بالحدیث
الضعیف مالم یکن موضوعًا واما الاحکام کالحلال والحرام والبیع - و
النکاح - والطلاق وغیر ذلک فلا یعمل فیھا الا بالحدیث الصحیح او
الحسن الا ان یکون فی احتیاط فی شیٔ من ذلک کما اذا ورد حدیث
ضعیف بکراھة بعض البیوع او الانکحة فان المستحب ان یتنزہ عنہ لکن
لایجب انتہی - اور سید عبدالوہاب شعرانی میزان کبریٰ کے
۶۲ میں لکھتے ہیں - وقد قال الامام ابو جعفر الشیرازی ما ئے - الکلام
فی تبرئة الامام ابوحنیفة من القیاس بغیر ضرورة - ورد علی من نسب الامام
الی تقدیم القیاس علی النص قال انما الروایة الصحیحة عن الامام تقدیم الحدیث
ثم الاثار ثم یقیس بعد ذلک - فلا یقیس الا بعد ان لم یجد ذلک الحکم فی
الکتاب والسنة واقضیة الصحابة - الی ان قال لا خصوصیة للامام
ابی حنیفة فی القیاس بشرط المذکور بل جمیع العلماء یقیسون فی مضائق
الاحوال اذا لم یجدوا فی المسئلة نصًا من کتاب ولا سنة ولا اجماع ولا اقضیة
الصحابة وکذلک لم یزل مقلدوہم یقیسون الی وقتنا ھذا فی کل مسئلة لا
یجدون فیھا نصًا من غیر نکیر فیما بینھم - بل جعلوا القیاس احد الادلة
الاربعة فقالوا الکتاب والسنة والاجماع - والقیاس - وقد کان

Marfat.com

الامام الشافعی رضی اللہ عنہ یقول اذا لم نجد فی المسئلۃ دلیلاً قسناہا علی غیرہا انتہی۔ انتہی **فائدہ** ضعیف مذکور سے وہ ضعیف مراد ہے جسکے طرق کثیرہ ہوں۔ نہ وہ جو ایک طریق واہی سے آئی ہو۔ لان ذلک الضعیف ما احتج بہ احد من المجتہدین۔ **قال** السید عبد الوہاب الشعرانی فی المیزان الکبرے۔ رأیت ادلۃ رضی اللہ عنہ وادلۃ اصحابہ (ابوحنیفہ ۱۲) ما بین صحیح وحسن او ضعیف کثرت طرقہ حتی لحق بالحسن او الصحیح فی صحۃ الاحتجاج بہ من ثلاثۃ طرق واکثر الی عشرۃ **وقد** احتج جمہور المحدثین بالحدیث الضعیف اذا کثرت طرقہ والحقوہ بالصحیح تارۃً وبالحسن اخرے۔ **وہذا** النوع من الضعیف یوجد کثیراً فی کتاب السنن الکبرے للبیہقی التی الفہا بقصد الاحتجاج لاقوال الائمۃ واقوال اصحابہم فانہ اذا لم یجد حدیثاً صحیحاً او حسناً یستدل بہ لقول ذلک الامام او قول احد من مقلدیہ یصیر یروی الحدیث الضعیف من کذا کذا طریقاً ویکتفی بذلک **ویقول** ہذا الطرق یقوی بعضہا بعضاً۔ فینتفی بذلک وجود ضعف فی بعض ادلۃ اقوال الامام ابی حنیفۃ واقوال اصحابہ۔ فلا خصوصیۃ لہ فی ذلک بل الائمۃ کلہم یشارکونہ فی ذلک ولا لوم الا علی من یستدل بحدیث واہ جاء من طریق واحد۔ وہذا لا یکاد۔ احد یجدہ فی ادلۃ احد من المجتہدین۔ فما منہم احد استدل بضعیف الا بشرط مجیئہ من عدۃ طرق انتہی۔ فثبت من ہذہ العبارات ان الضعیف الذی لہ طرق کثیرۃ یلحق بالصحیح او الحسن فی الاحتجاج بہ۔ والذی لہ طریق واحد واہ لا یحتج بہ واحد من الائمۃ الکرام **قولہ** جن لوگوں نے فرمایا ہی کہ مجتہد کا استدلال کسی حدیث پر

امام کے استدلال کی احادیث اگرچہ ضعیف ہیں تو امام کیوقت صحیح نہیں - غلط ہی کا جواب +

اوس حدیث کی تصحیح ہے بالکل صحیح نہیں **اقول** کیوں نہیں - بلکہ بالکل صحیح ہے - اسلئے کہ اوس قائل کی مراد یہ ہے کہ حدیث ضعیف کثیر الطرق صحت احتجاج میں ملحق بالحسن یا بالصحیح ہے - نہ یہ کہ وہ ماہیۃً صحیح ہوتی ہے - کما مر من المیزان الکبرے **قولہ** یا یہ کہا ہے کہ امام کے استدلال کی حدیثیں اگرچہ ضعیف ہیں تو امام کیوقت وہ ضرور قوی تہیں - بالکل صحیح نہیں **اقول** صحیح ہے **میزان کبرے** میں لکھا ہے ان جمیع ما استدل بہ لمذھبہ اخذہ عن خیار التابعین العدول الثقات الذین ھم من خیر القرون بشھادۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کالاسود - و علقمہ - وعطاء - وعکرمۃ - ومجاھد - ومکحول - والحسن البصری واضرابھم رضی اللہ تعالی عنھم اجمعین - فکل الرواۃ الذین بینہ وبین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عدول ثقات اعلام اخیار لیس فیھم کذاب ولا متہم بکذب - وان قیل بضعف شئ من ادلۃ مذھبہ فذلک الضعیف انما ھو بالنظر الی الرواۃ النازلین عن سندہ بعد موتہ اذا رووا ذلک الحدیث من طریق غیر طریق الامام - وذلک لا یقدح فیما اخذ بہ الامام عند کل من استصحب النظر فی الرواۃ - وھو صاعد الی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انتھی ملتقطًا - اس نقل سے ظاہر ہے کہ مرویات امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے قوی اور وافق ہیں - اور ضعف من بعدہ کا قادح مرویات امام کے لئے نہیں **انتباہ** یہ جواب مذکور علی تقدیر التسلیم ہے والا بنظر تحقیق و تدقیق **شیخ عبد الحق محدث دہلوی** رحمۃ اللہ علیہ کا نقلاً عن ابن حزم - یہ فرمانا - کہ وی رضی اللہ عنہ تا بحد ضرورت نرسد عمل بقیاس نکند - و عمل بالحدیث باقسامہ از دست ندہد - تا اول باقسام لائقۃ الاحتجاج

Marfat.com

بما عنده رحمة الله علیه کے ہے۔ ورنہ اگر مراد اقسام حدیث کے من حیث العموم ہوں۔ تو لازم آتا ہے۔ کہ حدیث موضوع۔ معلل بعلت قادح۔ اور ضعیف مروی بیک طریق واہی۔ منسوخ۔ مضطرب۔ اور متروک وغیر ذلک معمول بہ امام صاحب کے ہوں وھل ھذا الا سفسطة لانه رحمة الله علیه تضیق فی الروایة الی الغایة حتی انه شرط التذکر لجواز الروایة بعد علمه انه خطه۔ ولم یشترط الحفاظ هذا۔ وخالفه فی ذلک صاحباه۔ ذکره ابن الهمام فی الفتح و قال ابن خلدون فی تاریخه۔ والامام ابو حنیفة انما قلت روایته لما شدد فی شروط الروایة والتحمل وضعف روایة الحدیث الیقینی اذا عارضها الفعل النفسی۔ وقلت من اجل ذلک روایته فقل حدیثه۔ لانه ترک روایة الحدیث عمدا۔ فحاشاه من ذلک۔ ویدل علی انه کبار المجتهدین فی الحدیث اعتمادا مذهبه فیما بینهم والتعویل علیه۔ واعتباره ردا و قبولا۔ واما غیره من المحدثین وهم الجمهور فتوسعوا فی الشروط فکثر حدیثهم۔ والکل عن اجتهاد۔ وقد توسع اصحابه من بعده فی الشروط و کثرت روایتهم۔ **وروی الطحاوی** فاکثر وکتب مسندا انتهی

[illegible] صفحہ ۸۰۲

اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اوسی کتاب یعنی **شرح سفر السعادت** کے دیباچہ میں لکھتے ہیں۔ علم بصحت وضعف احادیث در زمان متاخر زمان سابق می تواند کہ حدیثے در زمان ایشان صحیح باشد بسبب اجتماع شرائط صحت قبول و رواۃ کہ واسطہ بودند میان ایشان و حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ پس ازان از جہت رواۃ دیگر کہ بعد ازاں آمدند ضعفی پیدا شد۔ پس از حکم متاخرین محدثین بضعف حدیثے لازم نیاید ضعف وی در زمان امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ وایں نکتہ ظاہر ست انتہی۔ پس یہ عبادات صاف دال ہیں کہ شیخ علیہ الرحمۃ

Marfat.com

کا مقولہ۔ اپنے عموم ظاہری پر نہیں ہے۔ ماوّل ہے لیحصل التطبیق فقد بیّن
قولہ مسیٔ کی حدیث اور احادیث مثبتہ بعدیت قرأت سے باینکہ وہ حدیثین
بلا معارض ہیں آہ **اقول** جواب ان احادیث کا مع حدیث مسیٔ فی الصلوۃ
کے جہاں وہ احادیث ذکر کی گئی ہیں۔ مذکور ہو چکا ہے۔ فلا نعیدہ۔ اور بلا معارض
ہونا ان احادیث کا اگر بہ نسبت بعدیت کوع قرأت سہی ہے۔ تو مسلم غیر مضر ہے۔
بل نقول بہ ایضاً۔ وان کانت حکماً۔ اور اگر بہ نسبت قرأت خلف الامام کے
ہیں۔ تو غیر مسلم بل ظاہر البطلان ہے۔ کیونکہ اونکے معارض چند در چند موجود
ہیں کما اسلفنا فیما مر مراراً۔ اور ضعاف خود ضعاف ہیں۔ معارضہ
قرآن کریم اور صحیحہ احادیث کا نہیں کر سکتے **علاوہ** ان دونوں حدیثوں میں
مقتدی کا تو کچھ ذکر ہی نہیں۔ اور نیز جب کہ خبر واحد صحیح ہمارے اصول پر مثبت
رکنیت نہیں ہو سکتی۔ فکیف الضعیف **قولہ** قیاس سے استدلال کرنا
اقول نہیں۔ بلکہ دلالۃ النص سے ثابت کیا کما مر تحقیقہ **قولہ**
پھر قیاس بھی وہ جو متروک ہے آہ **اقول** یہ فقرات بجز خناب کی ضیافت
طبع اور قلم فرسائی کے اور کوئی نتیجہ مثبت مدعا نہیں دیتے۔ کیونکہ جب فیما نحن فیہ
میں قیاس ہی نہیں۔ تو پھر قیاس شبہ متروک ہو یا نہو۔ ہمیں کیا **علاوہ**
بریں جبکہ اکثر اور محققین حنفیہ کے نزدیک قیاس شبہ متروک و مطروح۔ تو پھر خواہ مخواہ
صاحب ہدایہ کی کلام کو محمول بر خلاف مذہب محققین کرنا۔ سوا۔ الزام محض کے اور
کیا ہے **قولہ** مکلف کو اختیار ہے کسی وقت پڑھ لے **اقول** فرضیت قرأت
قرآن خارج نماز کے شرعاً ثابت نہیں۔ کما مر۔ پس واجب ہوا کہ مراد اس آیت
سے افتراض واقع فی الصلوۃ ہو۔ اعمالا للنص فی حقیقۃ حیث امکن۔ ولا
یکون حشواً۔ فثبت ان مدلول الآیۃ۔ فاقرؤا ما تیسر فی الصلوۃ ہے پیر

اقول بالتخییر باطل ہوا **قولہ** فاقرؤا کے ساتھ فی الصلوٰۃ کی قید بھی آیۃ میں لگادیں۔ تو پہلی رکعت کی تخصیص پر بھی نہیں نکلتی **اقول** کیوں نہیں نکلتی ہے **روی مسلم** بسندہٖ عن عروۃ بن الزبیر عن عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہا قالت فرضت الصلوٰۃ رکعتین رکعتین فی الحضر والسفر فاقرت صلوٰۃ السفر۔ وزید فی صلوٰۃ الحضر وبسند اٰخر قالت فرض اللہ الصلوٰۃ حین فرضھا رکعتین ثم اتمہا فی الحضر۔ فاقرت صلوٰۃ السفر علی الفریضۃ الاولی **وبسند اٰخر** عن عائشۃ ان الصلوٰۃ اول ما فرضت رکعتین فاقرت صلوٰۃ السفر واتمت صلوٰۃ الحضر ص ۲۴۱ **وروی البخاری** بسندہٖ عن عائشۃ رضی اللہ عنہا۔ قالت الصلوٰۃ ما فرضت رکعتان فاقرت صلوٰۃ السفر واتمت صلوٰۃ الحضر الحدیث ص ۱۴۸ **وفی روایۃ لھا** قالت فرضت صلوٰۃ الحضر والسفر رکعتین۔ فلما قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم المدینۃ واطمانّ۔ زید فی صلوٰۃ الحضر رکعتان رکعتان وترکت صلوٰۃ الفجر لطول القراءۃ فیہا۔ وصلوٰۃ المغرب لانہا وتر النہار۔ رواہ ابن خزیمۃ وحبان وغیرہما۔ ذکرہ القسطلانی ص ۲۴۲ ج ۲ **وروی البخاری** بسندہٖ عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت فرضت الصلوٰۃ رکعتین ثم ہاجر النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ففرضت اربعًا وترکت صلوٰۃ السفر بمکۃ علی الاولی انتہی۔ فثبت من ذلک ان الصلوٰۃ کانت رکعتین رکعتین اوّلًا ثم زیدت فی الحضر فالرکعتان الاخریان کانہما زائدتان فلا یعتبر بہما۔ فوجب بالقراٰن فرضیۃ القراءۃ فی احد الرکعتین الاصلیین۔ عبارۃً۔ وفی الاخری بدلالۃ النص **الحاصل** مذکور سے ثابت ہوا کہ نماز کی اصلی رکعتین وہی ہیں۔ تو حسب ارشاد شارع کے فاقرؤا ما تیسر من القرآن فی الصلوٰۃ۔ ہر عمل

Marfat.com

عمل کیا گیا۔ اور حسب تعلیم شارع کے نماز ادا کی گئی۔ تو یہ پہلی رکعت ہوئی۔
اور ماموربہ ادا ہوگیا۔ لان الامر لا یقضی بالتکرار **اب دوسری** رکعت
میں فرضیت قراءۃ کی دلالۃ النص سے ثابت ہوئی لانہما یتشاکلان من کل وجہ
قولہ اگر تشاکل موجب فرضیت ہے۔ تو نفس فرضیت میں سب رکعتیں متساوی
ہیں آہ **اقول** صاحب رسالہ نے لفظ۔ من کل وجہ۔ کیطرف ملاحظہ
نہیں فرمایا۔ بلکہ اوس سے تساہل کرکے شبہ کردیا۔ لانہ رضی اللہ عنہ۔ قال
لانہما متشاکلان من کل وجہ یعنے نفس تشاکل موجب فرضیت نہیں۔ بلکہ
تشاکل وتشابہ من کل وجہ موجب فرضیت ہے۔ اور یہ تشاکل کل رکعات میں
نہیں پایا جاتا۔ رکعت اول ودوم باہم متشاکل من کل وجہ ہیں۔ اور سیوم و
چہارم اولیین کے ساتھ متشاکل من کل وجہ نہیں لانہما الخ۔ یہ اعتراض صاحب رسالہ
کا اسوقت وارد ہوتا۔ جب کہ تشاکل مطلق ہی وجہ کان مراد ہوتا۔ ولیس ھٰھنا
کذلک فلا ورد پس سب رکعتوں میں قرارت فرض نہیں ہونی چاہیے **قولہ**
پس صفت قرارت اور قدر قرارت میں تشاکل ماننا صحیح نہ ہوگا **اقول** اولاً
جبکہ اس تحقیقات پر فرضیت قرارت کی دوسری رکعت میں دلالۃ النص سے بنا بر
مشاکلت کے ثابت اور مبرہن ہوچکی۔ تو پھر صفت قراءۃ اور قدر قراءۃ میں تشاکل
ماننا صحیح ہوا۔ ثانیاً۔ فرضاً تسلیم کیا کہ فرضیت قراءۃ کی رکعت دوم میں دلالۃ
النص سے نہیں۔ بلکہ کسی اور دلیل سے ہے۔ تو کیا رکعت دوم۔ رکعت اول
کے ساتھ صفت قراءۃ میں اور قدر قراءۃ میں متشاکل نہیں۔ نہایہ کی عبارت لانہ
یجہر فی الثانیۃ کما یجہر فی الاولی۔ یخافت فیہا کما یخافت فیہا
وتقرأ الفاتحۃ مع السورۃ فی الثانیۃ کما تقرأ فی الاولی وتغیر ذلک من
الوجوہ المشاکلۃ پس نفی مشاکلت کی بیجا۔ صفت اور قدر قرارت میں۔ جبکہ

نفس فرضیت میں سب رکعتیں متساوی ہیں۔ کا جواب

Marfat.com

فی الواقع موجود ہے۔ بلادلیل اور نفی واقع کے ہے فلایعتبر۔ **قولہ** تشاکل فی الوجوب والسقوط کا یہ حال ہے۔ کہ وتروں میں اگر کوئی ایک رکعت پر اکتفا کرے تو اوسپر دوسری رکعت کا پڑہنا واجب اور فرض نہیں **اقول** اولاً۔ پہلے ہی فرض اور واجب نہیں۔ تاکہ نوبت بدیگری رسد۔ ثانیاً۔ سقوط کے لفظ میں مسامحت ہے لان السقوط لایکون الامن تمام قبلہ اور وتروں میں یہ بات نہیں۔ لان صلوۃ الوتر رکعۃ واحدۃ عند من یرے ذلک فاین السقوط یا یوں کہیں۔ کہ صلوۃ الوتر میں منجانب شارع کے تخییر ثابت ہے فمن احب ان یوتر بخمس فلیفعل۔ ومن احب ان یوتر بثلث فلیفعل۔ ومن احب ان یوتر بواحدۃ فلیفعل پس تخییر مقتضی سقوط نہیں لانہ اختلاف انواع۔ فاین السقوط ثالثاً۔ وتروں کی حالت سفر وحضر میں برابر اور متحد ہے۔ اور فرائض رباعیہ میں یہ بات نہیں فلایقاس الوتر علیہا۔ رابعاً۔ یہ جملہ مذکورہ جواب مبنی بر فرض وتسلیم ہیں۔ ورنہ ہمارے اصحاب حنفیہ کو یہ جواب مضر ہے کب ہے۔ کیونکہ وتر کی ایک رکعت کے جب قائل ہی نہیں۔ اور ایک رکعت کو وہ نماز ہی نہیں کہتے۔ تو ایسی بات غیر مسلم ہے۔ اونپر اعتراض کرنا۔ اونکو کب مضر ہے۔ اور مادہ شبہ کو کب رفع کرسکتا ہے۔ اگر وہ ایک رکعت کے قائل ہوتے۔ تو البتہ اونپر اعتراض قائم ہوتا۔ واذلیس فلیس **قولہ** دوسری رکعت عند اللہ ساقط ہوجاتی ہے **اقول** یہ کلام عجیب ہے (۱) دوسری رکعت تو ہو سکی تہی ہی نہیں۔ کیا وتر دو رکعت ہی ہوتے ہیں۔ نہیں ہوتے۔ پہر اوسکا قسط ہی کیا ہوا (۲) جبکہ وتروں کی نماز ایک رکعت ہے (عند القائل بہ) ہے اور اوس کے ادا سے نمازی نے فراغ ذمہ کا حاصل کیا کمصلی الظہر او العصر اور دوسری کا اوس سے مطالبہ نہیں۔ پہر ساقط کیا ہوا۔ پس ثابت ہوا کہ مؤلف رسالہ کا یہ فرمانا "پس پہلے اور دوسری میں تشاکل

Marfat.com

بلحاظ وجوب وسقوط نرہا" غیر سدید کما لا یخفے **قولہ** فالتفرقۃ الے قولہ

لا یضر **اقول** بل التفرقۃ بالوجوب والسقوط فی نفس الصلوٰۃ تکتفی

لعدم المشاکلۃ فالاتحاد فی بعض الارکان لا یضر فافہم **قولہ** اور

ثلاثی نماز میں تو اتحاد فے السقوط والوجوب تیسری رکعت کو بھی حاصل ہے۔

پس حسب استدلال ثلاثی نماز کے تیسری رکعت میں قرارت فرض ہونی چاہئے

اقول لما کانت الثانیۃ متشاکلۃ بالاولی من کل وجہٍ کما قررہ رحمہ

اللہ۔ وجبت القراءۃ فیہا ایضًا بالدلالۃ۔ والثالثۃ من الثلاثی لما لم

تتشاکل بہا مشاکلۃ تامۃ۔ لم تجب فیہا القراءۃ۔ فالمشاکلۃ فے

عدم السقوط لا یقدح۔ لانہا لیست مشاکلۃ تامۃ۔ والجزئیۃ لا تعتبر

فلا اشکال فتدبر **قولہ** یا بالعکس یوں کہے کہ پہلی رکعت میں تعوذ ہے

ثنا ہے۔ تکبیر تحریمہ ہے۔ قعدہ ہے۔ اور تشہد اسکے ساتھ نہیں۔ بخلاف دوسرے

رکعت کے الی ما قال قال القدوری **اقول** صاحب کفایہ ہدایہ کے حاشیہ میں

لکھتے ہیں المشابہۃ والمشاکلۃ فی الکمیۃ فیما یرجع الی نفس الصلوٰۃ

وارکانہا۔ فالتکبیر شرط وھو زائد۔ والتعوذ والثناء ایضًا لانہما

لیستا من ارکان الصلوٰۃ۔ فالافتراق فیہا لا یقدح فی ثبوت المماثلۃ۔ انتہی

اور ذخیرہ میں لکھا ہے۔ اذا کانت الصلوٰۃ من ذوات الاربع ففرض القراءۃ

فیہا فی الرکعتین الاولیین انتہی۔ وہذا ہو المذہب الحق عندنا فلا

محذور۔ بما قیل کذا وکذا **قولہ** رکعتین کو مطلق رکھا ہے اولیین کے ساتھ

مقید نہیں کیا **اقول** اولیین کی قید کی یہاں تو حاجت ہی نہ تھی۔ کیونکہ

رکعتین سے رکعتین اصلیین مراد ہیں۔ نہ مطلق۔ کما مر ان الصلوٰۃ کانت

رکعتین اولًا۔ ثم زیدت الاخریان۔ فوجب بالقران فرضیۃ القراءۃ فی احدٰی

Marfat.com

الرکعتین الاصلیین عبارۃً وفی الاخریٰ منہما بالدلالۃ ۔ فوجبت فی
الرکعتین الاصلیین ۔ فلا ورود بعد التقیید **قولہ** کوئی یہ جواب دے
کہ یہ استدلال بدلالۃ النص ہے نہ بقیاس شبہ **اقول** اسکے پہلے امر دوم کی
تحقیقات میں گزر چکا ہے ۔ کہ دلالۃ النص کلام یدل علی ثبوت الحکم المنطوق
للمسکوت بواسطۃ المعنی اللازم المفہوم منہ لغۃً لا اجتہادًا ۔ یعنی ہیئت
مجموعی کلام سے حکم مسکوت کا التزامًا مفہوم ہوتا ہے ۔ سو اس تعریف سے ثابت ہے
کہ من یفہم اللغۃ وعلم تسویۃ الشارع بین الرکعۃ الاولیٰ والثانیۃ من کل وجہ
ثم یقال لہ اقرأ ما تیسر لک من القرآن فی الصلوۃ ۔ یتبادر الیہ القراءۃ فی کلا
الرکعتین ۔ بملاحظۃ تلک المقدمۃ المقررۃ فی نفسہ یعنے ہیئت مجموعی کلام
سے بملاحظہ ان مقدمات مقررہ فی نفسہا کے وہ ضرور جان لیگا ۔ کہ مطالبہ قراءت کا
رکعتین میں ہے ۔ کیونکہ دلالۃ النص صفت کلام کی ہی ۔ نہ کلمہ کلمہ کی ۔ فتدبر
قولہ نہ شارع نے دو رکعت میں تسویہ کا حکم دیا ہے ۔ نہ فی الواقع ہی **اقول**
آفتاب نصف النہار کا انکار ہے ۔ کیا شارع کا حکم نہیں ہے ۔ کہ سفر میں قصر کیا
جاوے ۔ اور دو ہی رکعت پڑہی جاویں یا کیا واقعہ کے خلاف ہی کہ ہر دو رکعت
سفر میں ساقط نہیں ہوتیں ۔ یا صلوۃ جہریہ میں ۔ جہر فی الرکعتین نہیں ۔ اور
سریہ میں عدم جہر ۔ یا ہر دو میں فاتحہ مع السورۃ نہیں پڑہی جاتی ۔ یہ تسویہ واقعہ
ہے ۔ یا غیر واقعی ۔ اور تعوذ ۔ ثنا ۔ وغیرہ کا اگر خیال ہو ۔ تو اسکا جواب معلوم ہی
ہو چکا ہے ۔ پھر نفی تسویہ کی جو فی الواقع نفی واقعہ کی ہی ۔ کون تسلیم کرتا ہے ۔
قولہ ارکان کے لحاظ سے اکثر رکنوں میں سب رکعتیں مساوی ہیں **اقول**
مساوات اور مشاکلت من کل الوجوہ لی گئی ہے ۔ نہ مساوات جزئیہ اور اکثریہ ۔ فہذہ
المساوات الجزئیۃ لا یقدح فی المقصود **قولہ** اقرأ فی الصلوۃ کا مخاطب عالم باللغۃ

Marfat.com

یہ تو جب ہو سکتا ہے۔ کہ دُعا میں کچھ پڑھو۔ **اقول** مخاطب اقرؤا فی الصلوٰۃ کا عالم باللغۃ جب کہ یہ جانتا ہو۔ کہ رکعت اوّل اور دوم میں شارع نے تسویہ من کل الوجوہ قرار دیا ہے۔ تو بملاحظہ ان مقدمات مقررہ فی نفسہا کے ضرور سمجھ لیگا۔ کہ مطالبہ قراۃ کا رکعتین میں ہے۔ ہاں اگر تسویہ مذکورہ سے لاعلم اور جاہل ہے۔ تو مضائقہ نہیں۔ حالانکہ گفتگو اوّل میں ہے نہ دوم میں **قولہ** اگر ایسا تبادر ہوتا جیسا ابن الہمام نے کہا ہے الی آخر ما قال تو ائمہ مذاہب میں ایسا اختلاف نہ ہوتا۔ اور مسئلہ کا اختلاف تو طرح کو نہ پہونچتا **اقول** اختلاف کا سبب یہ نہیں ہے۔ کہ رکعت ثانیہ بالاولی مشاکل من کل الوجوہ نہیں ہے۔ بلکہ منشاء اختلاف کا یہ ہے کہ آیا یہ مشاکلت تامہ رکعت ثانیہ میں موجب وجوب قراۃ کا ہے۔ یا نہیں فمن قال بہ فقد اثبت ومن لا فلا یعنی عارف لغت کے لئے فہم مناط حکم کا متبادر ہونا ضروری ہے۔ نہ کہ فہم حکم مسکوت عنہ کا متبادر ہونا ضروری ہے۔ لانہ قد یقع الاختلاف فی فہم حکم المسکوت لخفاء تحقق المناط المفہوم فیہ لغۃ اما سمعت اختلاف الشافعی الامام مع ابی حنیفۃ الہمام فی وجوب الکفارۃ بالاکل فی نہار رمضان عمداً **قال** ابو حنیفۃ رحمہ اللہ بالوجوب ولم یری الشافعی ذلک۔ ومأخذ استدلالہما حدیث الاعرابی الذی رواہ البخاری وغیرہ۔ اذ جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ فقال ہلکت یا رسول اللہ وقعت علی امرأتی وانا صائم الحدیث۔ فانہ یفہم کل من یعرف اللغۃ۔ ان مناط سوال الاعرابی وجوابہ صلی اللہ علیہ وسلم ہو الجنایۃ الکاملۃ علی الصوم لا نفس القربۃ مع اہلہ فزعم الشافعی ان الجنایۃ الکاملۃ ہی الافطار بالوقاع فقط لا غیر وعند ابی حنیفۃ مطلق الافطار سواء کان بالجماع او بالاکل منشاء اختلاف کا عدم تبادر نہیں۔ بلکہ خفاء تحقق حکم مناط کا ہے وبینہما ما بینہما

Marfat.com

فافہم۔ اور اگر رکوع وسجود کا اختیار۔ اور الامر لا یقتضی التکرار کا جواب سبق
میں گزر چکا ہے **قولہ** اقول روینا فی جزء القراءۃ ثنا محمود الی اخرہ
اقول اس حدیث کی سند میں سفیان بن حسین ابو محمد الواسطی ہے اور وہ
زہری سے روایت کرتا ہے سو میزان الاعتدال میں لکھا ہے یروی عن
الزہری مضطرب فیہ۔ قال احمد لیس بذاک فی الزہری۔ وروی یعقوب
بن شیبہ عن یحیی کان مؤدبا لم یکن بالقوی۔ وروی ابوداؤد عن
یحیی لیس بالحافظ ولا بالقوی فی الزہری۔ قال ابن معین لم یکن
بالقوی۔ وقال ابوحاتم صالح الحدیث یکتب حدیثہ ولا یحتج بہ۔ وقال
س لیس بہ الا فی الزہری اس حدیث کا یہ حال مختصر ہے۔ تفصیل فیما مر میں
گزر چکا ہے۔ اسی پر صاحب رسالہ نازاں ہو کر فرماتے ہیں روینا فی الجزء الخ اگر یہ
حدیث صحیح قابل الاحتجاج ہوتی۔ تو غالبا بخاری علیہ رحمۃ الباری اپنی جامع
میں درج فرماتے۔ **قولہ** وثبت عنہما وابن مسعود الخ **اقول** قدم ذکرہما
فی الآثار۔ بل ذکرہما فی ہذا المحل غیر سدید عند ارباب الانصاف
لان الکلام ہہنا لیس فی قراءۃ خلف الامام لیحسن ایرادہما فی ہذا المقام
قولہ ومن قال الخ **اقول** سلمنا المواظبۃ لکن این دلالۃ ہذہ المواظبۃ
علی الافتراض المبحوث فہہنا۔ بل غایتہا السنیۃ ونحن نقول بہا ایضا
ومن ہہنا قال اصحابنا ترک القراءۃ فی الاخریین اساءۃ بل قال بعضہم
بالوجوب **قولہ** عن ابن عمر قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **اقول**
اس مسئلہ میں اقوال علماء امت کے مختلف ہیں ذہب بعض الی ان الوتر رکعۃ واحدۃ
وذہب قوم الی ان الوتر ثلث رکعات لا یسلم الا فی اخرہن۔ وذلک مذہب
اصحابنا الحنفیہ ومختارہم۔ وبعضہم ذہبوا الی ان الوتر ثلث رکعات یسلم

Marfat.com

فی الاثنین و فی اخرھن۔ ھکذا ذکر الطحاوی فی شرح الاثار اور نیز
اس باب میں روایات مختلف ہیں۔ آل احنفیہ کرام نے تین رکعات وتر بلا فصل
سلام کو مرجح پایا۔ اور عملدر امد تین رکعت پر ہی فرمایا۔ لورود الاحادیث
الصحیحۃ الصریحۃ المحکمۃ فی التثلیث **روی النسائی** عن عائشۃ رضی
اللہ عنھا انہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یسلم فی رکعتی الوتر **وروی ایضاً**
عن ابی بن کعب قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ فی الوتر بسبح
اسم ربک الاعلی۔ و فی الرکعۃ الثانیۃ بقل یایھا الکافرون۔ و فی الثالثۃ
بقل ھو اللہ احد ولا یسلم الا فی اخرھن الحدیث **وروی الحاکم**
فی المستدرک وقال انہ صحیح علی شرط البخاری و مسلم۔ ولم یخرجاہ۔ و
لفظہ قالت عائشۃ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث لا یسلم الا فی
اخرھن انتھی۔ و فی لفظ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یسلم فی الرکعتین
الاولیین من الوتر انتھی۔ **ثم** اخرج عن جیب المعلم قال قیل للحسن ان ابن
عمر کان یسلم فی الرکعتین الاولیین من الوتر۔ فقال کان عمر افقہ منہ
فکان ینھض فی الثانیۃ بالتکبیر انتھی۔ وسکت عنہ ذکرہ الزیلعی فی
تخریج احادیث الھدایۃ مع ایراد **وروی الطحاوی** من طریق
صحیح عن انس انہ صلی الوتر ثلث رکعات لم یسلم الا فی اخرھن **وایضاً**
الطحاوی من طریق سعید بن منصور باسناد صحیح عن انس قال الوتر ثلث رکعات
وایضاً الطحاوی من طریق المسور بن المخرمۃ قال دفنا ابابکر رضی اللہ عنہ
لیلاً فقال عمر انی لم اوتر فقام وصففنا وراءہ فصلی بنا ثلث رکعات لم یسلم
الا فی اخرھن ذکرہ الحافظ ابن حجر فی نصب الرایۃ مرفا۔ ومؤیدھا۔ منار واہ
اصحاب السنن الاربعۃ و ابن حبان فی صحیحہ والحاکم فی المستدرک وقال

Marfat.com

صحیح علی شرط الشیخین۔ ولم یخرجاہ۔ وما رواہ الطحاوی فی شرح الآثار **عن عائشة** ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرأ فی الرکعۃ الاولی من الوتر بفاتحۃ الکتاب وسبح اسم ربک الاعلی وفی الثانیۃ بقل یایھا الکفرون وفی الثالثۃ بقل ھو اللہ احد والمعوذتین۔ وما رواہ الطحاوی بسندہ عن ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث یقرء فی الاولی بسبح اسم ربک الی اخرہ بنحو حدیث عائشۃ **وما رواہ** ایضًا بسندہ عن سعید بن عبد الرحمان بن ابزی عن ابیہ انہ صلی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم الوتر فقرء فی الرکعۃ الاولی بسبح اسم ربک الی اخرہ **و** اخرجہ عن علی وعمران بن حصین نحوہ۔ واخرج النسائی والترمذی وابن ماجہ قال النووی فی الخلاصۃ باسناد صحیح عن ابی اسحاق عن سعید بن جبیر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرء فی الوتر بسبح اسم ربک الاعلی۔ وقل یایھا الکافرون۔ وقل ھو اللہ احد فی رکعۃ رکعۃ **ذکرہ الزیلعی**

و ما رواہ النسائی وبوب علیہ وقال باب کیف الوتر بثلث عن ابی سلمۃ بن عبد الرحمن انہ اخبرہ انہ سال عائشۃ ام المومنین کیف کانت صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی رمضان۔ قالت ما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یزید فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرۃ رکعۃ۔ **یصلی** اربعًا فلا تسأل عن حسنھن وطولھن ثم یصلی اربعًا فلا تسأل عن حسنھن وطولھن ثم یصلی ثلاثًا الحدیث وما رواہ الترمذی وبوب علیہ وقال باب ما جاء فی الوتر بثلث بسندہ **عن** علی کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث یقرء فیھن بتسع سور من المفصل یقرأ فی کل رکعۃ بثلاث سور اخرھن قل ھو اللہ احد وفی الباب عن عمران بن حصین وعائشۃ

Marfat.com

وابن عباس - وابی ایوب - وعبدالرحمن بن ابزی الی اٰخرہ **وماروی**
النسائی بسندہ عن محمد بن علی عن ابیہ عن جدہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
انہ قام فاستن ثم صلی رکعتین ثم نام ثم قام فاستن ثم توضأ فصلی رکعتین
حتی صلی ستا ثم اوتر بثلث الحدیث **وماروی** الطحاوی عن ابی
الزناد عن ابیہ عن الفقہاء السبعۃ سعید بن المسیب وعروۃ بن الزبیر والقاسم
بن محمد - وابی بکر بن عبدالرحمن - وخارجہ بن زید - وعبیداللہ بن
عبداللہ - وسلیمان بن یسار فی مشیخۃ سواھم اہل فقہ وصلاح وفضل
وربما اختلفوا فی شیء فاخذ بقول اکثرھم وافضلھم رأیا فکان
وعیت عنہم علی ہذہ الصفۃ ان الوتر ثلث لا یسلم الا فی اٰخرھن انتہی
و ما اخرج محمد فی کتاب الاٰثار عن ابن مسعود انہ قال ما اجزأت رکعۃ
قط - **و** اٰخرجہ الطبرانی عن ابراہیم قال بلغ ابن مسعود ان سعدا
یوتر برکعۃ فقال ما اجزأت رکعۃ قط **و** ما اخرج الطحاوی بسندہ
عن عقبۃ بن مسلم قال سألت عبداللہ بن عمر عن الوتر فقال تعرف وتر
النہار فقلت نعم صلوۃ المغرب قال صدقت واحسنت انتہی **و**
ما اخرج بسندہ عن ابی خالد سألت ابا العالیۃ عن الوتر - فقال علمنا
اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الوتر مثل صلوۃ المغرب ہذا
وتر اللیل وہذا وتر النہار انتہی - اور ماذکر کے سوا اس باب میں آثار بہت ہیں
طوالت اجازت نہیں دیتی ہے ورنہ آن مباش کہ مضمون نماندہ است + صد
سال میتوان سخن زلف یار گفت + **شرح معانی آثار طحاوی** رحمۃ اللہ علیہ
قابل دیکھنے اور ملاحظہ کے ہے + وہ بسط کلامی ہو تو ایسی ہو - اور سحر بیانی ہو تو
ایسی ہو - جسکی اوصاف اور مدائح سے زبان قلم بریدہ زبان - بریدہ زبان - اور ردّ صحیف

ف ماقال النووی سے ظاہر ہوا [illegible]

Marfat.com

مطری قاصر اللسان ہے درشت ہے زوصف ناتمام باجمال یار مستغنی ست
باآب ورنگ وخال وخط چہ حاجت روی زیبارا + یہ مختصر حال ماخذ حنفیہ کرام کا ہے
اور یہی قول حضرت عمر بن الخطابؓ + اور علی بن ابیطالبؓ + اور ابن مسعود۔ اور
ابی + اور انس بن مالکؓ اور ابن عباس + اور ابی امامہ + اور عمر بن عبد العزیز
اور حذیفہ۔ اور ابن المسیب + اور عروہ بن زبیر + اور قاسم بن محمد۔ اور ابی بکر
بن عبد الرحمن + اور خارجہ بن زید + اور عبید اللہ بن عبد اللہ + اور سلیمان
بن یسار۔ وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم کا ہے ذکرہ فی النہایۃ وذکر الترمذی
قال سفیان والذی استحب ان یوتر بثلث رکعات وھو قول ابن المبارک
واھل الکوفۃ انتہی و قال الشمنی فی شرح النقایۃ مذھبنا اقوی من
حیث النظر لان الوتر۔ لا یخلوا اما ان یکون فرضًا او سنۃً فان کان فرضًا
فالفرض لیس الا رکعتین او ثلاثا او اربعًا۔ وکلھم اجمعوا علی ان
الوتر لا یکون اثنین ولا اربعًا۔ فثبت انہ ثلاث وان کان سنۃ فلا تکون
سنۃ الا ولھا مثل فی الفرض۔ والفرض لم یوجد فیہ الوتر الا المغرب وھو
ثلاث انتہی **کذا فی التعلیق الممجد** قلت ذکرہ الطحاوی
ابسط من ذلک من شاء فلینظرہ۔ قال الزیلعی ھذا الذی قالہ حسن جدا۔ وذکر
الحازمی فی کتابہ الناسخ والمنسوخ ان من جملۃ الترجیحات۔ ان یکون احد
الحدیثین موافقا للقیاس دون الاخر فیکون العدول عن الثانی الی الاول
متعینًا۔ انتہی بمضمونہ وقال بعض اصحابنا ان تعیین الفصل ولا اقتصار
علی ثلث حسن۔ لان الصحابۃ اجمعوا علی ان الوتر بثلث موصولۃ حسن جائز
واختلفوا فیما زاد او نقص فاخذنا بما اجمعوا علیہ وترکنا ما اختلفوا فیہ
وان اذا سمعت ما تلونا۔ فنقول **قولہ** صلوۃ اللیل مثنی مثنی فاذا خفت الصبح

Marfat.com

فاوتر بواحدة رواہ الجماعة منتقی **اقول** وروی البخاری ایضاً بسندہ
عن ابن عمر ان رجلا سأل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوٰۃ اللیل فقال
صلوٰۃ اللیل مثنی مثنی فاذا خشی احدکم الصبح صلی رکعة واحدة توتر له
ما قد صلی الحدیث فنیه اولاً اس حدیث سے کہاں ثابت ہے۔ اور یہ حدیث کب
دال ہے۔ کہ رکعت واحدہ بتحریمہ مستانفہ ہو۔ بل یحتمل کلا۔ یعنی یحتمل ان
یکون بتحریمة مستانفة۔ ویحتمل انه اذا خشی الصبح صلی واحدة متصلة بما
قد صلی فکیف ینتهض حجة فی اثبات المرام۔ لان الاحتمال یعقد الحجة عن
الحجیة۔ وکیف یقاوم الصرائح التی ذکرناها۔ وثانیاً اگر مدلول لفظ حدیث کا
ایسا ہی ہو جیسا صاحب رسالہ فرماتے ہیں۔ تو بھی ایک رکعت ہونا وتر کا بضرورت
خوف طلوع صبح کے ثابت ہوا نہ مطلقاً کما یدل علیه لفظ الحدیث فاذا خشی
احدکم الصبح صلی رکعة واحدة پس بوقت عدم ضرورت یعنی وسعت وقت
کے ایک رکعت ہرگز نہ پڑھنی چاہیئے۔ شافعیہ ومن وافقہم کے نزدیک تو اس لئے
کہ وہ مفہوم شرط کے قائل ہیں۔ اور حنفیہ ومن معہم کے نزدیک بھی نہیں چاہیئے
لان ما وراء الشرط مسکوت فیبقی علی الاصل وهو العدم **وقال** ابن الهمام
فاذا ابیحت بشرط تبقی ما وراءه علی العدم لکنا لا نجیزها ایضاً۔ لذلک عند
خشیة الصبح لانه احد محتملیه المتساویین کما قلنا۔ فلا یجوز الحمل علیه بعینه
انتهی **الحاصل** یہ حدیث مثبت وحدة مطلقة نہیں۔ بلکہ وحدة عند خشیة
الصبح کے ہے۔ ومع ذلک محتمل الوجهین ہے۔ فلا یقوم به الحجة۔ وثالثاً ایک
رکعت کی روایت سنت فعلیہ علیہ السلام کے خلاف ہے کہ لانه لم یرو واحد نصاً انه
صلی اللہ علیہ وسلم صلی الوتر رکعة واحدة فقط ومن ادعی فعلیه البیان۔ ودونه
خرط القتاد **قوله** حنفیہ نے اوتر بواحدة کا ترجمہ فرمایا ہی طاق کردی پہلی نماز

Marfat.com

کو ایکرکعت ملاکر **اقول** صرف حنفیہ ہی کا یہ ترجمہ نہیں ہے۔ حضرت ابن عمر راوی حدیث۔ بلکہ سید الانبیا و خاتم الرسالت صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام فصاحت بیان خود ترجمان اس ترجمہ کا ہے۔ **روی البخاری و مسلم** ان رجلا سأل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوۃ اللیل۔ فقال۔ صلوۃ اللیل مثنی مثنی فاذا خشی احدکم الصبح صلی رکعۃ واحدۃ توتر لہ ما قد صلی **یعنے** ایک آدمی نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کی نماز کا سوال کیا۔ پس حضرۃ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رات کی نماز دو دو رکعت ہے۔ جب تم سی کسی کو خوف طلوع صبح کا ہو تو ایک رکعت اور پڑھ لے تاکہ یہ رکعت طاق کردے پہلی نماز کو۔ **وروی** مسلم عن ابن عمران رضی اللہ عنہ ان رجلا۔ نادی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو فی المسجد۔ فقال یا رسول اللہ کیف اوتر صلوۃ اللیل فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلے صلوۃ اللیل فلیصل مثنی مثنی فان احس ان تصبح۔ سجد سجدۃ۔ فاوترت لہ ما صلی **یعنی** کسی نے پوچھا یارسول اللہ میں وتر کی نماز کسطرح پڑھوں۔ آپنے فرمایا۔ دو دو۔ جب معلوم ہو کہ صبح ہونیکو ہے۔ تو ایک رکعت اور پڑھ لے۔ پس یہ ایکرکعت پہلی کو طاق کر دیگی اور اسی (توتر لہ ما قد صلی) جملہ حدیث کو امام مالک۔ اور نسائی وغیرہ نے بہی بیان کیا ہے۔ اب فرمائیے۔ کہ یہ ترجمہ (طاق کردے ایکرکعت سی پہلے نماز کو حنفیہ کرام کا خانہ زاد۔ اور ایجاد ہے۔ یا کہ خاتم الانبیا علیہ السلام کی کلام معجز نظام (توتر لہ ما قد صلی) سی مستفاد ہے۔ وحدت رکعت کی۔ صلی رکعۃ واحدۃ سے ہی مستفاد تھی۔ توتر لہ ما قد صلی کا۔ پھر فائدہ ہی کیا۔ **طرفہ تر یہ ہی**۔ کہ اس جملہ والی حدیث کو صاحب رسالہ نے معرض استشہاد میں بیان نہیں فرمایا **قولہ** پھر جب سنایا گیا زاد احمد تسلم فی کل رکعتین۔ وکذا مسلم من ابن عمر۔ تو لکھدیا

Marfat.com

تسلیم کے معنے ہیں السلام علیک ایہا النبی کہنا آہ **اقول** صحیح مسلم کی عبارت
یہ ہے - عقبہ بن حریث کہتے ہیں - سمعت ابن عمر یحدث ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال صلوۃ اللیل مثنی مثنی - فاذا رءیت ان الصبح یدرکک
فاوتر بواحدۃ - قیل لابن عمر ما مثنی مثنی قال ان تسلم فی کل رکعتین
انتہی ص ۷۵ آفتاب نصف النہار سی روشن ہے - کہ یہ قول سرور انبیا صلی اللہ
علیہ وسلم کا نہیں - بلکہ موقوف ابن عمر کا بیان ہی - تسلیم کیا کہ تفسیر راوی ثقہ معتبر
کی ہے - الا انکار احتمال - کہ محتمل دو معنونکا نہیں ہے - انکار بداہتہ ہے - کیونکہ
اسکے معنی سلام بعد الرکعتین کے بھی ہوسکتے ہیں - اور السلام علیک ایہا النبی
کا بھی محتمل ہے - اب ہم **میزان الاعتدال** سے دیکھتے ہیں - کہ ان ہر دو
احتمال سے رجحان کسکو ہی - تو ہمنے دیکھا کہ خود ہی حضرت ابن عمر رض احد المحتملین کو
ترجیح فرما رہے ہیں - **روی مالک** فی مؤطاہ عن عبد اللہ بن دینار ان
عبد اللہ بن عمر کان یقول صلوۃ المغرب وتر صلوۃ النہار انتہی **ورواہ**
محمد ایضاً فی مؤطاہ عن مالک بہذا السند **ورواہ** ابن ابی شیبۃ مرفوعاً
من حدیث ابن عمر بلفظ صلوۃ المغرب وتر النہار فاوتر واللیل **قال**
العراقی مسند صحیح ذکرہ الزرقانی - ہکذا فی التعلیق الممجد **واخرج الطحاوی**
عن عقبۃ بن مسلم قال سالت عن ابن عمر عن الوتر فقال اتعرف وتر النہار -
فقلت نعم - صلوۃ المغرب فقال صدقت و احسنت انتہی پس ماذکر سے ثابت ہوا کہ
حضرت ابن عمر نے صلوۃ الوتر کو بصلوۃ المغرب تشبیہ دی - اور ظاہر ہے - کہ
صلوۃ المغرب تین رکعت بلا سلام ہی - تو وتر بھی ضرور ایسی ہی ہونے چاہیئے - تا
کہ تشبیہ تمام ہو - اور اسی تشبیہ تام پر امام محمد رحمۃ اللہ علیہ جو امام الوقت پلہ درجہ کے
فصیح وبلیغ محاورات عرب سی بہ وجہ اتم ماہر - جنکی فصاحت وبلاغت کی تعریف

امام شافعی جیسے امام الوقت افصح و ابلغ۔ فرماتے ہیں۔ ما رایت احدًا افصح منہ
کان القرآن نزل بلغتہ۔ اور نیز امام شافعی علیہ الرحمۃ کے استاذ ہیں۔ باب منعقد
کرکے اسی حدیث (صلوٰۃ المغرب وتر صلوٰۃ النہار) کو لاکر یہ نتیجہ تحریر فرماتے
ہیں۔ قال محمد و بہذا ناخذ و ینبغی لمن جعل المغرب وتر صلوۃ النہار کما
قال ابن عمر ان یکون وتر اللیل مثلہا لا یفصل بینہما بتسلیم کما یفصل
فی المغرب بتسلیم وھو قول ابی حنیفۃ رحمۃ اللہ انتہی بلکہ یہ روایت عبد اللہ
بن مسعود رض سے بھی ثابت مروی محمد عن عبیدۃ قال قال عبد اللہ
بن مسعود الوتر ثلث کصلوۃ المغرب اور عبد اللہ بن عباس سے بھی مروی
ہے روی محمد عن عطاء بن یسار قال ابن عباس الوتر کصلوۃ المغرب
انتہی فلیحفظ ذلک واحفظہ لکن اس بیان و تقریر میں۔ الحدیث باقی رہا وہ
یہ ہے کہ امام الائمہ بخاری علیہ الرحمۃ نے روایت کیا ہی روی
البخاری عن ابن عمر انہ کان یسلم بین الرکعتین والرکعۃ فی الوتر الخ
سو اسکا جواب قول ذیل میں گزارش ہوتا ہے قولہ روی البخاری عن ابن عمر
انہ کان یسلم بین الرکعتین والرکعۃ فی الوتر حتی کان یامر ببعض حاجتہ
اقول لفظ کان حتی کان یامر میں سہو قلم ہے صحیح حتی یامر ہے) آگے
ابی بکر قسطلانی نے مواہب لدنیہ اور شرح بخاری میں لکھتے ہیں وبیان ہذا
کان ابن عمر یسلم بین الرکعۃ والرکعتین فی الوتر حتی یامر ببعض حاجتہ۔ ق
ہذا ظاہرہ انہ کان یصلی الوتر موصولا۔ فان عرضت لہ حاجۃ۔ فصل
ثم بنی علی ما مضی انتہی قسطلانی علیہ الرحمۃ کے بیان سے ظاہر ہے۔ کہ فعل دائمی
حضرت عمر رض کا یہ تہا۔ کہ وتر موصولا پڑھتے۔ الا احیانا بوقت عروض حاجت و
ضرورت کے کبھی فصل کرتے۔ اور یہاں خود ثابت ہے کہ عروض حاجت اور ضرورت

Marfat.com

کیوقت بسا افعال کردنی وضروری ہی ساقط ورمبدل ہوجاتے ہیں۔ نظائر اور تماثیل اسکے ازبس روشن اور ظاہر ہیں۔ پس ایسا فعل دوام کلی عند المعارضہ حجت متصور نہیں ہو سکتا۔ وهذا الجواب تسليمي والزامي ثانیاً تنزلا بمقتضائے کان یسلم کے کماقیل ہمنے تسلیم کیا کہ یہ فعل ابن عمر کا دائمی اور عادی تہا۔ یعنی آپکی عادت مبارک اور شیمہ کریمہ ایسی ہی تہی۔ کہ وتر بدیں طریق مذکور دوامًا پڑہتے تو حاصل کلام یہ ٹھہرا کہ سرمایہ خیریت دارین کا اتباع معمولات صحابہ کرام کو۔ جوکہ سالک مسالک سیرت احمدیہ علیہ التحیہ کے ہیں۔ مقرر کیا جاوے۔ تو پھر کیوں نہ فعل ابن عمر سے۔ فعل حضرت عمر فاروق رضہ۔ اور علی بن ابیطالب رضہ۔ اور عبد اللہ ابن مسعود رضہ۔ اور عبد اللہ بن عباس رضہ۔ اور ابی بن کعب رضہ۔ اور انس بن مالک رضہ وغیر ذلک۔ کو مرجح جانکر انکے شیمہ کریمہ اور معمولات کو مقتدا اور پیشوائے عمل قرار دیا جاوے۔ ومن ههنا قال الحسن اذا قيل له ان ابن عمر كان يسلم في الركعتين الاوليين من الوتر فقال كان عمر افقه منه وكان ينهض في الثانية بالتكبير ومن تبعه قبل ذلك۔ وقال محمد في موطاه بعد ذكر اثر ابن عمر هذا۔ لسنا ناخذ بهذا ولكنا ناخذ بقول عبد الله بن مسعود وابن عباس رضہ ولا نرى ان يسلم بينهما۔ وقال مالك بعد رواية ان سعد ابن ابي وقاص كان يوتر بعد العتمة بواحدة" ليس على هذا العمل عندنا ولكن ادنى الوتر ثلث انتهى۔ ثالثاً ان صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے عملدرآمد سے قطع نظر کرکے ہم تسلیم کرتے ہیں۔ کہ سیرت کریمہ اور فعل مبارک حضرت عمر کا ہی واجب الاتباع ہے۔ الا مقابلہ سنت سنیہ نبویہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کے۔ تو چراغ پیش آفتاب یا بمنزلہ سراب ہے۔ روى النسائي عن عائشة انه صلى الله عليه وسلم لا يسلم في ركعتي الوتر وروى ايضا عن ابي بن كعب قال كان رسول الله صلى

وما روي عن بعض عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يفعل ذلك - فهو متاول۔ قال الطحاوي - فقد ثبت بهذه الآثار التي رويناها عن النبي صلى الله عليه وسلم ان الوتر اكثر من ركعة - ولم يرد في الركعة شيء الا وتاويله يحتمل ما قد شرحنا وبيناه في موضع من هذا الباب انتهى ايضاً ١٢ م

Marfat.com

الله علیه وسلم یقرء فی الوتر بسبح اسم ربک الاعلی۔ وفی الرکعۃ الثانیۃ بقل یاایہا الکافرون وفی الثالثۃ بقل ہو اللہ احد ولا یسلم الا فی اخرہن **وروی الحاکم فی المستدرک** وقال صحیح علی شرط البخاری ومسلم لم یخرجاہ ولفظہ قالت یعنی عائشۃ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث لا یسلم الا فی اخرہن۔ وفی لفظ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یسلم الا فی اخرہن۔ وروی ابو حنیفۃ عن حماد عن ابراہیم عن الاسود عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث یقرء فی الاولی بسبح اسم ربک الاعلی الحدیث **ہکذا فی الفتح** اور سوا اس کے اور احادیث بہت ہیں۔ جو کہ تثلیث الوتر کے مؤید ہیں۔ اور اونکا ذکر سابق میں مؤیدات میں گزر چکا ہے **قولہ** اور اس سے صریح عن ابن عمر وابن عباس انہما سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول الوتر رکعۃ من اخر اللیل رواہ احمد ومسلم **اقول** روی الطحاوی عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الوتر رکعۃ من اخر اللیل۔ ثم قال فذہب قوم الی ہذا۔ وخالفہم فی ذلک اخرون فقال بعضہم الوتر ثلث رکعات لا یسلم الا فی اخرہن۔ وقال بعضہم الوتر ثلث رکعات یسلم فی الاثنین وفی اخرہن **وکان** قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الوتر رکعۃ من اخر اللیل۔ قد یحتمل عندنا ما قال اہل مقالۃ الاولی ویحتمل ان یکون رکعۃ مع شفعۃ قد تقدمہا۔ وذلک کلہ وتر فیکون تلک الرکعۃ توتر المتقدم لہا۔ وقد بین ذلک ما رواہ بعضہم عن ابن عمر۔ ان رجلا سأل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوۃ اللیل فقال مثنی مثنی فاذا خشیت الصبح فصل رکعۃ واحدۃ۔ توتر لک صلوتک انتہی مختصرا ثم سرد لاثبات المدعی احادیث کثیرۃ۔ **حاصل کلام شیخ** یہی ہے کہ۔ الوتر رکعۃ من اخر اللیل محتمل دو معنوں کا ہے۔ احتمال ہے کہ اسکے معنے یہ ہوں۔ کہ وتر ایک ہی

رکعت فقط ہے۔ اور احتمال ہے کہ یہ ایک رکعت مع ماقبل کے ملکر یہ تمام وتر ہو۔ چنانچہ تو تر لک صلوتک اسی احتمال کو ترجیح دیتا ہے۔ اور نیز وہ جملہ روایات جو کہ درباب تثلیث وتر کے وارد ہوئی ہیں۔ انھیں معنونکے معاضد اور مؤید ہیں۔ پس یہ حدیث محتمل المعنیین کو اپنے اثبات مدعی کے لئے صریح قرار دینا خیر خفا ہیں ہے۔ بلکہ یہ روایت اثبات مدعی میں پہلی روایت سے بھی کمتر ہے۔ فکیف یکون صریحًا **قولہ** روی سعید بن منصور باسناد صحیح۔ صلی ابن عمر رکعتین ثم قال یا غلام ارحل لنا ثم قام و اوتر رکعۃ **اقول** قال الفاضل الکنوی فی التعلیق الممجد۔ ناقلاً عن زرقانی اما روایۃ سعید فمحتملہ انتہٰی پس یہ روایت بھی چونکہ مع الاحتمال ہے۔ صریح فی المقصود نہیں ہے۔ **قولہ** اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم گیارہ رکعت پڑھتے تھے۔ یسلم بین کل رکعتین و یوتر بواحدۃ **اقول** طحاوی رحمہ اللہ نے شرح آثار میں لکھا ہے واما قولہا رای عائشۃ یسلم بین کل رکعتین۔ فان ذلک محتمل ان یکون کان یسلم بین کل رکعتین فی الوتر وغیرہ۔ فثبت بذلک ما ذہب الیہ اہل المدینۃ من التسلیم بین الشفع و الوتر۔ ویحتمل ان یکون کان یسلم بین کل رکعتین من ذلک غیر الوتر۔ لیتفق ذلک وحدیث سعد بن ہشام ولا یتضادان۔ مع انہ قد روی عن عروۃ فی ہذا۔ خلاف مارواہ الزہری عنہ انتہٰی۔ ثم سرد الاحادیث۔ طحاوی علیہ الرحمۃ کے بیان سے ظاہر ہے کہ یہ روایت محتمل المعنیین ہے فلم تکن نصًا فی المقصود **قولہ** اور ظاہر ہے۔ کہ گیارہ رکعتوں میں یسلم کے معنے اوسط فی التشہد کے حنفیہ کے نزدیک ہی بن نہیں سکتے **اقول** حنفیہ کرام نے یہ دعوی ہی کب کیا ہے۔ کہ گیارہ رکعت میں

Marfat.com

یسلم کے معنی اوسط تشہد کے ہیں۔ تاکہ اونپر یہ اعتراض وارد ہو۔ بلکہ حنفیہ کے
معنی اور توجیہ۔ طحاوی رحمہ اللہ کی عبارت سے ظاہر ہے۔ **قولہ** راوی کی
تفسیر اور راوی کا قول اگر حنفی حجت جانتے ہیں **اقول** راوی کا قول اور راوی
کی تفسیر علی الاطلاق حجت نہ ہونا حنفیہ کا مذہب نہیں کما مر فیما مر۔ مع انہ
محتمل الوجہین **قولہ** اگر عبارۃ النص کو ترجیح دیتے ہیں **اقول** عبارۃ
النص ہی کہاں۔ لینتج کما فہمت فیما تلونا **قولہ** اگر انصاف کا
خون نہیں کرتے **اقول** انصاف کا خون تو حنفیہ نے کیا کرتا ہے۔ اور کیون
کریں کہ درپئے تطبیق احادیث ہیں **ہاں** اگر ایسے منصف طاعن کا خون
کریں نہیں دریغ کریں تو بعید نہیں **قولہ** اگر اوسے فقیہ مانتے ہیں **اقول**
لا شک فی کونہ فقیہا۔ ولکن عمر۔ وابن مسعود۔ وابن عباس کانوا افقہ
منہ مع ان التطبیق بین قولہ وفعلہ لا یضر فی فقاہتہ **قولہ** اگر اوسی
عاشق اتباع سمجھتے ہیں **اقول** حضرت عمر۔ علی۔ ابن مسعود۔ ابن عباس
ابی۔ زید۔ انس۔ وغیر ذلک مما ثبت عنہم تثلیث الوتر رضوان اللہ علیہم
اجمعین بلکہ جملہ صحابہ کرام عاشقان اتباع اور جان نثار سنت نبویہ علیہ السلام
پر ہیں۔ کون اور کسکی طاقت ہے۔ کہ حضرت عمر۔ علی۔ ابن مسعود۔ اور ابن
عباس وغیرہم کو کہے کہ عاشقان اتباع نہیں۔ حالانکہ وتر تین رکعت ہی پڑھتے
تھے۔ کما ثبت فی محلہ **قولہ** وہ جو محمد بن قرظی سے نہی عن البتیرا کی حدیث
جو مروی ہے۔ الخ **اقول** تبیرا کے ثبوت اور عدم ثبوت پر مدار اثبات تثلیث
وتر کا نہیں۔ تاکہ اوس کے اثبات میں کوشش اور اشتغال کیا جاوے کما عرفتنا
فیما سبق لہذا ابن ہمام نے بعد ذکر حدیث صلوۃ اللیل مثنی مثنی۔ الحدیث
کے کہا ہے فتم المقصود غیر متوقف علی ثبات النہی عن البتیرا انتہی **قولہ**

Marfat.com

ابن حزم نے کہا ہے الی قوله - وقال قد روینا من طریق عبد الرزاق عن ابن
عباس۔ الثلاث بتیرا - یعنی الوتر - فعاد البتیرا علی المحتج بالخبر الکاذب
اقول هذا کذب بحت یکذبه ما رواه الحاکم فی المستدرک - وقال انه صحیح
علی شرط البخاری ومسلم لم یخرجاه - **عن عائشة** مرفوعا کان
رسول الله صلی الله علیه وسلم یوتر بثلث لا یسلم الا فی اخرهن **وفی لفظ**
کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یسلم فی الرکعتین الاولیین من الوتر -
وما روی النسائی عن عائشة انه صلی الله علیه وسلم لا یسلم فی رکعتی
الوتر - وما رواه ایضا عن ابی بن کعب قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم
یقرء فی الوتر بسبح اسم ربک الاعلی - الی ان قال - وفی الثالثة بقل هو الله احد
ولا یسلم الا فی اخرهن انتهی - ومر تمامه فیما سبق **وما رواه ابو داود**
وغیره مرفوعا - ومن احب ان یوتر بثلث فلیفعل الحدیث - وما رواه الترمذی
عن علی قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یوتر بثلث یقرء فیهن الحدیث
قال وفی الباب عن عمران بن حصین - وعائشة - وابن عباس - وابی - وایوب
وعبد الرحمن بن ابزی انتهی - **وما روی البخاری** فی صحیحه عن القاسم
رأینا اناسا منذ ادرکنا - یوترون بثلث الی اخره **وما روی الطحاوی**
عن انس انه قال الوتر ثلث رکعات وکان یوتر بثلث رکعات - **وما اخرج**
الطحاوی عن ثابت صلی بی انس الوتر - وانا عن یمینه - وام ولده خلفنا -
ثلث رکعات لم یسلم الا فی اخرهن **وما** اخرج عن المسور قال دفنا ابا بکر لیلا
فقال عمر انی لم اوتر - فقام وصففنا وراءه فصلی بنا ثلث رکعات لم یسلم الا فی اخر
هن **وما** اخرج عن ابی الزناد عن الفقهاء السبعة - سعید بن المسیب الی اخره کما
مر فیما مر - **و**ما ذکرنا من الاحادیث الموتدة فیما سبق - فهذه الاحادیث

ابن حزم کے جھوٹ نمبر ۱ - کا جواب

Marfat.com

الصحيحة الصريحة فی تثلیث الوتر۔ والآثار المذکورۃ یکذب ابن حزم فی
دعواہ۔ لیت شعری کیف تفوہ بھذا الکلام۔ مع تبحرہ فی اخبار خیر الانام۔ و
توسع نظرہ فی آثار الصحابۃ الکرام۔ ولولا مخافۃ طول المقال۔ لبسطنا
الکلام بسطاً فی الابطال۔ لعلہ لم تقرع سمعہ ھذہ الروایات المرویۃ عن
النقاد الثقات۔ ولم یصل بصرہ الی آثار الابرار والاثبات۔ واللہ یعصمنا عن
الآفات والبلیات **قولہ** ابن مسعودؓ کے اثر ما اجزأت رکعۃ قط الخ **اقول**
اخرج محمد فی کتاب الآثار۔ عن ابن مسعودؓ انہ قال ما اجزأت رکعۃ قط و
اخرجہ فی مؤطاہ ایضاً **واخرج الطبرانی** عن ابراھیم قال بلغ ابن مسعودؓ
ان سعداً یوتر برکعۃ فقال ما اجزأت رکعۃ قط **قولہ** فقد قیل انہ ذکر
رداً علی ابن عباس الخ **اقول** اسکا ضعف قیل سے ہی خود ظاہر ہے۔ اور ما
اخرج الطبرانی سے صاف ظاہر ہے کہ ابن مسعودؓ نے سعد کے رد میں یہ عبارت فرمائی
اور امام مالک علیہ الرحمۃ کو جب یہ اثر سعدؓ بن ابی وقاص کا پہونچا۔ تو انہوں نے فرمایا
لیس علی ھذا العمل عندنا۔ ولکن ادنی الوتر ثلث انتہی یہ عبارت بنی نبائی مؤطا
امام مالک میں ثبت ہے۔ اور ابن عباس کا قول الصلوٰۃ فی حال الخوف رکعۃ
واحدۃ متاول ہے۔ دیکھو نووی کا باب الصلوٰۃ فی السفر **قولہ** وتر کی ایک
ایک رکعت کس کس صحابی کا مذہب ہے۔ خلفاء اربعہؓ ابن مسعودؓ۔ ابن عباسؓ
ابی بن کعبؓ الخ **اقول** فی التعلیق الممجد **قولہ** الوتر ثلث وھو قول عمر و
علی و ابن مسعود۔ و ابی۔ و انس۔ و ابن عباس۔ و ابی امامۃ۔ و عمر بن عبد العزیز
و حذیفہ۔ و الفقہاء السبعۃ۔ و ابن المسیب۔ وھو احد قول الشافعیؒ انتہی
وذکر صاحب التمہید عن جماعۃ من الصحابۃ **روی** عنہم الوتر منہم بثلث۔ لا
یسلم الا فی اخرھن **منہم** عمر و علی و ابن مسعود و زید۔ و ابی۔ و انس

Marfat.com

انتھی ذکرہ بیان صاحب تمہید یعنی ابن عبد البر اور تعلیق المجد سے ظاہر ہے
کہ نیل کے قول سے (اگر اوسکا ہو) نیل مرام حاصل نہیں ہوتا۔ یعنی جبکہ اوس
کے قول کا قول معارض موجود ہے۔ تو پھر عند المعارضہ وہ حجت کیونکر ہو سکتا ہے
اور اس اجمال کی تفصیل طوالت طلب ہے۔ آلامشت نمونہ از خروارے گزارش ہوتا ہے۔
اخرج الحاکم عن حبیب المعلم وسکت عنہ قال قیل للحسن ان ابن عمر
کان یسلم فی الرکعتین الاولیین من الوتر۔ فقال کان عمر افقہ منہ۔ فکان
ینہض فی الثانیہ بالتکبیر انتھی وذکر الطحاوی من طریق المسور
بن المخرمۃ۔ قال دفنا ابا بکر لیلاً فقال عمر انی لم اوتر فقام وصففنا
وراءہ فصلی ثلث رکعات لم یسلم فی اخرھن انتھی ذکرہ الحافظ
ابن حجر فی نصب الرایۃ۔ ان آثار سے فعل حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔ کا
تثلیث وتر ثابت ہوتا ہے۔ نہ وحدۃ وتر کی۔ پس قول صاحب سالہ کا کہ عمر اکثر ایک
وتر پڑھتے تھے۔ مطالب بالدلیل ہے۔ وروی الطحاوی بسندہ عن ابن
لھیعۃ عن عبد العزیز بن صالح عن ابی منصور۔ قال سالت عبد اللہ بن
عباس عن الوتر فقال ثلث وایضاً عن ابن لھیعۃ بسند اخر کذلک
وایضاً بسندہ عن ابی یحیی قال سمر المسور بن مخرمۃ وابن عباس الی اخر
ماقال۔ فقال لاصحابہ اتروننی ادرک اصلی ثلثا یرید الوتر الحدیث وقال
محمد فی مؤطاہ وبقول ابن عباس ناخذ انتھی۔ ای فی تثلیث الوتر۔ یہ آثار صاف
دال ہیں۔ کہ ابن عباس تین رکعت وتر پڑھتے تھے وروی الطحاوی
بسندہ عن عبد الرحمن بن یزید عن عبد اللہ بن مسعود قال الوتر ثلث کوتر
النہار صلوۃ المغرب وایضاً بسند اخر مثلہ۔ وقال محمد فی مؤطاہ۔ و
بقول ابن مسعود ناخذ ان آثار سے حال ابن مسعود کا ظاہر ہے۔ کہ وتر تین رکعت ہی

Marfat.com

پڑھتے تھے **قولہ** تابعین اور علماالی آخرہ **اقول** اگر واقعی ایسا ہی ہو۔ تو
صحابہ اور تابعین اور علماء جنکے نزدیک وتر تین رکعت ہیں بکثرت ہیں۔
منہم عمر بن الخطاب۔ علی بن ابیطالب۔ ابن مسعود۔ ابی۔ انس بن مالک۔ ابن
عباس۔ ابی امامہ۔ عمر بن عبدالعزیز۔ حذیفہ۔ ابن المسیب۔ عروہ بن الزبیر
قاسم بن محمد۔ ابی بکر بن عبدالرحمان۔ خارجۃ بن زید۔ عبیداللہ بن عبداللہ
سلیمان بن یسار۔ ذکرہ فی النہایۃ **اور حلبی** نے لکھا ہے واختارہ الثوری
وابن المبارک۔ وھو قول مالک فی کتاب القیام ذکرہ فی المعارضۃ"
انتھی **اور طحاوی** نے لکھا ہے۔ کہ بہت مشائخ اور صالح لوگ جولائق فتوے
اور معتمد علیہ ہیں۔ ان سے بھی تین وتر ہی منقول ہیں **قولہ** امام مالک اور
امام شافعی۔ اوزاعی۔ احمد۔ اسحاق۔ ابو ثور۔ داؤد۔ ابن حزم۔ **اقول**
امام مالک تو اپنی موطا میں بعد ذکر روایت سعد کے فرماتے ہیں قال مالک لیس
العمل علی ھذا عندنا ولکن ادنی الوتر ثلث" اور صاحب **مسوی** لکھتے ہیں
"افراد الرکعۃ مکروہ عند مالک" انتھی۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ سے درباب وتر روایت
مختلف ہے ثلث لا یفصل بینہن بتسلیم۔ وثلث بتسلیمتین۔ والقول ان شاء
اوتر برکعۃ۔ وان شاء بتثلیث بتسلیمۃ واحدۃ۔ او بخمس۔ او بتسع۔ او
باحدی عشرۃ۔ کذا فی النہایہ۔ ذکرہ فی التعلیق الممجد **اور جامع ترمذی** میں ہے
والعمل علی ھذا عند بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین راوان یفصل
الرجل بین الرکعتین والثالثۃ۔ یوتر برکعۃ۔ وبہ یقول مالک والشافعی
واحمد۔ واسحاق انتھی۔ اس بیان سے ظاہر ہے۔ کہ امام مالک شافعی۔ احمد۔ اسحاق
کا مذہب نہیں ہے۔ کہ وتر صرف ایک ہی رکعت ہے۔ بلکہ انکا مذہب یہ ہے۔ کہ وتر
تین رکعت ہیں۔ الا بتسلیمتین۔ **بایں ہمہ کمال** یہ ہے۔ کہ تین رکعت بیک سلام

نفس الامر اور علماء کے نزدیک جواز +

Marfat.com

سے منکر کوئی نہیں ہے - بلکہ اکثر کو اونکی اولویت میں اتفاق ہے - پس مذہب حنفیہ کرام رح در باب وتر بہت اوثق اور محتاط ہے - **قولہ** بلکہ ابوہریرہ رض نے مرفوعًا روایت کیا ہی لاتوتروا بثلث - اوتروا بخمس او سبع - لاتشبہوا بصلوٰۃ المغرب الی اٰخر اگر کسینے موقوف کہا ہی - تو موقوف آپکے یہاں حجت ہے **اقول** اولًا اس روایت میں نفی تثلیث وتر کی ہی - اور اثبات پانچ - سات کا وحدۃ رکعت کے اثبات کا اسمیں کچھ ذکر ہی نہیں - تاکہ لانا اس حدیث کا آپ کو لئے کچھ سود مند ہو - ثانیًا اس روایت کی معارض ہے - روایت ابوداؤد - نسائی وغیرہ کے جو مرفوعًا مروی ہے - ابی ایوب سے **قال** قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الوتر حق فمن شاء ان یوتر بثلث فلیفعل الحدیث اور نیز اسکے معارض ہی حدیث ابی بن کعب کی جسکو نسائی وغیرہ نے بیان کیا ہی - قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرء فی الوتر بسبح اسم الی ان قال و فی الثالثۃ بقل ھو اللہ احد - ولا یسلم الا فی اٰخرھن اور نیز اسکے معارض ہے - حدیث عائشہ صدیقہ کی جسکو حاکم نے بیان کیا ہے **وقال** صحیح علی شرط البخاری ومسلم ولم یخرجاہ - قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث لا یسلم الا فی اٰخرھن اور انکے سوا بہت احادیث مرفوعہ و آثار صحابہ جو کہ سابق میں گزر چکی ہیں - اس روایت کے معارض ہیں **راقم اوراق** کہتا ہے - انشاء اللہ تعالیٰ روایت عائشہ صدیقہ رض کی روایت ابوہریرہ رض سے بوجوہات مرجح اور قوی ہر احدہا - ان روایۃ اکثر - بخلاف حدیث ابی ہریرۃ - ثانیہا - ھذہ روایۃ کثیر المخالطۃ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم بخلاف روایۃ ابی ہریرۃ - ثالثہا - ان راویہ فقیہ بالاتفاق بخلاف روایۃ ابی ہریرۃ لانہ لم یقل بفقاھتہ بعض الاصولیین - رابعہا - ان روایۃ عائشۃ رضی اللہ عنہا یوافق الحفاظ - بخلاف روایۃ رضی اللہ عنہ - خامسہا - ان روایۃ عائشۃ رض علی شرط

ابوہریرہ کے اثر کا جواب +

بوجوہ ترجیح حدیث عائشہ

التّیخین رواہ البخاری ومسلم۔ کما قال الحاکم فی المستدرک سادسہا۔ روایۃ
عائشۃ مرفوع بالاتفاق بخلاف روایۃ ابی ہریرۃ۔ فانہ قال بعضہم بالرفع
وقال بعضہم بالوقف۔ سابعہا۔ روایۃ عائشۃ موافق للقیاس کما مرّ
بخلاف روایۃ رضی اللہ عنہ ثامنہا۔ ان روایۃ عائشۃ یفسر بفعلہ صلی
اللہ علیہ وسلم بخلاف روایۃ رضی اللہ عنہ تاسعہا۔ انہ لم یعمل بروایۃ احد من
الائمۃ لان کلہم اجمعون یقولون بجواز تثلیث الوتر عاشرہا۔ روایۃ
عائشۃ مخرج فی السنن بخلاف روایۃ ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ وغیر ذلک
من وجوہ الترجیح **قال** الفاضل اللکھنوی فی التعلیق الممجد۔ ومن المعلوم
ان حدیث عائشۃ فی عدم السلام فی الرکعتین مرجح علی حدیث ابوہریرۃ
رضی اللہ بوجوہ لا یخفی علی ماہر الفن۔ ثم ان حدیث ابی ہریرۃ نفی معارض
بحدیث من احب ان یوتر بثلث فلیفعل۔ المخرج فی السنن وھو من اسباب الترجیح
انتہی **قولہ** عراقی نے کہا۔ عائشہ سے صحیح ہوا۔ آہ **اقول** اولا۔ روایات
مسبوقۃ الذکر عائشہ وغیرہ کی اس تصحیح کے معارض صریح ہیں۔ **علاوہ** اس کے
اگر صاحب رسالہ اس روایت کو بسند مسلسل بیان فرماتے۔ تو البتہ ہم اسمیں دل کھولکر
کلام کرتے۔ گول بات کا جواب گول دیا جاتا ہے۔ ثانیا۔ **زرقانی** نے
نقل کیا ہے۔ **روی** ابن ابی شیبۃ مرفوعا من حدیث ابن عمر بلفظ۔
صلوۃ المغرب وتر النہار فاوتروا اللیل قال العراقی مسند صحیح انتہی۔ ذکرہ فے
التعلیق یہ حدیث صریح مرفوع معارض اوس موقوف کی ہے۔ **قولہ** سلیمان بن
یسار سے تین رکعت وتر کا مسئلہ پوچھا گیا آہ **اقول** اولا۔ سلیمان بن یسار کو یہہ
احادیث مرفوعہ اور آثار صحابہ کرام بالتخصیص سنت فعلیہ مرویہ بروایات ثقات۔ اور
آثار صحابہ رضوان اللہ کے نہیں پہونچے۔ کہ ایسا فرمایا۔ ورنہ بعد وصول ان احادیث

عراقی نے کہا عائشہ سے صحیح ہوا کا جواب

سلیمان بن یسار کی روایت کا جواب

Marfat.com

اور خیال صحابہ اور سنت فعلیہ علیہ السلام کے نسبے ایسا فرمانا کب متصوّر تہا۔ ثانیاً۔ جس
طرز و طریق سے صاحب رسالہ بیان فرماتے ہیں۔ مخرج مجہول۔ اور سائل بھی نامعلوم
اثبات مُدعا کے لئے عند المعارضہ یہہ طریق کب قابل تسلیم ہے۔ **طحاوی** نے
اپنی سند سلسل سے بیان فرمایا ہے۔ کہ قراء سبعہ ر اور سُلیمان بن یسار بھی ایک
ونمیں سے ہی) کا درباب وتر عمل تین رکعت پر ہی تہا۔ وتر قبل فرلک **قولہ**
آپ لوگوں نے دیکہا کہ ایکرکعت کی نماز شرع میں کیسی ثابت ہی **اقول** اپنی
جسقدر بیان کیا ہے۔ اوسمیں سی کوئی حدیث مرفوع جس سے وحدت رکعۃ کا
ثبوت نصًّا ہو۔ بیان نہیں فرمائی۔ اگر کسی میں وحدت رکعۃ کا ذکر بھی ہے۔ تو
وہ متأوّل ہے۔ جیسے ماسبق میں گزارش ہوا ہے۔ پہر اس دعوی کو مجرد دعوی
ہی کہنا چاہیئے۔ **قولہ** بلکہ ابن عبّاس سے فرض کے ایکرکعت بہی ثابت ہی۔
اقول نووی نے کہا ہے وقول ابن عباس وفی الخوف رکعۃ متاول۔ امام
شافعی اور مالک اور جمہور نے اسکی تاویل کی ہے علی ان المراد بہ رکعۃ مع الامام۔ وا
رکعۃ اخری یاتی بہا منفرداً وھذا التاویل لا بد منہ للجمع بین الادلۃ انتہی
باختصار۔ پہر جب کہ متاوّل ہے۔ تو اس سے معارضہ کب قائم ہوسکتا ہے۔ فلا یفیدہ
ذکرہ **قولہ** عینی کا قول کہ ایکرکعت شرعی نماز نہیں ہرگز درست نہوا **اقول**
ابتک ایکرکعت شرعی نماز ہونا کہاں ثابت ہوا ہے۔ کہ عینی کا قول ثابت نہو **قولہ**
فائدہ۔ وتروں میں اصل ثابت یہی ہی۔ علی سبیل الاختلاف الانواع کئی طرح ثابت
ہیں۔ ایکرکعت جیسا گزرا **اقول** اوس گزرا یہ جو گزرا وہ بہی معـ...
وحدت کا ثبوت نصًّا کہیں بہی کفوا۔ **قولہ** تین رکعت الا ا سمیں سبح اسم
ربک اور سورہ کافرون اور سورہ اخلاص کی تخصیص سنت ہے خلافاً للحنفیۃ **اقول**
اگر اس تخصیص سے یہ مراد ہے۔ کہ سوا ان سورتوں کے تین رکعت وتر جائز ہی نہیں ہوتے

یا ان میں اور سورتیں مروی نہیں فذلک یردہ **ما رواہ اصحاب السنن الاربعۃ** وابن حبان فی صحیحہ والحاکم فی المستدرک انہ علیہ السلام کان یقرء فی الرکعۃ الاولی بفاتحۃ الکتاب۔ وسبح اسم ربک الاعلی۔ وفی الثانیۃ بقل یا ایھا الکافرون۔ وفی الثالثۃ بقل ھو اللہ احد والمعوذتین **وماروی الطحاوی** بسندہ عن علی قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بتسع سور من المفصل فی الرکعۃ الاولی۔ الھکم التکاثر وانا انزلناہ فی لیلۃ القدر۔ واذا زلزلت وفی الثانیۃ والعصر واذا جاء نصر اللہ وانا اعطیناک الکوثر۔ وفی الثالثۃ قل یا ایھا الکافرون وتبت یدا۔ وقل ھو اللہ احد انتھی۔ وذکر فی عمدۃ الرعایۃ۔ اخرجہ احمد وغیرہ۔ وقد بسط طرق ھذہ الاخبار الحافظ ابن حجر العسقلانی فی تخریج احادیث الاذکار المسمی بنتائج الافکار انتھی **وماقال الترمذی** فی جامعہ قال ابو عیسی **و** روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قرأ فی الوتر۔ فی الرکعۃ الثالثۃ بالمعوذتین۔ وقل ھو اللہ احد انتھی اور اگر اس تخصیص سے یہ مراد ہے کہ اولی اور مسنون یہ ہے کہ وتروں میں یہی تین سورتیں پڑھی جائیں۔ اتباعا۔ لفعلہ علیہ السلام فی اکثر الاوقات وغالبھا تو خلافاً للحنیفہ کہنا اس اعتبار سے بھی خلاف ہے فی عمدۃ الرعایۃ۔ ویقرأ فی کل رکعۃ منہ ای الوتر الفاتحۃ وسورۃ ای ای سورۃ شاء۔ والاولی الاتباع بما نقل عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان یقرء تارۃ فی الرکعۃ الاولی بسبح اسم ربک الاعلی الحدیث **وقال** الحلبی المستحب ای فی الوتر قراءۃ سبح اسم ربک فی الاولی۔ وقل یا ایھا الکافرون فی الثانیۃ۔ وقل ھو اللہ احد فی الثالثۃ انتھی۔ وھکذا فی الدر والبحر وغیرھما۔

قولہ اور پانچ آہ **اقول** پانچ سات۔ نو۔ کے جواب میں۔ ابن الھمام اور طحاوی

Marfat.com

وغیرہمانے لکھاہے ان ھذا وما بیناکلہ کان قبل ان یستقر امر الوتر۔ انتھے
والعنایۃ لابن الھمام۔ اور اسکی تفصیل **فتح القدیر**۔ اور **طحاوی**۔ اور **مرقاۃ
شرح مشکوٰۃ وغیرہ** سے ملاحظہ کرنی چاہیئے **قولہ** اور یہہ اختلاف الانواع
ہے۔ **اقول**۔ اختلاف رفع یدین عندالرکوع وغیرہ۔ اور اختلاف وضع
الیدین علے الصدر۔ اور تحت السرۃ فی الصلوٰۃ۔ اور اختلاف التیمم ضربتان
اوضربۃ واحدۃ۔ اور اختلاف جلوس فی التشہد۔ اور وغیرہ وغیرہ اختلاف کو
اختلاف الانواع لکھ دیا۔ اور چھٹی ہوئی۔ یہہ امر توآفتاب نصف النہار سے بھی روشن
ہے۔ کہ اختلاف الائمہ رضوان اللہ علیہم کا اسی لئے ہوا۔ کہ روایات مختلفہ وارد ہوئیں
ہیں۔ اور ہرایک نے اپنے قواعد مقررہ کے بموجب احدی الروایتین کو ترجیح دیکر اپنا
معمول قرار دیا۔ تشہد ابن مسعود کو امام علیہ الرحمۃ نے بوجوہات شتی جو کہ مجمل خود
مذکور ہیں۔ اور تشہدوں پر ترجیح دی۔ اور اوسی تشہد کو اپنا معمول ٹھہرایا۔
اور اذان بلال رضی اللہ عنہ کو جو کہ بغیر ترجیع تھے۔ راجح سمجھکر اپنا قرارداد مقرر فرمایا
علی ہذا القیاس۔ اور حج میں مَنْ تَعَجَّلَ فِی یَوْمَیْنِ فَلَا اِثْمَ عَلَیْہِ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَا
اِثْمَ عَلَیْہِ توخود منجانب شارع کے تخییر مرحمت فرمائی۔ اختلاف الانواع کے کیا
معنے ہیں۔ اور کسی سورہ کا نماز میں پڑہنا۔ تو بمقتضائے فاقرؤا ما تیسر من القرآن
کے قاری مخیر قرار دیا گیا۔ پھر اختلاف الانواع کی کیا صورت۔ اور دعا میں بعد تشہد
کے۔ ثم لیتخیر احدکم من الدعاء اعجبہ الیہ فیدعوا بہ وارد ہے۔ فکیف
اختلاف الانواع۔ اور وتروں میں اگر فمن احب ان یوتر الحدیث کا خیال ہو۔ تو بھی امر
مبحوث فیہ ہے۔ پھر اسکو اثبات اختلاف الانواع کے لئے پیش کرنا۔ شائبہ مصادرہ
علی المطلوب سے خالی نہیں **قولہ** دوسرا اعتراض حنفیہ کا۔ شافعی۔ لاصلوٰۃ میں۔
ایکرکعت کو نماز کہنے پر تقریر اعتراض یہہ ہے۔ لاصلوٰۃ میں نماز کامل مراد ہے اور وہ

Marfat.com

دو رکعت سے کم ہوتی الخ۔ **اقول** ہدایہ کی عبارت مقام ہذا میں یہ ہے۔ والقراءۃ
فی الفرض واجبۃ فی الرکعتین۔ وقال الشافعی رحمہ اللہ فی الرکعات کلہا
لقولہ علیہ السلام لا صلوۃ الا بقراءۃ۔ وکل رکعۃ صلوۃ۔ وقال مالک رحمہ اللہ
فی ثلث رکعات اقامۃ للاکثر مقام الکل تیسیرا۔ ولنا قولہ تعالی فاقرؤا ما تیسر
من القرآن۔ الخ اور شافعی رحمہ اللہ کے جواب میں **صاحب ہدایہ** لکھتے ہیں۔ و
الصلوۃ فیما روی مذکورۃ صریحا۔ فتصرف الی الکاملۃ۔ وھی الرکعتان عرفا کمن
حلف لا یصلی صلوۃ۔ بخلاف ما اذا حلف لا یصلی انتہی حاصل کلام صاحب ہدایہ کا
یہی ہے۔ کہ جب صلوۃ کا لفظ صراحۃً مذکور ہو۔ تو اوسوقت صلوۃ سے عرفاً صلوۃ کاملہ آتی
ہے۔ اور وہ دو رکعت سے کم نہیں ہوتی۔ جیسے کہ کوئی حلف میں کہے۔ لا یصلی
صلوۃً یعنے صلوۃ کا لفظ صراحۃً ذکر کرے۔ تو بدون دو رکعت پڑہنے کے حانث نہیں
ہوتا۔ بخلاف اسکے حالف کہے۔ لا یصلی یعنے صراحۃً لفظ صلوۃ کا ذکر نکرے۔ اگرچہ
ضمن فعل میں ضرورۃً مذکور ہو۔ تو ایکرکعت کا ملہ پڑہنے سے حانث ہوتا ہے۔ آسیر صاحب
رسالہ جواب وہ ہیں یعنی اعتراض کرتے ہیں **قولہ** اول۔ حسب اقرار آپکے ایک
رکعت کا نماز ہونا ہی ثابت ہوا۔ کیونکہ لا یصلی کا مشتق منہ صلوۃ ہے۔ اگر لا یصلی کہنے والے
کی ایکرکعت پڑہنی نماز نہوتے وہ حانث نہوتا **اقول** اس اعتراض میں **ہدایہ**
کی عبارت سے تساہل ہے۔ کیونکہ وہ کہتا ہے کہ جب صلوۃ کا لفظ صراحۃً مذکور ہو۔ تو
اوسوقت صلوۃ سے صلوۃ کاملہ عرفاً مراد ہوتی ہے۔ اور وہ دو رکعۃ سے کم نہیں ہوتی۔ اور
اگر صراحتاً مذکور نہو یعنے ضمن فعل میں مذکور ہو۔ تو اوسوقت اوسکا اطلاق ایکرکعت پر ہوتا
ہے۔ مگر وہ صلوۃ کاملہ عرفاً نہیں۔ جیساکہ مسئلہ حلف میں حلف لا یصلی یحنث
اذا صلی رکعۃ واحدۃ کاملۃ۔ **ومن** حلف لا یصلی صلوۃ یحنث اذا صلی رکعتین
کاملتین انتہی الحاصل **صاحب ہدایہ** اسی امر کی نفی نہیں کرتا۔ کہ لا یصلی کے ضمن

Marfat.com

میں جو صلوٰۃ کہ مفہوم ہوتی ہے۔ اسکا اطلاق رکعت واحدہ کاملہ پر نہیں ہوتا۔
نہیں ہوتا ہے۔ یقال صلی رکعۃ۔ بلکہ وہ نفی اس امر کی کرتا ہے۔ کہ جب صلوٰۃ
بضمن فعل مذکور ہوا۔ اوس سے صلوٰۃ کاملہ عرفی مراد نہیں ہوتی۔ بخلاف
اسکے صراحۃً مذکور ہو **قال صاحب الکفایۃ** فی حاشیۃ الھدایۃ۔ و
الصلوٰۃ متی ذکرت صریحًا ینصرف الی الرکعتین۔ وان لم تذکر صریحًا
تنصرف الی الواحدۃ۔ والسر فی ذلک علی ما قال ابن الھمام فی الفتح۔ الثابت فی
ضمن الفعل ضروری لا یظہر اثرہ فی غیر تحقیق الفعل بخلاف الصریح فانہ
اختیاری یترتب علیہ حکم المطلق فیوجب الکمال انتہی پس صاحب رسالہ
کا یہ اعتراض کہ حسب قرار آپکے ایک رکعت کا نماز ہونا ثابت ہوا۔ محض مسامحت اور تساہل
ہے۔ کیونکہ صاحب ہدایہ خود ثابت کر رہا ہے۔ کہ یصلی کے ضمن میں جو صلوٰۃ
مفہوم ہوتی ہے۔ اوسکا اطلاق رکعت واحدہ پر ضرورتًا ہوتا ہے۔ لکن وہ صلوٰۃ
کاملہ عرفی نہیں۔ اور مبحوث فیہ صلوٰۃ جو کہ حدیث شریف لا صلوٰۃ الا بقراءۃ میں
وارد ہے۔ چونکہ وہ صراحتًا نہ بضمن فعل مذکور ہے۔ اس سے مراد صلوٰۃ کاملہ عرفی
ہے۔ فلا یتم استدلال الشافعی بہ۔ پھر ایک رکعت کا صلوٰۃ کاملہ عرفی ہونا۔
کہاں سے ثابت ہوا تا کہ اعتراض وارد ہو **قولہ** دوم نکرہ نفی کے نیچے مفید عموم ہے
اقول اوسی عموم کا یہ نتیجہ ہے۔ کہ کوئی نماز بدون قرأت صحیح نہیں ہوتی **قولہ**
اور تخصیص کمال بطور آپکے ننخ عموم ہے **اقول** (۱) تخصیص اور عموم میں بڑا
فرق ہے کما مر فیما مر مرارًا۔ (۲) یہاں تخصیص ہی کہاں ہے۔ بلکہ الصلوٰۃ
کے مفہوم کا بیان ہے۔ یعنے جب لفظ صلوٰۃ صراحۃً مذکور ہو۔ اوس سے صلوٰۃ کاملہ
عرفی مراد ہوتی ہے۔ اور وہ دو رکعت سے کم نہیں ہوتی۔ پھر یہ تخصیص ہے۔ یا کہ
مفہوم لفظ ہے **قولہ**۔ تیسرا ایمان کا مدار آپکے یہاں عرف پر ہے۔ اور حنفیونکی

Marfat.com

عرف ایک رکعت کو کامل نماز کہنے کے خلاف ہے۔ پس اونکے نزدیک لا یصلی صلوۃ میں
حالف کا ایک رکعت کے پڑھنے سے حانث ہونا اس امر کا مستلزم نہیں۔ کہ
فی الواقع بھی ایک رکعت کی نماز کامل نہیں ہوتی **اقول** حنفیوں کی عُرف خانہ زاد
نہیں۔ بلکہ عرف شرعی بھی یہی ہے۔ کہ ایک رکعت کو صلوۃ کاملہ شرعًا نہیں
کہتے کما مرّ۔ اور فی الواقع سے اگر فی الواقع حنفی مراد ہے۔ تو اونکے نزدیک فی الواقع
ایک رکعت صلوۃ کاملہ نہیں۔ پھر وُہ حالف صلوۃ غیر کاملہ سے حانث نہوگا۔ اور
فی الواقع شرعی مراد ہے۔ تو بھی اب تک ایک رکعت کا صلوۃ کاملہ ہونا واقع شرعی میں
فی الواقع ثابت نہیں۔ تو بھی وُہ حالف حانث نہوا۔ اگر کوئی اور فی الواقع ہے
تو اوسکا بیان ہونا چاہیئے **قولہ** اس حالف کا حانث نہ ہونا ممنوع ہے **اقول**
مطالب بالسند ہے **قولہ** ۵ لا یصلی صلوۃ میں صلوۃ کا لفظ مکرر ہے۔ پس
دو رکعت کا لا یصلی صلوۃ میں مراد ہونا بباعث تکرار لفظ کے ہے الخ **اقول**
یہ اعتراض مبنی بر عدم ملاحظہ کتب حنفیہ کے ہے **فتح القدیر** وغیرہ میں لکھا ہے۔
اگر کوئی شخص کہے للہ علی صلوۃ۔ تو بھی اوسپر دو رکعت لازم ہوتی ہیں۔ والحال
ان اللفظ غیر مکرر۔ پس معلوم ہوا کہ مدار دو رکعت کا تکرار پر نہیں۔ بلکہ صراحت
لفظ پر ہے۔ فرضًا اگر کوئی۔ لا یصلی صلوۃ۔ صلوۃ کہے تو چاہیئے کہ تین رکعت
پڑھنے سے حانث ہو۔ والحال انہ لیس کذلک **قولہ** صفت کمال کا ازدیاد آپکی
یہاں مشعر اس بات کا ہے۔ ایک رکعت ہی نماز ہوتی ہے **دیکھو** جو آپنے لفظ خداج میں
تاویلیں کی ہیں **اقول** (۱) استقام میں ازدیاد صفت کمال کا ہی کہاں
بلکہ بیان مفہوم لفظ کا ہے کما مرّ (۲) جبکہ ایک رکعت کی نماز کامل عرفی ہونیسے صراحۃً
نفی موجود ہے۔ پھر اوس اشعار کا وجود قائم ہونا چاہیئے لینظر فیہ (۳)
خداج میں کونسی ایسی تاویل ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایک رکعت بھی نماز کامل عرفی ہے

Marfat.com

بیان فرمایئے۔ لینظر ویجاب۔ **قولہ** دیکھو چار رکعت کی نماز بدون قراءۃ فاتحہ یا بہ ترک فاتحہ اُخریین میں **اقول** اس مسئلہ کی گفتگو پہلے ہو چکی ہے۔ یہ مقام میں محتاج بجواب نہیں۔ جواب سابق ہی مکتفی ہے۔ **قولہ** طمانیت رکوع وسجود **اقول** امام صاحبؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک طمانینت رکوع وسجود میں منجملہ فرائض کے نہیں۔ لان الرکوع ہو المطلوب بالنص جزءًا للصلوٰۃ وکذا السجود لقولہ تعالیٰ ارکعوا واسجدوا۔ ولا اجمال فیہما لیفتقر الی البیان۔ ومسمیٰہما یتحقق بمجرد الانحناء ووضع بعض الوجہ مما لا یعد سخریۃ مع الاستقبال۔ والطمانینۃ دوام الفعل لا نفسہ فی غیر المطلوب بہ فوجب ان لا تتوقف الصحۃ علیہا بالخبر الواحد۔ والا لکان نسخًا لاطلاق القاطع بہ وہو ممنوع عندنا۔ مع ان الخبر یفید عدم توقف الصحۃ علیہ وہو قولہ علیہ السلام۔ وما انتقصت من ہذا شیئًا فقد انتقصت من صلوتک **وجہ** الاستدلال بہ انہ علیہ السلام سماہا صلوٰۃ۔ والباطلۃ لیست بصلوٰۃ۔ وایضًا لانہ علیہ السلام وصفہا بالنقص والباطلۃ انما توصف بالانعدام۔ فعلم انہ علیہ السلام امرہ بالاعادۃ لیوقعہا مع غیر کراہۃ۔ لا للفساد۔ ولو لم یکن ہذا لما ترکہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد اول رکعۃ حتی اتم۔ وتقریرہ صلی اللہ علیہ وسلم من الادلۃ الشرعیۃ۔ ہذا ہو المستفاد من الفتح **الحاصل** قرآن کریم میں طمانیت کا تو کچھ ذکر ہی نہیں۔ اور نہ اوسکا ثبوت کسی آیت سے ہوتا ہے۔ اور حدیث شریف میں جو ہے اوسکا مدلول وجوب ہے یا سنت مؤکدہ۔ تو اسی کے ... میں۔ لہٰذا امام صاحب اور امام محمدؒ فرماتے ہیں۔ کہ اوسکے ترک سے سجدہ سہو لازم آتا ہے علی ما ہو المذکور فی الفتح۔ پس صاحب رسالہ کا یہ اعتراض کہ حسب احادیث جائز نہیں۔ فائز نہیں۔ **قولہ** بلکہ بدون لفظ اللہ اکبر **اقول** تخصیص اسے

لفظ کی مدلول قرآن کریم کا نہیں - بلکہ قرآن کریم میں وربک فکبر
ارشاد ہوا ہے - فکان المطلوب بلفظ النص التعظیم وھو اعم من خصوص اللہ اکبر
وغیرہ بل بای لسان کان بلکہ حدیث شریف میں بھی وتحریمھا التکبیر
وارد ہوا ہے - ومعناہ التعظیم ایضاً ونظیرہ قولہ علیہ السلام امرت أن
اقاتل الناس حتی یقولوا لا الٰہ الا اللہ فلو آمن احد بغیر العربیۃ اوبغیر ھذا
اللفظ جاز- اجماعاً بین العلماء الاسلامیۃ اسی لئے اقوال علماء کے تکبیر تحریمہ
میں مختلف ہیں - امام شافعی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں - کہ افتتاح صلوۃ کیوقت
اللہ اکبر - یا - اللہ الاکبر کہنا ضرور ہے - اور امام ابو یوسف کے نزدیک
اللہ اکبر یا اللہ الاکبر یا اللہ الکبیر اور امام مالک کے نزدیک اللہ اکبر
فقط - اور امام صاحب اور امام محمد رحمہ فرماتے ہیں - کہ مدلول آیت اور حدیث کا
تکبیر ہے - اور وہ عام ہے وتفصیلہ فی کتب الفقہ - الا ان الثابت بالخبر
اللفظ المخصوص فیجب العمل بہ حتی یکرہ لمن یحسنہ ترکہ وھو مقتضی
المواظبۃ - ان لم تقترن بترک یہہ خلاصہ فتح القدیر کا ہے - اور مولوی عبد الحی
صاحب نے اپنے رسالہ اکام النفائس میں لکھا ہے وخلاصۃ المرام فی
المقام انہ لم یقم دلیل قاطع علی اشتراط العربیۃ فی التکبیر لیصح بہ التکبیر
بل ظاھر الآیۃ والاحادیث مطلق لا یفید الا اشتراط الذکر المطلق والاحادیث
الواردۃ فی ھذا الباب القولیۃ والفعلیۃ لا تدل علی اختصاص الذکر بالعربی
بحیث لا یجزئ غیر العربی - بل غایۃ ماثبت منہ ان النبی علیہ السلام اکتفی
علیہ ورغب غیرہ الیہ - وھو انما یثبت الوجوب او السنیۃ لا انہ لا یجزئ
التکبیر بالفارسیۃ - ولو کانت الاحادیث دالۃ علی اختصاصہ بالعربی
اختصاصاً بالغاً الی حد الاشتراط - فالآیۃ معراۃ عن ھذا الاشتراط ولا تصح

Marfat.com

اخبار الاحاد ناسخا لحکم الکتاب ولا مقیدۃ لاطلاق ما فی الباب انتہی بعینہ

ماذکر سے معلوم ہوا۔ کہ مقتضی آیۃ اور احادیث کا فرضیت تخصیص اسی لفظ

نہیں۔ بلکہ غایت ما فی الباب احادیث سی وجوب یا سنیت اسی لفظ کی ثابت

